

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ایسا بھی ہوتا ہے

از قلم / سیدہ عفیفہ اکبر

دوپہر کا سورج۔۔۔اور اسکے ساتھ گھروں کو لوٹتے ہوئے چرند پرند ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو تمام دن کی تلاش کے بعد اب شکم سیر ہو کے اپنے گھونسلوں کی جانب بڑھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس رب نے ایک اور دن انکے حصہ کا رزق انہیں بغیر کسی تاخیر کے پہنچا دیا تھا۔۔۔

دھوپ سردی کی شدت سے ٹھنڈی پڑی ہوئی تھی۔۔۔

شہر کراچی کا منظر تھا۔۔۔جہاں ایک ساتھ کئی گھر بنے ہوئے تھے۔۔۔ جن کی چھتیں آپس میں ایک دوسرے سے باہم ملی ہوئی تھیں۔۔۔۔۔۔

وہ چھت پہ کھڑی۔۔۔وہاں اترے ایک انجان کبوتر کو پکڑنے کے لیے ۔۔۔۔۔ اپنے سفید چادر سے نکلے ہوئے ہاتھ کو دھیرے دھیرے اس سفید کبوتر کی جانب بڑھا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ دھوپ اسکے آنکھوں میں لگے کاجل کو چمکا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور دوسری طرف وہ اس خیال سے مسکرا دی کہ اب کبوتر اسکے ہاتھ میں آنے ہی والا ہے۔۔۔۔۔

پھر کبوتر نے اپنے پَر پھڑ پھڑائے"۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر وہ مائسہ کے دونوں ہاتھوں کے درمیان پھنس گیا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مائسہ نے دھیرے سے اسے اپنے قریب کیا۔۔۔الٹ پلٹ کر اسے پہچاننے کی کوشش کی۔۔۔۔اور اس مخملی بالوں والے سفید کبوتر سے باتیں کرتے ہوئے بولی۔۔

!!دیکھو سفید کبوتر

۔۔۔"لگتا ہے آپ ہماری چھت پر آج پہلی بار آئے ہو۔۔۔ ہیں نا۔۔ ٹھیک پہچانا نا۔"۔۔۔۔۔

اس نے کبوتر سے پوچھا۔۔۔۔

کبوتر کے سر ہلانے کو اس نے اقرار سمجھا تھا۔۔۔۔

۔۔۔پتا ہے!!۔۔۔ابا کہتے تھے۔

۔سیّد کبوتر قید نہیں کرتے بلکہ وہ انھیں آزاد کرتے ہیں۔۔۔۔۔بس اسی لئے میں سیدہ مائسہ ابراہیم آپ کو چھوڑ رہی ہوں!!۔۔۔۔

"۔۔ورنہ آپ ہو بہت پیارے۔۔۔۔۔

۔۔۔لیکن یہاں آتے رہنا۔۔۔۔۔۔۔۔میں روز یہاں دانا ڈالتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔اور دیکھو۔۔۔۔۔۔۔۔۔کسی کی بھی چھت پر میری چھت سے زیادہ کبوتر آپ کو نظر نہیں آئیں گے!۔۔۔۔

مائسہ نے تمام چھتوں پر ایک نظر ڈال کر فخریہ اٹھتے ہوئے کہا۔۔۔

۔۔۔۔اور دونوں ہاتھوں سے اس کبوتر کو آزاد کر دیا۔۔۔

۔۔۔وہ کبوتر اڑتا ہوا پہلے چھت کی منڈیر پر آ بیٹھا۔۔۔ گویا پہلے شکریہ کہنا چاہتا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔اور پھر دوبارہ پکڑے جانے کے خوف سے پھرتی سے پر پھیلاتا اڑھ گیا۔۔۔۔۔۔

مائسہ دور تک اڑتے اس سفید کبوتر کو دیکھتی رہی۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جو سورج کی روشنی کی سمت بڑھتا جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے اک پل کو سوچا۔۔

۔۔کاش وہ باتیں کرتا ہوا کبوتر ہوتا۔۔۔۔۔۔۔یا کم سے کم وہ کبوتر کی زبان جانتی۔۔۔۔۔۔تو کتنا اچھا ہوتا۔۔۔۔۔۔وہ کھلی فضا میں اڑھنے والے۔۔۔ہر چیز ملاحظہ کرنے والے اس سفید کبوتر سے دنیا کا حال احوال پوچھتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!مائسہ

اسے نیچے صحن سے زور کی آواز سنائی دی تھی۔

۔۔۔۔۔سورج دیکھا ہے۔۔۔۔ڈھل رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔میں نے کیا کہا تھا۔۔۔مغرب کو چھت پر نہیں جاتے۔۔۔۔۔۔چلو نیچے آؤ۔۔۔۔۔۔!!

چچی جان کی آواز پر وہ سوچوں کی دنیا سے یک دم باہر نکلی۔۔۔۔۔۔۔۔

۔

پھر سفید چادر سنبھالتی آہستہ آہستہ چھت سے نیچے اترنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

" شہر کراچی دوسرا منظر "

رات کی تاریکی نا صرف اسکے گھر کے باہر بلکے کمرے میں چاروں اور پھیلی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سامنے بڑے سے بیڈ پر کوئی اوندھا لیٹا نیند کے مزے لوٹ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سامنے اسّی اِنچ کی ایل ای ڈی پر مووی چل رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ ریموٹ اسکے برابر میں پڑا اسکی قسمت کے اکیلے پن پر ہنس رہا تھا۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پاپ کارن اسکے آس پاس ہر جگہ بکھرے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔

اس خوابِ غفلت میں سوئے ہوئے وجود کے برابر میں پڑے اسکے فون میں حرکت ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ زور و شور سے بجنے لگا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

اس شخص نے جھنجلاہٹ سے اپنے سر کے دوسری طرف کیا۔۔۔۔۔۔

۔۔۔مگر فون بجنا بند نہیں ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے کچھ ہی دیر بعد بے چینی سے سرخ آنکھوں کو کھول دیا۔۔۔۔۔۔

۔فون کی اِسکرین پر حیدر فاروقی جگمگا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔

۔ماتھے پر تین بل نمایا ہوئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہاتھ فون کی طرف بڑھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کال اٹھاتے ہی بھاری سی آواز اسپیکر پر سنائی دی۔۔۔۔۔۔۔

!!! ہیلو

مقابل سے بھاری سی آواز آئی تھی۔

!! زیام۔۔۔۔؟۔۔۔۔کام ہو گیا ہے پیسے مل گ ئے ہیں

۔۔۔۔۔۔۔۔حیدر نے خوشی سے نوٹوں کی خوشبو کو اپنے اندر اتارتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!ہمم۔۔۔۔۔یہ تو ہونا تھا۔

۔۔۔زیام اسی طرح لیٹے لیٹے غنودگی میں بولا تھا۔۔۔موبائل کان سے لگا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔

زیم۔۔۔۔۔!!!۔۔اٹھ جا زیم۔۔۔۔۔۔۔چل ہمیشہ کی طرح پارٹی کرتے ہیں۔۔۔

حیدر نے زور دیا تھا۔۔۔۔

!!حیدر میرا دماغ خراب مت کرو

۔۔۔۔۔۔۔۔سونے دو۔!!۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے تکیہ کانوں پر لگا کر غصے اور بے چینی سے فون رکھ دیا تھا۔

حیدر سمجھ گیا تھا۔۔۔اب کچھ بھی کہنا بے کار ہے۔۔۔کیونکہ وہ دوبارہ سو چکا ہو گا۔۔

زیام فارس اور اسکی نیند!!۔۔۔۔۔۔۔۔حیدر فون رکھ کر چڑتے ہوئے بڑبڑایا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

(ماسکو روس کا شہر)

ہیلو۔۔۔۔سر۔۔۔۔آپ ماسکو کے مشہور ریسٹورانٹ سے کیا آرڈر کرنا چاہتے ہیں۔

(in russian)

انتہائی پروفیشنل انداز میں کہا گیا تھا۔۔

اب سِیلوِک جلدی جلدی مقابل کے بتائے ہوئے آرڈر کو لکھ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

چند کھانوں کے نام بتا کر فون رکھ دیا گیا۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ آرڈر باورچی تک پہچاؤ۔۔۔۔۔

(in russian-)-

۔۔اس نے اپنے ماتہت کو حکم دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور وہ خود ایک دوسری جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔۔

!!ہیلو شیف سِیلین

وہاں ایک کھلے بالوں والی لڑکی کام میں مصروف تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اسے اسکی پشت دکھائی دے رہی تھی

۔۔۔۔کیا بنا رہی ہو آج!!۔۔۔۔۔

سیلوک کچن میں موجود سیلین کے پاس آکر رسوخ سے بولا۔۔۔۔

سیلین اپنے بالوں کی لٹوں کو کان کے پیچھے کرتی۔۔۔۔۔مکمل طور پر کچھ بنانے میں مصروف تھی۔۔۔

وہ عام رنگت کی مالک تھی۔۔۔لیکن اسکے نقش بے حد معصوم سے تھے۔۔۔

!! کیا بتاؤں کیا کر رہی ہوں

وہ مصروف سی گویا ہوئی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔فلحال تو بیف اسٹر اگنوف

(beef stroganoff)

کے صبح سے تین سو آرڈر مکمل کر چکی ہوں۔۔۔۔۔۔۔اور اب یہ ایک آخر میں آیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

۔سیلین نے تھکن سے چور لہجے میں جواب دیا۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اتنے میں وہ سامنے رکھے بادام اٹھا چکا تھا۔

۔ہاں تو کس نے کہا تھا اتنا اچھا بیف اسٹر اگنوف بناؤ کہ چند ہی دنوں میں سب دیوانے ہو جائیں!!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلوک نے باؤل میں رکھے بادام چباتے ہوئے کہا۔۔۔

اگر اچھا نا بناتی تو مجھے ماسکو کے سب سے عالیشان ریسٹورانٹ میں شیف نہیں رکھا جاتا۔!!۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔ سیلین نے مزید وضاحت سے جواب دیا۔۔۔

ہاں یہ بھی ہے۔۔۔ ویسے میں بھی اپنے آپ کو ایک شیف ہی مانتا ہوں۔۔۔ یہ اور بات ہے کہ مجھے اچھی کافی کے علاوہ اور کچھ بنانا نہیں آتا۔۔۔۔۔ مگر دیکھ لو ان ریسٹورانٹ والوں نے مجھے کوفی ڈپارٹمنٹ کا ہیڈ ہی بنا دیا۔۔۔۔۔

وہ بھی مکمل وضاحت سے بولا۔۔۔

جس پر وہ دونوں مسکرا دیئے تھے ۔۔۔۔۔۔

موبائل کی رِنگ ٹون نے انھیں اس طرف متوجہ کیا۔۔۔۔

یہ یقیناً آلِف کا فون ہو گا رکھے!!۔۔۔۔۔۔۔

۔۔سِیلوِک نے اندازہ لگا کر کہا۔۔۔۔

!یہ تو کوئی بھی اندازہ لگا سکتا ہے۔۔!۔۔۔مجھے آلِف کے علاوہ یہاں کون فون کر سکتا ہے۔۔۔۔

۔

۔۔ سیلین نے فون اٹھاتے ہوئے کہا ۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔ سیلین آج کتنی دیر ہو گی تمہیں۔۔۔۔۔؟۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔مقابل نے فکر مندی سے پوچھا تھا۔۔۔

فکر نا کرو آل۔۔۔۔میں ابھی بھی جاب پر ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔بس لاسٹ ڈِش ہے!!۔۔۔۔۔

۔۔سیلین اسکے فکر مند طبیعت کے مطابق اسے مطمئن کرتے ہوئے بولی ۔۔۔۔۔۔۔

وہ سب ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔۔۔میں تمہارا نیچے انتظار کر رہا ہوں۔۔۔۔۔۔جب ڈِش تیار ہو جائے ۔۔۔۔تو نیچے آ جانا ۔۔۔۔۔۔

آلِف نے اطمئنان سے بتایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا۔۔۔

۔۔سیلین مسکراتے ہوئے فون رکھ چکی تھی ۔۔۔۔۔

!!!!یقیناً وہ تمہارا انتظار کر رہا ہے۔۔۔۔۔

سیلوک نے اسکے چہرے پر پھیلی مسکراہٹ کو دیکھتے ہوئے ایک اور اندازہ لگایا ۔۔۔

تم جانتے ہی ہو آلِف کو۔۔۔۔۔وہ نا تو میری سنتا ہے۔۔اور نا اپنی۔۔۔۔۔بس اپنے دل کی سنتا ہے۔۔۔۔۔

سیلین نے جلدی جلدی ڈِش بناتے ہوئے بتایا ۔۔۔۔

ہاں۔۔۔جانتا ہوں تمہارے آلِف کو وہ بھی تم سے زیادہ۔۔۔۔۔۔۔اگر تم دونوں پچھلے دو مہینوں سے ساتھ ہو۔۔۔تو میں اور آلِف دو سال سے ہیں یہاں۔!!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلوِک نے مزید بادام منہ میں ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔اب اپنا دوستی نامہ شروع مت کر دینا۔۔۔۔میں جا رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ڈِش ریڈی ہے۔۔۔۔۔۔ سیلین نے تیزی سے اپنا بیگ اٹھاتے ہوئے کہا ۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

ریسٹورانٹ کے نیچے ایک کار میں وہ بیٹھا سیلین کے آنے کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔۔۔

سائیڈ کے شیشے میں اس نے اپنے چہرے پر ایک نظر ڈال لی تھی۔۔۔۔۔

ہلکی داڑھی۔۔۔۔ ہلکی مونچھیں۔۔۔۔ ساتھ میں کانوں تک آتے گھنے بال۔۔۔۔۔ لمبی ناک۔۔۔ اور آنکھیں بڑی۔۔۔ لمبی پلکوں والی۔۔۔۔۔۔ چہرے پر ہلکی سنجیدگی جو اسکے شخصیت کا حصہ رہی ہمیشہ۔۔۔۔۔۔

آلِف کی نظر خود سے ہٹتی ہوئی۔۔۔ سامنے سے آتی ہوئی سیلین پر پڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

جینز پر سرخ ٹاپ۔۔۔ اس پر اونچی ہیلز۔۔۔۔ بال کھلے تھے۔۔۔۔۔۔ اسکارف گلے میں لٹکا اپنی قدر کھو رہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلِف کار سے اتر کر اس کے لیئے کار کا دروازہ کھول چکا تھا۔۔۔۔۔

سامنے سے آتی سیلین اسکی اس حرکت پر مسکراتی ہوئی کار میں بیٹھی۔۔۔۔۔

وہ خود بھی کار میں بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔

کافی۔۔۔۔؟؟

آلِف نے کار اسٹارٹ کرتے ہوئے اسکی طرف دیکھ کر ہوچھا۔۔۔۔

نہیں آئسکریم۔!!۔۔۔۔۔۔۔

۔ سیلین نے فوراً اسکا اچھا موڈ دیکھ کر رنگ بدلا تھا۔۔۔۔

!!نو۔۔۔۔ آئسکریم۔۔۔۔ آج بہت ٹھنڈ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکے ہوتے ہوئے بھلا وہ رنگ کیسے بدل سکتی تھی

آلِف کے کہنے پر سیلین نے فوراً اسکی طرف دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔موڈ تو ایسے بدلتا ہے جیسے ابھی گھیر بدل رہا ہو

۔۔۔۔۔۔۔۔

۔ سیلین نے ہلکی آواز میں کہا۔۔۔۔

!! تمہیں بڑا پتہ ہے گھیر کا

۔۔۔۔۔۔ آلِف نے اسکی بات سن اسی طرح جواب دیا۔۔۔

تمہیں

pelmeni dumpling

کا پتہ ہے؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔ سیلین نے اسکے سوال پر چڑ کر کہا تھا۔۔۔وہ اچھی طرح جانتی تھی کھانوں کے بارے میں۔۔۔اسی لیئے اس نے جان کر کہا۔۔۔۔مگر اگلے ہی لمحے آلِف بولا تھا۔۔۔

کس کو نہیں پتا۔۔۔روسی ڈِش ہے جسے روسی کھانوں کا دل کہا جاتا ہے۔۔۔اور سنو۔۔۔اسکے فائدے بھی بہت ہیں۔۔۔دماغ کو تیز کرتی ہے۔۔۔خون بناتی ہے۔۔جسم کو اتنی توانائی دیتی ہے کہ سارا دن کام کیا جا سکتا ہے۔۔۔اس کے علاوہ۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کے وہ مزید بولتا۔۔۔۔۔سیلین بیچ میں بول چکی تھی۔۔۔

!!!بس۔۔

۔۔۔آل مان لیا۔۔۔اب اپنی نالِج نہیں کار کی رفتار کو بڑھاؤ پلیز۔۔۔۔۔۔۔

۔ سیلین مزید چِڑ کر بولی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکی شکل دیکھنے والی تھی۔

میں تمہیں

Pelmeni

ہی کھلانے لے چلوں ابھی؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔۔

۔آلِف نے اسے چِڑتا دیکھ کر مزید خوشگوار لہجے میں کہا تھا۔۔۔

مجھے اب صرف آئسکریم ہی کھانی ہے بس!!!۔۔۔۔۔۔۔

سیلین نے اب پکا ارادہ کرتے ہوئے کہا ۔۔۔۔

اسکے اس طرح کہنے پر وہ مسکرایا۔۔۔۔

!! اوکے

۔۔۔۔اسنے سیدھا جواب دیا۔۔

یہ پہلے نہیں مان سکتے تھے۔۔۔۔۔؟۔۔

۔سیلین نے حیرت سے اسے مسکراتا دیکھ کر کہا۔

نہیں۔۔

۔پھر سیدھا جواب آیا

اتنے میں سامنے سے ایک بچہ آتا دکھائی دیا۔۔جس پر آلِف نے تیزی سے بریک لگایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

بچہ خوف سے اپنی آنکھیں بند کر چکا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سیلین کا سر گاڑی اچانک رکنے پر جا کے سامنے ڈیش بورڈ سے ٹکرایا۔۔۔

وہ سر سہلاتی ہوئی گاڑی سے باہر نکلی۔۔۔

آلِف بھی گاڑی سے اتر چکا تھا۔۔۔

تم۔۔۔ تمہیں دکھائی نہیں دے رہا تھا۔۔۔۔ گاڑی کے آگے آ کر مرنے کا شوق ہے کیا۔۔۔۔۔ کیوں یہاں سڑکوں پر پھر رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ماں باپ کہاں ہیں تمہارے۔۔۔۔۔۔۔۔ دفعہ ہو اب جلدی یہاں سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پتہ نہیں آنکھیں ہیں کہ نہیں!!۔

(in russian)

وہ غصے میں سر سہلاتی اس بچے کو باتیں سنا چکی تھی۔۔۔۔

۔۔!۔۔۔ جسے آلِف نے بھی سنا تھا۔۔۔ آس پاس دو تین لوگ بھی سن چکے تھے

سیلین۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!!

آلِف نے اسے اپنی طرف متوجہ کیا۔۔۔

جانے دو۔۔۔۔۔۔ اس نے اسے مزید کچھ بھی کہنے سے روکا تھا۔۔۔۔۔

وہ بچہ جو ڈر اور خوف سے وہیں جم گیا تھا۔۔۔۔۔ اب کچھ سانس بحال ہونے پر اپنی اِسٹک کھول کر آگے چلنا شروع ہو چکا تھا

۔۔۔۔۔۔

سیلین نے اس بچے کو حیرت سے دیکھا۔۔۔۔۔ وہ آنکھوں پر کالا چشمہ بھی پہنا ہوا تھا۔۔۔

جبکہ آلِف نے سیلین کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔

وہ بچہ چپ چاپ وہاں سے آگے بڑھ گیا۔۔۔ جبکہ وہ دونوں اب گاڑی میں تھے۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!مجھے ایسے مت دیکھو آلِ

!!۔۔۔۔مجھے نہیں پتا تھا کہ وہ بچہ اندھا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔

۔

سیلین نے اس کے دیکھنے پر اسے صفائی دی۔۔۔۔۔۔وہ واقع ایسا مانتی تھی۔۔۔اسے نہیں پتا تھا کہ وہ بچہ اندھا ہے۔۔۔۔۔۔۔

تمہارے ماتھے سے ہلکا ہلکا خون بہہ رہا ہے۔!!۔۔

۔آلِف کی نظر اسکے ماتھے پر گئ۔۔۔۔۔۔۔

۔۔ساتھ ہی وہ پیچھے سے فرسٹ ایڈ لینے گاڑی سے اتر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلین نے اپنی انگلی سے ماتھے پر خون چیک کیا۔۔۔۔اسے واقع اب سر میں درد محسوس ہوا تھا۔۔۔۔

!!کچھ نہیں ہے۔۔

۔۔اب سوچ سوچ کر مزید پاگل نا ہو جانا۔۔۔۔۔۔۔آلِف نے اسکی عادت سے واقف ہونے کی وجہ سے اسے بتایا۔۔۔۔

!!آلِف گاڑی روڈ کے بیچ میں رکی ہوئی ہے۔

۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین نے باہر دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

جبکہ آلِف اسکی چوٹ پر مرہم لگانے میں مصروف تھا۔۔۔۔۔

لو ہو گیا۔۔۔اس نے اچھی طرح تسلی کرتے ہوئے کہا ۔۔۔

۔

شکریہ۔۔۔۔اب مجھے گھر چھوڑ دو۔۔۔۔میں کہیں نہیں جا رہی۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین نے سر پر ہاتھ لگا کر کہا۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اوکے۔۔۔میں چھوڑ دیتا ہوں۔۔۔۔۔لیکن اگر درد زیادہ ہو تو کل چھٹی کرنا جاب سے۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔وہ سرسری سا کہتا ہوا اس پر حکم صادر کر چکا تھا۔۔

نہیں یہ نہیں ہو سکتا۔۔۔۔۔۔۔۔ابھی ایک مہینہ ہی ہوا ہے۔۔۔۔۔جوائن کیے ہوئے۔۔۔۔۔۔

۔۔سیلین نے انکار کیا۔۔

سیلین۔۔یہ چوٹ میری وجہ سے لگی ہے۔۔۔اوکے۔۔۔اب اسے جلدی ٹھیک کرو ورنہ میں تمہیں مکمل جاب سے ہی نکلوا دونگا

۔۔۔۔۔پھر گھر میں رہنا بے شک۔۔۔۔

۔۔۔۔۔آلِف اسے وارن کرتا گاڑی اسٹارٹ کر چکا تھا۔۔۔جبکہ وہ وہیں کھڑی رہ گئی تھی

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

دانش۔۔۔حرفِ حلقی کتنے ہوتے ہیں۔؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ نے اپنے سامنے کھڑے پانچ سال کے بچّے سے سوال کیا تھا۔۔

۔۔۔جس کے چہرے پر صاف لکھا تھا کہ اسے یاد نہیں۔۔۔۔

بتاؤ۔۔۔؟؟۔۔

۔۔اسکے چپ چاپ ہونے پر اس نے مزید زور دے کر پوچھا۔۔۔

اچھا تو تمہیں نہیں یاد ہوئے ابھی تک ۔۔۔۔۔اب یہ لو قائدہ ۔۔۔۔جب تک یاد نہیں ہونگے میں چھٹی نہیں دونگی

۔۔۔۔جاؤ وہاں کھڑے ہو جاؤ۔۔۔

۔۔۔مائسہ نے اسے ڈانٹ کر کہا۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

دانش مائسہ سے قائدہ لے کر چپ چپ جا کر کونے میں کھڑا ہو گیا۔۔

مائسہ کی نظر باقی بچے بچیوں پر پڑی جو ہنس رہے تھے۔۔۔۔۔۔

!! آپ سب کیوں مسکرا رہے ہیں

وہ ان سب سے مخاطب تھی۔ انکی ہنسی کو بریک لگا تھا۔

۔۔۔۔۔اگر اس لیے مسکرا رہے ہیں کہ میں نے دانش کو ڈانٹا ہے۔۔۔تو سب کے سب بہت برے بچے ہیں۔۔۔۔۔۔مائسہ نے ان سب کو باری باری دیکھ کر کہا۔۔۔۔

کیا آپ میں سے کوئی جانتا ہے کہ مسلمان کا مسلمان سے کیا رشتہ ہے۔۔۔۔اور کیا آپ سب کو پتا ہے کہ آپ بھی اس جگہ کھڑے ہو سکتے ہیں۔۔۔۔

تمام بچے خاموش تھے۔۔۔۔کسی کی طرف سے جواب نا پا کر مائسہ نے مزید کہنا شروع کیا۔۔۔۔

آپ سب جانتے ہیں۔۔۔کہ اپنے مسلمان بھائی کا مزاق اڑانے کے حوالے سے پیارے آقا ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا ہے

۔۔۔۔۔۔

"اپنے بھائی کی مصیبت پر اظہارِ مسرّت نا کر۔۔اللہ اس پر رحم کرے گا۔۔۔اور تجھے اس میں مبتلہ کرے گا"

(ترمزی شریف)

بات سمجھ آئی میری۔۔

۔۔۔۔آپ سب ابھی مزے سے ہنس رہے ہیں۔۔۔۔اور دانش یاد کرنے میں لگا ہے۔۔۔۔ہو سکتا ہے نا۔۔۔۔کہ کل میں آپ میں سے کسی سے پوچھوں تو آپ کو بھی یاد نا ہو۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سارے بچوں نے سر کو اثبات میں ہلایا تھا۔۔۔۔

!! مائسہ

کمرے کے باہر سے آواز آئی تھی

!!ادھر آؤ۔

۔۔۔باہر سے تابندہ چچی کی آواز پر وہ اس طرف متوجہ ہوئی۔۔۔۔۔اور بچوں کو پڑھنے کا کہہ کر انکی طرف بڑھ گئ تھی۔۔۔

پڑھاتی رہو گی یا بچّوں سے فیس کا بھی کہو گی۔۔۔۔۔مہینے کے پانچ دن اوپر ہو گ ئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔اور ان سب کے ماں باپ سے ابھی تک پیسے نہیں نکلے۔۔۔۔۔۔تم نے آج نہیں بولا تو اب میں بول دو نگی۔۔۔۔۔۔اس لیے تھوڑی تمہیں اجازت دی تھی کہ بچّوں کو پڑھاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تابندہ نے سخت اور اونچی آواز میں کہا۔۔۔

جس پر وہ اندر جھاکنے پر مجبور ہو گئ تھی

چچی میں بچوں سے کیا کہوں۔۔۔انکی امی کو کہو نگی فون کر کے۔۔۔ویسے بھی یہ تو بچے ہیں۔۔۔۔۔۔انکو کیا پتہ۔۔۔

اسنے انکو سمجھانا چاہا تھا۔۔۔۔

بس۔۔بس۔۔۔۔۔۔مجھے تم اپنا یہ بیان نا دو۔۔۔جو دن بھر ان بچوں کو دیتی رہتی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔آج بات ہو جانی چاہیے اور کل پیسے لا کر میرے ہاتھ پر رکھ دینا بس۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے مزید کہا۔۔۔اور کچن کی طرف چلی گئیں۔۔۔

اور مائسہ وہیں کھڑی تھی۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔ آج تو فون کرنا ہی پڑے گا۔۔۔۔۔۔اس نے دل میں ارادہ کیا تھا۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

اس نے گھر پہنچ کر اپنی ماں زینت کو لیپ ٹاپ سے ویڈیو کال ملائی تھی۔۔۔۔۔۔

ماتھے پر چوٹ کی وجہ سے شدید درد محسوس ہو رہا تھا۔۔۔

کال مل گئی تھی۔۔۔

کیسی ہیں!!۔۔۔۔۔۔۔

۔۔ سیلین نے سر سہلاتے ہوئے پوچھا۔۔

!!ٹھیک ہوں۔

سامنے سے دھیمی آواز آئی تھی۔۔

!!۔۔۔۔۔رابعہ یہ تمہارے ماتھے پر کیا ہوا۔؟۔۔۔۔۔۔۔یہ چوٹ کیسے لگی۔۔۔

۔۔۔۔زینت نے فکر مندی سے اسکی چوٹ کو دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔

سیلین کو فوراً اس گاڑی کے ڈش بورڈ سے ٹکرانے سے لے کر اس اندھے بچے تک سب پھر سے یاد آیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔بس ٹکرا گئی تھی دیوار سے۔۔۔۔۔۔ سیلین نے سوچوں میں گم ہونے کی وجہ سے عجیب سا بہانا بنایا۔۔۔

!!اور آپ مجھے رابعہ نہیں سیلین کہا کریں۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے جے زینت اس بات کا مفہوم پوچھتی۔۔۔اس نے بات بدل دی۔۔۔

!!اچھا بھلا نام ہے رابعہ۔۔۔۔۔یہ سیلین بھلا کیا نام ہوا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکی بات کا جواب وہ دے چکی تھیں۔

چھوڑیں۔۔۔ آپ بتائیں۔۔۔۔۔ تارا بیگم اور انکی عالیشان کوٹھی کیسی چل رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟

اسنے حکارت سے پوچھا تھا

رابعہ۔۔۔۔ تمیز سے بات کیا کرو۔۔۔۔۔ وہ تمہاری نانی ہیں۔۔۔ میری ماں ہیں۔۔۔

۔۔زینت نے اسے ہر بار کی طرح پھر اس بات پر سختی سے کہا تھا۔۔۔

میری ہی نانی ہیں۔۔۔ باقی سب کے لیے تو وہ تارا بیگم عرف وقت کی مشہور رقاصہ ہیں نا۔۔۔۔

وہ اسی ٹون میں بولی تھی

یہ فضول باتیں کرنی ہیں تو میں کال ختم کر رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ زینت نے اس کی باتوں کو بریک لگانے کے لیے کہا۔۔

آپ بھی جانتی ہیں۔۔۔ کہ میرا لاہور سے ماسکو آنے کا واحد مقصد اپنے بابا کو ڈھونڈنا اور تارا بیگم اور انکی شہرت سے دور ہونا تھا

۔۔۔۔اسی لیے میں آپ سے اتنی دور یہاں ماسکو میں ہوں امّی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رابعہ نے ان سے وہی بات کی تھی جو وہ کب سے کر رہی تھی۔۔۔۔

جانتی ہوں۔۔۔۔ لیکن اب ابھی کہہ رہی ہوں سکندر کو ڈھونڈنا تمہارے بس کی بات نہیں۔۔۔ وہ بھی تب جب تم وہاں اکیلی ہو

۔۔۔۔۔۔!!

۔۔۔زینت اس سب کو اسکی بے وقوفی سمجھ کر اسے سمجھاتے ہوئے بولیں ۔۔۔

!!امّی۔۔۔۔۔ میری دوست کی کال آ رہی ہے۔۔۔ بات میں بات کرینگے۔۔۔۔۔۔۔ اللہ حافظ۔۔۔۔

۔سیلین نے فون دیکھتے ہوئے کہہ کر کال کاٹ دی تھی ۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور گہری سانس لی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں ڈھونڈوں گی سکندر علی کو۔۔۔۔اپنے پاپا کو۔۔۔۔۔۔۔میں نکالوں گی آپ کو تارا بیگم کی کوٹھی سے امّی۔۔۔۔۔۔پھر میں آپ اور میرے پاپا سکندر علی۔۔۔۔۔ہم سب ساتھ رہیں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہمیشہ ساتھ رہیں گے۔۔۔۔۔۔

ایسا ہو گا۔۔۔۔۔۔میں کرونگی ایسا۔۔۔۔۔۔۔۔ سیلین نے پکّے ارادے سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

اس نے دراز سے سکندر کی وہ واحد تصویر نکالی جو اس کے پاس تھی۔۔۔۔۔۔

پاپا۔۔۔۔۔ آپ مجھے جلد مل جائیں گے نا۔۔۔۔۔اتنا تو میں جانتی ہوں۔۔۔ آپ یہی اس ماسکو شہر میں کہیں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن میں آپکو ان گیارہ ملین لوگوں میں کہاں ڈھونڈوں۔۔۔۔۔۔ آپ خود ہی مجھے مل جائیں۔۔۔۔۔۔۔ آپ جلد میرے پاس آجائیں

۔۔۔۔۔۔۔

سیلین اب تصویر کو دل سے لگائے کہہ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

مائسہ چائے بنا کر دو اپنے چاچا کو ۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ کبوتروں کو دانا ڈال رہی تھی جب اسے تابندہ کی آواز آئی۔۔۔۔۔۔

جو اس نے سن لی تھی۔۔۔۔۔

!! پیارے کبوتروں

"۔۔۔آپ سب آرام سے دانا چگو۔۔۔۔میں چاچا جی کو چائے دینے جا رہی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔اب کل ملاقات ہو گی ۔۔"

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ ان سب کو ہاتھ ہلا کر اللہ حافظ کہتی ہوئی نیچے کی طرف بھاگی۔۔۔۔۔۔

"جی چچی!!۔۔۔۔میں نے پہلے ہی چائے چڑھا دی تھی ۔۔۔۔

اس نے چچی کو خبر دی۔۔۔اور کچن میں گھس گئی۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر بعد

آج پیسے ملے بچوں سے۔۔۔۔۔؟؟؟؟۔۔۔۔۔۔دلاور نے مائسہ سے چائے لیتے ہوئے پہلا سوال کیا ۔۔

اسلام و علیکم چاچا جی!!۔۔۔۔۔

۔مائسہ نے جواب سے پہلے انہیں سلام کیا تھا۔۔

ہاں و علیکم سلام۔۔۔۔اب بتاؤ۔؟۔۔۔

وہ اسی بات پر قائم تھے۔۔۔۔۔

!!نہیں۔۔۔آج بات کی ہے۔۔۔۔۔کل مل جائیں گے۔۔۔انشاءاللہ۔۔۔

۔مائسہ نے جواب دے دیا تھا وہ جانتی تھی کہ اسکا خاموش رہنا بات کو بڑھا دے گا

بچوں کو سیدھا کر کے رکھو۔۔۔اور بول دینا کل کہ اب فیس مہینے کی پہلی کو نا دی۔۔۔تو پھر ٹیوشن آنے کی ضرورت نہیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے چائے پیتے ہوئے نفرت سے کہا تھا۔۔۔

ایسا نہیں کہہ سکتی میں۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بچے ہیں۔۔۔۔۔

۔مائسہ ہمت سے کہتی ہوئی جانے کے لیئے مڑی تھی ۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تو نہیں کہے گی تو کل میں خود کہہ دونگا۔۔۔۔۔۔

۔۔دلاور بھی ڈھٹائی سے بولا۔۔

چاچا میرا مطلب ہے میں ان بچوں سے نہیں انکی امی سے کہونگی۔۔۔بچوں سے کہنا مناسب نہیں۔۔۔

۔۔مائسہ نے سیدھا جواب دیا اور کچن کی جانب بڑھ گئ۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"" یہ منظر ایک عالیشان کوٹھی کا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ ہر طرف حسن اور پائل کی چھنکار سے دن بھر گونجتی وہ ایک نامور حویلی تھی"۔۔

جہاں کبھی حسن وخوبصورتی کی جگہ تارا بیگم کا نام لیا جاتا تھا۔۔۔۔۔۔ آج بھی اسی شان سے تارا بیگم اس کوٹھی کی آن بان اور شان تھیں۔۔۔۔

۔۔کہا جاتا ہے حسن غرور ساتھ لاتا ہے۔۔۔

۔۔۔مگر تارا بیگم کی طبیعت میں حسن وغرور کی گہری دوستی تھی۔۔۔۔۔۔ حسن میں غرور جھلکتا تھا۔۔۔اور۔۔غرور حسن کے ٹکروں پر پلتا تھا۔۔۔۔۔

بڑے بڑے فانوس سے چمکتے بڑے سے صحن نما کمرے میں وہ آج بھی اسی شان سے بیٹھیں اپنا من پسند گانا سن رہی تھیں۔۔۔۔۔

شانو جو انکی پرانی ملازمہ تھی پانچ سال سے انکے ساتھ تھی۔۔۔۔۔ہمیشہ کی طرح انکے آرام کا سمان کرتی ہوئی پیر دبانے میں مصروف تھی۔۔۔۔

تارا بیگن کی کاجلی آنکھوں کا کھلنا تھا کہ شانو نے اشارہ سمجھ کر گانا بند کر دیا تھا۔۔۔۔۔

شانو۔!!

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

انہوں نے اسے مخاطب کیا تھا۔

۔۔جا کر زینت سے کہہ دے کہ کام چھوڑ کر میرے پاس آئے ۔۔۔۔ مجھی اسکی لاڈلی کے بارے میں کچھ بات کرنی ہے

۔۔۔۔۔

۔۔وہ گردن اکڑا کر آواز سے بولی تھیں۔۔۔۔

تارا بیگم کا کہنا تھا کہ شانو سر ہلاتی وہاں سے سیدھا زینت کے پاس پہنچی تھی۔۔۔۔۔۔

زینت جو ابھی سیلین سے بات کر کے بیٹھی تھی۔۔۔۔شانو کے کہنے پر سیدھا تارا بیگم کے پاس پہنچی۔۔۔۔

جی امّاں۔۔۔ کیا بات کرنی ہے۔۔۔۔۔۔۔اس نے آتے ہی سامنے بیٹھی تارا بیگم سے پوچھا۔۔۔۔۔۔

اپنی ادھیڑ عمر بیٹی کو وہ اک نظر دیکھنے لگی تھیں

!!بیٹھ میرے پاس۔۔

۔۔۔تارا بیگم نے انگھوٹھیوں سے بھرے ہاتھ سے اسے اپنے تخت پر بیٹھنے کا کہا۔

جس پر زینت وہاں بیٹھ گئ۔۔۔

!!۔تو جانتی ہے

۔بہت کم ہوتے ہیں وہ لوگ جو اپنی قسمت سونے کی طرح لکھوا کر لاتے ہیں۔۔۔۔۔۔دوسرے دیکھ کر جلتے بھی ہیں۔۔۔۔اور پانے کی تمنا بھی کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

!!اور تجھے پتہ ہے۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔حسن کے عروج کا اک وقت ہوتا ہے۔۔۔۔میں نے نا صرف اس عروج کو پایا ہے۔۔۔بلکہ کئی عرسے اس عروج پر حکومت بھی کی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

یہاں تک کہ تیری پیدائش بھی میرے حسن کو کھا نہیں سکی۔۔۔۔۔۔۔۔ہاں تیرا باپ ضرور تجھے اپنی بیٹی ماننے سے انکار کر کے چلا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن میں نے موت کو اسکے پیچھے بھیجا۔۔۔۔۔اور موت اسے کھا گئی۔۔۔

۔۔۔۔وہ گہری کاجل والی آنکھوں کو گھما کر فخر سے بولی تھیں۔۔۔۔۔

اماں۔۔۔ان پرانی باتوں کو کیوں یاد دلا رہی ہے۔۔۔۔

۔۔۔زینت نے اداس لہجے میں بولا۔۔۔۔۔۔وہ ہمیشہ اس سب کو یاد کر کے اداس ہوتی تھی۔۔۔۔۔۔۔

تو اب ہنستی ہو گی۔۔۔کہتی ہو گی کہ اب تو تارا بیگم کا راج ختم ہونے والا ہے۔۔۔۔۔۔۔ہیں نا؟؟؟؟؟؟

انہوں نے کاٹ دار لہجے میں کہا تھا۔۔

تو سوچتی ہو گی۔۔۔۔کہ بڑھاپا تو اچھے اچھوں کے حسن کو کھا گیا اب تارا بیگم کی باری بھی آنے والی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟

وہ زینت پر آنکھیں گاڑے بولی تھیں۔۔

اسکی آنکھ کی گرمائش سے زینت کو اپنا آپ جلتا محسوس ہوا۔۔۔

اماں کیا میں تیری سگی اولاد نہیں۔۔۔۔بھلا سگی اولاد ایسے سوچ سکتی ہے۔۔۔۔؟؟؟؟

زینت نے حیرانی سے پوچھا۔۔

یہی تو میری بد قسمتی ہے۔۔۔۔۔تیرے اندر میرا نہیں تیرے باپ کا خون آیا ہے۔!!۔۔یہ تو مجھے اسی وقت سمجھ آ گیا تھا جب تو نے رقص کی جگہ ہاتھ میں کتابیں تھام لی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تو نے کبھی ماں کو سہارا دینے کا نہیں سوچا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اب رابعہ کو بھی یہاں سے دور بھیج دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔تا کہ میں اسے رقص پر نا لگا دوں۔۔۔۔۔۔!!!!

تجھے کیا لگا۔۔۔میں نہیں جانتی کہ تیرے دماغ میں کیا چل رہا ہے۔۔۔۔۔بغاوت کی بو کو تارا بیگم دور سے ہی سونگ لیتی ہیں جانتی ہے نا۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!!!

وہ شیطانی مسکراہٹ سے بولی تھیں۔۔۔۔۔

زینت کو آج وہ ماں کم اور دشمن زیادہ لگیں۔۔۔۔۔۔وہ ان کے سامنے کچھ بھی بولنے سے قاصر تھی۔۔۔۔

اس سے پہلے وہ کچھ بھی بولتی۔۔۔۔۔شانو خبر لے کر حاضر ہوئی۔۔۔

تارا بیگم۔۔۔۔کچھ لوگ آئے ہیں آپ سے خصوصی ملنے۔۔۔۔۔کل اجازت لے کر گئے تھے ۔۔۔۔شانو نے بتایا ۔۔

بٹھا انھیں بیٹھک میں۔۔۔۔۔۔۔کہہ دے کہ تارا بیگم کا انتظار کریں۔۔۔۔۔۔۔۔وہ آ رہی ہیں۔۔۔۔۔تم جاؤ زینت یہاں سے ۔۔۔۔۔اور میرے سامنے کم آیا کرو۔۔۔۔۔۔۔۔تارا بیگم نے حقارت سے کہا تھا۔۔۔۔۔

زینت شکر کا سانس لے کر وہاں سے اپنے کمرے میں چلی آئی۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

رات کے گیارہ بج رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔اور کوئی جیب سے چابی نکال کر گھر کا دروازہ کھول رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر وہ بغیر شور کیے دبے قدموں گھر میں داخل ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔اور اپنی منزل اپنے اوپر والے کمرے کی جانب بڑھنے لگا تھا۔۔۔۔۔

!!! بھائی

وہ بھوتنی آخر اسے روک چکی تھی

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!۔۔۔کھانا تو کھالیں۔

۔۔۔۔۔پیچھے سے نورے کی آواز آلِف کے کانوں میں پڑی تھی۔۔۔۔۔۔اور اسے مجنمد کر چکی تھی۔۔۔۔۔

وہ ابھی گھر میں داخل ہوا تھا۔۔۔۔اور اب سیدھا اپنے کمرے کی طرف بڑھ رہا تھا۔۔۔جب پیچھے سے اسکی چھوٹی بہن نورے کی آواز نے اسے روکا۔۔۔۔

نورے!!۔۔۔تمہیں کیسے پتا لگ جاتا ہے کہ میں آگیا ہوں۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔

آلِف نے واپس مڑتے ہوئے اکتاہٹ سے پوچھا۔۔۔

امی نے کہا کہ بھائی آگیا ہے۔۔۔۔جا کر اسے کھانے کی ٹیبل پر بلاؤ۔۔۔۔

۔۔نورے نے دانت نکال کر کہا۔۔۔۔

آلِف جانتا تھا۔۔۔کہ وہ آج سارا دن گھر سے باہر تھا۔۔۔اور اب اچھی اچھی باتیں سننے کا وقت تھا۔۔۔۔۔۔

چلیں بھائی!۔۔۔۔۔۔کیا سوچنے لگے۔۔۔

۔نورے پھر سے دانت نکالتی ہوئی بولی۔۔۔۔۔۔

تمہیں بڑی ہنسی آرہی ہے۔۔۔۔۔۔چُھٹکی۔۔۔۔

۔۔آلِف اسے بولتا ہوا کچن میں داخل ہوتا ٹیبل کی طرف بڑھا۔۔۔۔نورے اسکے پیچھے پیچھے تھی۔۔۔۔

اب وہ لوگ کچن کے ڈائننگ ایریا میں داخل ہو گئے تھے ۔

موم۔۔۔۔۔۔یہ سارا دن کرتی کیا رہتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔پڑھائی کی ہے آج اس نے۔۔؟؟؟۔

۔شکل سے تو نہیں لگ رہا اسکے۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔ آلِف نے پرانا طریقہ اختیار کرتے ہوئے ۔۔۔۔۔۔سب کچھ نورے پر ڈالنی کی کوشش کی۔۔۔۔

اس پر نورے نے مسکرا کر موم کی طرف دیکھا۔۔۔۔۔

جو کہ اب بھی آلف کو گھورنے میں ہی لگی تھیں۔۔۔

۔۔۔ آلف سمجھ گیا تھا کہ اسکی بات کو مکمل اگنور کیا گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

نورے ٹائم کیا ہو رہا ہے؟؟؟؟۔۔۔۔۔۔

۔۔نائلہ نے نورے کی جانب دیکھ کر سختی سے پوچھا۔۔۔۔۔

جب بھائی گئے تھے تو صبح کے نو بج رہے تھے ۔۔۔۔۔۔اور اب رات کے گیارہ بج رہے ہیں ۔۔۔۔

۔۔نورے نے بڑے رسوخ سے بتایا۔۔۔۔

تم اِدھر اُدھر کیا دیکھ رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔جواب دو گے کہاں تھے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔

انہوں نے آلف کو گھورنے کے بعد سختی سے پوچھا۔۔۔۔

آپ جانتی ہیں ماں۔۔۔کام سے گیا تھا۔۔۔۔۔ آج آفس بھی ہو کر آیا ہو بابا کے۔۔۔۔۔اور ماموں سے بھی مل آیا ہوں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے جان بوجھ کر ایک نام چھپایا تھا۔۔۔۔جو ان ناموں میں شامل تھا۔۔۔۔۔۔

اور۔۔۔۔؟؟؟؟۔۔۔۔نورے بیچ میں بولی۔۔۔۔

تم کھانا کھاؤ اپنا۔۔۔دو بڑے بات کر رہے ہیں نا۔۔۔۔

۔۔ آلِف نے اسے کسی طرح چپ کروایا۔۔۔

اسکے ڈانٹنے پر وہ مزید چڑ گئی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

موم۔۔یہ ضرور آج سیلین سے ملنے گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیونکہ بلیک جیکٹ بھی پہن کر گئے تھے۔۔۔

اس پر آلف کی آنکھیں پھیل گئ تھیں

۔نورے نے موم کو آگاہ کیا۔۔۔جو کہ ہر بات سے باخوبی آگاہ تھیں۔۔۔۔

!!دونوں چپ کر کے کھانا کھاؤ۔۔

!!۔۔۔۔۔اور آل اب تمہیں بغیر بتائے گھر سے جاتا نا دیکھو میں ۔۔۔۔

۔آلف کو وارننگ دیتی وہ کھانا کھانے میں مصروف ہو چکی تھیں۔۔۔۔

نورے کو اپنے کان میں سرگوشی کی آواز آئی۔۔۔۔جو آلف نے کی تھی

تمہیں کیسے پتا چلا۔۔۔۔بلیک جیکٹ کا؟؟؟۔۔۔۔

۔آلِف نے اسکے کان کی طرف جھک کر پوچھا۔۔

سو سمپل۔۔۔۔۔۔آپ آج زیادہ اچھے بن کر گئے تھے ۔۔۔

۔۔نورے نے اسے آہستگی سے بتایا۔۔۔۔

لیکن اب چاکلیٹ تو نہیں ملے گی نا۔۔۔۔۔جو میں تمہیں منہ بند رکھنے پر دینے والا تھا۔۔۔۔۔۔۔

۔۔آلِف نے اسکی دکھتی رگ پر ہاتھ رکھا۔۔۔

کیا آپ اس چاکلیٹ کی بات کر رہے ہیں۔۔۔۔

۔۔۔۔نورے نے فوراً اپنے دوسرے ہاتھ میں پکڑی چاکلیٹ اسے دکھائی۔۔۔۔

کب چرائی چورنی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آل نے پوچھا جبکہ جواب وہ جانتا تھا۔۔۔۔

جب تم مجھ سے باتیں کرتی میرے پیچھے چل رہی تھیں۔۔۔تب تو نہیں۔۔۔۔۔؟؟؟۔آلف نے بتایا۔۔

!!ہمم

غصہ میں کہا گیا تھا۔۔

۔۔۔چپ چاپ کھانا کھاؤ دونوں۔۔۔۔۔

۔۔۔نائلہ نے انکی زبانوں کو بریک لگایا۔۔۔

اب وہ دونوں چپ چاپ کھانا کھا رہے تھے۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

!!چاچاجی۔۔۔یہ لیں بچوں کی فیس کے پیسے۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے آج بچوں سے فیس لے کر چاچا کے حوالے کر دی تھی۔۔۔۔۔اور اب جا کر سکون کا سانس اسے نصیب ہوا تھا۔۔۔۔

یہ کیا۔!!۔۔۔۔۔۔کتنے بچے پڑھتے ہیں تمہارے پاس۔؟؟؟۔۔۔

۔دلاور نے ان پیسوں کو دیکھ کر پوچھا تھا جو اسے بہت کم لگے تھے۔۔۔

دس بچے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔جن میں سے دو آج آئے نہیں تھے ۔۔۔اسی لیے ان کے پیسے نہیں ہیں اس میں۔۔۔!!۔

۔۔۔مائسہ نے انھیں تفصیل سے بتایا۔۔۔۔۔۔۔

سچ بتا۔۔۔کہیں کچھ پیسے اپنے پاس تو نہیں رکھ لیے۔۔۔۔۔۔۔۔!!۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

دلاور چیخ کر بولا تھا۔۔۔

!!نہیں۔۔

۔۔۔مائسہ نے گہری سانس لے کر جواب دیا۔۔۔۔وہ پر سکون تھی۔۔۔۔۔۔۔۔عادت کے مطابق۔۔۔

!!جھوٹ بول رہی ہے۔۔۔۔

۔۔۔اب کی بار وہ مزید خراب لہجے میں بولے۔۔۔۔

!!آپ کو پتہ ہے میں جھوٹ نہیں بولتی۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے اسی طرح کھڑے رہہ کر جواب دیا۔۔۔

شور کی آواز پر تابندہ بھی وہاں پہنچ گئ تھی۔۔۔۔۔۔

زبان ناچلا اپنے چچا سے۔۔۔۔ارے تجھے تو احسان ماننا چاہیے۔۔۔۔۔۔۔۔تو اس گھر میں اسی حیثیت سے آج بھی رہ رہی ہے جیسے تیرے ماں باپ چھوڑ کر گۓ تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔مگر ہمیں کیا پتا تھا ۔۔۔۔نیکی کا صلہ زبان درازی کی صورت میں ملے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔

۔تابندہ اندر سے آتے ہی مائسہ کو سنا چکی تھیں۔۔۔۔۔یہ جانے بنا کے گھر میں بحث ہوئی کس بات پر تھی۔۔۔۔۔۔

مائسہ اسی طرح کھڑی گہری سانس لے چھت کی جانب بڑھ گئ۔۔۔۔۔۔۔۔۔آنکھوں میں جو ہلکے آنسوں آرہے تھے۔۔۔۔

۔انھیں ٹھنڈی ہوا نے مزید بڑھا دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔دو ٹھنڈے آنسوں اسکے گال پر بہہ نکلے تھے۔۔۔۔جسے وہ مسکراتے ہوئے ہاتھ سے پونچھ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جانتے ہو۔۔۔۔بابا دو سال پہلے مجھے چھوڑ کر چلے گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میری ایک اور نعمت رب نے مجھ سے لے لی تھی ۔۔۔۔۔اور اب وہ رب ہی اس دنیا میں میرا واحد سہارا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ چھت کے دروازے پر پہنچ کر اس سفید کبوتر کو دیکھتے ہی مسکرائی تھی۔۔۔۔۔اور اپنے آنسوں پونچھنے لگی۔۔۔۔۔

پھر مسکرا کر اس کبوتر کو اپنے ہاتھوں میں لے لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس بار کبوتر بھی اتنا پر سکون تھا۔۔۔۔جتنا پہلے نا تھا ۔۔۔۔۔۔۔وہ بھی اس پھول سے مانوس ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔جس نے اسے اپنے ہاتھوں میں اٹھا رکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

جانتے ہو۔۔۔۔بابا دو سال پہلے مجھے چھوڑ کر چلے گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میری ایک اور نعمت رب نے مجھ سے لے لی تھی ۔۔۔۔۔اور اب وہ رب ہی اس دنیا میں میرا واحد سہارا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!خیر سفید کبوتر۔۔۔۔۔تم بتاؤ۔۔۔تمہاری کوئی کبوتری نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔جو تمہاری دکھ سکھ کی ساتھی ہو۔۔۔۔۔۔

وہ کبوتر کو ہاتھ میں لیے ٹھنڈی دھوپ میں بیٹھی باتوں میں مصروف تھی۔۔۔اسکے بالوں کا جوڑا بندھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جب کوئی اسکے پیچھے آکر بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔

مائسہ۔۔۔تم پاگل تو نہیں ہو۔۔۔۔۔۔کبوتر سے کس طرح بات کر رہی ہو۔۔۔۔۔؟؟

مائسہ جو بلکل کبوتر میں محو تھی۔۔۔۔پیچھے سے ہانی کی آواز نے اسے چونکا دیا تھا۔۔۔۔۔۔

ہا نییییییییییی۔۔۔۔۔میری پیاری۔۔۔میری دوست۔۔۔میری سہیلی۔۔۔۔۔۔۔۔کیسی ہو۔۔۔؟؟؟۔کہاں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

مائسہ ایک ساتھ کئ سوال کر چکی تھی۔۔۔۔

!!وہ سب تو ٹھیک ہے۔۔۔۔۔زرا اپنا چہرہ دکھاؤ۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔ہانی جو اسکی سب سے اچھی سہیلی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسی کے محلے میں اسکے ساتھ بڑی ہوئی تھی۔۔۔۔۔اسکے ماں باپ کے انتقال کے بعد جس نے مائسہ کو سہارا دیا تھا۔۔۔۔۔۔وہ اسکی ہلکی گیلی آنکھوں کے پیچھے کا مفہوم سمجھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے اسکی تھوڑی کو اپنے ہاتھ سے پکڑ کر اسکی آنکھوں کو دیکھ کر پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔

ایسا کچھ نہیں ہے۔۔۔ہانی جیسا تم سمجھ رہی ہو۔۔۔۔۔۔

۔مائسہ نے نظریں چرا کر کہا۔۔۔

اسی لیے تمہاری چاچی نے منہ بنا کر دروازہ کھولا اور میرے سلام کا بھی جواب نہیں دیا۔۔۔۔۔

۔۔پھر کڑوی باتیں کی ہونگی انہوں نے تم سے۔۔۔۔۔۔۔اور پھر میری میٹھی سی سہیلی کا دل کڑوا کر دیا ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔اپنی جلی کٹی باتوں سے۔۔۔۔

۔۔۔ہانی بری طرح بڑبڑائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

تم بتاؤ۔۔۔کیسی ہو۔۔؟؟۔

مائسہ نے اسکے بگڑتے چہرے کو دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔۔۔

تم مجھے ایک بات بتاؤ مائسہ !!۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ گھر تمہارے بابا کا بھی تو اتنا ہی ہے نا۔۔۔جتنا تمہارے چاچا کا ہے ؟؟؟؟

ہانی نے پھر کہا۔۔

!!ہانی۔۔۔چھوڑ دو۔۔۔۔۔نفرتیں بانٹنے اور انکو پال کر بڑا کرنے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لوگ سمجھتے ہیں۔۔کہ جو اکیلا ہے۔۔۔۔وہ اکیلا ہی ہے۔۔۔انہیں نظر نہیں آتا۔۔۔۔۔۔۔جو اکیلا ہوتا ہے۔۔۔۔اسکے پاس ہی تو اس رب کا ساتھ ہوتا ہے۔۔۔۔۔اور ویسے بھی میں ان سے زبان نہیں چلا سکتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میرے بابا کو وہ بہت عزیز تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ ہانی کے چہرے کو دیکھ کر دھیمے لہجے میں بول گئ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

ہانی پل میں خاموش ہوئی تھی وہ سمجھنے سے قاصر تھی کہ مائسہ کو کیا کہے۔۔۔

!! میں تمہیں ایک کہانی سناؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک حکایت ہے

۔۔ تمہیں بہت اچھی لگے گی۔۔۔۔۔۔

۔مائسہ نے اسکے بگڑتے چہرے کو دیکھ کر کہا۔۔

!!سناؤ۔

۔۔۔۔ہانی جانتی تھی۔۔۔۔۔وہ سنائے بغیر اسے چھوڑے گی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس لیے اسنے سننے پر ہی رضامندی دے دی ۔۔۔۔۔۔۔اسکا خیال تھا کہ اس سے اسکا دل بہل جائے گا

پتا ہے۔۔۔۔۔ایک بار ایک ملحد (جو کہتا ہے کہ دنیا بغیر خدا کے چل رہی ہے) ہارون الرشید کے پاس آیا۔۔۔۔۔۔۔۔جو مسلمانوں کے امیر تھے۔۔۔۔۔۔۔اس نے ہارون الرشید سے کہا۔۔۔۔۔۔۔کہ تمہارے علماء کہتے ہیں۔۔۔۔کہ اس دنیا کا کوئی خالق کوئی بنانے والا بھی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔تو زرا میرے سامنے ان علماء میں سے کسی کو پیش کرو۔۔۔۔میں یہ ثابت کر دونگا کہ یہ دنیا بغیر خدا کے چل رہی ہے۔۔۔۔اسکا کوئی خالق کوئی بنانے والا نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس ملحد کے اس اسرار پر ہارون الرشید سوچ میں پڑ گئے ۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے سوچا۔۔۔ کہ امام ابو حنیفہ۔۔۔ہی اس وقت کے سب سے بڑے عالم ہیں۔۔۔۔۔تو میں اس ملحد کے سامنے انھیں بلا کر لے آتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔چنانچہ اس نے امام ابو حنیفہ تک پیغام بھجوایا۔۔۔۔۔۔

آپؒ تک تمام محاملے کی خبر پہچی تو آپ نے ظہر کے بعد آنے کا کہہ دیا۔۔۔کہ میں ظہر کے بعد آکر اس ملحد سے بات کرونگا

۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب وہ ملحد اور ہارون ارشید صاحب تمام لوگوں کے ساتھ امام ابو حنیفہ کا انتظار کرنے لگے۔۔۔۔۔۔۔۔

ظہر سے عصر ہو گئ۔۔۔ آپؒ پہنچے نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر آپ عصر کے بعد پہنچے۔۔۔۔۔۔۔ تمام لوگوں نے آپ کا استقبال کیا

۔۔۔۔

ملحد جو کب سے آپ کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔ آپ کو دیکھ کر فوراً بولا۔۔۔۔۔

اتنے دیر سے آنے کی کیا وجہ ہوئی امام صاحب۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟ ملحد نے بھرے مجمعے میں سوال کیا۔۔۔

امام اعظم نے بتایا۔۔۔۔

میں آرہا تھا۔۔۔ لیکن راستے میں ایک عجیب بات پیش آئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرا گھر دریائے دجلہ کے پاس ہے ۔۔۔۔۔ میں گھر سے نکل کر دریا کے پاس آیا تاکہ اسے عبور کر کے یہاں پہنچ جاؤں۔۔۔۔۔۔۔۔ میں نے وہاں ایک ٹوٹی پھوٹی کشتی پڑی دیکھی۔۔ جسکی لکڑیاں بکھری تھیں۔۔۔ وہ خود بخود ہلنے لگیں۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر میں نے دیکھا۔۔۔ وہ کشتی خود بخود صحیح ہو گئ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ایک سالم کشتی تیار ہو گئ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں اس کشتی میں بیٹھا۔۔۔ اور یہاں آ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔

امام کی بات سن کر ملحد بولا۔۔۔

لوگوں۔۔ دیکھو!!!..... امام کتنا جھوٹ بول رہے ہیں۔۔۔۔ بھلا کشتی خود کیسے بن گئ۔۔۔۔۔ اور بغیر ملاح (کشتی چلانے والا) کے کس طرح چل پڑی۔۔۔۔۔۔۔۔ دیکھو کتنے جھوٹے ہیں یہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ چیخ کر سب کو بتانے لگا۔۔۔

تب امام اعظمؒ بولے۔۔۔۔

اے کافر ملحد۔۔۔ اگر کسی بنانے والے کے بغیر کشتی بن نہیں سکتی۔۔۔ اور کسی چلانے والے کے بغیر کشتی چل نہیں سکتی۔۔۔۔۔ تو کس طرح ممکن ہے۔۔۔۔ کہ اس قدر عظیم نظامِ دنیا کسی چلانے والے کے بغیر چل جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تو اس پر کیسے یقین کر سکتا ہے ؟؟؟؟؟

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

امام کی بات سن کر وہ ملحد حیران رہ گیا۔۔۔اور اگلے ہی لمحے وہ اس بات کا قائل ہو گیا۔۔۔اور مسلمان ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ جو بڑے رسوخ سے کہانی سنا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ اب خاموش ہوئی۔۔

!!بہت ہی اچھی۔۔۔۔۔۔ہمیشہ کی طرح۔۔

۔۔ہانی نے جواب دیا۔۔۔۔

وہ سوچ رہی تھی کہ مائسہ ہمیشہ اسے لاجواب کر دیتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ساتھ ہی اسنے دعا کی تھی۔۔۔

کہ مائسہ کو کوئی چاہنے والا ملے۔۔۔۔جو اس ہیرے کی صحیح قدر کرے۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ کلب میں موجود تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ہاتھ میں جوس کا گلاس لے۔۔۔۔۔۔۔۔۔جسکے ہلکے ہلکے گھونٹ وہ اپنے اندر اتار رہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔کپڑے ہر لحاظ سے اچھے تھے۔۔۔۔۔۔۔بالوں کو جیل سے سیٹ کیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔موبائل پر میسج کی آواز نے اسے فون دیکھنے پر مجبور کیا۔۔

حیدر نے فون دیکھا۔۔۔۔جہاں زیام کا میسج جگمگا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

I Am here .....

حیدر نے اسکا میسج پڑھا۔۔۔۔۔۔اور فون رکھ کر دروازے کی جانب دیکھا۔۔۔۔

جہاں سے زیام بلکل اسکے الٹ حلیے میں اندر داخل ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

شرٹ کے اوپر کے دو بٹن کھلے تھے۔۔۔۔۔۔۔بال بکھرے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔شرٹ کی آستین کے بٹن کھلے تھے۔۔۔اور وہ اوپر کی جانب فولڈ ہوئی تھیں۔۔۔۔

نیچے جینز تھی۔۔۔۔۔۔۔اور جوگرز پہنے ہوئے تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیم نے ہاتھ کے اشارے سے حیدر کی جانب اشارہ کیا۔۔۔۔حیدر نے بھی دو انگلیاں اٹھا کر اسے دیکھ لینے کا اشارہ دیا۔۔۔

وہ اب چلتا ہوا حیدر کے پاس پہنچ چکا تھا۔۔۔۔

زیم۔۔۔بال بنانے میں کچھ چلا جاتا ہے تمہارا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔حیدر نے اسکے بکھرے بالوں کو دیکھ کر کہا۔

جس پر اس نے دونوں ہاتھوں کو بالوں میں کنگی کی طرح پھیرا۔۔۔۔

یہ لو۔۔ہوگئے بال صحیح ۔۔۔تیری طرح جیل لگا کر دس گھنٹے برباد کرنے کا مجھے کوئی شوق نہیں ۔۔۔۔

۔۔۔زیم نے اسٹول پر بیٹھتے ہوئے بیزاری سے کہا تھا۔۔۔

!!تجھے فیشن سینس نہیں تو اس میں میری غلطی نہیں ہے۔۔۔۔۔

۔حیدر نے اسکی بات کا چڑ کر جواب دیا۔۔۔۔

زیام پر کاؤنٹ پر ہاتھ پھیر رہا تھا۔۔۔۔اسے کافی لوگ اپنی طرف متوجہ نظر آئے تھے۔۔۔۔جن میں زیادہ تر لڑکیاں تھیں

۔۔۔۔۔

وہ دونوں وہاں بیٹھے ہی تھے کہ حیدر کی طرف آ کر کوئی اس سے بری طرح ٹکرایا تھا۔۔۔۔

اسکا منہ دوسری طرف تھا۔۔۔حیدر کا جوس نیچے گر چکا تھا۔۔۔اور کچھ اسکے کپڑوں پر تھا۔۔۔

حیدر نے تیش میں اسکا کالر پکڑ کر اسے اپنی طرف متوجہ کیا۔۔۔۔۔۔۔وہ شخص اسکی طرف کھنچ چکا تھا۔۔

کیا اندھے ہو!!۔۔۔۔اگر ہو تو جا کر علاج کرواؤ۔۔۔۔

۔حیدر نے سختی سے اسے گھور کر کہا۔

اسکے کہنے کی دیر تھی کہ اس شخص نے حیدر کے منہ پر زوردار پنچ لگایا۔۔۔۔جس پر اسکے منہ سے خون نکل آیا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیم یہ سب دیکھ رہا تھا۔۔۔

مجھے کالر سے آج تک کسی نے نہیں پکڑا۔۔۔تو کون ہوتا ہے۔۔۔

۔وہ شخص بھی انتہائی بد تمیزی سے بولا تھا۔۔

انکے اس تماشے میں کافی لوگ انکی طرف متوجہ ہوئے ۔۔۔۔

زیم چپ چاپ ان دونوں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ شخص پیچھے مڑا۔۔۔۔۔تب کسی نے اسکا کالر پکڑ کر اسے اپنی طرف موڑا تھا۔۔۔

اور وہ ایک زور دار پنچ اسکے منہ پر جڑ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

زیم کے مکے نے اسکے منہ پر بھی حیدر سے برا زخم لگا دیا تھا۔۔

۔۔اسکے ہونٹ سے خون نکل آیا تھا۔۔

مکا اتنی زور کا تھا کہ زیام کے اپنے ہاتھ میں سنسناہٹ ہوئی تھی

اس سے پہلے کے وہ شخص کوئی کاروائی کرتا۔۔۔ایک لڑکی جو اسی شخص کے ساتھ تھی۔۔۔۔۔۔درمیان میں آکر زیم کے منہ پر چانٹا مار چکی تھی۔۔۔۔۔۔

زیم جو اس شخص کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔اس نے اس لڑکی کی جانب نظر کی۔۔۔۔۔اسکے پھرتی سے آنے پر اسے بچاؤ کا موقع نہیں مل سکا تھا۔۔۔

زیم کے منہ پر اس چانٹے کا کچھ خاص اثر نہیں ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

۔۔البتہ وہ اس لڑکی کو غصے سے دیکھ رہا تھا۔۔۔عورت پر ہاتھ اٹھانا اسکی فطرت میں نہیں تھا۔۔۔وہ انہیں کمزور سمجھتا تھا۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔اور پھر دوسرا مکا بھی اس شخص کے ہوا اس خراب کر گیا۔۔۔۔۔وہ لڑکی جو خوف میں آ گئی تھی مجبوراً بیچ میں سے ہٹ گئی

۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر زیام فارس۔۔۔عورتوں پر ہاتھ اٹھاتا۔۔۔تو میں تمہیں چھوڑتا نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیم اس لڑکی کو غصے سے بولتا ہوا۔۔۔

۔سب کو وہاں چھوڑ کر باہر کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔۔

جبکہ حیدر بھی اس کے پیچھے گیا تھا۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

وہ دونوں زیم کے گھر پہنچے تھے۔۔۔

!!وہ تو میں اس وقت تیار نہیں تھا۔۔۔ورنہ صحیح کا بتاتا اس شخص کو۔۔۔

۔۔۔۔حیدر اپنے ہونٹ سے نکلتا خون صاف کرتے ہوئے زیام سے بولا۔۔۔۔۔

ہاں۔۔۔۔مجھے یقین ہے اس بات کا۔۔۔۔۔

۔زیم نے طنزیہ کہا۔۔۔وہ اپنے ہاتھ کو جھٹک رہا تھا

ہاں۔۔۔کر لے طنز۔۔۔۔تو بھی تو اس لڑکی سے ڈر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ تیرے چہرے تک پہنچ گئی۔۔۔اور تجھے تھپڑ بھی مار دیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔حیدر نے مزاق اڑانے والے انداز میں کہا۔۔۔۔

ایسی بات نہیں۔۔۔۔۔زیم فارس نے عورت پر ہاتھ نہیں اٹھایا آج تک۔۔۔۔۔۔اور یہی وجہ تھی جس نے مجھے روک دیا

۔۔۔۔۔ورنہ ویسی دو ٹکے کی لڑکیاں مجھے روز ملتی ہیں۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام نے حقارت سے کہا تھا۔

ہاں۔۔۔۔چل مان لیتے ہیں۔۔۔۔

حیدر بھی چپ ہوا۔۔۔لہجہ تمسخرانہ تھا۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

سیلین شیشے میں اپنی چوٹ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

آج وہ وقت سے پہلے کی اٹھی سوچ رہی تھی کہ جاب پر جائے کہ نہیں ؟؟؟

!!مجھے آل کی بات کو زیادہ سیریس نہیں لینا چاہیے۔

۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے خود سے کہا۔۔۔

ہاں۔۔۔مجھے واقع میں نہیں لینا چاہیے۔۔۔اور اگر وہ پوچھے گا تو کہہ دونگی کہ چوٹ ٹھیک ہو گئی ہے۔۔۔۔۔اس نے دل میں سوچا

۔۔۔۔

فون کی آواز نے اسے متوجہ کیا۔۔

ہمم۔۔۔۔۔۔سیلین نے فون اٹھا کر کہا۔۔

ہمم؟؟؟؟؟۔۔۔۔۔سلام کر لو۔۔۔یا کچھ اور۔۔۔یہ ہمم کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

سامنے سے آل نے اسکے ہمم کا جواب دیا تھا۔۔۔۔۔

ویسے مجھے پتا تھا۔۔۔آل نے مزید کہا۔

کیا پتا تھا۔۔؟؟؟؟

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہی کہ جب تمہیں جاب پر جانے کا منع کرونگا۔۔اسی دن تم وقت سے پہلے اٹھو گی۔۔۔۔۔اور اسکی تصدیق میں نے آج کر بھی لی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آل نے خوشگوار موڈ میں کہا۔۔

میں جاب پر جانے کے لیے اٹھی ہوں۔۔۔۔۔۔چوٹ بھی ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین نے بتایا۔۔

اچھا۔۔۔پٹی جینچ کی؟؟؟۔۔۔آل نے پوچھا۔۔

نہیں۔۔۔۔۔۔سیلین بے ساختہ بولی تھی۔۔۔۔

اچھا۔۔۔مطلب تمہیں الہام ہوا ہے کہ چوٹ ٹھیک ہے؟؟؟؟

۔اس نے فوراً اسکی بات کو پکڑا تھا۔۔۔

نہیں مطلب اب درد نہیں ہے۔۔۔۔سیلین نے بات بنانی چاہی تھی۔۔

اچھا۔۔۔اگر ٹھیک لگے تو چلے جانا۔۔میں بعد میں کال کرتا ہوں۔۔۔

آلف نے اپنے فون پر ماموں کا نمبر جگمگاتا دیکھ کر فوراً سیلین کی کال کاٹ دی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی ماموں۔۔۔۔۔۔فون کرنے کی کوئی خاص وجہ۔۔۔؟؟؟؟

آلف نے سیلین کا فون کاٹ کر فِراس ماموں کا فون اٹھایا تھا۔۔۔۔۔۔

!!بھانجے میرے پاس دس منٹ میں پہنچو۔

مقابل سے جلدی میں کہا گیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔مجھے اہم باتوں سے آگاہ کرنا ہے تمہیں۔۔۔۔اور کچھ کام بتانے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

فراس نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔۔

اچھا۔۔میں پہنچ رہا ہوں۔۔۔۔۔

۔آلف نے بھی سنجیدگی سے جواب دیا۔۔۔

ساتھ ہی فِراس کی طرف سے کال کاٹ دی گئی تھی۔۔۔۔۔

آلف گاڑی کی چابی ساتھ کے کرینچے پہنچا تھا۔۔۔۔۔

اوکے موم۔۔۔۔میں بابا کے آفِس جارہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔

۔اس نے جانے سے پہلے نائلہ کو بتانا ضروری سمجھا تھا۔۔۔۔۔۔

یہ بابا کا آفس کیا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔اب وہ تمہارا آفس ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور تم اپنے آفس جارہے ہو۔۔۔۔

۔۔۔وہ اسے باور کروا رہی تھیں۔

موم۔۔۔۔وہ بابا اور ماموں کا آفس ہی ہے۔۔۔جس میں میری محنت کا قطرہ بھی شامل نہیں ہے۔۔۔۔اسے میں یوں بیٹھے بٹھائے اپنا نہیں کہہ سکتا ۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف خدا حافظ کہتا وہاں سے نکل گیا تھا۔۔۔۔

فیضان یہ بلکل آپ پر ہی گیا ہے۔۔۔۔۔۔نائلہ نے منہ ہی منہ میں کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔گویا انکے مرحوم فیضان انھیں سن رہے ہوں۔۔۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

!!زیم جانتے ہو ہمارا یہ کونسا ٹارگٹ تھا جو پورا ہوا ہے۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔حیدر نے صوفے سے سر ٹکا کر اس سے پوچھا۔۔۔۔

نہیں۔۔۔۔زیم نے گھڑی پہنتے ہوئے جواب دیا۔۔۔وہ اس وقت کہیں جانے کی تیاری میں تھا۔

یہ تھا ٹارگٹ نمبر 49۔۔۔۔اور اب جو نیا ٹارگٹ ہے۔۔۔وہ ہو گا۔۔ٹارگٹ نمبر 50۔۔۔۔۔۔

۔حیدر نے اس جلد باز کو خوشی سے بتایا تھا۔۔۔۔

تو مطلب ٹارگٹ ڈھونڈ لیا ہے تم نے۔۔۔۔؟؟؟؟۔۔۔۔

۔۔وہ اب بالوں کو ہاتھ سے صحیح کرتا ہوا اس سے پوچھ رہا تھا۔

یہ سمجھ لو کہ ہاں۔۔۔۔ڈھونڈ لیا ہے۔۔۔۔۔۔۔بس کچھ دیر میں پلاننگ شروع کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

۔حیدر نے بتایا۔۔

جو بھی کرو۔۔۔۔اس بار زیادہ احتیاط کرنا۔۔۔۔پچھلی بار پولیس سے بچ گئے تھے ۔۔۔اس بار کچھ ہوا تو میں زمہ دار نہیں ہونگا ۔۔اس میں ۔۔۔۔۔۔۔

۔زیم نے پچھلی بار کو یاد کیا۔۔جب وہ بال بال پولیس سے بچے تھے۔

ہاں یار۔۔۔اب واقع مزید احتیاط کرنی ہو گی۔۔۔۔۔

۔۔۔حیدر نے بھی سوچتے ہوئے جواب دیا ۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ ایک ہوٹل کا روم تھا۔۔۔۔۔جو دسویں مالے پر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

۔وہ لفٹ سے ہوتا ہوا روم نمبر 224 تک پہچا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف نے اس کمرے تک پہنچ کر نوک کیا۔۔۔۔

کچھ ہی پل میں دروازہ کھل گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اس کے سامنے ایک دراز قامد شخص کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔جنکی داڑھی ایک مٹھی سے تھوڑا کم تھی۔۔۔۔۔۔۔اور ہاتھ میں بلیک کلر کی گھڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔

آجاؤ۔۔بھانجے۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے اسے اندر کی جانب بلایا۔۔۔۔

کون سا اہم کام ہے جو آپ مجھے بتانے جارہے ہیں۔۔۔۔۔

۔آل نے وہاں موجود صوفے پر بیٹھتے ہوئے ان سے سنجیدگی سے پوچھا۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ وہ کچن کی طرف چلے گئے تھے ۔۔۔۔۔۔

وہ وہاں موجود چیزوں کا جائزہ لینے لگا۔۔۔۔۔۔۔سامنے میز پر سامنے کچھ فائلز پڑی تھیں۔۔۔۔۔۔

وہ ہاتھ میں دو کپ اور اس میں ٹی بیگ ڈال کر کچن سے نکلے۔۔۔۔۔

ایک انہوں نے آلف کے ہاتھ میں پکڑایا تھا۔۔۔۔

تم ملے اس سے؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے ٹی پیگ کو ڈبوتے ہوئے آلِف سے پوچھا۔۔۔۔

جی۔۔۔۔ملا ہوں۔۔۔۔کئی بار۔۔بلکہ اب تو اس کا باقائدہ ڈرائیور ہوں۔۔۔۔۔

۔اس نے پر سکون انداز میں سر خود کو صوفے سے ٹکا لیا تھا۔۔۔

کیسی ہے وہ؟؟؟۔۔۔

فر اس نے فکر مندی سے پوچھا۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بلکل ٹھیک ہے!۔۔۔۔۔۔

آل نے بتایا۔۔۔۔ہالانکہ وہ جانتا تھا کہ ان سے کچھ چھپا ہوا نہیں۔۔۔۔

اچھا پھر اس کے ماتھے پر کیا ہوا ہے؟؟؟؟۔۔۔۔

۔انہوں نے اب آنکھیں آل کی جانب کی تھیں۔۔۔۔۔

چھوٹا سا ایکسڈینٹ تھا۔۔۔

۔۔آلف نے سیدھا ہو کر بتایا۔۔

!!میں نے تمہیں نہیں کہا تھا کہ اسکی حفاظت کرنی ہے۔۔۔۔۔۔

۔انہوں نے کرخت لہجے میں آل کو دیکھتے ہوئے کہا ۔۔

کم اون۔۔۔ایک طرف تو آپ سیلین سے چھپ کر یہاں بیٹھیں ہیں۔۔۔۔اور دوسری طرف آپ سے اسکی معمولی سی چوٹ برداشت نہیں ہو رہی۔۔۔۔

۔۔آل نے پر سکون انداز میں انکے چہرے کو دیکھا۔۔۔

چھوڑو اس بات کو۔۔۔۔۔۔اس سے کہیں زیادہ اہم باتیں ہیں کرنے کو۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے چائے کا کپ منہ سے لگایا ۔۔۔۔پھر ہٹا لیا تھا

میری بات غور سے سنو آل۔۔

۔۔۔۔وہ آلف سے مخاطب ہوئے تھے۔۔۔۔

آل انکی ایک ایک بات کو غور سے سن رہا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

مائسہ۔!!۔۔۔۔۔۔تابندہ!!۔۔۔۔۔

۔جلدی آؤ۔۔۔۔۔

۔دلاور گھر میں گھستے ہی ان سب کو بلا کر اکھٹا کر رہا تھا۔۔۔۔۔

تابندہ اور مائسہ اسکی آواز پر دوڑ کر پاس آئی تھیں۔۔۔۔۔۔

کیا ہے دلاور میاں۔۔۔کیوں آسمان سر پر اٹھالیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تابندہ نے آتے ہی کہا تھا۔۔۔۔

ارے تو چھوڑ۔۔۔۔۔۔مائسہ میری بچی تو ادھر آ۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔دلاور نے پیار سے مائسہ کو اپنی طرف بلایا۔۔

مائسہ حیران و پریشان اپنے چاچا کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

ارے آ میری بچی۔۔۔تو کتنی بڑی ہو گئی ہے۔۔۔۔۔آجا۔۔۔۔

وہ آہستہ آہستہ ان تک پہنچی تھی۔۔۔۔۔

بیٹھ اپنے چاچا کے پاس۔۔۔۔۔

اب وہ ان کے ساتھ تخت پر بیٹھی تھی۔۔۔

۔جبکہ تابندہ عجیب حیرانی سے وہاں سے واپس لوٹ گئی۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

دیکھ مائسہ۔۔۔ تیرا مرحوم باپ۔۔۔۔جب اپنی آخری سانس لے رہا تھا نا۔۔۔تو میں تھا تیرے باپ کے پاس۔۔۔۔۔۔۔بھائی نے اس وقت مجھ سے بس ایک بات بولی تھی۔۔۔۔

چھوٹے میری پھول جیسی بیٹی کا خیال رکھنا۔۔۔۔اسکا فرض اچھے سے نبھانا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دلاور پیار سے بولا تھا۔۔

اب اگر تیرا چاچا تیرے لیے اچھا فیصلہ کرے۔۔۔تو تو اسے منا تو نہیں کرے گی نا۔؟؟؟؟؟۔۔۔

۔۔دلاور نے پیار سے پوچھا۔۔

نہیں چاچا کی۔۔۔۔۔۔میرے بابا کی بات کا احترام کرنا آتا ہے مجھے۔۔۔۔۔۔آپ بس حکم کریں۔۔۔۔۔۔۔مائسہ تابیداری سے بولی۔۔۔

تو دلاور نے اسکے سر پر ہاتھ رکھا تھا۔۔۔

جا میری بچی۔۔۔بس یہی سننا تھا۔۔ تجھ سے۔۔۔۔۔باقی تیری چاچی تجھے بتا دے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بس ہمیشہ یاد رکھنا ۔۔۔۔تیرے چاچا جی کبھی تیرا برا نہیں کرینگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دلاور نے اسے پیار سے کہہ کر اندر بھیج دیا تھا۔۔۔۔

اسکے جاتے ہی تابندہ باہر کی جانب آئی۔۔۔

یہ کیا میٹھی میٹھی باتیں کر رہے تھے مائسہ کے ساتھ۔۔۔۔۔۔بڑا پیار آرہا ہے۔۔بھانجی پر۔۔۔۔۔کہیں اسے اسکا حصہ دینے کا تو نہیں سوچ رہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تابندہ آتے ہی بولی۔۔۔۔

تابندہ تو پاگل ہو گئی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکا حصہ اسے دے کر ہمیں کنگال ہونا ہے کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں تو اسکا رشتہ دیکھ کر آیا ہوں۔۔۔۔۔۔کل وہ لوگ آرہے ہیں۔۔مائسہ کو تیار کر دینا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ارے ارے۔۔۔تو پاگل ہو گیا ہے کیا۔۔۔۔ابھی اسکی شادی کر دے گا۔۔۔۔۔۔۔تیری تنخواہ سے گزارا نہیں ہو تا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ کم سے کم فیس کے پیسے تو دے دیتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔بھوکا مارے گا کیا ہمیں۔۔۔۔۔تابندہ غصے میں بالی

۔۔۔۔۔۔۔۔

کبھی تو چپ ہو جایا کر فتنہ پرور عورت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بات تو سن لے۔۔۔۔۔۔۔۔تیری فائدے کی بات ہے۔۔۔۔۔۔دلاور نے ہاتھ جوڑ کر کہا۔۔۔

اچھا بول۔۔۔۔تابندہ چپ ہوئی۔۔

ایک لڑکا ملا تھا باہر۔۔۔۔۔۔یہ لمبی گاڑی میں آیا۔۔۔آکر میرے پاس رُکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کہتا ہے۔۔۔۔۔۔بابا جی ایک لڑکا ہے۔۔۔۔۔اسے اچھے گھر کی نیک اور حسین عورت کی تلاش ہے شادی کے لیے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔آپ کو کوئی پتہ ہو تو بتائے گا۔۔۔۔۔۔

پھر کہنے لگا۔۔۔کہ وہ رشتہ کرانے والے کو دس ہزار دینگے۔۔۔۔۔۔

دس ہزار۔۔۔۔تابندہ کے منہ سے فوراً نکلا تھا۔۔۔

آہستہ بول۔۔۔۔۔

اچھا آگے بتا۔۔۔۔

۔۔۔اور سن۔۔۔۔۔۔۔اس لڑکے کے گھر پر رسم ہے کہ لڑکی کے باپ کو پانچ لاکھ روپے چڑھاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور نے خوشی سے بتایا تھا۔۔۔۔۔۔

کیا۔۔۔۔پپ۔۔۔۔پ۔۔۔۔پانچ لاکھ۔۔۔۔۔۔۔تابندہ کی زبان لڑکھڑائی۔۔۔۔۔۔لالچی آنکھیں باہر کی جانب آگئی تھیں

۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

دلاور تو نے تو میرے شوہر ہونے کا حق ادا کر دیا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ خوشی سے بولی۔۔

اب تو بس مائسہ کو شادی پر راضی کر لے نا۔۔۔۔پھر تو عیش ہی عیش ہونگے۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور بھی خوشی سے بولا۔۔۔۔

خوشی میں دونوں یہ بھول گ ئے تھے ۔۔۔۔کہ آخرت بھی ایک دن انکی منتظر ہو گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

سیلین کو اچانک سے آل کا فون بند کرنا اچھا نہیں لگا تھا۔۔۔۔وہ کچھ دیر تک اسی طرح فون کو دیکھتی رہی۔۔۔۔۔۔پھر سر جھٹک کر اس نے آج ریسٹورانٹ جانے کا فیصلہ کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ریڈی ہو کر باہر نکل چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اسے شدت سے یاد آیا۔۔۔جب آل روز اس سے فون کر کے کہتا کہ میں باہر کھڑا ہوں جلدی آؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور آج وہ اس پر فون بند کر کے پتا نہیں کہاں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

چھوڑو۔۔۔۔ سیلین۔۔۔تم خود بھی جا سکتی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔کوئی نا کو نہیں ہے وہ تمہارا۔۔۔۔۔

۔سیلین نے دل میں سوچا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اس نے ٹرولی بس سے جانے کا فیصلہ کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

اب وہ واپسی میں ٹرولی بس میں سوار ریسٹورانٹ سے نکل چکی تھی۔۔۔۔۔۔

بس میں بیٹھے ہوئے اسے یاد آیا ۔۔۔کہ ڈش بناتے وقت آل کی کال آئی تھی ۔۔۔۔جو اس نے نہیں اٹھائی ۔۔۔۔۔۔۔

اور اب ریسٹورانٹ سے نکلنے سے پہلے بھی آل کی کال کو وہ کاٹ چکی تھی۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور اسے بغیر بتائے بس میں سوار تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر وہ مجھے پک کرنے آیا ہو۔۔۔۔۔تو۔۔۔۔۔وہ پریشان ہو گا۔۔۔۔۔۔

اس نے اک پل کو سوچا۔۔۔پھر جھٹک دیا تھا

دفعہ کرو۔۔۔۔کال کاٹنے سے پہلے سوچنا تھا۔۔۔۔ویسے بھی وہ آلو میرا نوکر نہیں۔۔۔۔اب سے میں خود آجاؤنگی۔۔۔ سیلین پھر سے خود ہی بڑبڑائی تھی۔۔۔۔۔وہ شدید غصے میں کھڑی تھی۔۔۔۔۔

ٹھنڈ سے اسکی ناک سرخ تھی۔۔۔۔۔اور ایک ہاتھ جیکٹ کے اندر تھا۔۔۔دوسرے سے وہ سہارا لی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

تو تم مجھے آلو بھی بولو گی اب؟؟؟؟۔۔۔۔۔

پیچھے سے مانوس سی آواز اسکی سماعتوں سے ٹکرائی۔۔۔۔

سیلین نے اچانک سے گھبرا کر پیچھے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔وہی ہوا جسکا ڈر تھا۔۔۔۔وہ سیلین کے پیچھے کھڑا اب اسکی آنکھوں میں جھانک رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

بولو۔۔۔۔؟؟؟؟۔۔۔۔میں تمہیں آلو لگتا ہوں۔۔۔

۔وہ سنجیدہ سا چہرہ لیے اسکے ٹھیک پیچھے کھڑا اسکی آنکھوں میں دیکھ کر بولا تھا۔۔۔۔

۔مگر وہ اسکے دوبار سوال کرنے کے باوجود چپ تھی۔۔۔۔۔

کچھ بول کیوں نہیں رہی ہو؟؟؟؟؟؟۔۔۔

۔۔آل اسکی خاموشی سے تنگ آکر بولا۔۔۔۔۔۔۔

میرا اسٹاپ آگیا۔۔۔۔۔وہ خود سے بڑبڑاتی اسٹاپ آنے پر وہاں اترتے ہوئے لوگوں کے ساتھ نیچے اتر چکی تھی ۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور تیز تیز چل رہی تھی۔۔۔۔۔۔ مگر اچانک ہی اس کے قدم رک گ ئے تھے۔۔۔۔۔

سڑک سنسان تھی۔۔۔۔۔اور اسکا گھر دس منٹ دور تھا۔۔۔۔۔

اس نے ایک نظر دور تک دوڑائی۔۔

۔۔وہاں دور تک کوئی بھی نظر نہیں آ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسے اک پل کو خیال آیا۔۔۔کیوں آل کو اگنور کیا۔۔۔۔اس کے ساتھ ہی آ جاتی کم سے کم۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب کیا سوچ رہی ہو۔ ۔۔!!۔۔۔۔۔۔۔پھر۔اُسی مانوس سی آواز نے اس کے کچھ دیر پہلے خوف کو پل میں اڑا دیا تھا۔۔۔۔۔۔

مگر وہ سیلین ہی کیا جو کچھ ظاہر کرے۔۔۔۔

سیلین اس بچوں والی حرکت کی وجہ بتا سکتی ہو مجھے۔۔۔؟؟؟؟؟

۔۔۔وہ اسی سنجیدگی سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

تم اپنا قیمتی وقت کیوں برباد کر رہے ہو۔۔۔۔ مسٹر آل۔۔۔۔ آپ یہاں کیوں کھڑے ہیں۔۔۔۔ آپ تو بہت بزی انسان ہیں ۔۔۔۔۔جن کو ہزاروں کام ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔جائیں جا کر اپنے سارے کام کریں۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ کا قیمتی وقت ضایع ہو رہا ہے ۔۔۔۔۔

اس کا اس طرح تم سے آپ پر آنا تھا کہ آل نے ذہن پر زور دیا۔۔۔۔

اور اگلے ہی لمحے اسے صبح اپنا کال کاٹ دینا یاد آیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں اس خاموشی میں اسکی ہنسی گونجی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ زور سے ہنسا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور ہنستا جا رہا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سیلین پہلے تو حیران ہوئی۔۔۔پھر وہ غصے میں اپنے گھر کی طرف بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فِراس ماموں کی کال تھی۔۔تم تو جانتی ہو وہ پہلے ہی مجھ سے ہم سب سے بہت کم ملتے ہیں۔۔۔۔۔۔کل انکا سامنے سے فون آیا تھا۔۔۔اس لیے تمہارا فون رکھنا پڑا۔۔۔۔۔

وہ چہرے پر مسکان لیے اسکا راستہ روک کر بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ چپ تھی۔۔۔۔۔چہرے ہر وہی غصہ تھا۔۔۔۔۔

!!ہنسی کیوں آرہی تھی۔۔۔۔۔

وہ آلف کے ہنستے ہوئے چہرے کو دیکھ کر خفگی سے بولی

۔۔اب غصہ ہونے کی دوسری وجہ ڈھونڈ چکی تھی۔۔۔

رہنے دو۔۔۔۔۔

۔آلف نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔

نہیں۔۔۔۔ابھی بتاؤ۔۔۔۔۔۔

سیلین نے ضدی لہجے میں کہا۔۔

!!میں سمجھتا تھا۔۔۔۔آل چپ ہوا۔۔۔۔

کیا سمجھتے تھے۔۔پوری بات کرو۔۔۔

۔۔سیلین اسے چپ ہوتا دیکھ کر بولی۔۔

میں سمجھتا تھا کہ میری والی الگ ہے۔۔۔۔لیکن تم بھی باقی لڑکیوں کی طرح جزباتی ہو۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف نے اسکے غصے سے لال ہوتے چہرے کو دیکھ کر کہا۔۔۔۔

اتنے میں سیلین کا ایک زور دار مکا اسکے سینے پر آ کر لگا تھا۔۔۔۔

اوو۔۔۔ آلف نے اس اچانک حملے پر ری ایکشن دیا

پھر وہ سارا غصہ بھلائے خود بھی ہنس دی تھی ۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ دونوں اس وقت سنسان سڑک پر اکیلے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہاں آس پاس کوئی آدم زات نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

نا کوئی گاڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک بندہ اپنا چہرہ فل کور کیے ان دونوں کو دوربین سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

وہ وہاں پر تعمیر ایک بلڈنگ کی آڑ سے انھیں دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ساتھ ہی اسکی گاڑی کھڑی تھی۔۔۔

وہ علاقہ سنسان تھا۔۔۔کام انجام دینے کا اس سے زیادہ صحیح موقع اسکے پاس شاید ہی ہوتا۔۔۔۔

اب اس کا نشانہ ان میں سے ایک پر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اپنی گولی کو سیدھا نشانہ پر ہی مارنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اسی ارادے سے وہ ان کے ایک جگہ رکنے کے انتظار میں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر اسے وہ دونوں رکے ہوئے نظر آئے ۔۔۔۔۔۔

وہ شخص اپنے کام کے مطابق۔۔۔۔ان دونوں پر نشانہ تان چکا تھا۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بندوق پر ہاتھ رکھے۔۔۔وہ مزید نشانے کو پکا نشان تک پہچانے کا سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

ساتھ ہی اس نے ٹر گر دبایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کے بعد وہ وہاں دیکھنے لگا۔۔۔۔

گولی ان دونوں کے درمیان سے گزری تھی۔۔۔شاید کسی کو لگی بھی تھی تو بہت ہلکی۔۔۔۔اس سے جان جانے کا مقصد پورا نہیں ہو رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ شخص نشانہ لگانے میں ناکام رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن اب اسے وہاں سے بھاگنا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ شخص منٹوں میں گاڑی میں بیٹھ کر وہاں سے فرار ہو چکا تھا۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

آلف اور سیلین وہاں کھڑے ایک ہی تھے کہ

دور سے گولی کی آواز نے انھیں چوکا دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اگلے ہی لمحے آلف کے دھکا دینے پر سیلین مڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

جس سے گولی اسکے کندھے کو چھوتی ہوئی ان کے بہت پیچھے دیوار میں کہیں گھس گئی تھی۔۔۔۔

گولی کی اچانک آواز نے جہاں آلف کو چونکا دیا تھا۔۔۔۔وہیں سیلین کانوں پر ہاتھ رکھ چکی تھی۔۔۔۔

آلف پلوں میں اسکے سامنے چٹان بن کر کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلین کے منہ سے تکلیف کے مارے ایک کراہ نکلی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اپنا بازو پکڑ کر درد سے چیخی تھی۔۔۔۔۔

سیلین۔۔؟؟۔۔۔۔تم ٹھیک ہو۔۔۔۔۔۔۔آلف اسے پوری طرح سے دیکھتا ہوا فکر مندی سے بولا۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکے بازو کے علاوہ اور کوئی چوٹ نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آ۔۔۔آل۔۔۔۔۔۔۔سیلین کے منہ سے صرف آل کا نام ہی نکل سکا۔۔۔۔

آل نے اپنا رومال نکال کر اسکے کندھے سے نکلتے خون پر رکھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ مزید چیخی تھی۔۔۔۔

سیلین چلو۔۔۔گھر کی طرف چلو۔۔۔۔۔۔۔۔۔آل اسے پکڑ کر سیدھا اسکے گھر کی جانب بڑھا تھا۔۔۔۔۔

ساتھ ہی اسکی نظر آس پاس ہر جگہ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ہر جگہ نظر دوڑا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

دروازہ کھول کر وہ سیلین کو اندر لے آیا تھا۔۔۔

بیٹھو یہاں۔۔۔۔۔سیلین کو اس نے آرام سے صوفے پر بٹھایا۔۔۔۔۔۔

اسکا رومال خون سے بھیگ چکا تھا۔۔۔۔۔

سیلین کے آنسوں نکل گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔اپنا اتنا خون دیکھ کر ۔۔۔۔۔۔۔۔

درد ہو رہا ہے آل۔۔۔۔۔۔وہ بچوں کی طرح روتے ہوئے بولی ۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے کَس کے پکڑو۔۔۔۔۔۔۔۔۔آل نے وہ رومال بازو پر رکھ کر اسے پکڑایا تھا۔۔۔۔۔۔

جبکہ اسکا اپنا ہاتھ خون میں تھا۔۔۔۔۔۔۔

آل۔۔۔۔وہ اسے جاتا دیکھ کر آواز لگا رہی تھی۔۔۔۔۔

آل اسکے فرج میں رکھا فرسٹ ایڈ باکس لے کر واپس اس تک پہنچا تھا۔۔۔۔۔

شش۔۔۔۔سیلین چپ ہو جاؤ۔۔۔۔۔ابھی ٹھیک ہو جائے گا ۔۔۔۔۔کچھ نہیں ہے ۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بس۔۔۔بس گوشت کی جگہ کی وجہ سے خون زیادہ نکل گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

آل اسے چپ کرواتا اس پر اچھی طرح پٹی کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بس ہو گیا۔۔۔۔۔ آلف نے اسے اچھی طرح پٹی باندھ کر کہا۔۔۔۔

درد ہو رہا ہے۔۔۔۔۔ایسا لگ رہا ہے دو تین انجیکشن ایک ساتھ لگے ہوں۔۔۔۔ سیلین روتے روتے بولی تھی۔۔۔۔

سیلین۔۔ابھی کچھ مت سوچو۔۔۔۔۔۔۔سب ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔۔۔میں یہاں ہوں۔۔۔۔۔۔تمہارے پاس۔۔۔۔ آل نے اس کے برابر میں بیٹھ کر اسے تسلی دی تھی۔۔۔۔

تم۔۔۔۔تم جاؤ۔۔۔۔۔میں رہ لونگی۔۔۔۔۔۔رات بہت ہو چکی ہے۔۔۔۔۔۔۔ سیلین نے اسے جانے کا کہا۔۔

۔وہ اچانک سے اتنی ہمت سے بولی تھی کہ آل نے اسے دیکھا تھا۔۔۔

میں جاؤں۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔ آل نے پھر پوچھا تھا۔۔۔

ہمم۔۔۔۔۔میں بس سو جاؤنگی اب۔۔۔۔۔۔۔ سیلین نے کہا۔۔۔

سو جانا۔۔۔۔اور کچھ مت سوچنا۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ بھی نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے اسے باور کروایا تھا۔۔۔

ہمم۔۔۔۔۔ سیلین نے گردن ہلائی۔۔۔

آل سیلین پر ایک نظر ڈال کر وہاں سے نکل چکا تھا۔۔۔۔۔

ساتھ ہی اس نے کسی کو فون ملایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔جو کچھ بھی ہوا وہ کسینکو بتانا بہت ضروری تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

کون تھا وہ۔۔۔۔کسی نے مجھ پر گولی کیوں چلائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سیلین بیڈ پر لیٹی سوچ رہی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

درد کے مارے نیند آنکھوں سے کوسو دور تھی۔۔۔

میں ماسکو میں صرف دو مہینے سے ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہاں میں آل اور سیلوک کے علاوہ کسی کو بھی نہیں جانتی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر کون مجھ پر گولی چلا سکتا ہے۔۔؟؟۔۔۔

کوئی کیوں مارنا چاہے گا مجھے۔۔۔۔۔۔اور مجھے مار دینے سے کسی کو کیا فائدہ۔۔۔۔

وہ کب سے اس طرح کے سوالات خود سے کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کہیں وہ حملہ آل پر تو نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایسا نہیں تھا۔۔۔وہ گولی میری جانب تھی۔۔۔۔۔۔۔

سیلین مزید کسی نتیجے پر پہنچی۔۔۔۔۔۔۔

تبھی آل کا فون آتا دیکھ کر اس نے دوسرے ہاتھ سے فون اٹھایا۔۔۔۔

سو جاؤ۔۔۔۔کچھ بھی مت سوچو۔۔۔۔۔۔۔میں ہوں تمہارے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اسکے فون اٹھاتے ہی کہا تھا۔۔۔

اسکی بات پر وہ مسکرائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔پتا نہیں یہ ہمیشہ مجھے چپ کیوں کرا دیتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سیلین نے دل میں سوچا۔۔۔۔

آل سو جاؤ۔۔میں بھی سو ہی رہی تھی۔۔ سیلین نے کہا۔۔

۔اپنا خیال رکھنا۔۔۔۔ آل کہتا ہوا فون رکھ چکا تھا۔۔۔

اور وہ بھی سونے کی کوشش کرنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کمرے میں جانماز بچھائے وہ قرآنِ کریم کی تلاوت میں مصروف تھی ۔۔۔۔۔

آسمان وزمین میں جتنے ہیں سب اس کے حضور بندے ہو کر حاضر ہونگے۔۔۔۔

(سورۃالمریم آیت نمبر93)

بے شک وہ انکا شمار جانتا ہے۔۔اور انکو ایک ایک کر کے گن رکھا ہے۔۔۔

(سورۃالمریم آیت نمبر94)

اس آیت کے ترجمہ پر اسکی انگلی رک گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اسے لگا تھا اسکے رب نے یہ آیت ہر اکیلے بندے کی تسلی کو نازل کی ہے۔۔۔۔۔جو سمجھتا ہے اسکے ساتھ کوئی نہیں۔۔۔۔۔۔

اسکے کان میں اسکے اپنے الفاظ گونجے تھے۔۔۔۔

لوگ سمجھتے ہیں۔۔کہ جو اکیلا ہے۔۔۔۔وہ اکیلا ہی ہے۔۔۔انہیں نظر نہیں آتا۔۔۔۔۔۔۔جو اکیلا ہوتا ہے۔۔۔۔اسکے پاس ہی تو اس رب کا ساتھ ہوتا ہے۔۔۔۔۔اور ویسے بھی میں ان سے زبان نہیں چلا سکتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔میرے بابا کو وہ بہت عزیز تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ وہ الفاظ تھے جو اس نے ہانی سے کہے تھے۔۔۔۔۔جس کا مفہوم آج اسے قرآن کریم کے ترجمہ میں نظر آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے یاد آیا جب اسکے بابا نے کہا تھا۔۔۔

بیٹا جب سمجھ کے قابل ہو جاؤ۔۔۔۔تو قرآن کریم کو ترجمہ کے ساتھ پڑھنا۔۔۔۔۔۔۔یہ قرآن کریم ہی تمہارے ہر مسئلے کا حل ہے۔۔۔

اس نے پلٹ کے اس آیت کو واپس پڑھا تھا۔۔۔۔

آسمان وزمین میں جتنے ہیں سب اس کے حضور بندے ہو کر حاضر ہونگے۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

(سورۃ المریم آیت نمبر 93)

بے شک وہ انکا شمار جانتا ہے۔۔اور انکو ایک ایک کر کے گن رکھا ہے۔۔۔

(سورۃ المریم آیت نمبر 94)

بے شک میرے مالک تو میری شہہ رگ سے بھی زیادہ میرے قریب ہے۔۔۔۔تو ہر بندے کے قریب ہے۔۔۔۔

نادان ہے وہ شخص جو تیرے ہوتے ہوئے مایوس ہو ۔۔۔۔۔یا تیرے ہوتے ہوئے اداس ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس سے بڑھ کر کوئی نادان نہیں۔۔۔۔جو تیرے ہوتے ہوئے تیرے ہی بندوں پر ظلم کرے ۔۔۔۔۔۔۔۔تیرے ہوتے ہوئے تجھ سے بے خوف ہو جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے ایسے لوگوں سا نا بنا۔۔۔اور مجھے ایسے لوگوں کے شر سے پناہ نصیب کر۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ ہاتھ اٹھا کر تمام جہانوں کے رب سے بات کر رہی تھی۔۔۔دعا مانگ رہی تھی۔۔۔۔

بے شک اسکا سہارا دنیا کے تمام سہاروں سے بڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

صبح کا منظر پہلے گزری صبح سے مختلف نا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہی درخت۔۔۔۔وہی آسمان۔۔۔وہی اسکی قدرت۔۔۔اور وہی اسکی قدرت کے بکھرتے جلوے۔۔۔۔جو دیکھنے والے کو اک بار حیرانگی میں ضرور ڈال دیتے تھے۔۔۔۔۔

مگر وہ حیران نہیں ہوتا۔۔۔جسکو اس رب کی قدرت اور اسکی طاقت کا علم ہو۔۔۔۔۔۔۔کیونکہ وہ جانتا ہے کہ رب کے لیے یہ صرف ایک کُن کا معاملہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اور فیا کن پس وہ ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔

ہر دن صبح کے ایسے مناظر اس ایک آیت کے مزداق ثابت ہوتے ہیں

الَّذِیۡ خَلَقَ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰی فِیۡ خَلۡقِ الرَّحۡمٰنِ مِنۡ تَفٰوُتٍ ؕ فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ ۙ هَلۡ تَرٰی مِنۡ فُطُوۡرٍ

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

(سورہ ملک:۳)

:ترجمہ

وہ جس نے ایک دوسرے کے اوپر سات آسمان بنائے (اے بندے!) تو رحمٰن کے بنانے میں کوئی فرق نہیں دیکھے گا پس تو نگاہ اٹھا کر دیکھ، کیا تجھے کوئی رخنہ نظر آتا ہے؟

ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ

(۴: سورہ ملک)

:ترجمہ

پھر دوبارہ نگاہ اٹھا کر دیکھ، نگاہ تیری طرف ناکام ہو کر تھکی ماندی پلٹ آئے گی۔

اس کے کمرے کے پردوں سے چھلکتی سورج کی ہلکی روشنی اسکے چہرے پر پڑی تھی۔۔۔۔

وہ اوپری منزل ہر بنا چھوٹا سا کمرہ تھا۔۔ جہاں بیڈ پر سیلین گہری نیند میں سو رہی تھی۔

کچھ دیر گزرنے پر وہ نیند میں کھسمسائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ بازو کے زخم کی وجہ سے اسے بلکل سیدھا سونا پڑا تھا۔۔۔۔

اور وہ اب نیند میں وہ کروٹ لیتی اس بازو پر زور دے چکی تھی۔۔۔۔۔۔

"آؤچ۔۔۔۔۔ آ۔۔۔۔

۔۔۔وہ درد کی لہر جسم میں اٹھنے سے اچانک ہی آنکھیں کھول چکی تھی۔۔۔۔۔۔

پھر بازو پر ہاتھ رکھ کر اٹھ بیٹھی۔۔۔۔۔

بال کندھے اور کمر پر بکھر چکے تھے۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سسسس۔!۔۔۔

۔تکلیف سے کہتے ہوئے اس نے اپنے بازو کو دوسرے ہاتھ سے سہلایا۔۔۔

رات کی ایک ایک بات اس کے زہن میں کسی فلم کی طرح چلنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔

بازو میں ابھی بھی درد تھا۔۔۔۔۔۔جو کے اسکی کروٹ کی وجہ سے مزید بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔

کمرے میں چاروں طرف ہلکی روشنی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ اٹھ کر کھڑکی کی جانب پردہ ہٹانے کے لیے بڑھی۔۔۔۔۔۔۔۔

سامنے سے آتی سورج کی کرنیں اسکے کمرے میں بھی آرہی تھی۔

پردہ ہٹانے کے بعد اس نے سورج کی گرمائش کو ایک گہری سانس لے کر اپنے اندر اتارا۔۔۔۔۔۔۔۔

سردی کچھ کم نہیں ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ایک نظر ہر طرف ڈال کر شیشے کی جانب آئی۔۔۔۔۔

شیشے میں اپنا عکس دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔پھر اسکی نظر اپنے بازو پر بندھی پٹی پر گئی۔۔۔۔۔۔

جو کل رات ہی آل نے کسی پروفشنل نرس کی طرح اسے باندھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ چوٹ دیکھتے دیکھتے سوچ میں پڑ گئی تھی۔

وہ کیسے بچوں کی طرح اسے بہلا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔جبکہ یہ وہ بھی جانتی تھی کہ یہ چوٹ معمولی نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکی ہڈی ٹوٹنے سے بال بال بچی تھی۔۔۔لیکن اسکا حوصلہ بڑھانا اسے واقع حوصلہ دے گیا تھا۔

ابھی اسے کال کرونگی۔"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے دل میں کال کرنے کا سوچا۔۔۔"

وہ خود پر اور اس چوٹ پر ایک نظر ڈال کر واشروم کی جانب بڑھ گئی۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اچانک سے اسکے ذہن میں کچھ دیر پہلے کا منظر آیا۔۔۔۔جب وہ کھڑکی کے پاس تھی۔۔۔۔

وہ پل میں واشروم سے باہر آئی تھی۔۔۔۔

اپنی سوچ کی تصدیق کرنے کے لیے وہ کھڑکی کی جانب بڑھی۔۔۔

اور اگلے ہی لمحے اسکی آنکھیں اس بات کی تصدیق کر چکی تھیں۔۔۔

اس نے دونوں ہاتھوں کو چہرے پر حیرانگی سے رکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر آنکھوں میں آتی اچانک نمی کو اندر اتارتی وہ اپنا سارا درد بھلائے نیچے اترنے لگی۔۔۔۔

سیڑھیاں اتر کر وہ وہ بغیر کسی جیکٹ کے باہر کا دروازہ کھول کر باہر بھاگی تھی۔۔۔۔۔۔اسکے بکھرے بال ہوا میں لہرا گئے تھے

ٹھنڈی ہوا کا احساس اچانک سے اسے ٹھنڈ محسوس کروا چکا تھا۔

اوپر اپنی کھڑکی سے جو اسے گاڑی دِکھی تھی۔۔۔اب وہ اسکے بلکل نزدیک پہنچ گئی تھی۔۔۔۔

آنکھوں کی نمی اب اتنی زیادہ تھی کہ اندر کہ بجائے گالوں کی جانب نکلنے لگی تھی ۔۔۔

اسکی نظر آل پر پڑی۔۔۔۔۔

وہ اس گاڑی کی ڈرائیونگ سیٹ پر سوئے ہوئے آل کو مہو ہو کر دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

جو اس سیٹ کو پیچھے کر کے اس پر خاموشی سے سو رہا تھا۔۔۔

کھڑکی سے اس نے آل کی گاڑی کو نیچے کھڑا دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور کچھ ہی پل میں وہ سمجھ چکی تھی۔۔۔۔۔

آل گھر واپس گیا ہی نہیں تھا۔۔۔۔۔۔وہ نیچے اپنی گاڑی میں تھا۔۔۔۔۔پتا نہیں کب سے۔۔۔۔شاید ساری رات سے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسے اپنے کمرے کے اندر سردی لگ رہی تھی۔۔۔اور وہ باہر گاڑی میں مزے سے سو رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ شیشے پر ہاتھ رکھے مہو ہو کر آل کو دیکھ رہی تھی۔۔۔اور سوچ رہی تھی۔۔۔۔۔

۔۔۔۔نمی کی وجہ سے آل کا چہرہ اسکی آنکھوں میں دھندلا رہا تھا۔۔۔

آل۔۔۔؟؟؟؟۔۔۔

۔۔اس نے پست سے لہجے میں اسے آواز دی۔۔۔

اور گاڑی کا ڈور کھولنے کی کوشش کی۔۔۔۔۔۔جو لاک تھا۔۔۔

آل۔۔۔۔؟؟؟۔

اسکی دوسری آواز پر وہ نیند سے بھری آنکھیں کھول چکا تھا۔۔۔۔۔

اسکی آنکھوں کے سامنے سیلین کا نم آنکھوں والا چہرہ آیا

کیا ہوا تمہیں۔۔۔۔۔سب ٹھیک ہے۔۔۔۔تم ٹھیک ہو؟؟؟؟؟۔۔۔۔۔

آل نے فکر مندی سے پوچھا۔۔۔وہ اب اٹھ بیٹھا تھا

۔۔۔اور ساتھ ہی گاڑی کا لاک کھولا تھا۔۔۔

اور وہ اسکا نیند سے جاگا بوجھل آنکھوں والا چہرہ دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

سب ٹھیک ہے۔۔تم اندر چلو۔۔۔۔۔۔سیلین نے اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے گاڑی سے باہر نکالا۔۔۔

تم بغیر جیکٹ کے باہر کیوں کھڑی ہو۔۔۔۔اس سے ہاتھ میں اور درد ہو گا۔۔۔۔۔

آل کی نظر اسکی شرٹ پر پڑی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ لو اسے پہنو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے برابر والی سیٹ سے اپنی جیکٹ اٹھا کر سیلین کو تھمادی تھی۔۔۔۔

جو کہ سیلین نے اسے دیکھتے ہوئے لے لی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں گھر کی جانب بڑھ گ ئے تھے ۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

"ارے کچھ لیں نا آپ لوگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

"بیٹا تم تو کچھ لو۔۔۔۔۔۔۔۔

تابندہ سامنے بیٹھے لمبے چوڑے جسامت کے خوبرو نوجوان سے کہہ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکے برابر میں ایک ادھیر عمر خاتون بھی بیٹھی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں میز پر سموسے پکوڑے جوس ہر قسم کے لوازمات رکھے تھے۔۔

کیا نام ہے آپکے بیٹے کا ۔۔۔۔ماشاءاللہ سے ہے تو بہت پیارا بچہ۔۔۔۔۔

۔تابندہ نے ان خاتون سے میٹھے لہجے میں پوچھا۔۔۔

"جی۔۔ز۔۔۔۔زیام نام ہے جی میرے بیٹے کا۔۔"۔۔۔۔۔۔

۔وہ خاتون دھیمے سے بولیں۔۔۔

انکے بولنے پر برابر میں بیٹھے اس نوجوان نے انھیں گھور کر دیکھا تھا۔۔۔۔

جس پر وہ نظریں چرا گئی تھیں۔۔

آ۔۔آپ بچی کو بلالیں نا۔۔۔۔پھر ہمیں جلدی بھی ہے۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ان خاتون نے زیام کا اشارہ سمجھ کر گھبراہٹ سے کہا تھا۔۔

"جی۔۔جی۔۔۔مائسہ کو میں ابھی لے کر آتی ہوں۔۔۔۔۔۔"۔۔۔۔۔۔۔

تابندہ کہتی ہوئی وہاں سے باہر چلی گئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میرا اصل نام لینے کی کیا ضرورت تھی۔؟؟؟؟؟۔۔۔

۔۔زیام نے ان خاتون نے تابندہ کے جاتے ہی پوچھا تھا۔۔۔

"اب۔۔صاحب۔۔۔ آپ نے مجھے کوئی دوسرا نام بتایا کہاں تھا۔۔۔۔اور نام سے کیا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔"

اسنے بہانا بنالیا تھا

"بس۔۔۔۔۔اب چپ ہو جاؤ۔۔۔۔۔زیادہ بولو نہیں

۔۔۔۔زیام نے اس خاتون کو چپ کروایا تھا۔۔

دوسری طرف باہر کی جانب مائسہ سادہ سا پنک کلر کا لباس پہنے انگلیاں مڑوڑ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

سر پر دوپٹہ اس نے اچھی طرح پھیلا لیا تھا۔۔۔۔۔۔

آنکھوں میں کاجل کے سوا اور کچھ بھی نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"چلو۔۔۔۔مائسہ۔"۔۔۔۔۔تابندہ نے اسکے روکے ہوئے قدموں کو چلنے کا کہا تھا

"جی۔۔"

وہ آگے بڑھی تھی۔۔۔۔

وہاں بیٹھے ہوئے وہ ابھی انھیں چپ ہی کروا رہا تھا کہ

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تابندہ مائسہ کو لے کر اندر آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

ماشاءاللہ۔۔۔ماشاءاللہ بہت پیاری بچی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔ان خاتون نے رٹا رٹایا جملہ ادا کیا۔۔۔۔

جبکہ مائسہ کی نظر وہاں بلیک سوٹ میں بیٹھے ہوئے زیام پر گئی تھی ۔۔۔۔جو کہ اگلے ہی پل واپس اپنے ہاتھوں پر مرکوز ہو گئیں تھیں۔۔۔۔۔

جبکہ زیام وہاں اس طرح بیٹھا تھا جیسے

وہاں ہو ہی نا۔۔۔وہ ان روایتی چیزوں کا اب عادی ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔ گویا یہ صرف اسکے کام کا حصہ تھا۔۔۔اس کے سوا اور کچھ نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔

آپکی بیٹی بہت پیاری ہے۔۔۔۔نام بھی بہت اچھا ہے۔۔۔۔۔۔۔

۔ان خاتون نے مزید کہا۔۔

جی۔۔جی۔۔بس اس کی ماں کا تو انتقال بچپن میں ہو گیا تھا۔۔۔اور اسکے باپ یعنی میرے جیٹھ کا انتقال ابھی دو سال پہلے ہی ہوا ہے

۔۔۔۔۔

بے خبر سے زیام کے کانوں میں تابندہ کی بات پڑی تھی۔۔۔۔

جس پر اس نے نظر اٹھا کر مائسہ کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ تابندہ کی طرف رخ کر کے انکی بات کو سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی بائیں آنکھ کا تل اور اسکا آدھا چہرہ زیام کو نظر آیا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پھر وہ کسی بات پر مسکرائی تھی۔۔۔۔۔۔

جس پر زیام نے اس پر سے فوراً نظروں کو ہٹالیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بس پھر تو میں نے اپنے باقی بچوں کی طرح اسے اپنی بیٹی بنالیا۔۔۔۔۔۔۔۔

تابندہ نے اپنی بات ختم کی۔۔۔۔۔

بیٹا آپ تو کچھ بول ہی نہیں رہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تابندہ نے خاموش بیٹھے زیام سے کہا۔

نہیں صاحب تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرا مطلب ہے کہ میرا بیٹا تو ایسے ہی خاموش طبیعت کا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس خاتون نے گھبراہٹ سے کہا۔۔۔۔۔ جس پر زیام نے چائے کا کپ میز پر رکھ دیا تھا۔۔۔۔

مائسہ نے اندر جانے کا اشارہ تابندہ کو کیا۔۔۔اور وہ اس کمرے سے باہر آگئی تھی۔۔۔۔۔۔

زیام نے اس لڑکی کو وہاں سے اٹھ کر جاتے ہوئے دیکھا تھا

اسکے جاتے ہی زیام نے خود بات شروع کی۔۔۔۔

آنٹی ہمیں شادی جلدی کرنی ہے۔۔۔۔ دراصل ہم یہاں کے رہنے والے نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لاہور سے یہاں ٹھہرنے آئے ہوئے ہیں ۔۔

زیام کی آواز مائسہ کے کانوں میں بھی پڑی تھی۔۔۔۔۔۔ اسکے چہرے پر اچانک اداسی چھاگئی۔۔۔۔۔۔۔۔

لاہور۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔وہ بڑبڑائی تھی۔۔۔۔

ڈور بیل کے بجنے پر مائسہ کی توجہ اس جانب ہوگئی۔۔۔۔۔۔۔

اس نے دروازہ کھولا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

باہر ہانی کھڑی تھی۔۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم۔۔میری دوست۔۔۔۔ہانی نے اسے دیکھتے ہی کہا۔۔۔۔

وعلیکم اسلام۔۔۔جس پر مائسہ نے مسکرا کر جواب دیا تھا۔۔۔۔۔

ارے واہ مائسہ آج تو تم بہت پیاری لگ رہی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔چہرہ دیکھو۔۔۔۔۔چمک رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہانی نے اسے دیکھ کر کہا۔

وہ کچھ ہی دیر میں اسکی اداسی محسوس کر چکی تھی۔۔۔۔۔

گھر میں مہمان ہیں۔۔۔آؤ۔۔۔۔اوپر کمرے میں چلتے ہیں۔۔۔۔۔مائسہ اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے چھت کی جانب لے گئی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

!!!اب درد کیسا ہے۔۔۔

۔۔۔۔آل نے اس کے بازو کی چوٹ کے بارے میں پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آل تم مجھ سے جھوٹ کیوں بولتے ہو؟؟؟؟؟۔۔۔

۔۔سیلین نے اسکے سوال پر سوال کیا۔۔لہجہ ناراضگی اور حیرانی سے بھرپور تھا۔

مطلب۔۔۔؟؟؟؟۔

۔۔آل نے سمجھ کر بھی نا سمجھی سے پوچھا۔۔۔۔لہجہ سپاٹ تھا۔۔۔

!!تم نے رات کو مجھ سے کہا کہ تم گھر جا رہے ہو۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔تو میرے گھر کے باہر وہ بھی اتنی ٹھنڈ میں رکنے کی کیا ضرورت تھی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

!!! میری پہرِ داری کر رہے تھے

سیلین اسکی آنکھوں میں دیکھ کر اس سے پوچھ رہی تھی۔۔۔

!!!میں تمہاری وجہ سے نہیں رکا تھا۔۔۔۔۔۔۔مجھے اپنے کام تھے۔۔۔۔

۔۔۔۔ آل نے لاپرواہی سے کہہ کر کندھا اچکایا تھا۔۔۔۔

رات کو تمہیں ایسے کونسے کام تھے جو میرے گھر کے باہر ہی کرنا ضروری تھے۔۔۔؟؟؟۔

۔۔اب وہ اسکی جیکٹ خود پر سے اتارتے ہوئے پوچھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔جو اسنے کچھ دیر پہلے ہی سیلین کو پہنائی تھی۔۔۔۔۔

جس پر آلف نے اس کا ساتھ دیا۔۔۔۔۔وہ آرام سے اسکی جیکٹ اتار چکا تھا۔۔۔

خوش فہمی میں مبتلا مت ہو کہ میں تمہاری وجہ سے رات کو یہاں رکا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم نے ای میل کا نام سنا ہے

۔۔۔۔۔اپڈیٹس کا نام سنا ہے۔۔۔۔۔۔۔بس وہی کرنا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔سوچا اگر گھر جاؤنگا تو نیند آجائے گی ۔۔۔۔باہر ٹھنڈ میں

!!رہونگا تو شاید نا آئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آل نے تفصیل سے اسے ساری بات بتائی۔۔۔۔

میں کوئی خوش فہمی میں مبتلا نہیں ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو میرے منہ پر کال کاٹ دے۔۔اس سے میں کوئی امید نہیں لگا سکتی

۔۔۔۔۔!!

۔۔ سیلین نے پھر سے کاٹ دار لہجے میں اس بات کو یاد کر کے کہا۔۔۔۔

یہ بات تم کب تک بھولو گی۔۔۔۔۔؟؟؟۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔آل نے سنجیدگی سے پوچھا۔۔۔۔

!کبھی نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

۔سیلین نے ڈٹ کر کہا۔۔۔

ٹھیک ہے تو بیٹھ کر یاد کرو۔۔۔میں جارہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔تم سے بحث کرنے کے علاوہ مجھے اور بھی کام ہے۔۔۔۔

۔اسی سنجیدگی سے کہا گیا تھا۔۔۔۔۔

!!!رکو۔۔

۔سیلین نے اسکا راستہ روکا۔۔۔

۔۔میرے گھر کے باہر رات ڑھنڈ میں بیٹھنے والے کو میں شیف سیلین ناشتہ تو کروا ہی سکتی ہوں!!۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلین اسکا راستہ روکے ایک ادا سے کہہ گئی تھی۔۔۔

آل اسکے اس طرح کہنے پر مسکرانے سے رک نہیں سکا تھا۔۔۔۔۔

!!اچھا۔۔۔جلدی کرو پھر۔۔۔۔

۔۔اس نے صوفے پر براجمان ہو کر کہا۔۔

۔۔۔۔چہرہ ایسا تھا جیسے وہ اس پیشکش سے بہت خوش ہوا ہو۔۔۔۔

!!اس بندے کا ایٹی ٹیوٹ نہیں جاتا بس۔۔

۔۔۔۔وہ بڑبڑاتی ہوئی کچن کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف نے رات کا منظر یاد کیا تھا۔۔۔جب فارس کو کال ملاتا ہوا وہ اپنی گاڑی تک آیا تھا۔۔۔۔

اس پر کل رات حملہ ہوا ہے۔۔۔۔؟؟؟؟۔۔فارس نے آلف کی بات کو دہرایا تھا۔۔۔

میں امید کر سکتا ہوں نا کہ میری بیٹی تمہارے ہوتے ہوئے بلکل سیف ہو گی ۔۔۔۔۔فارس نے امید سے کہا۔۔

وہ سیف ہے۔۔۔۔۔ویسے میں اب اتنا پاگل بھی نہیں ہوں کہ اسے بچانے کے لیے خود گولی کھالیتا۔۔۔۔۔۔ آلف نے چڑ کر کہا

۔۔

تم اتنے ہی پاگل ہو بھانجے۔۔۔۔۔۔۔۔۔فارس نے اسکی بات کی نفی کی۔۔۔۔۔۔

آپ وہاں موجود تھے؟؟؟؟۔۔۔۔۔۔

آلف نے شک کو ظاہر کیا۔۔۔جو اسے ابھی ابھی ہوا تھا۔۔

میں نے سب دیکھا۔۔۔۔۔۔۔فارس نے کچھ دیر کی خاموشی کے بعد کہا تھا۔۔۔

اسے گولی چلانے والے کو پکڑ تو لیا ہو گا آپ نے۔۔۔۔۔ آلف نے یقین سے کہا۔۔۔

تم زیادہ سوال مت کرو۔۔۔۔۔۔۔ صبح ہوتے ہی میرے پاس پہنچو۔۔۔۔۔۔۔۔

جی۔۔۔۔ آلف نے کہا۔

اور تم سے امید ہے کہ تم آج رات سیلین کے گھر کے پاس سے ہٹو گے نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے مزید کہا۔۔

جب پتا ہے تو کیوں پوچھتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف مزید چڑا تھا۔۔۔۔

اس سے زیادہ امیدیں نا لگایئے گا مجھ سے۔۔ آلف نے مزید کہا۔۔۔

اپنا خیال رکھنا۔۔۔۔۔انہوں نے کہہ کر فون کاٹ دیا تھا۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

شکر ہے آپکو میرا بھی خیال آگیا ماموں۔۔۔۔ آلف نے گاڑی میں بیٹھے ہوئے ہاتھ میں پکڑے فون کو دیکھ کر کہا تھا

۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

"مطلب نیچے تمہارے رشتے کے لیے آئے ہیں وہ لوگ ۔۔"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔ہانی نے مائسہ سے ساری بات سن کر حیرانگی سے کہا۔۔۔۔۔

میں تو اس بات پر حیران ہوں کہ یہ اچانک تمہارے دلاور چاچا کو تمہاری شادی کا خیال کس طرح آگیا۔؟؟؟

ہانی ہیں تو وہ میرے چاچا جی ہی نا۔۔۔۔ آگیا ہو گا خیال۔۔۔۔۔۔۔مائسہ کچھ بھی برا سوچنا نہیں چاہتی تھی۔۔۔۔۔

تم نے دیکھ لیا۔۔۔۔۔ہانی کا اشارہ نیچے بیٹھے زیام کی جانب تھا۔۔۔

ہاں۔۔۔بظاہر تو مجھے کوئی خرابی نہیں لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ویسے بھی ہانی اگر وہ کچھ برا بھی سوچ رہے ہیں تو مجھے کیا پروہ

۔۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ بھی تب تک نہیں ہو سکتا جب تک وہ نا چاہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے آسمان کی جانب اشارہ کیا۔۔۔

مائسہ۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے عقل دی ہے۔۔۔۔۔۔۔ تمہیں خود سوچنا ہو گا۔۔۔۔اپنا اچھا برا تم بہتر جانتی وہ۔۔۔۔وہ سب نہیں

۔۔۔۔۔۔۔۔ہانی نے اسے سمجھانا چاہا۔

میری پیاری۔۔۔۔۔۔۔۔دیکھو۔۔۔۔۔میں اپنے عقل کے گھوڑے دوڑانے سے اچھا اور آسان کام کرتی ہوں۔۔۔۔۔۔

جو بھی کچھ آگے ہونے جا رہا ہوتا ہے۔۔۔۔ جس پر مجھے ہلکا سا بھی شک ہو۔۔۔۔۔۔۔اس کو رب کے حوالے کر دیتی ہوں

۔۔۔۔۔۔اس دنیا میں اک وہی ہے جو میرا برا نہیں سوچ سکتا۔۔۔۔۔۔۔

تمہیں سمجھانا فضول ہے۔۔۔۔پتہ نہیں کونسے یقین کی دنیا میں رہتی ہو تم۔۔۔۔۔۔۔۔ کہیں ایسا نا ہو بعد میں

بچتاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہانی نے برا سا منہ بنا کر کہا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ارے وہ دیکھو۔۔سفید مخملی پروں والا کبوتر۔۔۔۔۔۔۔مائسہ کی نظر اس سفید کبوتر پر پڑی تھی۔۔۔۔۔

وہ اڑھ کر مائسہ کے پاس اسکی چھت پر آچکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ نے اسے اپنے ہاتھ میں لیا۔۔۔

میں نے اسکا نام مخمل رکھا ہے۔۔۔۔۔۔ہانی۔۔۔۔۔مائسہ نے ہانی کو بتایا۔۔۔۔۔

مخمل یہ ہانی ہے۔۔۔۔۔اور ہانی یہ مخمل ہے۔۔۔۔۔۔۔جب تم مائسہ کے پاس نہیں ہوتیں۔۔۔تو یہ مخمل مائسہ کے پاس ہوتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے مسکرا کر کہا تھا۔۔

آج میں اپنے دونوں دوستوں کو ایک اور حکایت سناؤ۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔۔۔مائسہ نے مخمل اور ہانی سے پوچھا۔۔

ہانی نے اپنی خوابوں میں رہنے والی سہیلی مائسہ کو دیکھا اور وہ مسکرائی تھی۔۔۔۔

کچھ لوگ ہوتے ہیں۔۔جو ہمیشہ دوسروں کے چہرے پر مسکراہٹوں کا سبب بنتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔مائسہ ان خاص لوگوں میں سے ایک ہے۔۔۔۔۔ہانی نے دل میں سوچا تھا۔۔۔۔۔

ایک بوڑھے نے اپنے تینوں بیٹوں کو بلا کر اپنی تمام جائیداد انکے ہاتھوں میں تھمادی تھی۔۔۔۔

سن رہی ہو نا۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے پوچھا۔۔

ہاں۔۔۔۔۔۔ہانی پاتھ سے سر کو ٹکائے سن رہی تھی ۔۔۔۔

وہ تینوں بچے باپ کی تقسیم پر راضی تھے۔۔۔۔۔

پھر اس بوڑھے نے انھیں ایک بیش قیمتی ہیرا دکھایا۔۔۔۔۔۔۔۔اور ان تینوں سے کہا۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جو تم تینوں میں سے میری زندگی میں کوئی نیکی کا کام کرے گا۔۔۔میں یہ ہیرا اسے ہی دونگا۔۔۔۔۔۔۔۔اور اگر ایسا نا ہوا تو یہ ہیرا تم میں سے کسی کے پاس نہیں آئے گا ۔۔۔۔

ابھی بوڑھے کے اس کہنے کو چند دن ہی گزرے تھے۔۔۔کہ ایک بیٹے نے آکر اس سے اس ہیرے کا مطالبہ کیا۔۔۔۔۔

بوڑھے نے پوچھا۔۔کس نیکی کے بدلے تم یہ ہیرا طلب کرتے ہو؟؟؟؟؟؟۔۔۔

اس پر اس لڑکے نے بتایا۔۔۔میرے پاس ایک غریب آدمی نے اپنے پانچ ہزار روپے رکھوائے تھے ۔۔۔۔۔ جسکا نا کوئی گواہ تھا ۔۔۔اور نا کوئی ثبوت۔۔۔۔۔۔۔

میں چاہتا تو وہ پیسے اسے واپس نا کرتا۔۔اور خود رکھ لیتا۔۔۔لیکن میں نے آج ہی اسے وہ پیسے لوٹا دیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی بات سن کر وہ بوڑھا مسکرانے لگا۔۔۔اس نے کہا۔۔

یہ تو ایک معمولی سی نیکی ہے۔۔۔زیادہ زیادہ یہ ہوا ہے کہ تم ایک گناہ سے بچ گئے ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن اگر اس سے بڑھ کر باقی دونوں بیٹوں نے کوئی کام نہیں کیا تو میں یہ ہیرا تمہیں دے دونگا۔۔۔۔۔۔۔۔

چند روز بعد دوسرا بیٹا آیا۔۔۔۔۔۔اور ہیرے کا مطالبہ کیا۔۔۔۔۔بوڑھے نے نیکی پوچھی۔۔۔۔۔۔۔تو اس نے بتایا۔۔۔۔۔

میں دریا کے سفر پر تھا۔۔۔۔دریا بہت تغیانی پر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اتفاقاً۔۔۔ایک لڑکا اس دریا میں گر گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہر کوئی اسے بچانا چاہتا تھا لیکن اسکے ماں باپ سمیت کوئی اسے بچانے کی ہمت نہیں کر پا رہا تھا۔۔۔

میں نے بغیر کچھ سوچے اس دریا میں چھلانگ لگا دی۔۔۔اور اس بچے کو بچا لیا۔۔۔۔اس سے بڑھ کر بھلا کیا نیکی کی مثال دی جا سکتی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔

واقعہ اس سے بڑھ کر کیا نیکی ہو سکتی ہے۔۔۔۔۔۔ہانی نے بھی مائسہ کی کہانی کے درمیان کہا۔۔۔

مائسہ مسکرائی۔۔۔۔اور مزید سنانے لگی۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکی بات پر بوڑھا پھر مسکرایا اور اس بوڑھے نے کہا۔۔۔۔۔۔ ہمدردی اور انسانیت کا یہ ایک معمولی سا فعل ہے۔۔۔۔۔۔ اگر تیسرے بیٹے نے اس سے بڑھ کر کچھ نا کیا تو یہ ہیرا تمہیں دے دونگا۔۔۔۔۔

چند روز بعد تیسرا بیٹا باپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے ہیرے کا مطالبہ نا کیا۔۔۔۔۔۔ بلکہ وہ باپ کے پاس بیٹھا۔۔۔۔۔ اور اس نے باتوں میں بتایا کہ میرا ایک جانی دشمن تھا ۔۔۔۔۔ جو ہر وقت مجھے نقصان پہچانے کا سوچتا رہتا ہے۔۔۔۔۔

ایک دن میں نے اسے دیکھا۔۔۔۔۔ وہ پہاڑ کے کنارے شراب کے نشے میں دھت پڑا تھا۔۔۔۔۔ میں نے اسے دیکھا۔۔۔ اگر وہ زرا سا ہلتا تو پہاڑ سے نیچے گر جاتا۔۔۔۔۔

پس میں نے رات کے اندھیرے میں اسے اٹھایا۔۔ اور چہرے پر نقاب لگا لیا تا کہ وہ مجھے پہچان کر شرمندہ نا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں نے اسے پشت پر بٹھایا۔۔ اسکے گھر چھوڑ دیا۔۔۔۔۔

چنانچہ اسکی بات سن کر بوڑھا بولا۔۔

اس ہیرے کا تجھ سے زیادہ اور کوئی حقدار نہیں ہو سکتا۔۔۔۔۔

ایسا کیوں کیا اس بوڑھے نے۔۔۔؟؟؟۔۔۔ ہانی نے مائسہ سے سوال کیا۔۔۔

ہمم۔۔۔ اسکا جواب بھی دیا تھا بوڑھے نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پس اس نے تینوں بیٹوں کے سامنے اسے وہ ہیرا تھمایا اور کہا۔۔۔

اصل نیکی وہی ہوتی ہے جو دشمن اور برے لوگوں کے ساتھ کی جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔

ہانی نے حیرانی سے اس کہانی کو سنا۔۔۔ وہ واقع سوچ میں پڑھ گئی تھی۔۔۔۔

مائسہ خاموش ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب یہ مت کہنا کہ مخمل کو میری کہانی پسند نہیں آئی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ ہانی کی طرف متوجہ ہو کر بولی۔۔۔۔

نہیں بھئی۔۔۔ بھلا مائسہ کی کہانی کسی کو ناپسند آسکتی ہے۔۔۔۔۔۔۔ہانی بھی لاڈ سے بولی۔۔۔

مائسہ۔۔ تم خوش ہونا اس سب سے۔۔۔ اگر نہیں ہو تو بتاؤ۔۔۔۔ میں ہر گز یہ سب نہیں ہونے دونگی۔۔۔۔۔۔۔ہانی نے سنجیدگی سے کہا۔۔

میں مطمئن ہوں ہانی۔۔۔۔۔۔ تم فکر نا کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے اس مخملی سفید کبوتر کو اڑاتے ہوئے کہا ۔۔۔۔

ہانی اسکی بات سے مطمئن ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ منظر پرانی کوٹھی کا تھا۔۔۔۔۔۔۔ جہاں وقت اور شعور کے ساتھ ساتھ لوگوں کا رش تو پہلے جیسا نا رہا تھا۔۔۔۔۔ کچھ تھے۔۔ جو گناہوں کے اس بازار کو آج بھی گرم کیے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔

اسی طرح حسن کی ایک اور محفل لگی ہوئی تھی۔۔۔۔

وہ لوگ جو دنیا کے سامنے انتہائی مہذب سمجھے جاتے تھے۔۔۔۔ جن کے پردہ دار گناہوں نے انکے منہ کے نقوش کو بھدا کر دیا تھا ۔۔۔۔۔۔ جنکی آنکھیں حسن کی متلاشی اور دل گناہوں کی تلاش میں آوارہ پھرتے تھے۔۔۔۔۔۔

ایسے ہی لوگ اس محفل کی زینت تھے۔۔۔۔۔۔۔۔ بہت سے اپنے منچلے دلوں کے ساتھ پہلے ہی وہاں حاضر تھے۔۔۔۔ اور بہت سے لوگ ابھی آرہے تھے۔۔۔۔

لوگوں کا آنا لگا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ریشم کے رقص کا منظر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو دلہن جیسا سجا سورہ روپ لیے پیروں میں پایل باندھے ناچ رہی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکے ہاتھوں کا چلنا۔۔اور پیروں کا تھرکنا تھا کہ لوگوں کے دل ہاتھوں میں تھے۔۔۔وہ منچلی سی ادائیں لیے آنکھیں مٹکاتی ہوئی رقص میں مصروف تھی۔۔۔۔۔

تارا جی اس میں آپ جیسی تو ادائیں کسی میں نہیں۔۔۔۔لیکن اس ریشم میں بھی دل لبھا لینی والی ادائیں کچھ کم نہیں۔۔۔۔۔

ایک صاحب سوٹ پہنے ہوئے تارا بیگم سے مخاطب ہوئے ۔۔۔۔۔

تارا بیگم انکی بات پر مسکرائی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب کمال کی ہے ہماری ریشم۔۔۔۔آپ فکر نا کریں۔۔۔۔۔۔ابھی تو اسکے کئی اور رقص ہونگے۔۔۔دل بھر کے دیکھیں۔۔

وہ ادا سے کہتی حقّہ پیتے ہوئے بولی تھیں ۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاتھ میں چوٹ ہے۔۔اور محترمہ کو ناشتہ بنانا ہے میرے لیے۔۔

۔۔آل نے دل میں سوچا۔۔۔

سیلین کے ہاتھ کے خیال سے وہ اٹھ کر کچن میں آیا تھا۔۔۔

جہاں اسکی شیف اسکے لیے ناشتہ بنا رہی تھی۔۔۔۔بالوں کا جوڑا بنا تھا۔۔جس سے ہلکی لٹیں نکل رہی تھیں۔۔۔۔۔۔جینز اور ٹاپ پہنے وہ ناشتہ بنانے میں مصروف تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کاؤنٹر پر ہاتھ ٹکائے اسکے پیاز کاٹتے ہوئے ہاتھوں کو دیکھنے لگا ۔۔۔

جو کسی مشین کی طرح چل رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔اسکا کچھ دیر کار کنا تھا۔۔۔۔۔جو آلف نے نوٹ کیا۔۔۔۔

اور اگلے ہی لمحے وہ اسکی طرف بڑھا۔۔۔۔۔۔۔

چھوڑو۔لاؤ مجھے دو۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے اسکے ہاتھ سے چھری لیتے ہوئے کہا ۔۔۔۔

ارے میں کرلو نگی۔۔۔۔تم مت گھسو بیچ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سیلین نے اسے منع کیا۔۔۔

وہ اس پر ظاہر نہیں کر رہی تھی کہ اسکے ہاتھ میں درد ہو رہا ہے۔۔۔۔۔

سیلین ہاتھ میں درد ہے نا۔۔۔ چلو۔وہاں کھڑے ہو جاؤ۔۔۔۔۔میں آملیٹ بنا رہا ہوں وہ کھالینا چپ چاپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے سخت ٹون میں کہا تھا۔۔۔۔۔اور ساتھ ہی اسے کونے میں کھڑا کیا۔۔۔۔

مگر ناشتہ میں بنا رہی تھی نا۔۔۔۔کیا مسئلہ ہے تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سیلین خواں مخاں میں اسکے کچن میں آنے سے چڑ کر بولی

۔۔۔

سیلین۔۔۔تم خوش نصیب ہو۔۔۔۔کہ میں خود تمہیں اپنے ہاتھ کے آملیٹ کی آفر کر رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔ورنہ یہ آفر میں نورے کو بھی نہیں کرتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آل نے پیاز کٹنگ بورڈ پر پیاز کاٹتے ہوئے کہا ۔۔۔۔

وہ اسکی بات کا جواب دینے کو منہ کھول ہی رہی تھی۔

۔۔کہ اسکی نظر اسکے ہاتھوں پر گئی۔۔۔۔

سیلین اسکے ہاتھوں کو دیکھ کر ششدر رہ گئی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ اس سے بھی زیادہ پروفیشنل انداز میں پیاز کاٹ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

میں شیف ہوں۔۔۔یا یہ شیف ہے۔۔۔۔ سیلین نے دل میں سوچا۔۔۔۔۔

وہ آل کو چپ چاپ کھڑی دیکھ رہی تھی۔۔۔

جو پیاز کے بعد اب ٹماٹر بھی اسی انداز میں چوپ کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

سیلین یہاں رہو گی تو احساسِ کمتری کا شکار ہو جاؤ گی۔۔۔۔۔۔۔۔ سیلین کو اپنے دل سے آواز آئی۔۔۔اور وہ یہ سوچ کر باہر کی جانب چلی گئی تھی۔۔۔

آل اسے جاتا دیکھ کر اور اسکی وجہ جان کر مسکرایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

تو کسی اور لڑکی کا انتظام کر۔۔۔۔یہ نہیں۔۔۔رات کی تاریکی میں اس شخص کے منہ سے جملہ ادا ہوا تھا۔

۔وہ تقریباً آدھی رات کو کھڑا حیدر کے سامنے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا ہو گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ مسئلہ ہوا ہے کیا؟؟؟؟؟۔۔۔۔۔حیدر اسے اپنے گھر کے باہر اس وقت دیکھ کر چونکا۔۔۔۔۔

تم۔۔۔۔بس اس لڑکی کو ہٹاؤ۔۔۔کسی اور کو ڈھونڈو۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ دروازے پر کھڑا اپنی بات پر قائم تھا۔۔۔۔

حیدر اسے ہونکوں کی طرح دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ابھی کھانا کھا کر ٹی وی آن کر کے بیٹھا ہی تھا۔۔۔۔کہ ڈور بیل کی آواز نے اسکی توجہ اپنی طرف کی تھی۔۔۔۔۔۔

ڈور بیل پر وہ اٹھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔پھر اس نے جا کر دروازہ کھولا۔۔۔۔۔۔۔

سامنے موجود زیام کو دیکھ کر وہ چونکا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ اسکے سامنے بکھرے بال لیے کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔منہ پر سنجیدگی تھی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔چہرہ کسی بھی تاثر سے پاک تھا۔۔۔

.....!!!زیم تم یہاں۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔اس وقت۔۔۔

حیدر نے اسکے رات کے اس وقت آنے پر حیرت کا اظہار کیا۔۔۔۔

تو کسی اور لڑکی کا انتظام کر۔۔۔۔وہ لڑکی نہیں۔

۔۔وہ تقریباً آدھی رات کو کھڑا حیدر کے سامنے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم اندر تو آؤ۔۔۔۔حیدر اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے اندر کھینچتا ہوا بولا۔۔۔۔۔۔۔

زیم۔۔۔یہ کونسا نشا کر کے آیا ہے۔۔۔۔اور ہوا کیا ہے۔۔۔۔اب وہ اس کے سامنے صوفے پر بیٹھا پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

۔۔۔۔۔جبکہ زیم وہیں کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔

بیٹھو زیم۔۔۔۔۔۔حیدر نے اسے بیٹھنے کا کہا۔۔۔۔

میں کہہ رہا ہوں نا۔۔۔کسی اور کو ڈھونڈو۔۔۔وہ لڑکی نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیم نے پھر وہی رٹ لگائی۔۔۔۔۔۔

وجہ بتا سکتا ہے۔۔۔؟؟۔۔حیدر اسکی ایک ہی رٹ سے پریشان ہوا تھا۔۔۔

وجہ نہیں ہے میرے پاس۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیم نے بغیر کسی تاثر کے کہا۔۔۔

اسے تابندہ کے کہے الفاظ یاد آئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ کی ماں کا بچپن میں انتقال ہو گیا تھا۔۔۔۔۔اور باپ کا ابھی دو سال پہلے ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ الفاظ اسے جب سے بار بار یاد آ رہے تھے۔۔۔

وہ سوچوں میں تھا۔۔کہ حیدر کی آواز اسکے کانوں میں پڑی۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

میں نے اسے بہت جانچ کر کے اس پلان کے لیے منتخب کیا ہے۔۔۔۔۔اسکا چاچا لالچی انسان ہے۔۔۔۔وہ اگلے مہینے ہی پانچ لاکھ کے لیے اس لڑکی سے تیری شادی کر دے گا۔۔۔۔پھر تو وہی کرنا جو تو باقی لڑکیوں کا کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ہم اسے کوٹھے پر دے کر پیسے لے کر ہمیشہ کی طرح فرار۔۔۔۔۔۔۔۔۔سب کچھ اتنا آسان تو ہے۔۔۔۔

حیدر نے پوری پلاننگ اسے بتائی۔۔۔۔

ہاں۔۔۔ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔چلو میں چلتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔زیام نے اسکی بات پر تسلی کی تھی۔۔۔۔۔۔

میں بہت فضول سوچ رہا تھا۔۔۔زیم نے دل میں سوچا۔۔۔۔۔

پھر وہ کسی نتیجے پر پہنچتا ہوا وہاں سے جانے لگا تھا۔۔۔

ہوا کیا تھا آخر؟؟؟۔۔۔۔حیدر نے اس سے اس اچانک آنے کا پوچھا۔۔۔۔۔

کچھ نہیں دماغ خراب ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔تم پیسے ملنے کی تیاری کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیام نے تسلی سے کہا تھا۔۔۔

چلو۔۔۔آرام سے جانا۔۔۔حیدر نے اسے جاتا دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

پتا نہیں کیا ہو جاتا ہے اس زیم کو۔۔۔۔حیدر اسے جاتا دیکھ کر بڑبڑایا تھا۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

!!!!!یہ کیا۔۔۔آپ نے اتنے کم پیسے کیوں دیے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔ریشم اپنے سامنے بیٹھی تارا بیگم سے کہہ رہی تھی۔۔۔

تارا بیگم تخت پر پیر پھیلائے بیٹھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ ریشم انکے سامنے تھی۔

۔واہ ریشم۔۔۔تیری ڈیمانڈ کیا بڑھی۔۔۔غرور ناک پر چڑھ گیا۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یار رکھنا۔۔۔غرور اس کوٹھی کی تارا بیگم پر ہی جچتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اور تارا بیگم انصاف کی بات کرتی ہے ہمیشہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!!اب تو خود دیکھ۔۔۔

۔۔تیرے تین رقص تھے آج۔۔۔تو نے دو کیے۔۔۔۔۔۔۔تو ایک رقص کے پیسے تو کٹ گئے نا!!!۔۔۔۔

تارا بیگم ہاتھ میں نوٹوں کی گڈی پکڑے بولی تھیں۔۔۔

میری ماں کو بھجوانے ہیں مجھے۔۔۔ابھی دے دیں۔۔۔۔۔آگے کے کسی رقص کے پیسوں سے کاٹ لیجئے گا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ریشم نے التجائی نظروں سے کہا ۔۔۔۔۔۔

جس پر تارا بیگم نے اپنے ہاتھ کے اشارے سے اسے مزید کچھ کہنے سے روکا۔۔۔۔۔

تارا بیگم کو التجا پسند نہیں۔۔۔۔۔۔یہ انسان کے کمتر ہونے کو ظاہر کرتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اٹھتے ہوئے بولی تھیں

۔۔۔۔۔

مجھے اپنی ماں کو پیسے بھجوانے ہیں۔۔۔۔۔۔ریشم منتوں کے بعد سخت لہجے میں بولی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جا۔۔۔مجھ سے بحث مت کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شانو لے کر جا اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تارا بیگم واپس اپنے تخت پر بیٹھتی ہوئی اس سے زیادہ سخت لہجے میں بولیں۔۔۔

اس سے پہلے کے شانو ریشم کو پکڑتی۔۔وہ خود پیر پٹختی ہوئی اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔

جا شانو۔۔۔۔۔پیر دبا دے اس کم ظرف کے۔۔۔۔۔۔۔کل بھی رقص ہے اس کا۔۔۔۔۔۔میں کوئی خطرہ مول نہیں لے سکتی

۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔تارا بیگم نے شانو کو کہا۔۔۔۔۔۔

جو انکا حکم سنتے ہی اسکے پیچھے چل دی تھی۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تم سب میرا منہ کیا دیکھ رہی ہو۔۔۔۔۔چلو اپنا اپنا کام کرو۔۔۔۔۔۔۔تارا بیگم نے وہاں موجود دوسری لڑکیوں کا کہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

!!!آل۔۔۔لے بھی آؤ۔۔۔۔اتنی دیر میں بنتا ہے کیا آملیٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلین تیسری بار اسے آواز لگا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین نے گھڑی میں وقت دیکھا۔۔۔۔۔۔

۔ابھی صرف پانچ منٹ ہی گزرے تھے۔۔۔۔۔۔۔

آگیا آملیٹ۔۔۔۔۔۔۔آل آملیٹ کو اچھی طرح پلیٹ میں سجائے ۔۔۔۔ساتھ ہی کافی کے دو کپ لیے صوفے کی طرف آیا تھا۔۔۔۔

اتنی دیر لگادی۔۔!!!۔۔سیلین اسے دیکھتے ہوئے پوچھ رہی تھی ۔۔۔۔۔

سب سمجھتا ہوں میں محترمہ۔۔۔۔۔۔آل اسکے پوچھنے پر اسکے ایک آنکھ دبا کر دیکھتے ہوئے بولا۔۔

سیلین نے گردن ہلائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔جیسے پوچھ رہی ہو کہ کیا جانتے ہو۔۔۔۔؟؟؟۔۔

یہی۔۔۔۔۔۔۔۔کہ میں نے تمہیں ناشتہ بنانے سے منع کر دیا تو اب تم جلدی جلدی کا کہہ کر مجھے تنگ کر رہی ہو

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آل ہاتھ مسلتے ہوئے بولا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔اب زرا دیکھیں تمہارا یہ سڑا ہوا آملیٹ کیسا بنا ہے۔۔۔۔۔۔۔

۔سیلین اپنی چوری پکڑے جانے پر ناشتے کی طرف آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ہاں شوق سے کھاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔ آل اسے کہتا ہوا اپنا فون چیک کرنے لگا۔۔۔

کچھ ہی سیکنڈ میں اسکی نظر سیلین پر گئی تھی۔۔۔۔۔۔

جو آملیٹ کو کھانے کی مکمل کوشش کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔ مگر اسکا چہرہ صاف بتا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ کہ ہاتھ چوٹ کی وجہ سے منہ تک نہیں پہنچ سکے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لاؤ۔۔۔۔مجھے دو۔۔۔۔۔۔۔۔ آل نے فون رکھتے ہوئے ۔۔۔۔۔ سیلین سے اسکا کانٹا لیا تھا۔۔۔۔۔

۔میں کھا تو رہی تھی۔۔۔۔۔۔ سیلین نے پھر سے اپنی خودداری کا منہ بولتا ثبوت دیتے ہوئے کہا ۔۔

اس بار آل بلکل خاموش رہا۔۔۔۔۔۔۔

اسکی اس بات کا جواب اس نے خاموشی سے دیا تھا۔۔۔۔

اب وہ چپ چاپ کانٹے سے آملیٹ توڑ کر اسے کھلا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اسنے نوالہ اسکی طرف بڑھایا۔۔۔۔

جس پر سیلین نے برا سا منہ بنایا۔۔۔

لو۔۔۔۔۔۔۔۔ آل نے مزید اسکے منہ کے قریب کرتے ہوئے کہا۔۔۔

سیلین چند سیکنڈ رک کر اس کے ہاتھ سے نوالہ کھا رہی تھی۔۔۔

آل نے اسکے منہ کے تاثرات کو بغور دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ چاہ کر بھی نہیں بتا پا رہی تھی کہ آملیٹ کتنا اچھا بنا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور یہ تو وہ بھی جانتا تھا۔۔۔کہ آملیٹ کو وہ اپنے سیکریٹ انگریڈ ئنڈ سے کتنا مزے دار بنا دیتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔گھر میں نورے اسکا ہر کام صرف اسکے ہاتھ کا آملیٹ کھانے کے لیے چپ چاپ کر دیتی تھی۔۔۔۔۔۔۔

میں نہیں پوچھونگا کہ کیسا بنا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آل نے مسکراتے ہوئے ایک نوالہ اپنے منہ میں بھی لیا۔۔۔۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔میں جھوٹ نہیں بولتی۔۔۔۔۔یہ واقع مزے دار ہے۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین نے اس بار سچ بولا تھا۔۔۔۔

اسے دل سے وہ بہت ہی اچھا لگا۔۔۔۔۔۔

اسے فرانس ماموں کا خیال آیا۔۔۔۔۔۔۔گھڑی دیکھی۔۔۔۔۔۔تو وہ صبح کے دس بجا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ جلدی جلدی سیلین کو ناشتہ کروا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ وہ کچھ دیر کی مزاہمت کے بعد اب فون آن کر کے فیسبک پر مصروف ہو گئی تھی۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

ہو کیا گیا تھا مجھے۔۔۔۔۔اس نے خود سے سوال کیا۔۔۔

رات کے اس وقت وہ اپنے کمرے میں سکون سے بستر پر ڈھیر ہوا سوچوں میں گشت لگا رہا تھا۔۔۔۔

ہو کیا گیا تھا مجھے۔۔۔۔۔۔زیام نے خود پر سوال اٹھایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

حیدر بھی کیا سوچ رہا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے اسکے گھر نہیں جانا چاہیے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے خود پر ایک اور تنقید کی۔۔۔۔۔

ہاتھوں کو سر کے پیچھے ٹکائے ۔۔۔۔وہ اپنے نائٹ سوٹ میں بیٹھا تھا ۔۔۔۔۔۔ٹی وی آن تھا ۔۔۔۔۔جو اس نے میوٹ پر لگا رکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

صاحب آپکی کافی۔۔۔۔ملازمہ نے باہر سے آواز لگائی۔۔۔۔۔جس پر وہ خیالوں کے گشت سے باہر آیا۔۔

میں سونا چاہتا ہوں۔۔۔کافی پھینک دو یا خود پی لو۔۔۔۔۔۔۔۔زیام نے آواز لگا کر کافی لے جانے کو کہا۔۔

اور اب وہ مکمل خود کو دیلیکس کر کے سونے کی کوششوں میں لگ گیا تھا۔۔۔۔۔

زیام اب تمہیں اپنے دل کی نہیں دماغ کی سننی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔جو دل کی سنتے ہیں وہ کہیں کے نہیں رہتے۔۔۔۔۔۔زیام نے آخری بات سوچی تھی۔۔۔۔۔۔پھر وہ لیمپ بند کر چکا تھا۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

دلاور صاحب۔۔۔انھیں تو مائسہ بہت پسند آئی ہے۔۔۔۔۔لگتا ہے اب ہماری قسمت کھلنے سے کوئی روک نہیں سکتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تابندہ خوشی سے دلاور سے کہہ رہی تھی۔۔۔

کل جب وہ تاریخ رکھنے آئیں۔۔۔تو پانچ لاکھ کی بات کرینگے۔۔۔۔۔۔۔بھئی پہلے ہی بات کر لینا ٹھیک رہے گا۔۔۔۔۔کیا پتا پھر وہ مکر جائیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور نے سوچ کر تابندہ کو بتایا۔۔

ارے ہاں۔۔۔۔۔تم ٹھیک کہہ رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ایسا نا ہو پیسہ منہ کو ہی نا لگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تابندہ بھی بولی۔۔

چاچی۔۔۔؟؟۔۔۔پیچھے سے مائسہ کی آواز کی آواز نے دونوں کو چونکا دیا تھا۔۔۔۔۔

تابندہ فوراً سنبھلتی ہوئی پیچھے مڑی۔۔۔

بولو۔۔۔مائسہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ بات کرنی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تابندہ نے پیار سے اسکے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

جی۔۔۔۔مجھے آپ کو کچھ بتانا تھا۔۔۔۔۔۔مائسہ نے جواب دیا۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کیا بتانا تھا۔۔۔۔۔بولو۔۔۔۔۔دلاور بھی اسے غور سے سن رہا تھا۔۔۔

دیکھ مائسہ۔۔۔تو کہیں اس رشتے سے منع کرنے تو نہیں آئی۔۔۔۔دیکھ ایسا کر کے اپنے چاچا کو تکلیف نا دینا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔دلاور بیچ میں بولا۔۔۔۔۔۔۔۔اسے مائسہ سے بس ایک ہی چیز کا خطرہ تھا۔۔۔

جی نہیں چاچا جی۔۔۔بات کچھ اور ہے۔۔۔۔۔۔مائسہ نے دلاور کو جیسے پر سکون کر دیا تھا۔۔۔

میں لاہور نہیں جانا چاہتی۔۔۔۔۔۔۔میں نے سنا وہ لوگ لاہور جانے کی بات کر رہے تھے۔۔۔۔۔میں آپ سب سے دور کیسے۔۔۔۔۔؟؟؟؟۔۔۔۔۔مائسہ اداس ہوتے ہوئے بولی۔۔۔

دیکھو۔۔مائسہ۔۔۔۔ہر کسی کو تو جانا ہوتا ہے نا۔۔۔تو شوہر کے گھر نہیں رہے گی تو اور کہاں رہے گی۔۔۔۔۔۔تابندہ نے اسے سمجھایا۔۔۔

جا۔۔۔اب اس کے بارے میں مت سوچ سوجا جا کر۔۔۔۔۔۔جا شاباش۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور نے کہہ کر اسے وہاں سے جانے کا کہا تھا۔۔۔

مائسہ اپنی آخری امید بھی چھوڑ کر اوپر اپنے کمرے کی جانب آ گئی تھی۔۔۔

چھوڑ دو مائسہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تمہارا دانا پانی کراچی سے اٹھ کر اگر لاہور منتقل کر دیا گیا ہے تو جانا تو پڑے گا نا۔۔۔۔۔مائسہ نے اپنے دل کی آواز کو سنا تھا۔۔۔۔۔۔

مائسہ تمہیں دیکھنا ہو گا کہ زیام فارس کی شکل میں تمہیں کوئی آزمائش مل رہی ہے۔۔۔۔۔یا صبر کا پھل۔۔۔۔۔۔۔یا شاید دونوں ہی

۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اپنے کمرے کے باہر لگے دھندلے شیشے میں اپنا عکس دیکھتے ہوئے خود سے گویا ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

رات کی تاریکی اور چاند کی چاندنی اسکے چہرے پر پڑ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسکے بائیں آنکھ کے تل کو چمکا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

زیام فارس میری زندگی میں آنے والا پہلا مرد ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں اس سے پہلے نا کسی سے ملی ہوں۔۔۔۔اور نا کسی کو دل میں آنے کی اجازت دی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک بات تو طے ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ کہ اگر زیام فارس کو دل میں جگہ دے دی۔۔۔۔تو مرتے دم تک کسی اور کو جگہ نہیں دے پاؤنگی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میرا خون ایک مٹی کا ہے۔۔۔۔۔۔۔ایک رنگ کا ہے۔۔۔۔ایک فطرت کا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔میری وفا بھی ایک ہی ہے ۔۔۔۔۔۔۔اسے ایک کے ساتھ ہی منسوب ہونا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اپنے گندمی چہرے پر نظر ہاتھ پھیرتی ہوئی۔۔۔خود کو باور کروا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ سیلین کو ناشتہ کروا کر وہاں سے سیدھا ایک جگہ پر پہنچا تھا۔۔۔۔۔وہ سنسان علاقے میں ایک چھوٹا سا گھر تھا۔۔۔۔۔۔۔

جہاں ایک دو لوگوں کے علاوہ کوئی آدم ذات نظر نہیں آ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف کچھ دیر ٹھہر کر اس گھر کی جانب بڑھ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔گھر کا دروازہ لاک تھا۔۔۔۔۔۔

آلف کچھ دیر سوچ کر آس پاس نظر دوڑانے لگا۔۔۔۔۔۔۔وہاں فراس ماموں موجود نہیں تھے۔۔۔۔۔۔یا وہ بھی اندر تھے ۔۔۔۔وہ اس بات سے ناواقف تھا۔۔۔۔

نظر دوڑاتے ہوئے اسے مٹی میں ایک تار کا ٹکڑا نظر آیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اپنے جوتے سے تصدیق کرنے کے بعد وہ اسے اٹھا چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

موبائل کی روشنی سے اب آل لاک کا سائز دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

پھر تار کو اس لاک کی چابی کی طرح موٹا کر کے وہ چند سیکنڈ میں لاک کھول چکا تھا۔۔۔۔۔

سامنے کا منظر دیکھ کر وہ چونکا تھا۔۔۔۔۔

وہاں فراس ماموں کہیں نہیں تھے۔۔۔۔۔۔البتہ ایک آدمی سامنے کرسی سے بندھا تھا۔۔۔۔آنکھیں بند تھیں۔۔۔۔چہرہ ایک طرف ڈھلکا ہوا تھا۔۔۔۔

آلف اس کے قریب آ کر وہاں سب کچھ غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔وہ گھر کسی کھنڈر سے کم نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکو بالوں سے پکڑ کر سر اونچا کر کے وہ اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

تو تم نے سیلین پر حملہ کیا۔۔۔۔اسے جان سے مارنے کی کوشش کی۔۔۔۔۔۔۔۔ہاں۔۔۔۔۔۔۔۔آل اس کا چہرہ بالوں سے پکڑے مخاطب ہوا۔۔۔۔جبکہ وہ شخص مکمل بے ہوش تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک اندازہ لگایا۔۔۔۔بھانجے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فراس پیچھے سے نمودار ہوئے ۔۔۔۔۔

آپ مجھے 5 بجے کہہ کر خود پندرہ منٹ لیٹ ہیں۔۔۔۔۔۔۔آلف نے ایک جھٹکے سے اس شخص کے بالوں کو چھوڑتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

اب وہ اسکا منہ دبوچے۔۔۔۔۔۔اسے الٹ پلٹ کر دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

ویسے وہ تار میں نے ہی وہاں پھینکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فراس نے ایک نظر آلف پر ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔

آپ کو وقت بے وقت میرا امتحان لینا اچھا لگتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔آلف نے انھیں دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔

میں دیکھنا چاہتا ہوں تم سیلین کے قابل ہو بھی کہ نہیں۔۔۔۔۔۔فراس اسی ٹون میں گویا ہوا۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اوہ۔۔۔۔۔۔تو یہ غلطی تو آپ سے بہت پہلے ہو چکی ہے۔۔۔۔۔ماموں جان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آلف اب اسکے کپڑوں کو چیک کرتے ہوئے گویا ہوا۔۔۔۔۔۔۔

خیر آپ نے مجھے کس لیے یہاں بلایا ہے۔۔۔۔۔۔آل نے اصل بات پوچھی۔۔۔۔۔

اسکی جان کو خطرہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اب مزید احتیاط کرنی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فراس نے مدعے کی بات کی۔۔۔

یہ ایک سیریل کلر ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اس حد تک جا رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آلف کچھ سوچتے ہوئے گویا ہوا۔۔۔۔۔

بلکل۔۔۔۔وہ بچہ جانتے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟؟؟

جسکی وجہ سے میں نے گاڑی روکی تھی۔۔۔اور سیلین کے چوٹ لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں۔۔۔۔وہ بھی انہی کا پلین تھا۔۔۔۔۔وہ صرف اسے ڈرا رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن وقت آنے پر وہ اسے مار بھی سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فراس نے بتایا۔۔۔

جانتا ہوں۔۔۔۔لیکن آپ کو اسکی ضدی طبیعت کا نہیں پتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بلکل ضدی ہے وہ آپکی طرح۔۔۔۔۔۔۔۔آل نے بغیر کسی تغیّر کے کہا۔۔۔۔

اس بات پر وہ صرف مسکرائے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکا ضدی لہجا ہی پسند تھا تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فراس نے بہت کچھ سوچ کر کہا۔۔۔۔۔

ہاں یہ الزام بھی میرے سر پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آلف بھی پرانی بات کو یاد کر کے بولا تھا۔۔۔۔

میں جا رہا ہوں۔۔۔۔۔۔یہ اب تمہارے حوالے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فراس اس بندے کو اشارے سے دیکھ کر بولے تھے۔۔۔۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔سر۔۔۔۔۔۔۔۔آلف نے انھیں جاتا دیکھ کر کہا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور ایک نظر غصیلی سی اس شخص پر ڈالی تھی۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

تم دیکھنا شانو۔۔۔۔۔ایک دن تارا بیگم کا یہی غرور انھیں کھا جائے گا ۔۔۔۔۔

ریشم اپنے پیروں سے پایل اتارتے ہوئے بولی۔۔۔

ریشم۔۔۔۔چپ کر جا۔۔۔۔۔تو خود بھی مرے گی مجھے بھی مروائے گی ۔۔۔۔۔۔۔۔

شانو نے ڈرتے ہوئے دروازے کو دیکھا تھا۔

وہ جانتی ہیں۔۔۔میرے باپ کو فالج ہے۔۔۔۔۔بہنیں اسکول جاتی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماں بوڑھی ہے۔۔۔۔۔۔بھائی بچپن میں ہی مر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ جانتی ہیں۔۔۔میرا اس دنیا میں بس خود کے علاوہ کوئی سہارا نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ جانتی ہیں۔۔۔اسی کا فائدہ وہ آج تک اٹھاتی آئی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہاں تک کے مجھے انہوں نے رقاصہ مشہور کر دیا ۔۔۔اب میری اتنی بھی عزت نہیں کہ چہرہ کھول کر باہر نکل سکوں۔۔۔۔۔اور عزت سے اپنے گھر جا سکوں۔۔۔

مجھے عزت کے لیے ترسا دیا ہے۔۔۔تارا بیگم نے۔۔۔۔۔

وہ اپنے دل کا غبار شانو کے سامنے نکال رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بولتے ہوئے اسکا حسن بھی بول رہا تھا ۔۔۔آنکھیں سرخی مائل ہو گئ تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔ ۔۔ہونٹ اپنی گلابی رنگت سے چمک رہے تھے ۔۔۔۔۔

دیکھ ریشم۔۔۔۔۔چپ ہو جا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تو مجبور ہے۔۔۔۔۔وہ بھی اپنے غرور اور خود غرضی کے ہاتھوں مجبور ہیں۔۔۔۔۔انکا غرور ان سے ہر طرح سے آگے ہے۔۔۔۔۔۔

شانو بھی بولی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکی بات پر ریشم تکیے میں منہ دیے رودی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

قسمت مجبوریوں پر بیٹھ کر ماتم کرنے والوں کو بس دیکھتی رہتی ہے۔۔۔ جیسے شانو بیٹھی ریشم کو روتا دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ماسکو شہر کی ہر چیز برف سے ڈھکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ ہر طرف سرد ہوائوں کا ڈیرا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس کھنڈر نما گھر میں کھڑا اپنے بلکل سامنے رسیوں سے بندھے اس شخص کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

جو مکمل بے ہوش تھا۔۔۔۔

اس نے اسکی جیبوں کی اچھی طرح تلاشی لی تھی۔۔۔۔وہاں سے اسے کچھ بھی بر آمد نا ہوا۔۔۔

آلف اسے اوپر سے نیچے تک دیکھ رہا تھا۔۔۔

وہ رسیوں سے بندھا شخص کسی طرح سے خاص نہیں تھا۔۔۔۔۔۔عام سا جسم تھا۔۔۔۔۔۔۔ جیسے کبھی کسی قسم کی کوئی ورزش نا کی ہو۔۔۔۔۔۔

اسے دیکھ کر ایسا لگتا تھا جیسے اسے صرف اسی کام کے لیے لیا گیا تھا۔۔۔

سامنے کی دو جیبوں کی تلاشی سے آلف کے ہاتھ میں کچھ نا آیا تھا۔۔

وہ دونوں جیبیں مکمل خالی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اب وہ ہاتھ باندھے اسکا مکمل جائزہ لے رہا تھا۔۔۔۔۔

اسکی نظر اسکی قمیض کی بائیں جیب پر پڑی۔۔۔۔۔۔

اس نے ہاتھ لگا کر اس پر اپنی انگلی پھیری تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کچھ ہی سیکنڈ میں وہ اب اسکے شرٹ کے اوپر کے دو بٹن کھول چکا تھا۔۔۔

اس کی بائیں جیب کے پیچھے ہاتھ لگانے سے آلف کو شرٹ کے اندر سلی ہوئی ایک اور جیب دکھائی دی۔۔۔

جو اس کی شرٹ کے اندر کی طرف سلی ہوئی تھی۔۔۔

اس نے ہاتھ سے اس جیب کو پھاڑا تھا۔۔۔۔۔

جس پر اسکے ہاتھ میں ایک چھوٹے سے کاغذ کے علاوہ اور کچھ بھی نا آسکا۔۔۔

اب وہ اس کاغذ کو ہاتھ میں پکڑے ہوئے تھا ۔۔۔۔

اس معمولی سی پرچی کو کھولنے پر اسے بڑے بڑے حرفوں میں کچھ لکھا ہوا نظر آیا۔۔۔۔۔

وہاں بلیک کلر سے وہ لفظ پرنٹ کیا گیا تھا

black hole

آل نے ان دو لفظوں کو ہر طرح سے پڑھا۔۔۔۔۔وہ اسی نتیجے پر پہنچا تھا۔۔۔ کہ اس کا مطلب محض یہ دو لفظ ہی تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔

بلیک ہُول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے اپنی زبان سے دہرایا۔۔۔۔

کیا ہو سکتا ہے یہ بلیک ہول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے خود سے سوال کیا تھا۔۔۔

اسکی نظر اس بے ہوش وجود پر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جس میں حرکت ہوتی وہ صاف دیکھ رہا تھا۔۔۔

وہ شخص اب اپنی ہلکی ہلکی آنکھیں کھول چکا تھا۔۔۔۔۔۔

اس کے سامنے آل کا دھندلا چہرہ تھا۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کچھ دیر میں اسکی آنکھوں میں اسکی تصویر صاف ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

کک۔۔۔کون ہو تم لوگ۔؟؟۔۔۔۔۔۔۔وہ شخص اسے دیکھ کر بولا۔۔۔۔۔۔۔

اس نے ہاتھوں کو حرکت دی تھی۔۔۔۔ مگر وہ رسیاں کھلنے سے قاصر تھیں۔۔۔۔۔۔۔الٹا اس کے ہاتھوں میں مزید درد اٹھا تھا۔۔۔

دیکھو یہی سوال مجھے کرنا تھا۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے آگے بڑھ کر اسے سیدھا کرتے ہوئے کہا ۔۔۔۔۔۔

اس شخص کے ماتھے پر پسینے کی بوندیں صاف دیکھی جاسکتی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسکی آنکھوں میں اپنی غصیلی لمبی پلکوں والی آنکھیں گاڑتا ہوا بولا تھا۔۔

اب جلدی جلدی طوطے کی طرح بولنا شروع کرو۔۔۔۔۔۔۔وہ اب اس سے دو قدم دور ہو کر آستین اوپر چڑھا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ شخص خود کو جتنا مضبوط ثابت کر رہا تھا۔۔۔اندر سے اس کے رویے اسے خوف زدہ کر رہے تھے۔۔۔

تم مجھ سے کچھ نہیں اگلوا سکتے۔۔۔۔۔وہ شخص اپنا سر اٹھا کر ٹھٹائی سے بولا۔۔۔۔۔۔۔

اگلے ہی لمحے اسے اپنی غلطی کا شدت سے احساس ہوا تھا۔۔۔

جب آلف اسکی بات پر صرف مسکرایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر اسکے چہرے پر پل میں سنجیدگی چھا گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے جیلنجز بہت پسند ہیں۔۔۔۔۔۔اور جہاں تک تمہارے منہ کھولنے کی بات ہے۔تو وہ تو تمہارا باپ بھی کھولے گا میرے سامنے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اسکا منہ دبوچ کر سختی سے دبایا تھا۔۔۔۔۔وہ مزید سرخ آنکھوں سے اسے دیکھتا ہوا کرخت لہجے میں گویا ہوا تھا۔۔۔۔۔

آاااااااآاااا۔۔۔۔۔۔۔۔ایک زوردار چیخ اس شخص کے منہ سے نکلی تھی۔۔۔۔۔۔جس سے وہ کھنڈر بھی گونجا تھا

۔۔۔۔۔۔۔پرندے درختوں سے اڑتے ہوئے دکھائے دیے تھے۔۔ان کے پھڑ پھڑاتی آواز کھلی فضا میں گونجی تھی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چلو شروع کرتے ہیں۔۔۔ تمیز سے میں صرف ایک بار پوچھونگا۔۔۔۔۔۔۔۔ آل نے سخت لہجے میں اسکا منہ دبوچے ہوئے ایک طرف کو چھوڑتے ہوئے کہا ۔۔۔۔۔

زور دینے پر اسکے بالوں کی لٹ اسکے ماتھے پر جھک گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

سیلین سے کیا چاہتے تھے تم لوگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔۔ آلف نے دو قدم پیچھے ہٹ کر اسکے چہرے پر نظریں مرکوز کئے ہوئے اس سے سیدھے لہجے میں انتہائی سیدھا سوال کیا تھا ۔۔۔۔۔۔

مجھے نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ شخص بولنے لگا تھا۔۔۔۔ مگر آدھا جملہ اسکے حلق میں ہی اٹک کر رہ گیا۔۔۔۔ آلف کی بات سن کر اس نے تھوک اندر کو نگلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکا کہا جملہ آلف نے ادا کیا تھا۔۔۔۔

مجھے نہیں پتا۔۔۔ اگر یہ جملہ ایک بار بھی اب میرے کانوں میں پڑا۔۔۔

تو پھر تم اسکا انجام خود بھگتو گے۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے انتہائی سنجیدگی سے اپنی جیب سے ایک نوکیلا کٹر نکالتے ہوئے شرافت سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ شخص اس کٹر کو دیکھ کر مزید خوف محسوس کرنے لگا تھا۔۔۔۔۔

جسکا فائدہ آلف نے اٹھایا۔۔۔

ٹھیک ہے میں بتاتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ شخص مان گیا تھا۔۔۔۔

بتاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے اس کٹر کو اس شخص کے ہاتھ کے بلکل پاس لے جا کر کہا تھا۔۔۔

اور وہ شخص چاہ کر بھی اپنے ہاتھ کو ہلا نہیں پا رہا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اس لڑکی سیل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خبر دار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تم اسکا نام لیے بغیر بات کرو گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کرخت آواز میں آلف اسکی بات کاٹتے ہوئے اسکے ہاتھ کا آدھا ناخن اکھاڑ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ شخص خوف سے نظریں اپنے ہاتھوں کی طرف کر کے چیخا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور ساتھ ہی اس نے آدھے ناخن پر شکر ادا کیا تھا۔۔۔۔۔۔

اس لڑکی کو جان سے مارنے کا نہیں مجھے صرف ڈرانے کا کہا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ می۔۔۔۔ میں نے وہی کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں اسے بس ڈرا کر وہاں سے بھاگ رہا۔۔۔ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اسکی ایک ایک بات کو غور سے سنا تھا۔۔۔۔۔۔۔ ساتھ ہی وہ اسکے چہرے پر نظریں مرکوز کیے ہوئے تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جھوٹ پکڑنا اسے اچھے سے سکھایا گیا تھا ۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

کراچی کا موسم آج باقی دنوں سے مختلف تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ سردی کا وہ موسم تھا۔۔۔۔۔ جب بارش اور ٹھنڈ کا ملا جلا ساتھ دیکھنے کو ملتا تھا۔۔۔۔۔

اس موسم میں زیام اپنی سوچوں میں گم اپنی بالکنی میں بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔

ہاتھ میں کولڈ کافی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ آج دوپہر کا منظر یاد کر رہا تھا۔۔۔۔۔ سوچوں کی دھارا اسے واپس اس جگہ کے گئی تھی۔۔۔۔

وہ شادی کی تاریخ لینے آج مائسہ کے گھر میں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چائے پیتے پیتے دلاور کی بات پر وہ ٹھٹھکا۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔

اپنی پانچ لاکھ والی رسم کب نبھاؤ گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور نے اچانک سے کہا۔۔۔

جی بہت جلد۔۔۔۔۔زیام نے اس لالچی انسان کو ایک نظر دیکھ کر اکتاہٹ سے کہا۔۔۔۔۔۔۔

جلدی کرو۔۔۔تاکہ پھر شادی کی تاریخ رکھی جائے ۔۔۔۔۔۔اب تو سب جلدی جلدی کرنا ہے نا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور مزید بولا تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک منٹ۔۔۔۔۔۔۔۔زیام انکی باتوں سے تنگ ہو کر حیدر کو فون ملا چکا تھا۔۔۔۔۔

۔۔۔

ساتھ ہی وہ ان سے ایکسکیوز کر کے باہر صحن کی جانب بڑھا تھا۔۔۔۔

بلیک سوٹ پر بلیک پینٹ پہنے وہ صحن میں آ کر کھڑا ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔ہاتھ میں گھڑی تھی۔۔۔۔۔۔جس پر وہ وقفے وقفے سے نظر ڈال رہا تھا۔۔۔۔۔۔

حیدر۔۔۔۔کتنی بار کہا ہے کہ پانچ لاکھ روپے جلدی اس چاچا کے ہاتھ میں دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بات بات پر اسکا وہی سوال ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جلدی پیسے پہنچاؤ۔۔۔۔تاکہ میری جان چھوٹے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام حیدر سے بولا تھا۔۔۔۔۔۔

جبکہ دوسری طرف دروازے پر ناک کی آواز نے اسے اس طرف سے متوجہ کیا۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ عصر کی نماز کے بعد اپنے کمرے سے باہر کی طرف بڑھی تھی۔۔۔

دروازے کی آواز سے اسے ہانی کا خیال آیا۔۔۔۔۔ضرور یہ ہانی ہو گی۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ تیز تیز قدم بڑھاتی نیچے کی جانب بڑھی۔۔۔۔۔۔اس بات سے انجان کے نیچے کون کھڑا ہے۔۔۔

دوسری طرف زیام کی نظر نیچے اترتی مائسہ کی طرف اٹھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ پیلے کلر کی قمیض شلوار میں ملبوس تھی۔۔۔۔۔۔آستین مکمل ہاتھوں کو ڈھاپی ہوئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دوپٹہ سر پر تھا۔۔۔۔۔۔جو ہوا کہ وجہ سے اڑ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

موسم کی سرد ہوتی ہوائیں۔۔۔مائسہ کے بالوں کو بھی ساتھ میں اڑا رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جو اسکے ٹھہرنے پر اچانک جھول گئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ کی نظر جیسے ہی زیام فارس پر پڑی۔۔۔وہ وہیں ٹھہر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بلکل اسکے سامنے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکے ٹھہرنے پر زیام نے اسے راستہ دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ وہاں سے دروازے کی جانب بڑھی تھی۔۔۔

سر سے گرتا دوپٹہ اس نے ایک ہاتھ سے واپس سر پر رکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اس وقت تک زیام اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

ہاں۔۔میں ابھی بھجوا دونگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور تم آج سارا کام پورا کر کے آنا۔۔۔۔۔حیدر کی آواز پر وہ حیدر کی جانب متوجہ ہوا

۔۔۔۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔مختصراً بولتا ہوا وہ فون کاٹ کر جیب میں رکھتا ہوا اندر کی جانب بڑھنے لگا تھا۔۔۔۔۔

مائسہ کے دروازہ کھولتے ہی ہانی تیزی سے گھر میں داخل ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ مائسہ کے پیچھے چھپی تھی۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مائسہ اسکے ہوا اس باختہ چہرے سے اچانک ہی پریشان ہوئی۔۔۔۔۔۔

ہانی کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔۔اس نے پیچھے مڑ کر ہانی کی آنکھوں میں جھانک کر پوچھا۔۔۔۔

اسکا یہ کہنا تھا کہ زیام بھی جو کمرے کی جانب بڑھ رہا تھا۔۔۔وہیں ٹھہر گیا تھا۔۔۔۔۔

جسکی آنکھیں خوف سے پھیلی ہوئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

ہانی۔۔۔کیا ہوا ہے بتاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے دوبارہ پوچھا۔۔۔۔۔۔

جبکہ ہانی دروازے کی جانب ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ مائسہ سمجھتی کہ ہوا کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سامنے سے ایک ادھیڑ عمر کا ہٹا کٹا شخص نمودار ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہانی۔۔تو مجھ سے بچ کر بھاگ نہیں سکتی۔۔۔۔۔چل میرے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔

وہ شخص غصے سے پاگل ہوتا ہوا چیخ کر ہانی سے کہہ رہا تھا۔۔۔۔

جو مائسہ کے پیچھے چھپی تھی۔۔۔۔

مائسہ اس شخص کو دیکھ کر کچھ کچھ سمجھ رہی تھی۔۔۔۔۔

کون ہو تم؟؟؟۔۔۔۔۔۔اس نے بلند آواز سے پوچھا۔۔۔۔۔

اے لڑکی تم ہٹ جاؤ۔۔۔میں اسکا منگیتر ہوں۔۔۔اسے لے کر جاؤنگا۔۔وہ ادھیڑ عمر کا شخص دوبارہ اسی انداز میں بولا تھا۔۔۔

مائسہ نے ایک نظر ہانی پر ڈال کر اس بات کی تصدیق کی تھی۔۔۔۔۔۔

یہ آپ کے ساتھ کہیں نہیں جائے گی ۔۔۔سن لیا آپ نے ۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ کرخت لہجے میں مخاطب ہوئی ۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کمرے سے تمام افراد اس اچانک شور سے باہر کی جانب آئے تھے ۔۔۔۔

جبکہ اس سب میں زیام خاموشی سے صرف مائسہ کی پیش قدمیوں کو بغور دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا ہے۔۔مائسہ۔۔۔۔۔۔کون ہے یہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تابندہ بھی باہر آکر فوراً بولی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

انکی آنکھوں میں بس ایک ڈر تھا۔۔۔کہیں اس سب کا مائسہ کے اس رشتے پر اثر نا پڑے۔۔۔۔۔۔۔

اوجی۔۔۔بات سنو۔۔۔یہ ہانی میری منگیتر ہے۔۔۔۔۔۔میں اسے یہاں سے لے جا کر رہونگا۔۔۔۔۔چلو اسے میرے حوالے کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ شخص اب تابندہ کو دیکھ کر غصے سے بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہانی۔۔۔۔۔۔جاؤ اپنے منگیتر کے ساتھ۔۔۔۔۔۔تابندہ نے مائسہ کے پیچھے کھڑی ہانی کو دیکھ کر اسے جانے کا کہا۔۔۔

اب زیام نے مائسہ کی گہری کاجلی آنکھوں کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔جو انکی اس بات پر پھیلی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اپنی بے ہس چاچی کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

چاچی یہ یہاں سے ہر گز نہیں جائے گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بلکہ یہ انکل یہاں سے جائیں گے ۔۔ابھی اور اسی وقت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ رعب دار آواز میں بولی۔۔۔۔

کچھ دیر کے لیے اسکی اس بات ہر تابندہ کو بھی اس سے خوف محسوس ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

بات کرتے وقت اسکا دوپٹہ سر سے اتر رہا تھا۔۔۔۔جسے وہ دوسری بار سر پر ٹکا رہی تھی۔۔۔۔

بار بار دوپٹہ گر رہا ہے۔۔۔تو اسے پِن سے کیوں نہیں لگاتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یا پھر اتنا بڑا دوپٹہ پہنے ہی نا۔۔۔اگر سنبھال نہیں سکتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیام نے دل میں مائسہ سے کلام کیا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جسے اسکے علاوہ کوئی نہیں سن سکا۔۔۔۔

جاؤ گے یا پولیس کو بلاؤں۔۔۔۔۔مائسہ اب اپنی گہری آنکھیں اس شخص پر گاڑ کر بولی۔۔۔۔

کیا تماشہ ہے یار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیام وہاں کھڑا بڑبڑایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں۔۔۔میری ہانی میرے حوالے کرو۔۔۔۔۔۔۔وہ شخص کہتا ہوا آگے کی جانب بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اس کا ارادہ مائسہ کو ہٹا کر ہانی کو وہاں سے لے جانے کا تھا۔۔۔۔۔۔

مگر وہ ایک آواز پر ٹھٹھکا۔۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔۔۔۔۔چیف منسٹر صاحب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔معذرت آپ کو پریشان کیا۔۔۔۔۔۔مگر یہاں ایک چور پکڑا گیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔اس نے سونا اور پچاس ہزار کیش چرایا تھا۔۔۔۔۔کچھ پولیس اہلکاروں کو بھیجیں۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ کو یہ آواز اپنے عقب سے آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

جس پر وہ شخص مزید کچھ کرنے سے رک گیا تھا۔۔۔۔۔۔

اس نے اپنی کاجلی آنکھوں سے زیام فارس کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔ناصرف اس نے بلکہ تقریباً سبھی نے اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

جبکہ وہ کال رکھنے کے بعد سنجیدہ سا کھڑا اس شخص نے گویا ہوا۔

اگر یہاں پولیس آگئی۔۔۔۔تو کیش اور سونا الگ سے دینا پڑے گا۔۔۔۔۔۔ساتھ میں جو لاٹھی چارج ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ الگ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام کی دی ہوئی دھمکی کام کر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ شخص اس بات پر کچھ دیر ٹھہر کر وہاں سے سیدھا دوسری جانب رفو چکر ہو گیا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکے جاتے ہی مائسہ کے چہرے پر مسکراہٹ پھیلی تھی۔۔۔۔۔۔۔ساتھ ہی اس نے ہانی کو گلے سے لگا کر تسلی دی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

سر آپریشن بلیک ہول کی تیاری مکمل ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہم نے پانچ ٹارگٹ بھی تیار کر لیے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

ایک نوجوان دونوں ہاتھوں کو فولڈ کیے وہاں بیٹھے ایک شخص سے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ایک مدھم سی روشنی والا کمرہ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہاں اندھیرا اور موم بتیوں کی روشنی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ شخص اپنے سامنے کرسی پر بیٹھے اس شخص سے مخاطب تھا۔۔۔

کچھ سیکنڈ بعد اس کرسی پر حرکت ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس آپریشن کے تمام اہم کارکنوں کو آج شام دعوت پر مدعو کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ان سے کہو کہ جو نہیں آیا وہ مزید اس کھیل کا حصہ نہیں رہے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن ایک ہاتھ سے پین گھماتے ہوئے سر اوپر کو اٹھائے بولا تھا۔۔۔۔۔

اوکے۔۔فادر۔۔۔۔۔۔۔لیکن کیا تمام کارکنوں کو ایک جگہ جمع کرنا درست ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔!!!!!۔۔

وہ شخص بہت سوچ کر آہستہ آواز میں بولا تھا۔۔۔۔۔۔

اس کے کہنے پر ڈیلسن اپنی کرسی چھوڑ کر ایک دم اٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس ہاتھ باندھے شخص کے نزدیک پہنچ کر وہ اسکی آنکھوں میں جھانک کر بولا۔۔۔۔

تنقید سے نفرت ہے فادر ڈیلسن کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ڈیلسن نے یہ جملہ ادا کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ شخص اپنی خیر منا رہا تھا۔۔۔

کہو۔۔۔؟؟؟؟۔۔۔وہ اس شخص کی جانب دیکھ کر دھاڑا۔۔۔اور اسے یہی جملہ ادا کرنے کا کہا تھا۔۔۔۔

۔۔کھڑے ہونے پر اسکا گاؤن زمین تک آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وائٹ کلر کا نیچے تک آتا وہ ایک گاؤن کی شکل کا لباس تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

گلے میں کراس کا نشان والا لاکٹ صاف دکھائی دے رہا تھا۔۔۔۔

سامنے کھڑے شخص کا سر مزید جھک چکا تھا۔۔۔۔

فف۔۔۔فادر۔۔۔ڈ۔۔۔ڈیلسن۔۔۔ک۔۔کو۔تنقید سے نفرت ہے۔۔۔وہ شخص موت کے خوف سے کانپتے ہوئے بولا

۔۔۔۔

دوبارہ کہو۔۔۔۔۔۔۔

فادر ڈیلسن کو تنقید سے نفرت ہے۔۔۔۔اس شخص نے دوبارہ اسی طرح سر جھکائے کہا ۔۔۔۔

سو دفعہ یہ کہنا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کتنی دفعہ۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔۔

س۔۔۔سو۔۔دفعہ۔۔۔۔۔۔۔اس نے ڈیلسن کی بات دہرائی۔۔۔۔

جاؤ۔۔۔۔۔جو بولا ہے وہ کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور میرے کاموں میں ٹانگ اڑانے سے بچا کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن نے اس جاتے ہوئے شخص سے کہا ۔۔۔

بیداری سے غفلت۔۔۔۔غفلت سے نیند اور نیند سے موت۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈیلسن نے خود سے یہ جملہ کہا۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بیداری سے غفلت۔۔۔ غفلت سے نیند اور نیند سے موت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس سفر پر میں نے ابھی بہت سے مسلمانوں کو چلانا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن۔۔۔۔۔ تم نے ابھی جو کام کرنا ہے وہ کام ہی تمہاری جنت میں جانے کی منزلوں کو طے کرے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ خود کو شیشے میں دیکھتا ہوا خود گویا ہوا تھا۔۔۔۔

ساتھ ہی اپنے برابر میں رکھی بائیبل کو اس نے اپنے ہاتھ میں اٹھایا۔۔۔۔۔

تم نے کیا سکھایا مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جتنا مسلمانوں کی کتاب نے بتایا مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا کہوں۔۔۔۔۔۔۔۔اس کتاب کی منزلیں آسان ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تم تو بڑی ہی عجیب کتاب ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ششش۔۔۔۔۔۔ مسلمانوں کی کتاب کا کسی کو بتانا نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بند ہے۔۔۔۔۔ اسے بند ہی رہنے دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس پر دھول ہے۔۔۔ مٹی ہے۔۔۔۔۔۔۔اس پر دھول مٹی رہنے دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر الماری پر کہیں کونے میں کسی کپڑے میں لپٹی رکھی ہے۔۔۔۔ تو رکھے رہنے دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کسی کو مت بتانا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کسی کو مت بتانا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کسی کو بھی مت بتانا ۔۔۔۔

وہ اس مدھم سی روشنی والے کمرے میں اپنے ہاتھ میں پکڑی بائیبل سے مخاطب تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بلکل اسی طرح جیسے کسی انسان سے مخاطب ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میرے بابا کا کچھ پتا چلا آلف۔۔۔؟؟؟۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔وہ اسکی آنکھوں میں ایک امید لیے پوچھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔لہجہ میں پریشانی تھی۔۔۔جبکہ تیز ہوا کے جھونکے اسے جلا رہے تھے۔۔

ماسکو شہر کی ہوائیں اسی ٹھنڈ کے ساتھ چل رہی تھی۔۔۔۔۔ صبح سے ہلکی ہلکی برف باری نے ٹھنڈ کو مزید بڑھانے کا کام کیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں اس برفانی جما دینے والی ٹھنڈی شام میں ماسکو کی لیک بیکل کے پاس موجود تھے۔۔۔۔۔۔۔

آلف کی نظر سیلین کی سرخ ہوتی ناک پر تھی۔۔۔۔۔۔جو بری طرح ٹھنڈی پڑی تھی۔۔۔

بلاشبہ اسے شدید سردی لگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔اور اسکی ہر بات جان لینے والے آلف کے لیے یہ بھی جاننا کوئی مشکل کام نا تھا

۔۔۔۔۔

سیلین ہی کی بے تحاشہ ضد پر وہ اس شام کے دو گھنٹے اس کے نام کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسی کی فرمائش پر اب وہ دونوں لیک بیکل کے نزدیک وہاں کے دلکش مناظر کو دیکھنے آئے تھے ۔۔۔۔۔۔

آسمان پر بادلوں کا خوبصورت ڈیزائن۔۔۔۔ساتھ ہی پہاڑوں پر چاروں طرف پھیلی برف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دھوپ کا اس سفید شفاف برف کو چمکانا۔۔۔سب کچھ بہت حسین تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیک بھی جمی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔جس پر کافی لوگ گھوم پھر رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس وقت لوگوں کے ہجوم کے درمیان کھڑے تھے۔۔۔ آلف کا ایک ہاتھ اسکی جیب میں تھا۔۔جبکہ سیلین کے ہاتھ اسکی کوٹ کی جیبوں میں تھے

بتاؤنا۔۔۔۔۔میرے بابا کا کچھ پتا چلا۔۔!!۔۔۔۔۔۔

۔اسنے آلف سے بہت امید کے ساتھ دوبارہ سوال کیا۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جس پر وہ جو اس منظر سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اسکی طرف متوجہ ہوا۔۔۔۔اپنی آنکھیں سیلین پر مرکوز کی تھیں ۔۔۔ہاتھ جیب سے باہر نکلا تھا۔۔

!!فر اس ماموں سے بات کی ہے میں نے۔۔۔

!!۔۔۔۔تمہارے بابا کا نام بھی بتایا ہے!!۔۔۔وہ انٹیلیجنس سے معلوم کر کے بہت جلد تمہیں بتا دینگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسنے ٹھہر ٹھہر کے کہا تھا۔۔۔

آلف نے اسے ایک تسلی بخش جواب دینے کی مکمل کوشش کی تھی۔۔اور وہ کم سے کم اسے خاموش کرنے میں کامیاب ہو گیا تھا۔

سیلین بغیر کچھ کہے اداسی سے کچھ سوچنے لگی تھی۔۔۔۔۔شاید وہ آہستہ آہستہ امید کھو رہی تھی۔۔۔۔

!!اب تم یہ سب چھوڑو۔

آلف نے جلدی بازی سے کہا تھا جیسے وہ اسے ہر بری سوچ سے باز رکھ رہا ہو

"۔۔۔۔۔۔۔آؤ لیک کے اوپر چلیں۔۔۔۔۔۔

اس نے اسکی توجہ اس جمی ہوئی لیک کی طرف کی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ساتھ ہی اس نے اپنے جمتے ہوئے سیدھے ہاتھ کو اپنی جیب سے نکال کر سیلین کی جانب بڑھایا تھا۔۔۔۔۔۔

ٹھنڈی ہوا کے جھونکے نے سیلین کے کندھے تک آتے بالوں کو جھولایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بھی ٹھنڈی ہوا میں جھول گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اپنی براؤن آنکھوں سے ایک نظر آلف پر ڈالتی ہوئی وہ اسکے ہاتھ میں اپنا گلفز والا ہاتھ رکھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

برف کے اس موسم میں آل کا چہرہ اسے مزید حسین لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔بڑی آنکھیں اس پر گہری پلکھیں۔۔۔۔۔۔جس کے بارے میں ہمیشہ اسکا کہنا تھا کہ کاش ایسی پلکیں میری ہوتی۔۔۔۔۔۔۔

آل ہلکا سا مسکرا کر اسکا ہاتھ تھام چکا تھا۔۔۔۔۔۔

سیلین کی نظر سامنے جھیل پر تھی

اب وہ دونوں ایک ساتھ اپنے قدموں کو اس جمی ہوئی بیکل لیک پر رکھ چکے تھے۔۔۔۔۔۔

"کاش تمہاری یہ بڑی بڑی پلکیں میری ہوتیں۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسکی جھپکتی پلکوں کو بڑے رسوخ سے دیکھتی ہوئی اس سے گویا ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ اسکی اس بات پر دائیں آبرو کو اچکا کر اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔وہ آنکھیں سکیڑے اسے دیکھ رہی تھی۔

اگر میں مجنوں اور تم لیلیٰ ہوتیں۔۔۔۔۔۔تو یہ پلکیں کیا آنکھیں نکال کر تمہیں تحفہ میں دے دیتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف اسکی گہری آنکھوں کو دیکھ کر سنجیدگی سے بولا تھا۔۔چہرے پر شوخ مسکراہٹ ابھری تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ اسکا جملہ سامنے کھڑی سیلین کی مسکراہٹ غائب کر چکا تھا۔

میں نے مانگی نہیں تھیں"۔۔۔۔۔بس خواہش کی تھی۔۔۔۔!!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسکی اس بات پر اسی کی طرح سنجیدگی سے بولی۔لہجہ بلکل شوخ نہیں تھا۔

تو میں کون سا کل ہی آنکھیں نکلوانے جانے والا تھا۔۔۔۔"۔۔۔۔۔۔

وہ رسوخ سے کہتا ہوا ایک اور دفعہ اسے زچ کر چکا تھا۔

اس وقت وہ دونوں بیکل لیک پر چلتے ہوئے ایک دوسرے سے باتوں میں مصروف تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جبکہ سیلین سے بات کرتے کرتے اسکی نظر وہاں موجود ایک بلیک کوٹ پہنے مشکوک سے آدمی پر ٹکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو وہاں بظاہر اس لیک پر گھوم رہا تھا۔۔۔۔۔۔ مگر اسکا کام بہت ہی سنجیدہ تھا۔۔۔۔۔۔جو آلف کی تیز نظروں سے بچ نہیں سکا تھا۔

آلف سیلین کے ساتھ باتوں کے دوران اس کی ایک ایک حرکت کو بہت ہی غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

اپنی جیکٹ کے اندر سے وہ کسی قسم کا کاغذ نکال کر وہاں موجود ایک اور آدمی کو دے رہا تھا۔۔۔۔۔۔

!!سیلین ایک منٹ۔

۔۔۔۔آلف جیب سے موبائل نکال کر سیلین کا ہاتھ چھوڑتا ہوا وہاں سے کچھ آگے کی طرف بڑھا تھا۔۔۔

جبکہ سیلین بس اسے جاتا دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔پھر اس پر سے نظر ہٹا کر وہ اس برف اور وہاں کے نظاروں کو دیکھنے لگی تھی۔۔۔۔۔

وہ لیک بیکل پر تیز تیز چلتا جا رہا تھا۔۔۔اور اسی طرح جا کر کسی سے ٹکرایا تھا۔

" سوری سوری

۔۔۔۔۔۔۔وہ تیز تیز چلتا ہوا وہاں موجود اس شخص سے ٹکراتا ہوا پیچھے مڑ کر بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ساتھ ہی وہ ایکسکیوز کرتا ہوا آگے بڑھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ شخص ایک نظر اپنے آپ سے ٹکراتے اس شخص کو غصے سے دیکھ کر پھر ادھر ادھر نگاہ ڈال کر اپنے کام میں واپس لگ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آگے بڑھ کر اب آلف کچھ دیر فون کو کان سے لگائے کھڑا رہا۔۔۔۔۔

۔پھر سیلین کے پاس واپس لوٹ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ وہیں کھڑی ان نظاروں کو اور وہاں موجود اونچے پہاڑوں کر دیکھ رہی تھی۔۔

وہ اب بلکل اسکے برابر میں کھڑا اسی کی طرح ان پہاڑوں کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پہاڑ کس لیے ہیں جانتی ہو؟؟۔۔۔۔۔

آلف اب مکمل سیلین کے جانب دیکھتا ہوا اس سے پوچھ رہا تھا۔۔۔لہجہ سنجیدہ تھا۔

جبکہ سیلین کی نظر برف سے ڈھکے پہاڑوں کی جانب تھی۔۔۔۔

"خوبصورتی کے لیے"

۔۔۔۔سیلین نے اب اس کی طرف دیکھتے ہوئے تھوڑا سوچ کر بتایا تھا ۔۔۔۔

پہاڑ خوبصورت ہیں لیکن خوبصورتی کے لیے نہیں"۔۔۔۔۔۔۔۔وہ مدھم سے لہجے میں بولا تھا

اب وہ ان اونچے خوبصورت پہاڑوں کو دیکھتے ہوئے سیلین کو دیکھ کر مخاطب ہوا۔۔۔

پھر؟؟؟۔۔۔۔سیلین نے اسکی بات کے جواب میں آئی برو اچکا کر کہا۔۔۔

جانتی ہو اب تک کی رسرچ کے مطابق دنیا میں کتنے پہاڑ ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔

۔اس نے پھر سوال کیا۔اور اسکا یہ سوال بھی سیلین کو نہیں پتا تھا

"نہیں۔"۔۔۔۔۔۔۔

۔سیلین اسکے دوبارہ سوال پر سنجیدگی سے بولی تھی۔۔۔۔۔

"تقریباً دس لاکھ آٹھ سو نو۔۔"۔۔۔

۔آلف نے مزید بتایا۔۔۔

جس پر سیلین حیران ہوئے بغیر رہ نا سکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور پہلے سوال کا جواب۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔۔ سیلین نے اسکی بات کو غور سے سن کر کہا۔

اس پر آلف نے قرآن کی آیت پڑھ کر اسے سنائی تھی۔۔۔

(۶)وَّ الۡجِبَالَ اَوۡتَادًا (۷)اَلَمۡ نَجۡعَلِ الۡاَرۡضَ مِهٰدًا ۙ

ترجمہ: کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہ بنایا؟ اور پہاڑوں کو میخیں

(سورہ نباء آیت نمبر 6,7)

سیلین اسکے منہ سے قرآنِ کریم کی آیت سن کر ششدر سی اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔اسنے کبھی نہیں سوچا تھا کہ وہ اتنی خوبصورت سی آواز میں اسے کبھی کوئی آیت سنائے گا ۔

جانتی ہو۔۔۔۔نیویارک کورنیل یونیورسٹی نے بھی قرآن پاک کی اس بات کا اعتراف کیا ہے۔۔۔۔

انہوں نے بتایا کہ یہ پہاڑ زمین کی میخیں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اگر یہ پہاڑ زمین پر اتنی مضبوطی سے نا لگے ہوتے۔۔۔۔۔تو یہ زمین ایک جگہ ٹھہری نا ہوتی۔۔۔۔۔بلکہ اڑ رہی ہوتی۔۔۔۔۔۔

دنیا کا سب سے بڑا پہاڑ ماؤنٹ ایوریسٹ۔۔۔۔۔اس کے بارے میں یہ ریسرچ ہے کہ اٹھ ہزار آٹھ سو اڑتالیس میٹر کا یہ پہاڑ جتنا اونچا زمین سے اوپر ہے۔۔۔۔۔۔۔اس سے پانچ اشاریہ زیادہ لمبی جڑ اس کی زمین کے نیچے اسکی تہہ میں ہے۔۔۔۔

گویا وہ زمین کی سب سے بڑی میخ ہے۔۔۔۔۔۔جو اللہ تعالی نے اس سرزمین میں لگائی ہے۔۔۔۔۔۔

وہ پہاڑوں پر نظر ٹکائے بول رہا تھا

پھر اس نے اپنی بات ختم کر کے سیلین کی جانب دیکھا تھا۔۔۔۔۔جو کھوئے کھوئے انداز سے محو ہو کر اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف اسکے حیران چہرے کو دیکھنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تمہیں یہ سب کون بتاتا ہے۔۔۔۔؟

۔۔۔ہر وقت لڑنے والی سیلین انتہائی معصومیت سے آنکھیں پھیلائے آلف سے سوال کر رہی تھی۔۔

اور آلف اس کے اس طرح کہنے پر دل سے مسکرایا تھا۔۔۔اور وہ دونوں وہاں سے آگے بڑھ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حیرت ہے اِس نے بحث نہیں کی۔۔۔۔۔ آلف منہ ہی منہ میں بڑبڑایا۔۔۔۔۔

وہ دونوں ان دو گھنٹوں میں کافی انجوائے کر چکے تھے ۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ عروسی جوڑا پہنے۔۔۔۔چاند جیسا چمکتا چہرہ لیے پھولوں سے سجے ہوئے بیڈ پر بیٹھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔اسکا سرخ گولڈن کام والا جوڑا اسکے ارد گرد حلقہ بنایا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاتھ مہندی کے سرخ رنگ سے اور نکھر رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

ہلکے میک اپ نے ہی اسکے حسن کو تراش دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دل میں ہزاروں ارمان لیے زیام فارس کی آمد کا شدت سے انتظار کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

ایک مہینہ پہلے زیام فارس نے اسکی زندگی میں قدم رکھا تھا۔اور آج وہ اس کے نکاح میں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اس دن کو یاد کر کے وہ مسکرائی۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ تم جتنا بولتی ہو زیام بھائی اتنے ہی خاموش طبیعت کے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ کو ہانی کے کہے الفاظ یاد آئے تھے ۔۔۔۔۔

اس نے سامنے لگے شیشے میں خود کو ایک نظر دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس رب کا شکر ہے جس نے اتنے حسین لمحات کو میری زندگی میں شامل کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ نے دل ہی دل میں رب کا شکر ادا کیا تھا۔۔۔۔۔

دروازہ کھلنے پر اس کی ہنسی کو بریک لگا۔۔۔۔۔۔

زیام کا وہ پورے دو گھنٹے سے ویٹ کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔جو اب جا کر پورا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ چپ چاپ سنجیدگی سے آ کر اسکے برابر میں بیٹھا اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

وہ نظریں جھکائے اس کے جانب سے سنہرے اور دلکش الفاظوں کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔اس نے اسکی سرمئی بائیں آنکھ کے تل کو دیکھتے ہوئے اسے پکارہ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ۔۔۔۔؟

مائسہ نے اپنا نام اسکے منہ سے آج پہلی بار سنا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے دل کی دھڑکنوں کو بڑھتا محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔

جی۔۔۔۔پھر اس نے ہلکی آواز میں اسکے پکارنے پر کہا۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔تمہیں پتا ہے۔۔۔۔تمہارے حسن کی اتنی قیمت نہیں لگی جتنی میں نے سوچا تھا کہ لگے گی۔۔۔۔اس نے پہلا جملا ادا کیا

۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ اسکی گہری کاجلی آنکھوں کے اٹھنے کا انتظار کر رہا تھا۔۔

جی۔۔۔۔؟۔!!!۔۔اس بار مائسہ نے سوالیہ کہا۔۔۔۔۔۔۔اسکی کاجلی آنکھوں نے اسکی آنکھوں میں جھانکا تھا

۔۔اسکی جھکی پلکھیں اٹھی تھیں۔۔۔۔

جو بات میں تمہیں بتانے جا رہا ہوں۔۔۔۔وہ اگر نہیں بھی بتاتا۔۔۔تو کوئی بڑی بات نہیں۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام اس سے منہ پھیرتا ہوا سامنے لگے پردوں کی جانب دیکھتا ہوا بولا تھا۔۔۔۔۔

مائسہ کے چہرے پر اب بھی سوال تھے۔۔۔۔

۔۔تم سے پہلے میں نے کئی شادیاں کی ہیں۔۔۔۔۔۔۔اس نے جملہ ادا کیا۔۔۔

اسے چپ اور حیران دیکھ کر زیام نے مزید کہا۔۔۔

۔ویسے بھی وہ ان حیران چہروں کا عادی تھا۔۔۔۔مائسہ کا حیران چہرہ اسے سامنے لگے شیشے میں نظر آرہا تھا۔۔۔۔

مگر وہ خاموش تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ وہ اسکی خاموشی کا نہیں بلکہ اسکے غصے اور شور کا سوچ کر وہاں آیا تھا۔۔۔۔۔

اپنی جھنجھلاہٹ کو چھپاتے ہوئے اس نے مزید کہا۔۔

شادیاں اس لیے کی ہیں۔۔۔۔کیونکہ حُسن بیچنا ہی میرا کام ہے۔۔۔۔۔

حسن بیچنا؟؟۔۔۔۔۔مائسہ نے بے یقینی سے اسکا کہا دہرایا۔۔۔

مائسہ کی طرف سے دو لفظ ادا ہوئے تھے ۔۔۔ ۔زیام ابھی بھی اس کی طرف دیکھنے سے قاصر تھا۔

تمہارے حسن کی قیمت کم سے کم اسّی لاکھ سوچی تھی میں نے۔۔۔۔۔۔۔۔مگر اتنے حسین چہرے کی بھی پچاس لاکھ ہی لگے۔۔

۔وہ جھنجھلاہٹ کو اپنے اندر اتارتا ہوا افسوس سے اسے بتا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!یہ کیا حسن کی قیمت لگا رکھا ہے ہاں۔۔۔۔!!!۔۔۔ہمارا نکاح ہوا ہے۔۔۔۔۔زیام فارس۔۔۔۔

۔۔مائسہ نے بلند آواز میں اسے یاد دلایا۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی بات کے مفہوم کے خوف سے اسکے ہونٹ کانپنا شروع ہو چکے تھے۔۔۔۔۔۔آواز حلق میں کہیں پھنس رہی تھی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔نہیں ایسا نہیں ہے مائسہ۔۔۔۔۔۔اس نکاح میں میرے اور تمہارے نام کے سوا سب جھوٹ اور دھوکہ تھا۔۔۔

نا میں نے تمہیں قبول کیا۔۔۔۔۔۔اور نا اپنی بیوی مانا ہے۔۔۔۔۔۔۔

۔۔اب وہ کھڑا ہو کر اسکی کاجلی آنکھوں میں نمی تلاش کرتا ہوا اپنی سرخ آنکھوں سے اسے بتا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

تم چاہو تو مجھے اپنا شوہر مان سکتی ہو۔۔۔لیکن تمہیں

ایک شوہر اپنی بیوی کی قیمت لگاتا ہوا برا نہیں لگے گا۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔

مائسہ بھی اپنا لہنگا سنبھالتی بیڈ سے اتر کر اسکے سامنے کھڑی ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ کو اس کے الفاظ کسی بہت بڑے خطرے کا اشارہ لگ رہے تھے۔۔۔

اس سے اچھا ہے کہ تم ایک کڈنیپر سمجھ لو۔۔۔افسوس کم ہو گا۔۔۔۔۔۔وہ مکمل شیر دلی سے گویا تھا۔۔۔۔۔۔

مائسہ نے ایک نظر اپنی کاجلی آنکھوں سے اپنے محافظ پر ڈالی۔۔۔۔۔۔آنسوؤں تڑپ تڑپ سوکھے گالوں پر بہہ نکلے تھے۔۔۔۔

زیام نے ان کاجلی آنکھوں سے کاجل کو بہتا دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔خوشیوں نے ہر طرف خوف اور ڈر کو جگہ دے دی تھی۔۔۔۔۔۔۔

آخر وہ گھٹنوں کے بل بیٹھ کر اب ہاتھ جوڑ چکی تھی۔۔۔۔۔۔

اللہ کا واسطہ۔۔۔۔۔۔۔مجھے جانے دو۔۔۔۔۔۔میں نے بہت بڑی غلطی کی تم سے شادی کر کے۔۔۔۔۔۔مجھے اسکی اتنی بڑی سزا مت دو۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے مزاجی خدا کے آگے گڑگڑائی تھی۔۔۔۔

زیام نے ایک نظر اسکے جوڑے ہوئے ہاتھوں پر ڈالی ۔۔۔۔۔اور تیز ترار لہجے میں کہا ۔۔۔

جانتی ہو؟؟؟

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔۔۔۔۔

میرے سامنے تمہاری جیسی کئی لڑکیاں ہاتھ جوڑ چکی ہیں۔۔۔ایک نے تو پیر بھی پکڑ لیے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔لیکن اس سب کا کوئی فائدہ نہیں۔۔۔۔میں یہ دیکھ دیکھ کے پک چکا ہوں۔۔۔۔۔وہ ڈھٹائی سے بولا۔۔۔

!!!ہاں۔۔۔۔ایک بات جان لو۔۔۔۔۔

۔۔۔میرا دل۔۔ایسی سخت چٹان کی طرح ہے۔۔۔۔جس پر تم موٹے موٹے آنسو بھی گرا لو۔۔۔تب بھی سوراخ نہیں کر سکتیں

۔۔۔

زیام نے شہادت کی انگلی کو دل کے اشارے پہ رکھ کر کہا۔۔۔

۔۔۔وہ اب اسی کی طرح نیچے بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔۔

اس نے اسکے آنسوؤں میں بہتے حسن پر نظر ڈال کر جیتنے والے انداز میں کہا۔۔۔۔۔

مجھے کچھ مرعوب نہیں کر سکا۔۔۔۔۔۔مائسہ۔۔!!!۔۔

نا تمہارا حسن۔۔۔۔نا تمہاری یہ سرخ ہوتی ناک۔۔۔۔۔اور نا یہ ٹپکتی جھیل جیسی کاجلی آنکھیں۔۔۔۔۔۔۔۔کیا یہ کافی نہیں

۔۔۔!!!۔

ویسے بھی پچاس لاکھ میں سے 5 لاکھ تو تمہارے باپ جیسے چچا کے حوالے کیے ہیں میں نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیام نے اٹھتے ہوئے بے نیازی سے کہتا وہ اس پر آسمان گرا چکا تھا ۔۔۔۔۔۔

تم جھوٹ بول رہے ہو میرا باپ ایسا نہیں کر سکتا۔۔۔۔مائسہ کی برداشت اب ختم ہو رہی تھی۔۔۔۔وہ بھی اٹھتے ہوئے چیخی۔۔۔۔

۔۔وہ جانتی تھی اسکے چچا لالچی ہے۔۔۔۔پر اتنے نہیں ہو سکتے۔۔۔!!!!!۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ بات تب سچ ہو سکتی ہے۔۔جب تم اسے اپنا چچا ماننے سے ہی انکار کر دو۔۔۔۔

۔زیام پر اسکے بہتے آنسوؤں کا رتی برابر بھی کوئی اثر نہیں ہو رہا تھا۔۔۔وہ زخم پر زخم لگاتا جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

تم اتنے گھٹیا ہو۔۔۔۔اتنے نیچ۔۔۔۔ گھِن آ رہی ہے مجھے تم سے۔۔۔۔۔۔زیام۔۔۔تم۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ چیخی۔۔۔۔

مگر زیام اسکی بات کاٹ چکا تھا۔۔۔

یہ کیا تم نے زیام زیام لگا رکھا ہے۔۔۔۔۔۔مجھے دنیا زیم کے نام سے جانتی ہے۔۔۔۔اپنا اصلی نام بتانا ہی نہیں چاہیے تھا تمہیں !!۔۔۔۔

۔۔اس نے اس طرح بے نیازی سے کہا جیسے افسوس کے لیے بس ایک یہی وجہ ہو اسکے پاس۔۔۔۔۔۔

اس کے منہ سے زیم سن کر اسکے اوسان خطا ہوئے تھے ۔۔۔۔

۔دماغ نے تیزی سے کام کیا۔۔۔یہ نام وہ نیوز پیپر میں پڑھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہاں اسکے نام کے ساتھ اسکے کارنامے بھی نقل تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا۔۔۔میری شہرت سے تو واقف ہونا۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے شاطرانہ مسکراہٹ سے کہا۔۔۔۔

تم ایک جاہل انسان ہو زیام۔۔۔۔۔۔۔جو نکاح جیسے لفظ سے ابھی تک ناواقف ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جسے زندگی اور پل پل گزرتی سانسوں کا کوئی لحاظ نہیں۔۔۔۔۔۔۔جو اپنے وجود سے ہی ناواقف ہے۔۔۔۔۔۔زیام فارس تم بے خبر انسان ہو۔۔۔وہ سرخ آنکھوں سے اسے احساس دلانے کی پہلی اور آخری آخری کوشش کر چکی تھی۔۔۔۔

مائسہ زمین پر ڈھے گئی تھی۔۔۔۔۔وہ کس کے چنگل میں پھنس گئی تھی۔۔۔اسے اب اندازہ ہو رہا تھا۔۔۔۔۔

زیام اب وہاں اسے ماتم کرتا دیکھنے کے بجائے وہاں سے باہر نکل چکا تھا۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف سیلین کو گھر کی جانب چھوڑتا ہوا اب گاڑی کو ایک سائیڈ پر لگا کر کچھ دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

وہاں اس آدمی سے ٹکراتے ہوئے اسکے ہاتھ میں وہ ایک چھوٹا سا باکس آیا تھا۔۔۔۔۔

اسکا سائز کافی چھوٹا تھا۔۔۔!!!!۔۔۔

جبکہ اس وقت ہاتھ لگانے سے اسے ایسا لگا تھا جیسے وہاں اور بھی اسی طرح کے باکس اس شخص کی جیب میں موجود تھے۔۔۔۔۔

اس چھوٹے سے لکڑی کے باکس کو آلف غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

اس پر سوائے ایک چھوٹے سے سوراخ کے کچھ بھی نا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ سوراخ بلکل اس باکس کے نیچے کی جانب کونے میں تھا۔۔۔۔۔جو کے ایک چھوٹی سی پِن کا سائز تھا۔۔۔۔۔۔۔

ادھر ادھر نظر گھما کر جب آلف کو کچھ بھی ایسا نظر نا آیا جو اس پِن کے جتنا ہو۔۔۔تو وہ اپنے ہاتھ میں بندھی گھڑی کی طرف آیا تھا

۔۔۔۔۔

جسے کھول کر وہ اس کا چھوٹا سا باریک اور مضبوط تار نکال چکا تھا۔۔۔۔

اس تار کو اس نے لکڑی کے بوکس کے چھوٹے سے سوراخ میں ڈالا تھا۔۔۔۔۔

زور دینے پر وہ بوکس اچانک ہی ایک سائڈ کی طرف سے ہلکا سا باہر کی جانب آیا تھا۔۔۔

آل نے باکس کے اس ابھرے ہوئے حصہ کو دیکھا ۔۔۔۔

وہاں ایک چھوٹا سا کاغذ تھا۔۔۔۔۔۔

اسے نکالنے پر آلف نے اسے غور سے پڑھا تھا۔۔۔۔۔

وہ اپنی لمبی پلکھوں والی آنکھیں اس تحریر پر ڈالا ہوا تھا۔۔۔۔وہاں جو لکھا تھا وہ اس نے اپنے منہ سے دہرایا۔۔۔

The journey from

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

Awakening to negligence

Negligence to sleep

and from sleep to death

has begun .....

(بیداری سے غفلت, غفلت سے نیند اور نیند سے موت تک کا سفر شروع ہو چکا ہے)

آخر میں چھوٹے چھوٹے حروف میں بلیک ہول کانفرنس لکھا تھا۔۔۔۔

آلف اسے پڑھ کر مزید سوچوں میں ڈوب گیا تھا۔۔۔۔

یہ کس قسم کی تباہی پھیلانے والے ہیں اب۔۔۔!!۔۔۔۔۔۔۔۔ آخر یہ کیسی جنگ ہے جو بغیر ہتھیاروں کے ہو گی ۔۔۔؟؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بلیک ہول نامی یہ کس طرح کی سازش ہے۔۔۔؟؟؟؟

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

مائسہ وہاں زمین پر بیٹھی گہری گہری سانسیں لے رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

آنکھوں سے بہتے آنسوؤں کو اس نے دونوں ہاتھوں سے پونچھا تھا۔۔۔۔

نہیں ہمت نہیں ہارنی۔۔۔۔۔۔۔۔ مائسہ ہمت نہیں ہارنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آزمائش ہے۔۔۔۔ فقط آزمائش ہے۔۔۔۔

وہ رب کسی پر اسکی جان سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسے آیت کا مفہوم اپنے دماغ میں اچانک ہی یاد آیا تھا۔۔

میں یہ آزمائش اٹھا سکتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے کندھے اس قابل ہیں۔۔۔۔۔۔۔ وہ آنکھوں سے دوبارہ آتے آنسوؤں کو اپنے مہندی والے ہاتھوں سے پونچھ رہی تھی۔۔۔۔۔

جب اسکی نظر اپنے ہاتھوں پر گئی۔۔۔۔۔۔ جہاں زیام کے نام کی مہندی لگی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بے حس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک بے حس انسان۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس سے زیادہ کچھ نہیں ہو تم زیام فارس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے دھندلی آنکھوں سے مہندی کو دیکھ کر کہا۔

وہ اب اٹھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے واشروم کا رخ کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

پانی کا فل نل کھول کر اب وہ اپنے میک اپ کو اچھی طرح صاف کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

آنسوں اس نل کے پانی کے ساتھ بہتے جا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر کے بعد وہ ہلکا میک اپ بھی اپنے چہرے سے صاف کر چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اب اسکی آنکھوں میں ہلکے کاجل اور ہلکی نمی کے سوا کچھ نا بچا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خود کو سادھا لباس میں ملبوس کرتی اب وہ وہاں سے باہر نکلی تھی۔۔۔۔۔۔۔دل ابھی بھی خوف میں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اب اس کا دماغ بس وہاں سے بھاگنے کا سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ خود سے عزم کر چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

یا تو وہ یہاں سے نکل جائے گی ۔۔۔۔۔۔۔۔یا پھر خود کو جان سے مار لے گی ۔۔۔۔۔۔۔۔مگر عزت پر آنچ بھی نہیں آنے دے گی۔۔۔۔۔۔

وہ عزم کرتی واشروم سے باہر نکلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس چادر کو خود پر لپیٹا جو وہ سارا وقت ٹرین میں پہن کر لاہور آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اسے اچانک ان خاتون کا خیال آیا تھا۔۔۔۔۔جن کو زیام نے اپنی ماں بتایا تھا۔۔۔۔۔۔۔نا جانے وہ عورت کون تھی۔۔۔۔

اب اسے صرف وہاں سے نکلنا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

چادر کو خود پر لپیٹی وہ بے حد خوف محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ناجانے وہ کہاں تھی۔۔۔۔۔۔اور اسے اب کہاں جانا تھا

۔۔۔۔۔۔۔

رات کا یہ پہر اسکے خوف کو مزید بڑھا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

اللہ۔قدم۔قدم۔پر میری۔مدد کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے منہ ہی میں میں دعا کی۔تھی۔۔۔۔۔

کاجلی آنکھوں میں مسلسل آنسو تھے۔۔۔۔۔۔۔

وہاں بند دروازے کو دیکھ کر اسے اسکے لاک ہونے کا خیال آیا تھا۔۔۔۔۔۔

کچھ سوچ کر کسی نتیجے پر پہنچی تھی۔۔۔۔۔۔

اس نے دروازے کو اپنے پن سے کھولنے کے لیے بالوں سے ایک پن نکالی تھی۔۔۔۔۔۔۔

مگر دروازے کو ہاتھ لگا کر اسے ایک جھٹکا لگا۔۔۔

وہ دروازہ کھُلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ کچھ پل کو سکتے میں اس دروازے کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

یروشو۔۔۔۔۔۔۔۔تم کیا سمجھتے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔۔۔۔کیا ہم اتنے طاقت ور ہو گئے ہیں کہ لوگ ہم سے ڈریں ۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن ہاتھ میں شیمپین کا گلاس پکڑے سامنے بیٹھے اپنے غزیز دوست یروشو سے مخاطب تھا۔۔۔۔۔

وہ ایک بڑے سے کمرے میں ایک لمبی سی میز پر آمنے سامنے بیٹھے تھے۔۔۔

ڈیلسن اپنے مخصوص گاؤن میں ملبوس ہاتھ میں شیمپین لیے یروشو کر دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

وہاں لال کلر کے بڑے بڑے پردے ڈلے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پیلی روشنی چاروں اور پھیلی تھی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

میز پر کئی قسم کے کھانے رکھے تھے۔۔۔۔۔۔

یروشو کالے کپڑوں میں گھنگریالے بالوں والا ایک ادھیڑ عمر شخص تھا۔۔۔۔۔۔

وہ بھی وقفے وقفے سے شراب کے مزے لوٹ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

یروشو۔۔۔۔۔۔۔۔تم کیا سمجھتے ہو۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔۔۔کیا ہم اتنے طاقت ور ہو گئے ہیں کہ لوگ ہم سے ڈریں ۔۔۔۔۔؟؟؟

طاقت ور انسان اس وقت تک طاقت ور نہیں ہوتا جب تک لوگ اس سے ناڈریں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یروشو چہرے پر شاطرانہ مسکراہٹ سجائے ڈیلسن کی بات کا جواب دیتے ہوئے اٹھا تھا۔۔۔

تمہیں کیا لگتا ہے۔۔۔۔۔۔لوگ ڈرتے ہیں تو قابو میں آتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔غلط میرے دوست۔۔۔۔۔۔۔۔غلط۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈیلسن نے یروشو کو مخاطب کر کے اسکی بات کی نفی کی تھی۔۔۔۔۔

قابو میں وہ آتے ہیں جو نہیں ڈرتے۔۔۔۔۔۔۔جو اکڑ جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈرنے والے تو ایک ایک قدم پھونک کر اٹھاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔مگر بے وقوف غرور سے چلتے ہوئے خود ڈیلسن کے جال میں پھنس جاتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔

جانتے ہو۔۔۔یروشو۔۔۔۔۔۔اس ڈر کو کیا کہتے ہیں۔۔؟؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مسلمانوں کا وہ خوف جو وہ اللہ سے رکھتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ خوف شیطان کی راہ میں ہمشہ رکاوٹ بن جاتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

اور بے خوف تو میرے بہت پیارے اور میرے بہت نزدیک ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیونکہ وہ تو شیطان کی راہ میں پھول بچھا کر انکا انتظار کیا کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ جو مٹی انکے گھروں کے قرآن پر ہوتی ہے وہ اصل میں انکے دل پر ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈیلسن شیطانی مسکراہٹ سے بولا تھا۔۔۔

اے یسو مسیح۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میری دعا ہے۔۔۔۔ کبھی وہ مٹی انکے دلوں سے نا ہٹے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کبھی بھی انہیں قرآن پر سے مٹی ہٹانے اور اسے پڑھنے کی توفیق نا ملے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں ہاتھ پھیلا کر بولا تھا۔۔۔۔۔۔

میرے لیے جنت کے راستے آسان کر خدا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آسان کر دے۔۔۔۔۔۔۔

وہ بلند آواز سے بولا تھا۔۔۔

یروشو بھی اسکی بات پر مسکرا کر آمین کہتا ہوا شیمپین پینے لگا تھا۔۔۔۔

وہ ہانپتی ہوئی سر پہ چادر پھیلائے اس کمرے سے باہر نکلی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ تین مرلے پر پھیلا ہوا ایک خوبصورت سا گھر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور وہ اس وقت اوپر کے فلور پر بھاگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسی راستے پر چل رہی تھی جہاں سے چل کر وہ اس کمرے تک آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ راستہ جہاں سے وہ ایک تاریک اور خوفناک منزل کی جانب خوشی خوشی آگئی تھی۔

اسکی کاجلی آنکھیں خوف سے پھیلی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ہر طرف نظر دوڑاتی نیچے کی طرف بھاگ رہی تھی۔۔۔۔۔

یہ دیکھ کر اسے حیرت کا جھٹکا لگا تھا کہ وہاں کوئی بھی نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پھر بھی وہ مسلسل بھاگتے ہوئے ادھر ادھر نظر دوڑا رہی تھی۔۔۔۔۔

اسے لگ رہا تھا۔۔۔ابھی کوئی اسے پکڑ کر واپس اسی کمرے کی چار دیواری میں پھینک دے گا۔۔۔۔۔۔

جہاں زلت اسکا مقدر ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہاں اسے عزت کے بدلے شاید اپنی جان دینی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر اسکے خیالوں کے برعکس ایسا کچھ نا ہوا۔۔۔۔۔نا کسی نے اسے روکا۔۔۔۔۔نا کوئی اسکے راستے میں دیوار بنا۔۔۔۔۔وہ جو کچھ دیر پہلے دھوکہ کا پہاڑ اسکے اوپر آ گرا چکا تھا۔۔۔۔۔۔وہ نا جانے کہاں تھا۔

۔۔۔مگر مائسہ اس وقت اسکے بارے میں نہیں سوچ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ خود کی حفاظت میں لگی تھی

اسی طرح بھاگتے بھاگتے وہ مین گیٹ تک پہنچ کر لمبی لمبی سانسیں لیتی اک پل کو رکی۔۔۔۔۔

اس نے اللہ کا نام پڑھ کر اس گیٹ کو اپنی جانب کھینچا تھا۔۔۔۔

اسکی آنکھیں کچھ پل کو حیرت سے پھیل گئی تھیں۔۔۔۔وہ گیٹ با آسانی کھل گیا

گیٹ کھولتے ہی رات کی تاریکی نے اسے خوف و حراس میں مبتلہ کیا۔۔۔

گرجتے بادلوں نے اسکے دل کی دھڑکنوں کو تیز کر دیا تھا۔۔۔۔۔

اب اسے باہر کا گیٹ صاف نظر آ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اس باہر والے مین گیٹ تک پہنچی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نظر اٹھ کر اوپر کی جانب گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ تین مرلے طے کر چکی تھی۔

سر کے اوپر چھت نہیں بلکہ کھلا آسمان تھا۔۔۔۔۔۔۔۔جس مائسہ نے گھر سے قدم باہر نا نکالا تھا۔۔۔وہ انجان شہر میں انجان گلی میں انجان گھر کے باہر اکیلی کھڑی تھی۔۔۔۔۔

سر پہ چادر کو اچھی طرح لپیٹتی ہوئی وہ دروازہ کھول کر اس گھر کی آخری دہلیز بھی عبور کر گئی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکے اپنے ساتھ اس کا ایک چھوٹا سا بیگ تھا۔۔۔۔۔۔ جس میں اسکا ایک جوڑا تھا۔۔۔۔۔ اسکے علاوہ سب کچھ وہ اس گھر میں چھوڑ آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

جس میں اسکے ارمانوں کا خون بھی شامل تھا۔۔

وہاں کھڑے ہو کر دھندلی ہوتی آنکھوں سے اس نے اس گھر کو حکارت سے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جہاں کچھ دیر پہلے وہ دلہن کے روپ میں داخل ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہزاروں خواہشیں اس گھر میں دم توڑ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ ایک خستہ حال دل لیے اس خوفناک تاریکی میں باہر کھڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اسے شدت سے وہ لمحہ یاد آیا تھا۔۔۔۔ جب وہ سب کو خیر باد کہتی ہوئی زیام فارس پر دل و جان سے اعتبار کرتے ہوئے اسکے ساتھ ٹرین میں سوار ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے یاد تھا جب وہ ٹرین میں چڑھ رہی تھی۔۔۔ اور زیام فارس نے اسکی جانب اسے سہارا دینے کے لیے ہاتھ بڑھایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اس نے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے وہ ہاتھ تھام لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس وقت کیوں اسے اسکی آنکھوں اپنائیت دکھی تھی۔۔۔۔۔۔؟

اسے یاد تھا جب زیام فارس نے چلتی ٹرین میں رات کے وقت اسے چائے آفر کی تھی ۔۔۔۔۔ چہرہ سنجیدہ تھا ۔۔۔ مگر مائسہ اس سنجیدہ چہرے کو محبت کا روپ سمجھ رہی تھی ۔۔۔۔۔

اس نے ہاتھ بڑھا کر اس کے ہاتھ سے وہ چائے لی تھی ۔۔۔۔۔۔

پھر کچھ دیر بعد وہ بسکٹ کا ایک پیکٹ اسے تھما چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کیاوہ سب صرف اس لیے تھا کہ میں سیدہ مائسہ ابراہیم کہیں اس مکروہ چہرے کی حقیقت نا جان سکوں۔۔۔۔۔۔۔

یااس لیے تھا کہ بغیر شور کیے چپ چاپ اسکی اس گھٹیا سازش کا حصہ بن جاؤں۔۔۔۔۔۔۔۔

یا پھر وہ مجھ سے ہمدردی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میری زات سے ہمدردی تھی جو اس شخص کے ہاتھوں اس طرح رُلنے والی تھی۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

!!ماموں ان الفاظوں کا کیا مطلب ہو سکتا ہے آخر۔۔۔۔۔۔۔۔۔اب تو آپ مجھ سے کچھ نا چھپائیں۔۔۔۔۔۔۔

آلف فراس کے عین مقابل بیٹھا اب ان سے کہہ رہا تھا۔۔

نظریں نا سمجھی سے فراس پر ٹکی تھیں۔۔۔۔

جبکہ وہ اپنے ہاتھ میں وہ کاغذ پکڑے تھے۔جو آلف نے اس لکڑی کے باکس سے نکال کر انہیں تھمایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

"بلیک ہول"۔۔۔۔۔۔۔

۔انہوں نے اپنے منہ سے ان لفظوں کو دہرایا تھا۔۔۔۔۔

اس وقت وہ دونوں فراس کے فلیٹ میں موجود تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آلف اس باکس کو لیے سیدھا اس مسئلے کا پتا لگانے فراس کے پاس پہنچا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ ان پر نظریں جمائے انھیں سوالیہ نظر سے گھور رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ماموں برائے مہربانی بتائیں یہ سب کس سازش کا حصہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔

انھیں چپ دیکھ کر اب وہ مزید جھنجھلاہٹ سے بولا تھا۔۔۔۔۔۔

۔ان کی خاموشی اسے مزید اکتاہٹ کا شکار کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جبکہ وہ اس پرچی پر نظریں ڈالے چپ تھے۔۔۔

پھر کچھ وقت کے بعد ان کے ہونٹوں کو حرکت ہوئی تھی۔۔۔۔

آلف یہ کوئی ایک شخص نہیں۔۔۔۔۔!!!!۔

۔۔۔۔۔۔فراس نے پہلا جملہ ادا کیا۔لہجہ شکائتی تھا

مطلب۔۔ایک شخص نہیں۔۔۔۔؟؟؟؟۔۔

۔آلف نے انکی بات پر نا سمجھی سے سوال اٹھایا۔۔

"یہ پاکستان کے کونے کونے میں پھیلی ایک تنظیمی سازش کا نام ہے۔۔۔۔۔۔۔"

وہ مزید بولے تھے۔۔۔۔نظریں آلف پر سے ہٹتی کمرے میں لگے پردے پر ٹک گئی تھیں

کیسی سازش۔؟؟؟۔۔۔۔۔

انکے بتانے پر وہ لفظوں پر زور دے رہا تھا

۔۔ناصرف پاکستان بلکے اس نے ترکی شام ایران افغانستان یہاں تک کہ بہت سے مسلم ممالک کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے

وہ مزید بولے تھے

آلف انہیں غور سے سن رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماتھے پر شکنے نمایاں تھیں۔۔۔۔

کچھ دیر ٹھہر کر وہ آگے بات کو جاری رکھتے ہوئے بولے تھے۔۔

میں اور ہماری انٹیلیجنس تیس سال سے اس سازش کے پیچھے اسکے مین کردار کو ڈھونڈ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کتنے لوگ ہماری ٹیم کے شہید ہوئے اس ایک بلیک ہول کے پیچھے۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور اب جا کر ہمیں حقائق کا علم ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جانتے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تیس سال کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ "

"اس تنظیم کا کوئی ایک خاص لیڈر ہے ہی نہیں

فراس اب اس باکس کو ہاتھ سے میز پر رکھ چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔

"واٹ۔۔

۔آخر بغیر لیڈر کے یہ کس طرح کی تنظیم ہے؟؟

انکی بات اسکے یقین سے باہر تھی۔۔۔۔۔۔

اس کے ہزاروں لیڈرز ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ لوگ ہر جگہ سے آپس میں ملے ہوئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ تنظیم صرف ایک مقصد کے تحت کام کر رہی ہے۔۔۔۔۔جس کا شکار تقریباً اسّی فیصد مسلمان ہو چکے ہیں۔۔۔۔۔۔اور باقی ہو رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فراس انتہائی سنجیدگی سے کہہ رہے تھے۔۔۔۔

تو کیا ہم ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہیں گے۔۔۔۔۔

۔اس نے ذہن میں آتا دوسرا سوال تجسس سے کیا تھا

"دو ہزار پندرہ سے انیس کے درمیان لانچ ہونے والے ایپس۔۔۔اس تباہی کی ایک اہم شاخ ثابت ہوئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"اس سال میں اور آگے آنے والے سالوں میں یہ مزید بڑھے گا۔۔۔۔۔۔

فراس اب تفصیل سے بتا رہے تھے۔۔۔جبکہ لہجہ سنجیدہ تھا

آپ ان ایپس کی بات کر رہے ہیں جو کمیونیکیشن کے لیے بنائے گئے ۔۔۔۔؟؟؟۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس نے ذہن میں ہوتے جھماکے کو سوچ کر پوچھ لیا تھا

ہاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر انکا مقصد کمیونیکیشن سے بہت آگے ہے۔۔۔۔۔۔۔ بعض ایپس نوجوان نسل کی بربادی کا سامان مہیا کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

۔۔۔اور بعض دماغی بیماریوں کا سبب بن رہے ہیں۔۔۔۔۔

جانتے ہو اس سال اور پچھلے کئی سالوں سے پاکستان میں نوجوان نسل کے دماغی امراض 20 فیصد بڑھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ناصرف یہ بلکہ بیٹھے بیٹھے جزبات اور اچانک موڈ کا بدل جانا۔۔۔۔۔۔۔ غصہ کرنا اور پھر چڑچڑا ہو جانا۔۔۔۔۔اس قسم کے دماغی امراضوں کا سامنا سب سے زیادہ نوجوان نسل میں ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔

اب اسکی شرح مزید بڑھ رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔یہ سب کیوں کر اور کس لیے ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔اسکی ایک وجہ نہیں ۔۔۔۔۔اٹھتے بیٹھتے ہر چیز میں بلیک ہول نامی اس آپریشن کا ہاتھ ہے۔۔۔۔۔

ہماری ٹیم میں اسکی ایک سب سے بڑی وجہ پتا لگائی ہے۔۔۔۔۔۔۔

کیا وجہ ہے وہ؟؟؟۔۔۔۔

فراس بات کرتے ہوئے صوفے پر جا بیٹھے تھے ۔۔۔جبکہ وہ وہیں کھڑا شکن آلود لہجے میں پوچھ رہا تھا ۔۔۔

ہم سے ہمارے آزاد حصوں کو چھین لینا۔۔۔۔ان ریاستوں پر قبضہ کر لینا جو مسلمانوں کی حکمرانی میں ہیں۔۔۔۔۔۔اور آزاد مسلمانوں کو اپنا غلام بنالینا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ کھیل سالوں سے نسل در نسل چل رہا ہے۔۔۔۔۔۔"۔۔

تو پھر کیا ان ایپس پر پابندی نہیں لگائی جا سکتی۔۔"۔۔

جھنکلاہٹ سے کہا گیا۔واقع فراس کی بات سن کر اسکا دماغ پھٹ رہا تھا۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تمہیں لگتا ہے کہ صرف ایپس بند کروانے سے یہ مسئلہ حل ہو جائے گا ۔۔۔!!!!۔۔۔

یہ میں نے ایک مثال دی ہے تمہیں۔۔۔۔۔۔۔انکی سازشیں اور تباہ کاریاں میں تیس سال سے ملاحظہ کر رہا ہوں۔۔۔۔۔

وہ کہتے ہوئے خاموش ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔

جبکہ آلف کا دماغ سوچوں کے گہرے سمندروں میں غوطے کھانے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥

تاریک رات میں اگر روشنی کہیں پھیلی ہوئی تھی۔۔۔۔۔تو وہ ان گرجتے بادلوں کی تھی۔۔۔۔۔۔۔جو بارش سے پہلے گرج رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

گہرے بادل چاند کی چاندنی کو پورے آسمان میں پھیلا چکے تھا۔۔۔۔۔۔اس چاندنی اور گرجتی رات میں کوئی بے یارو مددگار تھا۔۔۔۔۔۔۔۔جس کا اس سرزمین پر شاید کوئی نا تھا۔۔۔۔۔۔

۔۔۔ہاتھ میں چھوٹا سا بیگ پکڑے ایک انجان سی منزل کی جانب چل رہی تھی۔۔۔۔

گندمی مخملی رنگت والا چہرہ بڑی سی سفید چادر میں ڈھکا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سادھا سے لباس میں ملبوس اس گھر سے بہت دور آچکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لوگوں کی چبھتی نظریں اسکو اپنے اوپر ایک سوالیہ نشان لگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اپنی جانب ہر اٹھنے والی نظر مائسہ کو تیر کی طرح چب رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ہر تیر پر زیام فارس کا نام لکھا تھا۔۔۔۔

ابھی وہ آنکھوں میں بے تحاشہ آنسوں لیے۔۔۔۔دل پر بوجھ لیے چل رہی رہی۔۔۔۔۔کہ ایک آواز نے اسے منجمد کر دیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ آذان کی آواز تھی۔۔۔۔۔۔۔جو ابھی ابھی شروع ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

بے ساختہ مائسہ نے اس آواز کی جانب قدم بڑھائے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اللہ اکبر کی صدائیں سنتی ہوئی تیز تیز بڑھ رہی تھی۔۔۔۔

اللہ اکبر۔۔۔اللہ اکبر۔۔۔

اللہ سب سے بڑا ہے۔۔۔اللہ سب سے بڑا ہے۔۔۔

وہ یہ جانتی تھی کہ مسجد میں عورتوں کا کیا کام۔۔۔۔۔۔۔مگر قدم تھے کہ بس اسی مقام کو ایک محفوظ مقام سمجھ کر بے دھڑک اسی طرف اٹھ رہے تھے۔۔۔۔۔

اَشْهَدُ اَنْ لاَّ اِلٰهَ اِلله۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اشهدو ان محمد الرسول الله ﷺ

حَیَّ اعلَی الصَّلاح۔۔۔۔

حَیَّ اعلَی الصَّلاح۔۔

حَیَّ اعلَی الفَلاح۔۔۔

حَیَّ اعلَی الفَلاح۔۔۔۔۔۔

وہ الفاظ کسی سکینہ کی طرح مائسہ کے دل پر پڑ رہے تھے۔۔۔۔۔۔جواب بند ہو چکے تھے۔۔۔۔۔۔

۔۔اسکا دل اس حالت میں رب کی تسلی پر مہوِ دم سادھ بنتا جا رہا تھا۔۔۔۔۔

اللہ۔۔۔۔۔۔۔وہ ہلکا ہلکا ورد کرتی اس اللہ کے گھر کی طرف بڑھ رہی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

-

کسی عام رنگنے والے کو رنگ ساز کہتے ہیں۔۔۔۔۔ مگر جو رنگ اللہ کے بندوں پر رب کی طرف سے چڑھتا ہو تو وہ قلب ساز بن جاتا ہے۔۔۔۔۔

مائسہ کو اپنے بابا کے الفاظ یاد آئے تھے ۔۔۔۔۔

آذان کے اختتام پر وہ اس چھوٹی سی مسجد کی گلی تک پہنچ چکی تھی۔۔

مسجد اسے بلکل اپنے سامنے دکھائی دے رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ اپنی بوجھل ہوتی کاجلی آنکھوں کو اٹھاتی اس مسجد پر مرکوز کر چکی تھی۔۔۔۔ مگر وہ آنکھیں جھک رہی تھیں۔۔۔ بند ہو رہی تھیں ۔۔۔۔۔

-

اسے اپنے پیروں سے جان نکلتی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔اب آگے بڑھنے کا دم ختم ہو چکا تھا۔۔۔۔۔ اسے لگا تھا کہ شاید موت اسے اس تاریک رات میں چھپکے سے لینے آئی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔ آنکھوں کے سامنے ہر چیز گھومتی نظر آ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اندھیری چاند رات میں وہ اپنا قابو کھوتی ہوئی زمین بوس ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

بادل گرجے تھے۔۔۔۔۔۔۔ بادلوں نے مینا برسایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک موٹی سی بوندھ مائسہ کے سفید گندمی چہرے پر پڑی۔۔۔۔

پھر کئی بوندیں اسکے آنکھوں سے نکلتے آنسوؤں کے ساتھ مل چکی تھیں۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکا جسم آہستہ آہستہ ٹھنڈا پڑ رہا تھا۔۔۔۔ہونٹ گلابی رنگت سے پیلہ رنگ اختیار کر چکے تھے۔۔۔۔آنکھیں بارش میں بھیگتی مزید بوجھل ہو گئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔ہونٹ کانپ رہے تھے۔۔۔

وہ سنسان سڑک تھی۔۔۔۔بارش کا اثر بھی کافی ہو چکا تھا۔۔۔اسکی سفید چادر کچھ مٹی اور کچھ پانی میں بھیگ کر اپنا سفید رنگ کھو رہی تھی۔۔۔

مگر اسے اس وقت کسی چیز کی پروہ نا تھی۔۔۔کچھ یاد نا تھا سوائے اسکے کہ کسی نے اس کے دل کو اسکے جزباتوں کو بری طرح ٹھیس پہنچائی تھی ۔۔۔۔

زیام۔۔۔۔۔۔مائسہ نے اپنی بوجھل آنکھوں کو بند کرتے ہوئے فقط ایک نام لیا تھا ۔۔۔۔۔۔

زیام فارس۔۔۔۔۔یہ نام جواب شاید اس کی زندگی کا ایک دردناک اور سفاک پہلو بن چکا تھا۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

سیلین گھر میں بیٹھی بری طرح بوریت کا شکار تھی۔۔۔۔۔۔۔شام کا وقت تھا۔۔۔۔۔

ہاتھ میں چوٹ کی وجہ سے جاب سے چھٹی لی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اور اب یہ چوٹ اور یہ اکیلا گھر مجھے کھا رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ تنہائی سے لڑتی ہوئی خود اپنے آپ سے مخاطب تھی۔۔۔

لہجہ اور چہرہ صدا کی بوریت کا شکار تھا۔۔۔۔۔جس پر اداسی نے گھر کر رکھا تھا۔

کیا کروں"۔۔۔۔۔۔کیا کروں آخر۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔

ایک بار پھر خود سے سوال کیا گیا تھا۔۔۔۔

اچانک پھر اسکے چہرے پر مسکراہٹ پھیل گئی تھی۔۔۔۔۔دماغ میں ایک جھماکہ سا ہوا تھا۔۔۔۔

کوئی فلم دیکھتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہاں سیلین یہ آئیڈیا اچھا ہے۔۔۔۔۔۔وہ خود کو پرجوش کرتی ہوئی اونچا بول رہی تھی

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور اب وہ صوفے سے اٹھ بیٹھی تھی

اب کیا اکیلے دیکھوں میں فلم۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔۔

ایک سوال نے اسے پریشان کر دیا تھا۔۔۔

!!ہمم۔

دونوں ہونٹوں کو آپس میں ملاتی ہوئی وہ گہری مسکراہٹ سے ہنسی تھی۔

۔۔۔ آلف صاحب کو بلایا جائے !!۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلین کے دماغ میں آلف کا خیال آیا تھا۔۔۔

نہیں بھئی۔۔۔۔۔وہ مجھے بلکل لیک پر بھی لے کر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ منع کر دے گا۔۔۔۔۔۔۔پھر سیلین تمہاری بے عزتی ہو جائے گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے خود کو جواب دیا۔۔

وہ سیلین ہی کیا جو آلف کو تنگ نا کرے۔۔۔۔۔۔دیکھو میں اسے کیسے بلاتی ہوں۔۔۔۔۔۔

سیلین اب اپنا فون پاتھ میں۔ پکڑے آلف کا نمبر ملانے لگی تھی

ہیلو۔!! سیلین

۔۔۔۔۔ آلف نے ایک ہی بیل پر فون اٹھا لیا تھا۔۔۔۔۔۔

جس پر سیلین نے حیرانی سے فون کو دیکھا۔۔۔۔۔

بولو۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔ آلف نے مزید پوچھا۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سیلین فون کو واپس کان سے لگا چکی تھی۔۔۔۔

آل۔۔۔۔۔؟؟۔۔۔۔۔۔وہ آواز کو بھاری بنا کر بولی تھی۔۔۔۔۔

ہاں بولو؟؟؟۔۔۔۔۔

آل وہ۔۔۔۔۔۔۔۔ سیلین مزید آواز کو بھاری کر کے بولی۔

کیا ہوا ہے سیلین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔وہ اب فکر مندی سے پوچھ رہا تھا۔۔

میرے ہاتھ میں۔۔۔۔بہت درد۔۔۔۔بہت درد ہو رہا ہے۔

۔۔اسکا فون اٹھانا تھا کہ سیلین نے اپنی ایکٹنگ کے جوہر دکھانے شروع کر دی ئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!! کیا درد ہو رہا ہے

مقابل سے آلف کی دھیمی آواز آئی تھی۔۔

بہت۔۔۔۔۔اسنے اسکے پوچھنے پر مزید رندھی ہوئی آواز میں کہا۔۔۔چہرہ پر ہنسی تھی۔

"۔۔۔تم رکو۔۔میں آرہا ہوں۔۔۔۔۔کچھ مت کرنا چوٹ کو۔۔۔۔۔ہاتھ مت لگانا۔۔۔

۔آلف کہتا ہوا فون کاٹ چکا تھا۔۔۔۔

جبکہ وہ فون کو ہی دیکھنے لگی تھی۔۔

لو بس۔۔۔۔اتنا آسان تھا۔۔۔اسے بے وقوف بنانا۔۔۔۔۔۔۔اور سیلین تم تو خواں مخاں پریشان ہو رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اب صوفے پر ڈھیر ہوئی مزے سے مسکرا کر دروازے کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

پھر فون نکال کر وہ نئی لانچ ہونے والی ایک فلم بھی ڈاؤنلوڈ پر لگانے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کچھ دیر گزرنے پر اس کو ڈور بیل کی آواز آئی۔۔۔۔

وہ مسکراتی ہوئی دروازے پر پہنچ کر دروازہ کھول چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

سامنے آلف کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور وہ ہلکی مسکراہٹ سے آلف کو ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

۔ارے۔۔۔ سیلین سیدھے ہاتھ سے دروازہ کیوں کھولا ہے؟۔۔۔۔۔۔۔اس میں تو بہت درد ہے تمہارے۔۔۔

۔۔اس نے اسکا ہاتھ پکڑ کر آرام سے اندر آتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلین اسکی بات پر جی جان سے مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر پھر اسکی ہنسی کو بریک لگا تھا۔۔۔

جب آلف اکیلا نہیں ایک دراز قامد شخص بھی گھر میں داخل ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جس کے گلے میں اسٹھیتھس اسکوپ تھا۔۔بلاشبہ وہ ڈاکٹر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ انکو دیکھ کر اب آنکھیں گھمائے ششدر چہرے سے آلف کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ بھی سنجیدہ سا اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔ آنکھیں چھوٹی کی ہوئی تھیں۔

یہ ڈاکٹر ہیں سیلین۔۔۔۔۔۔۔جب تم نے بتایا کہ تمہارے ہاتھ میں درد ہو رہا ہے۔۔۔تو میں انھیں لے آیا ہوں۔۔

اس نے اسکی پھیلی ہوئی آنکھوں میں دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

اور انکو لے کر آگے بڑھ گیا تھا۔۔۔۔

جبکہ وہ تو اپنی جگہ جیسے جم کے رہ گئی تھی۔۔۔۔۔۔جو سوچا تھا وہ اسکے بلکل مخالف ہوا تھا۔۔۔۔

بیٹھو سیلین یہ تمہیں چیک کر لیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اب انھیں صوفے کی طرف لے جا چکا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آ۔۔۔آل۔۔۔زرا میری بات سنو۔۔۔۔۔۔۔

سیلین نے اس سے آہستہ سے سرگوشی میں کہا۔۔۔

ہاں۔۔۔میں سنوں گا۔۔۔پہلے تم چیک اپ تو کروالو۔۔۔۔۔۔۔۔آؤ۔۔۔بیٹھو یہاں۔۔۔

آل اسے دوسرے ہاتھ سے پکڑ کر صوفے پر بیٹھا چکا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ بنا کچھ کیے وہاں بیٹھ چکی تھی۔۔۔۔

ڈاکٹر کے چیک اپ کے درمیان وہ آلف کو ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

ہاتھ کو موو کریں۔۔۔۔۔۔

۔ڈاکٹر نے اسے ہاتھ کو دوسری طرف ہلانے کا کہا۔۔۔۔

وہ اب ہاتھ کو موو کر کے دکھا رہی رھی۔۔۔۔۔۔۔ساتھ ہی نظریں آلف پر تھیں۔۔۔۔۔

جو چیک اپ کو بہت رسوخ سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

باقی سب تو ٹھیک لگ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔بس آپ کو میں ایک پین کلر انجیکشن لگا دیتا ہوں۔۔۔۔

ڈاکٹر نے اپنے بیگ کی جانب رخ کر کے کہا تھا۔۔۔

اور سیلین کی سانس اوپر کی اوپر اور نیچے کی نیچے رہ گئی تھی۔۔۔۔

اس نے خوف سے پھیلی آنکھوں سے آلف کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔الف نے بھی ایک نظر سیلین پر ڈالی تھی۔۔۔۔۔

ہاتھ کو موو کریں۔۔۔۔۔۔۔ڈاکٹر نے اسے پاتھ کو دوسری طرف ہلانے کا کہا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اب ہاتھ کو موو کر کے دکھا رہی رہی۔۔۔۔۔۔۔۔ساتھ ہی نظریں آلف پر تھیں۔۔۔۔۔۔

جو چیک اپ کو بہت رسوخ سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

باقی سب تو ٹھیک لگ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بس آپ کو میں ایک پین کلر انجیکشن لگا دیتا ہوں۔۔۔۔۔

ڈاکٹر نے اپنے بیگ کی جانب رخ کر کے کہا تھا۔۔۔۔

اور سیلین کی سانس اوپر کی اوپر اور نیچے کی نیچے رہ گئی تھی۔۔۔۔۔

اس نے خوف سے پھیلی آنکھوں سے آلف کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔الف نے بھی ایک نظر سیلین پر ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔

جو اس انتظار میں تھی کہ آلف اسے دیکھ کر انجیکشن کا منع کر دے گا۔۔۔۔

اسے سردی میں بھی شدید پسینے چھوٹے تھے۔۔۔

جی ڈاکٹر۔۔۔۔۔درد زیادہ ہے آپ انجیکشن لگا ہی دیں۔۔۔۔۔۔۔آلف نے بھی ڈاکٹر صاحب کی تائید کی تھی۔۔۔۔۔

نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔کوئی درد ورد نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین نے فوراً صوفے سے اٹھ کر کہا تھا۔۔۔۔

سیلین مجھے پتا ہے تم انجیکشن سے ڈرتی ہو اس وجہ سے کہہ رہی ہو کہ درد نہیں۔۔۔۔۔۔

آلف نے مکمل وضاحت کے ساتھ اسے کہا تھا۔۔۔آنکھوں میں شرارت صاف دکھائی دے رہی تھی۔۔۔۔۔۔

جبکہ سیلین کی آنکھیں جو کچھ دیر پہلے مسکرا رہی تھیں وہ اب خوف سے پیلی پڑھ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

نہیں۔۔۔میں سچ کہہ رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔ڈاکٹر مجھے انجیکشن کی کوئی ضرورت نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین نے آلف پر نگاہیں گاڑھ کر چبا چبا کر الفاظ ادا کئے تھے۔۔۔

آلف کی آنکھوں میں وہ شرارت دیکھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آپ کہیں تو میں لگا سکتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس سے درد دور ہو جائے گا۔۔۔ڈاکٹر نے ایک بار پھر کہا تھا۔۔۔

جی نہیں ڈاکٹر بہت شکریہ۔۔۔۔۔۔۔وہ ایک کھا جانے والی نظر آلف پر ڈالتی ہوئی ڈاکٹر کو کہہ چکی تھی۔۔۔

اسکے اس انداز سے کہنے پر ڈاکٹر مزید کچھ نا بولے۔۔۔۔۔۔

اوکے ڈاکٹر صاحب آئیں میں آپکو باہر تک چھوڑ دوں۔۔۔۔۔۔آلف اب ڈاکٹر صاحب کو کہتا ہوا انکے ساتھ باہر کی طرف چل دیا تھا۔۔۔

عجیب۔۔۔عجیب۔۔۔عجیب۔۔۔۔۔۔۔۔تم بہت عجیب ہو آلف۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ منہ ہی منہ میں شدید چڑ کر بڑبڑائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

ہو گیا بڑبڑانا۔۔۔اب سچ بتاؤ کیوں بلایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آلف اسکے عقب سے نمودار ہوتا ہوا صوفے پر بیٹھ کر بولا۔تھا۔۔۔۔۔

وہی بلیک جیکٹ جو وہ اکثر و بیشتر پہنتا تھا۔۔۔۔آج بھی پہنا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بال بغیر جیل کے ہی سیٹ تھے۔۔۔۔چہرہ خوش باش تھا۔۔

سیلین اب اسکے برابر میں صوفے پر آ کر براجمان ہو گئی تھی۔۔۔۔

بلو کلر کے ٹاپ اور جینز میں بالوں کا جوڑا بنائے وہ سادھا سے حلیے میں تھی۔۔۔

اس سے پہلے کہ تم وجہ بتاؤ۔۔۔۔پہلے آنکھیں بند کرو۔۔۔۔۔۔۔آلف نے اسکی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

کیوں۔۔۔؟؟۔۔۔۔سیلین نے کچھ دیر والی بات کو بھلائے عجیب سا منہ بنا کر وجہ جاننا چاہی۔۔

آنکھیں بند۔۔۔۔۔۔۔آلف نے دوبارہ کہا تھا۔

جس پر وہ آنکھیں بند کر چکی تھیں۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکاہاتھ صوفے کے اوپر سیدھاسیدھار کھاہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلین جو آنکھیں بند کر کے پتہ نہیں کیا کیاسوچ کر خوش ہو رہی تھی۔۔۔۔۔اسے ہاتھ پر کچھ چبھتا ہوا محسوس ہوا تھا۔۔۔۔

اچانک سے ہی اس نے آنکھیں کھول دی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ حیرت سے آلف کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

آلف اسکے ہاتھ میں بڑے آرام سے وہ انجیکشن لگا چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے آلف کو دیکھنے کے سوااور کچھ نا کر سکی تھی۔۔۔۔

اچانک سے وہ اٹے کر صوفے سے دو قدم دور ہوئی تھی۔۔۔۔

یہ کیابد تمیزی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین اب اپناہاتھ سہلاتی اسے شدید غصے سے گھور رہی تھی۔۔

بد تمیزی نہیں سزا تھی۔۔۔۔۔۔۔۔آلف دونوں ہاتھ صوفے پر پھیلائے چوڑا ہوتے ہوئے انتہائی سنجیدگی سے بولا تھا

۔۔۔۔۔۔۔

میں تمہیں نہیں چھوڑونگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین شدید غصے میں کچن کی طرف دوڑی تھی۔۔۔۔۔

آلف کی نگاہیں اسی پر ٹکی تھیں۔۔۔۔

وہاں اسے کچھ بھی ایسا نظر نہیں آرہا تھا۔۔جس سے وہ اپنی توہین کا بدلا لے سکے۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر وہ کارنر پر رکھا چاکو ہاتھ میں اٹھا چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

نہیں سیلین۔۔۔۔۔اگر خون کر دیا تو پھر جیل بھی تمہیں ہی جانا پڑے گا۔۔۔۔میرا کیا ہے میں تو سکون سے مر جاؤنگا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔آلف باہر صوفے سے ہی چلایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جس پر وہ مزید چڑ گئی تھی۔۔۔۔۔۔

ابھی بتاتی ہوں بیٹا۔۔۔۔۔۔۔۔ سیلین کہتی ہوئی اب فرج کی طرف بڑھی تھی۔۔۔۔۔

آلف جو مزے سے صوفے پر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔ سیلین کا انتظار کر رہا تھا۔۔ اسکی نظر سیلین پر گئی تھی

جس کے ہاتھ میں کیچپ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلین سوچ لو۔۔۔۔۔؟؟

۔ آلف نے اس کے ہاتھ میں کیچپ دیکھ کر خود کو مکمل الرٹ کرتے ہوئے بولا تھا ۔۔۔۔۔

سوچ لیا۔۔۔۔۔ وہ اب کیچپ کھول کر اسکی طرف ڈال رہی تھی۔۔۔۔

اس کا کیچپ پر ہاتھ رکھنا تھا کہ آلف اپنی جگہ سے پھرتی سے ایک ہاتھ کے سہارے سے اچھل کر صوفے کے دوسری طرف جا چکا تھا

۔۔۔۔۔

اوو۔۔۔ نہیں۔۔۔۔۔۔ سیلین کے منہ سے نکلا تھا۔۔۔ نگاہیں سامنے صوفے پر گڑی تھی۔۔۔

اسکا پھیکا گیا کیچپ اسکے صوفے پر گر چکا تھا۔۔۔۔۔۔

شکست کھانے پر تمہارا منہ بلکل کھجور کی طرح سکڑ جاتا ہے۔۔۔۔

آلف نے اسکے پھولے ہوئے اور غصیلے چہرے کو دیکھ کر تبصرہ کیا ۔۔۔

میں نے کہا تھا سوچ لو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے اب دوبارہ اسکے غصے کو بھڑکایا تھا۔۔۔۔

اب کی بار سیلین نے فوراً کاروائی کرتے ہوئے پانی سے بھرا جگ میز سے اٹھا کر سیدھا آلف کے اوپر پھیکا تھا۔۔۔۔۔

آلف اس اچانک کاروائی کے لیے تیار نا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس لیے اس بار سیلین کا نشانہ ٹھیک آلف تک ہی پہچا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سیلین اسے دیکھ کر مسکرائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اوپر سے نیچے تک وہ پورا بھیگ چکا تھا۔۔۔۔یہاں تک کہ بال بھی ماتھے سے آ لگے تھے۔۔۔۔

بدلے میں میں تم پر پانی نہیں ڈالو نگا۔۔۔۔۔۔۔۔آلف نے اسکے ہاتھ سے اچانک کیچپ چھین کر کہا۔۔

اور سیلین کے کسی بھی ردِ عمل سے پہلے ہی وہ اس پر پورا کیچپ خالی کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

یہ کیا بد تمیزی ہے۔۔۔۔۔۔کیچپ بھی رزق ہے۔۔۔۔۔سیلین اب اپنا کیچپ والا منہ لے کر ٹشو پیپر کی طرف گئی تھی۔۔۔۔

اور ٹشو سے منہ کو صاف کرتے ہوئے بولی تھی۔۔۔۔

ہاں۔۔۔۔۔پانی اپنے شوہر پر پھینکنا تو جیسے بہت ہی ثواب کا کام ہے۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اپنے ٹھنڈے پڑتے ہاتھوں سے اپنی جیکٹ کو جھاڑتے ہوئے کہا ۔۔۔۔

پھر خود ہی اسکے ہاتھ رکے تھے۔۔۔۔۔اس نے اپنے الفاظوں پر غور کیا تھا۔۔۔۔۔۔

پھر اس نے سیلین کے چہرے کو بغور دیکھا۔۔۔۔

جو بغیر کسی تاثر کے اسکے کہے الفاظوں پر اسے ہی بت بنی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

کس نے کہا ہے میں تم سے شادی کرو نگی۔۔۔۔۔۔۔سیلین اسکی بات پر اسے گھورنے کے بعد ہنس دی تھی۔۔۔۔

جس پر آلف بھی کچھ دیر پہلے کے بچوں والے رویے پر ہنس دیا تھا۔۔۔۔۔۔

میں کونسا شادی کرو نگا تم سے وہ تو میں کسی اور کو یاد کر رہا تھا تو منہ سے شوہر نکلا۔۔۔۔۔لگتا ہے یہ شادی کا اشارہ ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آلف نے سیلین کو دیکھ کر کہا تھا جو اب بہت سارا ٹشو پیپر لیے خود کو صاف کر رہی تھی۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

خبر دار۔۔۔۔۔۔۔۔تم بے شک مجھ سے شادی نا کرو۔۔۔۔۔بھاڑ میں جاؤ۔۔۔۔لیکن سیلین کے علاوہ کسی اور کا سوچا بھی تو میں جان سے مار ڈالو نگی تمہیں۔۔۔

وہ اچانک ہی اسکی بات پر سنجیدہ سی ہو کر بولی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔جس پر اک پل کو آلف حیران سا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اس چھوٹی شرارتوں والی ضدی لڑکی کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شاید ہی سیلین کبھی اسکے سامنے اتنا سنجیدہ ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

باقی سب ٹھیک ہے لیکن آلف کو جان سے مارنا زرا مشکل ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے زمین کی جانب نظریں مرکوز کر کے کہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

چھوٹے سے علاقے کی وہ ایک طویل عرض پر پھیلی مسجد تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہاں لوگ اللہ کی بارگاہ میں سر جھکانے دن رات آیا جایا کرتے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس مسجد میں جہاں ہر طرف اللہ کی عبادت دن رات ہوتی تھی۔۔۔وہیں ایک چھوٹی سی جگہ میں اس مسجد کے مالک اور اسکی کفالت کرنے والے انور صاحب اپنی بیگم رخسانہ کے ساتھ رہا کرتے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رات کی تیز ترّار بارش اب ختم ہو چکی تھی۔۔۔۔۔لاہور میں ہونے والی یہ اس سال کی سب سے تیز ریکورڈ کی گئی بارش تھی ۔۔۔۔جو پوری رات برس برس کر اب جا کر کچھ تھمی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں میاں بیوی اس وقت اپنے کمرے میں موجود تھے۔۔۔۔۔۔۔۔انور صاحب ظہر کی نماز کی امامت کروا کر کمرے میں کچھ دیر پہلے ہی لوٹے تھے۔۔۔

انور صاحب کی نظر رخسانہ کے پریشان حال چہرے پر پڑی۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ کرسی پر بیٹھیں سامنے بستر پر پڑے بے ہوش وجود کو دیکھ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سامنے مخملی رنگت والی لڑکی آنکھیں بند کئے بے ہوش پڑی تھی ۔۔۔۔۔۔چہرے کے علاوہ پورا وجود چادر میں پوشیدہ تھا۔۔۔۔۔

آنکھیں سوجی تھیں۔۔۔۔۔اور ان کے ارد گرد سرخی حائل تھی۔۔۔۔۔

ہونٹ اصلی رنگت پر واپس آچکے تھے۔۔۔۔۔۔۔بائیں آنکھ کے پاس والا تل بھی مرجھایا سا تھا۔۔۔۔۔۔۔

انور صاحب اس لڑکی کا تو بخار ہی نہیں اتر رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رخسانہ پھر پریشانی سے بولیں اسکے تپتے ہوئے ماتھے پر اپنا ہاتھ رکھ کر بولیں تھیں ۔۔۔۔

بیگم۔۔۔ آپ اس بچی کو کچھ دیر چھوڑ دیں۔۔۔۔ناجانے کہاں سے آئی ہے۔۔۔ کس مصیبت کا شکار ہوئی ہے۔۔۔۔ناجانے کس دکھ نے اسے بخار میں مبتلہ کیا۔۔۔۔۔۔

انور صاحب اپنی ٹوپی سر سے اتارتے ہوئے رخسانہ کو تسلی دیتے ہوئے بولے تھے ۔۔۔

انور صاحب۔۔۔اگر ہماری اولاد ہوتی تو وہ بھی بلکل اتنی ہی بڑی ہوتی۔۔۔ جتنی یہ ہے۔۔۔۔۔۔رخسانہ نے ایک اور حسرت سے بھری نگاہ اس بے ہوش لڑکی کے چہرے پر ڈال کر کہا۔۔

رخسانہ اولاد نہیں دی اس رب نے میں مانتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔مگر مسجد کے تمام بچوں کو اس نے میری اولاد سے بھی زیادہ میرے اور تیرے قریب بھی تو کر دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اب اس لڑکی کے ذریعے وہ ناجانے کونسی خدمت ہم دونوں سے لینا چاہتا ہے ۔۔۔۔۔۔ناجانے کیا ارادہ ہے اسکی قدرت کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انور صاحب آنکھوں میں تشکر لیے کہہ رہے تھے۔۔۔

انکے یہ الفاظ رخسانہ بیگم کے تسلی کا سبب بنے تھے۔۔۔۔۔اور وہ شکوہ شکایت کو جھٹک کر نماز ادا کرنے کے لیے اٹھ چکی تھیں ۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

شام کا وقت تھا۔۔وہ نیو یارک کا ایک بہت وسیع کرکٹ گراؤنڈ تھا۔۔۔۔۔۔۔چاروں طرف روشنیوں اور بڑے بڑے ڈیگ کا انتظام تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایپس لانچ کرنے والی اس کمپنی کے کڑوڑوں مدح آہستہ آہستہ کرکے اس کمپنی کی جانب سے منعقد ہونے والی اس پریس کانفرنس۔۔۔۔اور ایک اہم کانسلٹ کا حصہ بننے آرہے تھے۔۔۔۔۔۔

ہزاروں کی تعداد میں انتظامیہ وہاں موجود شائقین کا استقبال بڑے رسوخ سے کررہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ نیو یارک سٹی میں ہونے والی ایک بہت بڑی لانچینگ پارٹی تھی۔۔۔۔۔۔۔جس میں ایک بہت ہی اہم اعلان بلیک ڈئزائن نامی اس کمپنی کی طرف سے ہونے والا تھا۔۔۔

ہر طرف شدید گہما گہمی کا عالم تھا۔۔۔شائقین کی بوریت کو دور کرنے کے لیے وہاں بڑے بڑے ڈیگس میں اس وقت کے ٹاپ ٹرینڈنگ گانے لگائے گئے تھے ۔۔۔۔

تاکہ جلدی پہنچنے والے لوگ لطف اندوز ہوتے رہیں۔۔۔۔۔

ایک ادھیڑ عمر کا شخص جو خود ایک بہت ہی مہنگے ترین کوٹ پینٹ میں ملبوس تھا۔۔۔۔۔۔۔۔بیک اسٹیج پر مائیک کی سیٹنگ ہونے کا ویٹ کررہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔بال جیل سے سیٹ تھے۔۔۔۔۔۔کلر سے مکمل بلیک کئے گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لوگوں کی شور کی آواز ہر طرف نمایا تھی۔۔۔لوگ اس اعلان کو سننے کے لیے بے چین تھے جو وہ شخص اس وقت کرنے والا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بے چینی کا یہ دور ختم کرتے ہوئے وہ شخص اسٹیج سے اشارہ ملنے پر اسٹیج پر پہنچا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ساتھ ہی سکیورٹی کو اور بھی سخت کردیا گیا تھا۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تالیوں کا ایک شور تھا جو اچانک سے ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔ہو کوئی اب بے چینی سے اس شخص کی طرف نگاہوں ہو جمایا ہوا تھا۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ شخص ہاتھ میں مائیک پکڑے بغیر کچھ بولے ایک ہاتھ اٹھاتے ہوئے وہاں کے تمام میمبرز کو ہائے فائے کر چکا تھا۔

ہیلو نیویارک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ پورے اعتماد سے بولا تھا۔۔

so my name is ....delsan ten ....and

as you all know .....our company black design is went throw a big hit this year.....

(میرا نام ڈیلسن ٹین ہے۔۔۔اور جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں۔۔۔ہماری کمپنی بلیک ہول ایک بہت بڑی کامیابی سے گزری ہے۔)

وہ شخص پورے مجمعے سے انتہائی جوش کے ساتھ رابطہ میں تھا۔۔۔۔۔۔

ساتھ ہی کیمرہ کے زریعے اس کی باتیں اور وہاں موجود ایک بہت بڑا مجمعہ با آسانی ٹی وی پر بھی دکھایا جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔کافی تعداد میں لوگ ٹی وی پر دیکھ سن رہے تھے۔۔۔۔

and you all know that we are getting better and better ..thats why you all came here .....and if I say this so I am sure I am not wrong....that we are entertained you alot .....our new ideas and our new apps are giving u a much better place for communication then others ..

(آپ سب جانتے ہیں کہ ہم اس فیلڈ میں بہت اچھے ہوتے جا رہے ہیں۔۔۔۔۔۔اسی لیے تو آپ سب یہاں آئے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔اور اگر میں یہ کہوں تو غلط نہیں ہو گا کہ ہم نے آپ سب کو بہت خوش کیا ہے۔۔۔۔۔۔ہمارے نئے طریقے اور نئے ایپس آپ سب کو ایک بہت ہی اچھی جگہ رابطوں کی مہیا کر رہے ہیں۔۔۔۔۔)

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس شخص کی بات ختم کرنا تھا کہ چاروں طرف سے شور اور سیٹیوں کی آواز ابھری تھی۔۔۔۔۔۔

so know without any more time .... I am here to share my world best and number one idea all across the world .....

(اب کسی قسم کا وقت ضائع کیے بغیر۔۔۔۔۔میں یہاں ہوں آپ لوگوں سے اپنا پہلا اور سب سے بہترین ایپ آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔۔۔۔۔)

so the app name is ..."star rockers".....

اس کے یہ کہنے کہ دیر تھی کہ سامنے لگی بڑی سی اسکرین پر اس ایپ کا لوگو دکھائی دیا جانے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔

پنک اور بلیک کلر کا لوگو جو دیکھنے والوں کو اچھا لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسٹار روکر۔۔۔۔۔۔یہ اب تک کی جتنی ایپس ہیں ان سے مختلف ہے۔۔۔۔۔یہ اک ایسی ایپ ہے

جس سے آپ لوگ خود کو اپنی پسندیدہ فلم کا حصہ بنا سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔خود کو سنگر بنا سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنا ڈانس لوگوں تک پہنچا سکتے ہیں۔۔۔۔

کوئی بھی شخص یا بچہ بغیر پیسے کے بلکل فری اس ایپ کو ڈاؤنلوڈ کر سکتا ہے۔۔۔۔۔۔۔ناصرف ڈاؤنلوڈ بلکے وہ اس ایپ کے زریعے ایک فلم اسٹار کی طرح اپنے فین بنا سکتا ہے

۔۔۔۔لوگوں کو اپنا مدح بنا سکتا ہے۔۔۔۔

اپنی ایکٹنگ کے نمونے دکھا سکتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اس ایپ میں آپ کوئی بھی اپنا پسند کا جملہ جو آپ کے پسندیدہ ہیرو اور فلم اسٹار نے بولا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔وہ آپ اپنی ایکٹنگ کے ساتھ بول سکتے ہیں۔۔۔۔

لڑکیاں جو دوسروں تک اپنا ڈانس نہیں پہنچا سکتی وہ پہنچا سکتی ہیں۔۔۔۔کسی بھی قسم کا ڈانس کر کے آپ لوگوں کو اپنا فین بنا سکتے ہیں ۔۔۔۔۔۔لوگ ناصرف آپ کو پسند کریں گے بلکہ وہ آپکو فولو بھی کرینگے۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور پھر آپ میں سے جس کے فین زیادہ ہوں گے انھیں کراؤن بھی دیا جاتا ہے۔۔۔۔

ڈیلسن کہ بات کا ختم ہونا تھا کہ پوری عوام پاگلوں کی طرح ہوٹنگ اور شور کرنے لگی تھی۔۔۔

۔۔ہر طرف سب لوگ اچھل اچھل کر خوشی کا اظہار کر رہے تھے۔۔۔۔

کچھ تو فون نکال کر اس ایپ کو ڈاؤنلوڈ بھی کرنا شروع ہو چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور کچھ دل میں ارادہ کر چکے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہماری کمپنی بلیک ڈیذائن نے کبھی آپ کو مایوس نہیں کیا اور نا کرینگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس ایپ کو جتنا ہو سکے لوگوں سے شئیر بھی کریں اور لوگوں کو اس کے بارے میں بھی بتائیں۔۔۔۔۔۔

اس کی ہر طرح کی ڈیٹیل اس ایپ کے بایو میں لکھی جا چکی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ آپ کی غم زدہ زندگیوں کو ایک بہت ہی اچھا اور خوش کر دینے والا احساس دے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

hats of to you All .....

وہ شخص کہتا ہوا اس پاگل ہوتے ہوئے مجمعے پر ایک نظر ڈال کر وہاں سے بیک اسٹیج کی طرف بڑھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور لوگ بس اس لانچ ہونے والے نئے ایپ کی تصویر کو دیکھ کر ہوٹنگ اور تالیاں بجانے میں ہی مصروف تھے۔۔۔۔۔۔۔

کھن۔۔۔۔۔کھن۔۔۔کھن۔۔۔

پایل کی آوازیں چاروں طرف اس محل نما کوٹھی پر گونج رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

حسن کے دکھاوے کا کام بڑے زور و شور سے اپنے عروج پر تھا۔۔۔۔وہی دھن کے کالے اور تن کے میلے لوگ ان نمائش پر لگی رقاصہ عورتوں کو لالچی رال ٹپکاتی نظروں سے دیکھ کر جی بہلا رہے تھے۔۔۔۔۔۔گناہوں کا وہی بازار اسی بے خوفی سے اسی طرح گرم تھا۔۔۔۔۔۔

خدا نے انکی رسیوں کو اتنا ڈھیلا چھوڑا ہوا تھا کہ اب نظر رحمت تو دور کی بات انکے چہروں پر سے بھی نور اٹھ چکا تھا۔۔۔۔۔

تارا بیگم غصے سے بیٹھی انگھوٹھیوں سے بھرے ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر مار رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

کہ شانو دوڑتی ہوئی انکے پاس آکر کھڑی ہوئی تھی۔۔۔۔

تارا جی۔۔۔۔وہ حیدر صاحب آئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شانو نے کچھ ہچکچاہٹ سے کہا تھا۔۔۔۔

آگئی وہ نیچ زات شخصیت۔۔۔۔ بھیجو انھیں میرے پاس۔۔۔۔۔تارا بیگم نے اپنی موٹی موٹی آنکھوں کو چڑھا کر کہا تھا

کچھ دیر بعد حیدر مخصوص سے کوٹ پینٹ میں اسٹائل سے چلتا ہوا اس طرف آیا تھا۔۔۔۔

اشارے سے تارا بیگم کو سلام کیا گیا تھا۔۔۔۔

جس پر انہوں نے اشارے سے سامنے پڑے مہنگے ترین صوفے پر اسے بیٹھنے کا اشارہ کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دید خاموشی کے نظر ہوئے تھے ۔۔۔۔

وہ نئی لڑکی پسند آئی آپکو۔۔۔۔۔۔۔۔حیدر آنکھوں میں چمک کے ساتھ بولا تھا۔۔۔۔۔۔ایک ہاتھ سے وہ کوٹ کا بٹن کھول چکا تھا

۔۔۔۔۔۔

آپ ہم سے ایسا مزاق کرنے کی جرأت کر کیسے سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔!!!۔۔۔۔تارا بیگم اب شدید سخت مگر دھیمے لہجے سے بولی تھیں

۔۔۔

کیسا مزاق تارا جی۔۔۔۔۔!۔۔۔کیا نئی لڑکی پسند نہیں آئی۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔حیدر انکی باتوں کا سمجھ نہیں سکا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کیسی لڑکی!!!۔۔۔جس لڑکی پر آپ کو وہ پچاس لاکھ دینے تھے وہ لڑکی تو ہم تک پہنچی ہی نہیں ہے۔۔۔۔صبح کا وعدہ تھا !!!۔۔۔۔۔اب دن چڑھ آیا ہے۔۔۔۔۔اب آپ اپنا کونسا منہ لے کر یہاں آئے ہیں ۔۔۔۔۔

وہ آنکھیں چڑھاتی ہوئی خار کھانے والے لہجے میں بولی تھیں۔۔۔۔۔

کیا بات کر رہی ہیں۔۔؟؟؟۔۔۔زیم نے اس لڑکی کو یہاں نہیں پہنچایا۔۔۔۔؟؟۔۔۔۔حیدر حیرانی سے بولا تھا۔۔۔۔

بلکل۔۔۔ایسا ہی ہے۔۔۔۔۔تارا بیگم کے اقرار پر وہ مزید حیرت میں آیا تھا۔۔۔۔

آپ مجھے ایک منٹ دیں۔۔۔۔۔۔حیدر جیب ٹٹولتے ہوئے بولا تھا ۔۔۔۔۔

اس نے ایک طرف کو جا کر اپنے جیب سے فون نکال کر زیم کو فون ملایا تھا۔۔۔۔

ایک بار۔۔۔۔۔دو بار۔۔۔۔

وہ پورے تین بار فون ملا چکا تھا۔۔۔۔۔مگر کسی قسم کا کوئی جواب موصول نہیں ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔

اس نے زیم کی ملازمہ کو فون ملایا تھا۔۔۔۔۔

جی صاحب۔۔۔۔اس نے فون اٹھا کر کہا۔۔۔

زیم کہاں ہے۔۔۔۔۔۔۔رات کو کیا کچھ ہوا تھا۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔حیدر نے فوراً اس سے سوالات کئے تھے ۔۔۔۔

صاحب کے کہنے پر میں تو لڑکی کو کمرے میں بٹھا کر صاحب سے چھٹی لے کر گھر آ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔اس کے بعد کا مجھے کچھ نہیں پتا۔۔۔۔۔۔اس نے فوراً انکار کیا تھا۔۔۔۔

فون رکھ کر اس نے فوراً زیم کے گھر جانے کا سوچا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیم کو وہ پانچ سال سے جانتا تھا۔۔۔۔۔۔۔اس طرح کا دھوکہ وہ حیدر کو کبھی نہیں دے سکتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس بات کا پورا یقین تھا اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

دوپہر کے دو بج رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔حیدر تارا بیگم کی کوٹھی سے سیدھا زیام کی تلاش میں نکلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہی گہما گہمی کا عالم جو دنیا کا دائمی رواج بنتا جا رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہی عالم اس وقت نمایاں تھا۔۔۔ گاڑیوں کا شور جو کانوں میں کسی مچھر کی طرح چپتا ہے۔۔۔۔۔

۔۔۔وہ گاڑی تیزی سے بھگاتا ہوا بار بار گھڑی پر نظر ڈال رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

ذہن منتشر سوچوں کا شکار تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکا ذہن محظ ان باتوں میں اٹکا تھا کہ زیام اس وقت کہاں ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ لڑکی ہمیشہ کی طرح اس کوٹھے پر کیوں نہیں پہنچی۔۔۔۔۔۔۔۔

انہیں منتشر سوچوں میں وہ کئی بار زیام کا نمبر ملا چکا تھا۔۔۔۔۔جو کہ ہر بار بج بج کر بند ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔

آپ کا جواب موصول نہیں ہو رہا ہے برائے مہربانی کچھ دیر بار کوشش کریں ۔ ۔۔۔۔

شٹ اپ۔۔۔۔۔جسٹ شٹ اپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔حیدر چڑتا ہوا موبائل سے گویا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ زیام کے گھر کے راستے میں تھا۔۔۔۔اور اسکا فون بجا تھا۔۔۔۔

اس نے ایک ہاتھ سے اسٹیرنگ ویل پکڑ کر دوسرے ہاتھ سے فون اٹھایا تھا

ہیلو۔۔۔۔۔بولو شوکت پہنچے زیام کے گھر۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔حیدر نے اپنے ملازم سے فون پر کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

صاحب۔۔۔۔۔یہاں تو زیام بابا کا پورا گھر کھلا پڑا ہے۔۔۔۔۔۔زیام بابا کا کچھ پتا نہیں۔۔۔۔۔۔۔

شوکت نے وہاں کی صورتحال سے حیدر کو آگاہ کرتے ہوئے کہا ۔۔۔

۔۔۔۔۔ایسا کیسے ہو سکتا ہے۔۔!!!۔۔۔۔تم۔۔تم اندر مت جانا۔۔۔۔۔میں آ رہا ہوں۔۔۔۔۔تم گھر جاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔اس وقت وہ کسی بھی خطرے کا رسک نہیں لینا چاہتا تھا۔۔۔۔۔

جی صاحب۔۔۔۔۔مقابل سے جواب آیا تھا۔۔۔

۔اسکا جواب سن کر حیدر نے فون رکھ دیا تھا۔۔۔۔۔

اس نے ہر پریشانی اور مسئلہ کو زیرِ نظر رکھ کر شوکت کو جانے کا کہا۔۔۔اور خود تیزی سے گاڑی چلا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

نہیں زیام تم مجھے دھوکہ نہیں دے سکتے۔۔۔۔۔تم ایسا نہیں کر سکتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں تمہیں ایسا نہیں کرنے دے سکتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ منتشر سوچوں کے ساتھ خود سے مخاطب ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

گاڑی تیزی سے زیام فارس کے گھر کے راستے پر تھی

کچھ دیر بعد وہ گاڑی زیام کے گھر کے بلکل گیٹ پر رکی۔۔۔۔۔۔۔۔

حیدر گاڑی سے تیزی سے باہر نکلا تھا۔۔۔۔۔۔۔

سامنے زیام کے گھر کا مین گیٹ اس نے کھلا ہوا پایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ تیزی سے اس گیٹ سے اندر کی جانب گیا۔۔۔

وہاں اسکے گھر کا اندرونی دروازہ بھی کھلا تھا۔۔۔۔۔

۔حیدر بہت سی سوچوں کو ذہن میں لیے گھر میں داخل ہوا تھا۔۔۔۔۔

۔۔وہاں اسے زیام کی ملازمہ خاتون نظر آئی تھی۔۔۔۔۔

تم یہاں کیا کر رہی ہو۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔حیدر نے اسے دیکھ کر فوراً سوال کیا تھا۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

صاحب جی میں تو ابھی کچھ دیر پہلے آئی ہوں۔۔۔۔زیام بابا گھر پر کہیں نظر نہیں آرہے انکا کمرہ بھی بند ہے۔۔۔۔۔۔۔باہر گیٹ بھی کھلا تھا۔۔۔کچھ گڑبڑ ہے صاحب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے حیدر کو ہر بات سے آگاہ کرتے ہوئے پریشانی سے بتایا

۔۔۔

زیام کا کمرہ بند ہے؟۔۔۔۔۔اس نے اسکی بات کو دہرایا تھا۔۔۔۔۔پھر بغیر کچھ کہے وہ سیدھا اوپر کی جانب بھاگا تھا۔۔۔

اب وہ وہاں اوپر پہنچ کر سیدھا زیام کے کمرے کی طرف بڑھ رہا تھا۔۔۔

جب اسکی نظر اسکے بلکل سامنے والے کمرے کی جانب پڑی تھی۔۔۔۔۔

جو بلکل کھلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس کمرے کی جانب بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔

کمرے کے اندر عروسی جوڑا۔۔۔۔اور کچھ جیولری پورے بستر پر بکھری پڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو کہ بیڈ پر پھیکی گئی تھی۔۔۔۔۔

اس کے علاوہ کچھ بھی نہیں تھا۔۔۔۔۔

۔۔۔وہ لڑکی بھاگ گئی۔۔۔۔۔۔حیدر نے مٹھیاں بھینچ کر کہا۔

اب وہ زیام کے کمرے کے باہر تھا۔۔۔

زیام دروازہ کھولو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیام۔۔۔۔۔؟؟۔۔۔

کئی آوازیں لگانے کے بعد بھی وہاں سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس کمرے کی چابی کہاں ہوتی ہے۔۔۔۔؟؟۔۔۔حیدر کو کسی گڑبڑ کا احساس ہوا تھا۔۔اس نے فوراًاس ملازمہ سے پوچھا

۔۔۔۔۔

جی۔۔۔یہ لیں صاحب۔۔۔۔۔۔۔۔ملازمہ اسکے کہنے سے پہلے ہی چابی ہاتھ میں پکڑی اس تک پہنچی۔۔۔

حیدر نے جلدی سے وہ چابی اسکے ہاتھ سے لی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ دروازہ کھول رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

نہیں ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا۔۔۔۔۔اس کا مطلب ہے مزید تباہی۔۔۔مزید بربادی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فراس ہاتھ میں ٹی وی کا ریموٹ پکڑے اسے مزید سختی سے پکڑ کر بولے تھے۔۔۔۔

ہوٹل کے روم میں بیٹھے وہ پاکستان کے نیوز چینل میں چلنے والی اس نیوز کو سن رہے تھے۔۔۔۔

سامنے چینل پر چلتے ہوئے نیو یارک کے اس بلیک ڈیزائن کمپنی کے اس لانچ کیے ہوئے ایپ کی تصاویر چل رہی تھیں

۔۔۔۔۔

بتایا جارہا تھا کہ اب تک دنیا بھر سے 20٪لوگ اسے ڈاؤنلوڈ کر چکے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ناظریں آج ہم آپ کو بتانے جارہے ہیں۔۔۔نیو نیارک بلیک ڈیزائن کمپنی کی طرف سے لانچ کئے گئے اس ایپ کے

بارے میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جسے ایپ مارکیٹ میں لانچ ہوئے ابھی صرف دو دن ہوئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔حیرت انگیز طور پر بتایا جارہا ہے۔۔۔۔کہ اسے

دنیا بھر سے 20 فیصد لوگ اب تک اپنے فون میں ڈاؤنلوڈ کر چکے ہیں۔۔۔۔۔

اب تک کسی بھی ایپ کو اتنی مقبولیت حاصل نہیں ہوئی۔۔۔۔۔۔جتنی اس ایپ اسٹار روکر کو مل رہی ہے۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب دیکھا یہ جارہا ہے۔۔۔ کہ کون کون سے ممالک اس ایپ کو اپنے ملک میں استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔۔۔۔۔۔

اتنا سننا تھا کہ ٹی وی بند کر دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔ فراس نے ہاتھ میں پکڑے ریموٹ کو سختی سے دبایا تھا۔۔۔۔۔

نہیں ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا۔۔۔۔۔ اس کا مطلب ہے مزید تباہی۔۔۔ مزید بربادی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وقت ہے۔۔۔۔ بلکہ یہی وقت ہے کہ کھل کر مقابلہ کیا جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے اپنے جانبازوں کو تیار کرنا ہو گا ۔۔۔۔۔۔۔ اب مزید ہاتھ پہ ہاتھ دھر کر نہیں بیٹھا جا سکتا۔۔۔۔

انہوں نے خود سے کلام کرتے ہوئے نتیجہ اخز کیا تھا ۔۔۔۔

اور کسی کو فون ملایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

جلدی سے وہ میری سب سے اہم فائل میرے پتہ تک پہنچاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انہوں نے انتہائی سنجیدگی سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

سر کیا آپ واقع اس اہم ترین فائل کی بات کر رہے ہیں۔۔۔۔۔ مقابل نے حیران ہو کر سوال کیا تھا۔۔۔۔۔۔

سوال کر کے میرا وقت برباد مت کرو۔۔۔۔۔ جلدی سے وہ فائل پہنچاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فراس اب مزید سختی سے بولے تھے ۔۔۔۔۔

یس سر۔۔۔۔ مقابل سے خاموشی چھا گئی تھی

انہوں نے فوراً فون کاٹ دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

ماسکو شہر میں شام کا وقت تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ موسم میں ٹھنڈ دگنی ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔ درختوں پر بسنے والے چرند پرند اپنے گھونسلوں کا رخ کر چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سیلین کے چھوٹے سے گھر میں کچھ دیر پہلے ہونے والے اس لڑائی کے مناظر اب بدل چکے تھے۔۔۔۔۔۔

آلف زمین پر گھٹنوں کے بل بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ساتھ ہی ٹشو پیپر کا بہت بڑا سا رول تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔جس کے ساتھ وہ واشنگ سوپ بھی لیے ہوئے تھا ۔۔۔۔۔۔

اور صوفے پر لگے اس کیچپ کو صاف کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آنکھیں اس دھبے پر ہی ٹکی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو آلف کے ہاتھوں گھس گھس کر صاف ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف اپنی بلیک ٹی شرٹ میں تھا۔۔۔۔۔۔جیکٹ وہ کب کا اتار کر سیلین کو تھما چکا تھا۔۔۔۔

دوسری طرف سیلین واشروم میں ڈرایَر سے آلف کی جیکٹ کو سوکھا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

دونوں اپنے اپنے کارناموں کو درست کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف صوفے کا دھبا صاف ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔

سیلین نے واشروم سے آلف کو آواز لگا کر پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی جناب۔۔۔۔بس تھوڑا گیلا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔جس پر میں استری کرنے جا رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے آواز لگا کر بتایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں۔۔۔۔؟۔۔رکو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!!۔۔۔ سیلین اسے منع کرتی ہوئی بھاگتی ہوئی لاؤنج تک پہنچی تھی۔۔۔۔۔۔

مگر اس سے پہلے استری صوفے پر لگ چکی تھی۔۔۔۔۔

آلف کو گڑبڑ کا احساس ہوا۔۔۔۔جس پر اس نے استری اٹھائی تھی۔۔۔۔۔۔

پھر اس نے ایک چور نظر منہ کھولے کھڑی سیلین پر ڈالی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سیلین استری کا مکمل نشان اب اپنے جلے ہوئے صوفہ کور پر دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو استری کی مکمل تصویر اپنے اوپر پیش کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

آخر کار میرا صوفہ کور خراب کر ہی دیا تم نے۔۔۔۔۔۔ سیلین اس کی ڈرائے کی ہوئی جیکٹ اس کے اوپر پھینک کر دانت پیستی ہوئی بولی تھی ۔۔۔۔۔۔۔

جسے آلف نے پکڑ لیا تھا۔۔۔

مجھے کیا پتا تھا یہ ویلوٹ کا کپڑا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے اپنی صفائی پیش کی۔۔۔۔۔۔

اب وہ اپنی جیکٹ پہن چکا تھا۔۔۔۔۔

مگر یہ تو سیلین بھی جانتی تھی کہ اب کیا ہو سکتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اس صوفے سے مکمل کور ہٹا دیا تھا۔۔۔۔

دیکھو۔۔۔۔اب زیادہ اچھا لگ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ایک آئی برو کو اٹھا کر بولا تھا۔۔۔۔

اب صوفہ اپنی اس قدر توہین پر مدد طلب نظروں سے سیلین کو پکار رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ سیلین دانت پیس کر ہی رہ گئی تھی۔۔۔۔۔

افففففف۔۔۔۔۔۔ چھوڑو یہ۔۔۔ سیلین نے تنگ آنے والے انداز میں سامنے کھڑے آلف سے کہا تھا۔۔۔۔۔

۔۔۔۔میرے پاس ایک مووی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پلیز دیکھو گے میرے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پاکستان میں اپنی دوستوں کے ساتھ دیکھتی تھی۔۔۔۔ لیکن یہاں کوئی دوست نہیں۔۔۔ سوائے سر درد کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ چہرہ حد درجہ معصوم بنائے ۔۔۔انتہائی معصومیت سے کہہ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کونسی مووی۔۔؟؟؟۔۔۔۔ آلف نے اسکی بات پر آئی برو چڑھا کر پوچھا تھا۔۔۔۔

سیلین اسکی رضامندی سمجھ کر خوشی خوشی اسے دکھانے کے لیے فون کی طرف بڑھی تھی۔۔۔۔

وہ اب ڈاؤنلوڈ فلم اسے دکھا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اسکے ہاتھ سے فون لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ اب خود اس فلم کے فیچرز اور اسٹوری کو اسکے بایو سے پڑھ رہا تھا۔۔۔۔

وہاں انگلش میں اس فلم کے بارے میں معلومات لکھی گئی تھی۔۔۔۔

یہ فلم ایک ایسی لڑکی کی کہانی ہے۔۔۔۔جو سنگر بننا چاہتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سنگر بننے میں اسے بہت مشکلات کا سامنا ہوا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ان مشکلات میں سب سے بڑا ہاتھ اسکے اپنے باپ کا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لڑکی کی ماں ہندو تھی۔۔۔۔اور اس نے ہندو ہوتے ہوئے اس لڑکی کو اسکے باپ سے بچایا جو اسے سنگر نہیں بننے دینا چاہتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

دیکھیے اس لڑکی کی کہانی کیا وہ اس معاشرے میں اپنے ظالم باپ کا مقابلہ کرتے ہوئے سنگر بن پائے گی ۔۔۔۔۔یا پھر اسکا باپ اسے گھر میں قید کر دے گا ۔۔۔۔۔۔۔

یہ تحریر پڑھ کر آلف کو سر گھومتا محسوس ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے ایک طائرانہ نظر سیلین پر ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو خوشی خوشی اسی انتظار میں تھی کہ اب وہ اور آلف بیٹھ کر مووی دیکھیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ اسکا فون سامنے ٹیبل پر رکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

اور سیلین بڑے غور سے اسے ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہم یہ مووی نہیں دیکھ رہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!!۔۔۔۔۔آلف نے سیدھا سیدھا اسے منع کیا تھا۔۔۔۔۔

کیوں؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟۔۔۔۔۔ سیلین نے کھینچ کر بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف اسکے اترے ہوئے چہرے پر نظر رکھے ہوئے تھا۔۔۔۔۔

سیلین میں تمہیں کس طرح سمجھاؤں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے دل ہی دل میں خود سے مخاطب ہو کر کہا تھا۔۔۔

تم ابھی اگر مجھ سے کوئی سوال نہیں کرو گی تو کل تمہیں ایک جگہ لے کر جاؤنگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے دماغ میں ایک حل نکال کر سیلین سے کہا تھا۔۔۔۔

وہ اسکے کہنے پر سوچ میں پڑ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہمممممم۔۔۔۔۔ چلو ٹھیک ہے۔۔۔۔ لیکن کہاں لے کر جاؤ گے۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ اپنے دماغ میں ہزار طرح کے جگہوں کا سوچ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ سرپرائز ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کل ہی پتا لگے گا۔۔۔۔۔۔ آلف نے سنجیدگی سے بہت کچھ سوچتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ ایک ڈیجیٹل اسکرین تھی۔۔۔۔ جو کافی بڑے پیمانے پر اس کمرے میں لگی تھی۔۔۔۔

وہ کمرہ چاروں طرف سے اندھیرے میں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ روشنی تھی تو صرف اس ڈیجیٹل اسکرین کی۔۔۔۔۔ جو سامنے دیوار پر باآسانی نظر آرہی تھی۔۔۔۔

اس اسکرین پر ایک بڑا سا چارٹ ایک گول سرکل کی صورت میں بنا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جس کے بیچ میں مختلف رنگوں سے چھوٹی اور بڑی لائنیں بنی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکے برابر میں فیصد کا چارٹ لگا تھا۔۔۔۔۔ جہاں مختلف رنگوں کے ساتھ انکی فیصد بھی لگی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سامنے وہ شخص اپنے مخصوص پینٹ شرٹ میں کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بالوں کو جیل سے سیٹ کیے ایک ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈالے وہ سامنے اسکرین پر نظریں جمایا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

سامنے اسکرین پر دیکھ کر وہ شدت سے مسکرایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور جلدی۔۔۔اور جلدی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈیلسن نے لال کلر کی بڑھتی فیصد کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

ساتھ ہی وہ بلو کلر کی فیصد کو شدت سے گھٹتا دیکھ کر خوش ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔

لوگ ہمارے اس اسٹار روکر ایپ کو بہت پسند کر رہے ہیں فادر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پیچھے سے اسے اپنے آدمی کی آواز آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور نہیں تو کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ٹارگٹ نمبر ایک تو کمپلیٹ ہو ہی گیا تقریباً۔۔۔۔اب ٹارگٹ نمبر 2 کی طرف آ جاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔

سر آپ اس کامیابی پر پارٹی نہیں دینگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ آدمی خوشی کے ساتھ ڈیلسن سے بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔

جس پر ڈیلسن نے مڑ کر اس شخص کو دیکھا تھا۔۔

اگر اپنی جیت کے بعد اسکی خوشیاں منانے میں وقت لگا دیا جائے ۔۔۔۔تو سمجھ لو اس سے بھی بڑی ہار تمہارا انتظار کر رہی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن انتہائی سنجیدگی سے آنکھیں اس آدمی پر گاڑ کر کہہ رہا تھا۔۔۔۔

سمجھ گیا۔۔۔۔۔۔اس شخص نے فوراً اقرار کیا تھا۔۔۔۔۔۔

مجھے مسلم ممالک کی خبر دو۔۔۔۔۔کہاں تک یہ ایپ پہنچ گیا ہے وہ بتاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔

جی سر۔۔۔۔وہ شخص آگے کی طرف آ کر بولا تھا۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سر اس ایپ کے لیگل ہونے کے نوٹس تقریباً ہر ملک سے ہمیں موصول ہو گئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔اور کسی نے بھی اس ایپ کو بین کرنے کا بند کرنے کا اعلان نہیں کیا ۔۔۔۔

وہ شخص خوشی سے بولا تھا۔۔۔

بہت خوش۔۔۔۔۔۔۔۔میں بہت خوش ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔ڈیلسن سامنے اسکرین پر نظر رکھ کر جوش سے بولا تھا۔۔۔۔۔

جانتے ہو۔۔۔۔۔ہمارے آباؤاجداد نے ہمیں یہی سکھایا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔جب گھی سیدھی انگلی سے نا نکلے تو انگلی ٹیڑھی کر دینی چاہیے۔۔۔۔۔

میں کچھ سمجھا نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس آدمی نے نا سمجھی سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن نے سامنے میز پر پڑی اپنی ریوولور سے سیدھا اس شخص کے سر کا نشانہ لے کر پھرتی سے فائر کیا تھا۔۔۔۔

اور وہ شخص وہی اسی وقت مر گیا تھا۔۔۔۔اور اسکا جسم زمین پر ڈھے گیا تھا۔۔۔

پورے کمرے میں گولی کی آواز گونجی تھی۔۔۔۔

اب وہ گن واپس رکھ کر اس مرے ہوئے آدمی سے گویا ہوا تھا ۔۔۔۔۔

جب گھنا درخت کاٹنا ہوتا ہے۔۔۔۔تو اس درخت کی شاخیں کاٹنے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔۔۔۔۔جب تک اس درخت کی جڑ کو نشانہ نا بنایا جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس اوندھے گرے ہوئے مردہ شخص سے مخاطب تھا ۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

حیدر زیام کے کمرے کا دروازہ کھول کر بری طرح سکتے میں آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کمرے میں ہلکی روشنی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نائٹ بلب جل رہا تھا۔۔۔۔

اور زیام اپنے بیڈ کے برابر میں فرش پر اوندھا گرا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بظاہر دیکھنے میں وہ بے ہوش معلوم ہوتا تھا۔۔۔۔۔۔

زیام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حیدر بھاگتے ہوئے اسکے نزدیک پہنچا ۔۔۔۔۔

اب وہ اسے سیدھا کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔

زیام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اب اسے آواز دے رہا تھا۔۔۔۔

اسے ہاتھ لگا کر اسنے فوراً پیچھے ہٹایا تھا۔۔۔۔۔

اسکا جسم تپ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بہت تیز بخار میں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔حیدر نے وہاں کھڑی ملازمہ کو بتایا تھا۔۔۔۔۔

پانی لاؤ۔۔۔۔حیدر نے ملازمہ سے کہا تھا۔۔۔۔۔

جو خود بھی زیام بابا کی یہ حالت دیکھ کر شدید شاک میں تھی۔۔۔۔۔۔

صاحب یہ لیں۔۔۔۔پانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے فوراً پانی لا کر حیدر کے حوالے کیا تھا۔۔۔۔۔۔

زیام کے منہ پر پانی کے چند چھینٹے مارے گئے تھے ۔۔۔۔۔

مگر رتی برابر بھی کوئی حرکت نہیں ہوئی تھی۔۔۔

حیدر نے گھبرا کر اسکی نبض چیک کی تھی۔۔۔۔۔۔جو کہ دھیمے دھیمے چل رہی تھی۔۔۔۔

حیدر اب اسکا ہاتھ سہلا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے خود سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ آخر زیام کو ہوا کیا ہے۔۔۔۔

میں اسے بیڈ پر لٹا رہا ہوں۔۔۔۔آپ زیام کے ڈاکٹر کو فون کریں۔۔۔۔۔۔جلدی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس نے ملازمہ کو کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ اسے بستر پر لٹا چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکا مرجھایا ساڈھے سا جانے والا چہرہ دیکھ کر حیدر کو عجیب خیالات آ رہے تھے۔۔۔۔۔

آخر کیا کر کے گئی ہے وہ لڑکی اسکے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے پہلے ہی لگا تھا وہ لڑکی اور اسکا سحر زدہ چہرہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ناجانے کوئی جادو گرنی تھی۔۔۔۔یا کیا تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیام کی ایسی حالت پہلے کبھی نہیں ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔ناجانے اسے کیا ہو گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟

وہ خود سے بہت سے سوالات کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ اس وقت اپنے کمرے میں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سکون کا اپنے اندر اتارتے ہوئے وہ آنکھیں مینچیں اپنی اسٹڈی ٹیبل کی کرسی پر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔

اپنی مخصوص بلیک جیکٹ پہنے جسے اس نے صبح سے نہیں اتارا تھا۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر پہلے سے اسے اپنے سر میں ہلکا ہلکا درد محسوس ہو رہا تھا۔۔۔۔ناک مکمل طور پر ٹھنڈی پڑی تھی۔۔۔۔۔

جسے وہ نزلے کی وجہ سے بار بار سکیڑ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دونوں ہاتھ کرسی کے سرہانوں پر پھیلائے ہوئے تھے ۔۔۔۔سر پیچھے ٹکا ہوا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

اسے اپنے بابا کے الفاظ یاد آئے تھے ۔۔۔۔

آلف۔۔۔۔میری وہ خاص چیز تمہیں فراس کے پاس ہی ملے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

انکے یہ الفاظ یاد آنا تھا کہ آلف آنکھیں کھول چکا تھا۔۔۔

وہ کتاب۔۔۔ آخر کب دیں گے فراس ماموں مجھے۔۔۔۔۔۔ آخر کب۔۔۔۔۔۔ آلف خود سے گویا ہوا تھا۔۔۔

کہ دروازہ کھلنے کی آواز پر وہ باہر دیکھنے لگا تھا۔۔۔۔۔

نائلہ اسکی طبیعت کے مطابق گرم جوشاندہ بنا کر اسکے لیے اسکے کمرے میں لائی تھیں۔۔۔

یہ لو۔۔۔۔ اسے پی لو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نائلہ نے وہ جوشاندہ اسکی اسٹڈی ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔۔۔۔

ساتھ ہی وہ آلف کے خالی خالی چہرے کو دیکھ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

بابا نے وہ کتاب خود مجھے کیوں نہیں دی۔۔۔۔۔۔۔۔ فراس ماموں کو کیوں دی۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔۔ آلف نے سیدھا سوال کیا تھا۔۔۔۔

جسے نائلہ نے بخوبی سنا تھا۔۔۔

تم جانتے ہو نا تمہارے بابا نے اس کتاب کے بارے میں کیا کہا تھا۔۔۔۔۔؟

نائلہ اب اسکے بلکل سامنے اسکے بستر پر بیٹھ کر پوچھ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

آلف طبیعت کی وجہ سے خود کو بوجھل محسوس کر رہا تھا۔۔۔۔۔ وہ سب سے پہلے اٹھ کر نائلہ کی گود میں سر رکھ کر لیٹ چکا تھا۔۔۔۔

اس سکون کا کہیں مترادف نہیں جو ماں کی گود میں سر رکھنے سے ملتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بابا نے کہا تھا۔۔۔۔ کہ وہ کتاب ایسی ہے جس میں مسلمانوں کی خلاف ایک ایک سازش کو لکھ دیا گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔ انہوں نے کہا تھا کہ انہوں نے اپنی پوری زندگی ان تمام سازشوں کو دیکھا ہے۔۔۔۔۔۔۔ اور ڈٹ کر انکا مقابلہ بھی کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ایک ایک چیز اس کتاب میں لکھی ہے انہوں نے۔۔۔اپنی پوری زندگی اس کتاب میں لکھ دی تھی انہوں نے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو پھر وہ کتاب مجھے کیوں نہیں دی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فراس ماموں کو دے کر کیوں گ ئے ۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھ سے ملاقات کیوں نہیں کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔

آلف اپنے سر کو بوجھل کر دینے والا ایک ایک سوال کو نائلہ کے سامنے رکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

نائلہ آلف کی تمام باتوں کے جواب میں مسکرائی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف۔۔۔تم بہت جلد اس کتاب تک پہنچ جاؤ گے۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے پورا یقین ہے۔۔۔۔جیسے ہی فراس یہ محسوس کرے گا کہ تم اس کتاب کے قابل ہو گ ئے ہو تو وہ لازمی تمہیں تمہارے بابا کی وہ امانت تمہیں دے دے گا۔۔۔۔مجھے یقین ہے ۔۔۔۔۔اس نے اسے بہت سنبھال کر رکھا ہو گا۔۔۔۔۔۔

انشاءاللہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آلف مختصر جواب دے کر اپنی آنکھوں کو بند کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

نائلہ اسکے سر پر آہستہ آہستہ سے ہاتھ پھیر رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر اچانک ہی وہ ٹھہر گئی تھیں۔۔۔۔۔انہیں کچھ اہم یاد آیا تھا۔۔۔۔۔کچھ بہت زیادہ اہم۔۔۔۔

آلف۔۔۔۔؟؟۔۔۔۔انہوں نے اپنی گود میں آنکھیں منچیں لیٹے ہوئے آلف کو مخاطب کیا تھا ۔۔۔۔۔۔

آلف نے حرکت کی تھی۔۔۔۔۔۔۔گویا وہ انکی بات سن رہا تھا۔۔۔۔۔۔

بیٹا۔۔۔۔مجھے اپنی قرآت کی آڈیو موبائل میں ریکارڈ کر کے دے دو۔۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے آہستہ آواز میں انگلیاں اسکے بالوں میں پھیرتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔۔

آلف انکی بات سن کر آنکھیں کھول چکا تھا۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آپکو پتا ہے نا میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔نائلہ نے اسکی بات کاٹی تھی۔۔۔

اپنی ماں کے لیے۔۔۔۔۔۔بس میں کوئی بہانے نا سنوں۔۔۔۔اور تم مجھ سے یہ بھی نہیں پوچھو گے کہ میں تمہاری اس آڈیو کا کیا کرونگی۔۔۔۔۔بس تم نے مجھے وہ آڈیو کل تک دینی ہے۔۔۔۔۔۔۔

نائلہ نے اسکے ہر بہانے کو رد کرتے ہوئے کہا تھا۔۔

امی۔۔میری آواز بابا جیسی نہیں۔۔۔۔۔۔میں انکا مقابلہ نہیں کر سکتا۔۔آلف نے ایک آخری کوشش کی تھی۔۔۔

کسی طرح انہیں منع کرنے کی۔۔۔۔۔مگر وہ ماں تھیں۔۔۔۔اسکے سارے بہانوں کو اچھی طرح جانتی تھیں۔۔۔۔

بیٹے باپ کا مقابلہ نہیں کرتے بلکہ انکے جانشین بنتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انکی میراث کو آگے بڑھاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جانتے ہو تمہارے بابا نے جب مجھ سے یہ کہا تھا کہ آلف کی آواز کو دنیا تک پہنچانا۔۔۔تو ساتھ میں کیا کہا تھا۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔۔

انہوں نے اس سے سوال کیا تھا۔۔۔پھر اسے چپ دیکھ کر وہ آگے بتانے لگی تھیں

انہوں نے کہا تھا جب آلف سے کوئی بھی کام کروانا ہو تو بس یہ کہنا کہ بیٹا اپنی ماں کہ خاطر کر دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر دیکھنا ہمارا بیٹا کیا کیا کر سکتا ہے۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے آنکھوں میں آنسوں لیے اسکے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا ۔۔۔۔۔۔۔

آلف فیضان کے ذکر پر بے آواز رو دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ لوگ دنیا میں ایسے چھوڑ جاتے ہیں۔۔۔کہ انکا رسمی ذکر بھی ہو تو آنکھ میں انکے نام کے آنسو بھر آتے ہیں۔۔۔۔۔۔

اس نے بے آواز روتے ہوئے اپنی ماں کے ہاتھ کو چوما تھا۔۔۔۔۔۔۔۔پھر دونوں ہاتھ سے انکا ہاتھ پکڑ کر کسی ننھے بچوں کی طرح آنکھیں بند کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کمرے میں اب مکمل روشنی تھی۔۔۔۔۔

سامنے بستر پر زیام ہوش سے مکمل بے گانہ بستر پر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سامنے حیدر اور ڈاکٹر صاحب کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔

وہ زیام کو چیک کر رہے تھے۔۔۔۔۔جبکہ ملازمہ بھی وہی کھڑی تھی۔۔۔۔

اسے کیا ہوا ہے ڈاکٹر۔۔۔؟؟۔۔۔حیدر نے ڈاکٹر سے پوچھا تھا۔۔۔۔

زیام بابا کو کیا ہوا ہے ڈاکٹر صاحب۔۔۔؟؟۔۔۔۔۔وہ خاتون بھی ڈاکٹر صاحب سے پوچھ رہی تھیں۔۔۔

دیکھیں۔۔۔فلحال تو مجھے بھی سمجھ نہیں آ رہا۔۔۔شاید

انہیں مینٹل پرابلم ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔

مطلب ڈاکٹر۔۔؟؟۔۔۔حیدر دونوں ہاتھ باندھے ایک ہاتھ منہ سے ٹکائے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

مطلب یہ کہا جا سکتا ہے کہ انہیں کوئی دھچکا پہنچا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔کسی بات نے دماغ پر اثر کیا ہے۔۔۔۔۔۔

حیدر نے ایک نظر زیام پر ڈالی تھی۔۔۔۔۔جو پوری دنیا سے بے خبر بے ہوش پڑا تھا۔۔۔۔

ساتھ میں وہ ڈاکٹر کو بھی سن رہا تھا۔۔۔۔

انکا جسم کا تپنا۔۔۔۔کسی بخار کی وجہ سے نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ انکی مینٹل کنڈیشن کی وجہ سے ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا انہیں کسی بات نے پریشان کیا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔

ڈاکٹر نے جانچتی نظروں سے پوچھا تھا۔۔۔

نہیں ڈاکٹر صاحب۔۔۔۔۔۔حیدر نے فوراً نفی میں سر ہلایا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اوکے۔۔۔فلحال تو آپ لوگ انکے ہوش میں آنے کا انتظار کریں۔۔۔۔۔اور جب یہ ہوش میں آجائیں تو مجھے انفارم کریں

۔۔۔۔۔۔۔

جی۔۔۔حیدر زیام پر ایک نظر ڈال کر بولا تھا۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ لاہور کی چھوٹی سی مسجد کا منظر تھا۔۔۔۔جہاں کافی تعداد میں بچّے سپارہ پڑھ رہے تھے۔۔۔

ماسٹر صاحب کی چھڑی تھی۔۔۔۔۔جو کہ بلکل سیدھی کھڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اس چھڑی کی طاقت تھی کہ تمام کے تمام بچے زور و شور سے با آواز سپارہ پڑھنے میں مصروف تھے۔۔۔۔۔۔۔

انور صاحب باری باری تمام بچوں پر نظر ڈال رہے تھے۔۔۔۔۔تاکہ کوئی بچہ نظر سے چوک نا جائے ۔۔۔۔۔

ماسٹر صاحب۔۔۔۔۔سبق سن لیں۔۔۔۔۔مجھے یاد ہو گیا۔۔۔۔۔۔

انس نے اپنی ننھی زبان سے بتایا۔۔۔

اچھا۔۔۔۔۔لے کر آؤ میرے پاس سپارہ۔۔۔۔۔۔۔انور صاحب نے اسے اپنے پاس بلایا تھا۔۔۔

چھوٹا سا انس۔۔۔۔۔۔اپنے ہاتھ میں سپارہ اور رحل اٹھائے اپنے ماسٹر جی کی طرف بڑھ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

کہ اٹھتے ہی وہ بری طرح زمین پر گر پڑا۔۔۔۔۔

ایک بچہ اسکے رحل اور سپارے کو گرنے سے بچا چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

تمام بچے ہنسے تھے۔۔۔۔۔۔

ماسٹر صاحب جو سر جھکائے تھے ۔۔۔۔اچانک شور کی آواز پر سر اٹھا کر دیکھنے پر مجبور ہوئے ۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

خدا کا شکر ہے کہ زیادہ لگی نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔انور صاحب نے شکر ادا کیا تھا۔۔

جبکہ انس منہ کے بل گرے ہوئے رو دیا تھا۔۔۔۔۔۔

تمام بچوں کی آواز گونجی تھی۔۔۔۔۔۔سب زور زور سے ہنسے تھے۔۔۔۔۔

آپ سب چپ کریں۔۔۔انور صاحب نے روتے ہوئے انس کو دیکھ کر کہا تھا۔۔

جو ہاتھ جھاڑ کر اٹھ چکا تھا۔۔۔۔اور بند آواز سے رو بھی رہا تھا۔۔۔۔۔

انس تم کیا دیوانے ہو گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہاہا۔۔۔۔ایک اس سے تھوڑے بڑے بچے نے اس پر ہنستے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

انس اسکے اس طرح کہنے پر مزید رو دیا تھا۔۔۔۔اب اسکی آواز بھی آ رہی تھی۔۔۔

ارے انس آپ روتے کیوں ہوں۔۔۔۔ آپ کو تو اتنا اچھا بولا ہے شہیر نے۔۔۔۔۔۔

انور صاحب نے انس کے روتے چہرے کو دیکھ کر کہا۔۔۔

انس ان کے اس طرح کہنے پر انہیں تھوڑا چپ اور حیرانی سے دیکھنے لگا تھا۔۔۔۔

ماسٹر جی۔۔۔۔۔دیوانا کون سا اچھی بات ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔شہیر جس نے ایسا کہا تھا وہ مزید کھکھلا کر ہنسا تھا۔۔۔۔

نہیں بچوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔چلو میں ایک بات بتاتا ہوں۔۔۔۔۔۔

غور سے سننا۔۔۔۔اور انس آپ بات سن کر پھر خوش بھی ہو جاؤ گے۔۔۔۔۔۔۔۔ماسٹر صاحب نے انس کی طرف دیکھ کر کہا تھا

۔۔۔۔۔

جو آنکھوں میں آنسوں لیے اب ماسٹر صاحب کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پھر وہ تمام بچوں سے مخاطب ہوئے تھے ۔۔۔۔۔

ابتدائے اسلام میں ایک دفعہ آقا ﷺ مسجد میں اکیلے بیٹھے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو قریش کی باتوں میں آکر عُتبہ بِن ربیعَہ ان سے گفتگو کے ارادے سے انکے پاس آیا۔۔۔۔۔۔

ماسٹر جی یہ عُتبہ تھا کون؟؟۔۔۔۔انس نے اپنی ننھی زبان سے پوچھا تھا۔۔۔۔جو اس سب کو ماسٹر جی کے کہنے کی وجہ سے بہت غور سے سن رہا تھا۔۔۔۔۔۔

عتبہ سردارِ قریش میں سے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماسٹر انور نے بتایا۔۔۔

چناچہ وہ آقا ﷺ کے پاس پہنچا۔۔۔اور اس نے کہا۔۔۔

اے بھائی کے بیٹے۔۔۔۔۔۔۔ آپ کو معلوم ہے کہ آپ کتنے عالی مرتبہ کے ہیں۔۔۔۔اور آپ کتنے عظیم نسب اور عظیم قوم سے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر آپ ایک نیا دین کیوں لائے ہیں ۔۔۔۔ایسا دین کیوں لائے ہیں جس نے تمام اقوام کو منتشر کر دیا ہے ۔ ۔۔ آپ کیوں ہمارے آباؤاجداد کے دین کو برا کہہ رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔میں چند باتیں آپ پر پیش کر رہا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!آقا ﷺ نے فرمایا۔۔۔۔۔عتبہ بیان کر۔۔۔میں سن رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔

عتبہ نے کہا۔۔۔۔اگر آپ کا یہ سب کرنا مال کے لیے ہیں تو میں آپ کو اتنا مال جمع کر دونگا کہ آپ کے لیے کافی ہو گا ۔۔۔۔۔۔۔اور آپ مالدار بن جائیں گے۔۔۔۔۔۔۔

آگر آپ شرف اور عزت چاہتے ہیں تو ہم آپ کو اپنا سردار بنا لیتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر آپ یہ ملک چاہتے ہیں۔۔۔۔۔تو ہم آپکو اس ملک کا بادشاہ بنا لیتے ہیں۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ہو سکتا ہے ہم آپ کے پاس آنے والے اس جن کو روک سکیں۔۔۔جو آپ کے پاس آتا ہے۔۔۔۔(حضرت جبرئیل علیہ اسلام)

ماسٹر جی یہ عُتبہ کتنا بے وقوف ہے۔۔۔۔۔۔شہیر نے بیچ میں بولا تھا

ہاں وہ تو ہے۔۔۔مگر تم یہ کیسے کہہ رہے ہو؟؟؟۔۔۔۔

انور صاحب نے اس سے پوچھا۔۔وہ اسکا جواب سننا چاہتے تھے۔۔۔۔۔۔۔

آپ خود دیکھیں نا۔۔۔۔دو جہانوں کے سردار۔۔۔۔۔۔رحمت للعالمین جن کی وجہ سے یہ دنیا بنی۔۔۔۔۔انہیں صرف ایک معمولی سے ملک کی پیش کش کر رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ انکی سلطنت تو رب کی طرف سے تمام دنیاؤں پر تمام آسمانوں پر ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور انہیں مال کی پیش کش کر رہا ہے۔۔۔۔۔جن کے ساتھ اگر وہ چاہتے تو سونے کے پہاڑ ساتھ چل رہے ہوتے۔۔۔

اور انہیں شرف اور عزت دینے کی بات کر رہا ہے۔۔۔جن کی وجہ سے تمام انسانوں کو عزت ملی۔۔۔اور ہم اشرف ال مخلوقات بن گ ئے ۔۔۔

شہیر نے بڑے اطمئنان سے ایک ایک بات کھول کر بتائی تھی۔۔۔۔

ماسٹر صاحب کو اس کے اتنی اچھی طرح کہنے پر دل و جان سے پیار آیا تھا۔۔۔

سو فیصد درست کہا زہین بچے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انور صاحب نے خوش ہو کر کہا تھا۔۔۔۔

ہاں تو پھر آقا ﷺ نے عُتبہ کی اس توہین پر اسے بڑے اطمئنان سے جواب دیا۔۔۔

عُتبہ۔۔۔۔تو نے کہہ لیا جو کہنا تھا۔۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔

اس پر عُتبہ نے کہا۔۔۔جی۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پھر آقا ﷺ نے فرمایا۔۔۔پھر مجھ سے سن۔۔۔۔

جی سنایئے۔۔۔عُتبہ اب غور سے سن رہا تھا

۔۔۔۔

پھر آقا ﷺ نے اسے سورہ حم سجدہ کی آیات پڑھ کر سنائی۔۔۔

اب زرا سوچو بچوں۔۔۔۔عُتبہ نے آقا ﷺ کی زبانِ مبارک سے تلاوت سنی تھی۔۔۔۔۔تو کس طرح ممکن تھا کہ اسکا دل نرم ناہو۔۔۔۔۔۔۔۔

جب تلاوت ختم ہوئی۔۔۔عتبہ فوراً بولا۔۔

میں نے سن لیا۔۔۔۔آپ جانے آپ کا کام جانے۔۔۔میں بیچ میں نہیں آؤنگا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے مزید مداخلت ناکی۔۔۔۔اور باقی سردارِ قریش کے پاس لوٹنے لگا۔۔۔

جب وہ لوٹ رہا تھا۔۔۔تو اسے دیکھ کر قریش بولے۔۔۔

عُتبہ وہ چہرہ لے کر نہیں لوٹ رہا۔۔۔جو وہ لے کر گیا تھا۔۔۔۔۔۔

پھر جانتے ہو عُتبہ نے آکر ان سب سے کیا کہا۔۔۔۔؟؟؟۔۔

کیا کہا۔۔۔؟؟۔۔تمام بچوں نے یک زبان کہا۔۔۔

عُتبہ نے کہا۔۔۔

اللہ کی قسم۔۔۔!۔۔میں نے جو کلام سنا۔۔اسکی مثل کبھی نہیں سنا۔۔۔۔اللہ کی قسم۔۔وہ کوئی شعر نہیں تھا۔۔ناجادو ناکہانی ۔۔۔۔۔۔۔اے گروہ قریش۔۔۔۔میرا کہامانو اس شخص کو کرنے دو جو کر رہا ہے۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔میں نے جو سنا۔۔۔اسکی بڑی عظمت وشان ہے۔۔۔۔۔اگر وہ عرب پر غالب آگ ئے ۔۔۔۔۔تو انکا ملک تمہارا ملک ہو گا ۔۔۔؟۔۔۔۔انکی عزت تمہاری عزت ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم ان کے سبب خوش نصیب ہو جاؤ گے۔۔۔۔۔۔

عتبہ یہ کہہ کر خاموش ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

قریش نے اسے کہا۔۔کہ تجھ پر بھی جادو کر دیا ہے اس نے۔۔۔

جانتے ہو پھر کیا ہوا۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماسٹر صاحب نے انس کی طرف دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔۔

کیا ہوا؟؟۔۔۔۔۔انس نے معصوم صورت بنا کر پوچھا۔۔۔۔۔۔

پھر آپ ﷺ کو قریش کے جاہل لوگ دیوانا دیوانا کہہ کر پکارنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

انور صاحب کا یہ کہنا تھا۔۔۔۔کہ سارے بچوں کے منہ کھل گ ئے تھے ۔۔۔۔اور وہ انس کو دیکھنے لگے ۔۔

جو اچانک سے خوش ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔

شکریہ شہیر بھائی آپ نے مجھے دیوانا کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مطلب مجھے وہ کہا۔۔۔جو لوگ آقا ﷺ کو کہتے تھے۔۔۔۔۔یہ تو میرے لیے بہت عزت کی بات ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شکریہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انس اٹھ کر خوشی سے شہیر کو گلے لگا کر بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور شہیر کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا تھا۔۔اب وہ حسرت سے انس کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

انس۔۔تم مجھے بھی دیوانا کہہ سکتے ہو؟؟۔۔۔۔اس نے التجائی نظروں سے کہا۔۔۔

نہیں۔۔۔میں تو نہیں کہونگا۔۔۔۔۔۔۔۔انس نے بھی صاف منع کرتے ہوئے کہا ۔۔۔۔۔

ماسٹر صاحب یہ دیکھ کر بہت خوش ہوئے ۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔کہ بچپن سے ہی ان بچوں کے دلوں میں آقا ﷺ کے عشق کی شمع روشن تھی۔۔۔جو اللہ نے روشن کر دی تھی۔۔اور انہیں وسیلہ بنایا تھا۔۔۔۔۔

۔۔یہ وہ شمع تھی جو کہ اس دور کے ہر بچے کے لیے اب ناگزیر بن گئی ہے۔۔۔۔ہر نوجوان لڑکے لڑکیوں کو اس چیز کی نیت کرنی چاہیے کہ وہ بچوں میں اس شمع کو لازمی روشن کریں۔۔۔۔۔۔کیونکہ آگے اسکی ضرورت ضرور پڑے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کاش لوگوں کو اس بات کا علم ہو جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔کاش۔۔۔۔ماسٹر صاحب نے دل ہی دل میں حسرت سے کہا تھا

۔۔۔۔

ماسٹر جی۔۔۔۔آپکو ماسٹرنی بلا رہی ہیں۔۔۔۔۔۔۔ایک نوجوان نے آکر ماسٹر انور کو اطلاع دی تھی۔۔۔۔

اچھا۔۔۔جس پر وہ جواب دے کر اور بچوں کو پڑھنے کا کہہ کر اٹھ کھڑے ہوئے تھے ۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

رخسانہ بیگم کمرے ظہر کی نماز پڑھ کر اس لڑکی کے پاس ہی بیٹھی تھیں۔۔۔۔۔

انکو اسکے ہاتھ میں حرکت ہوتی محسوس ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔خوشی سے وہ اس حرکت کرتے ہاتھ کو دیکھ کر فوراً ماسٹر انور کو بلانے کمرے سے باہر گئی تھیں۔

اور پھر بچے کو انہیں بلانے کا کہہ کر وہ واپس اس مخملی رنگت والی معصوم سی دکھنے والی اس لڑکی کی جانب لوٹی تھیں۔۔۔۔

ماسٹر انور بھی کمرے میں داخل ہوئے تھے ۔۔۔۔بغیر کچھ پوچھے ہی وہ رخسانہ کے انہیں بلانے کہ وجہ سمجھ چکے تھے

۔۔۔۔۔

اللہ تیرا شکر اس بچی کو ہوش آرہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے اللہ کا شکر ادا کرنے میں زرا دیر نا لگائی تھی۔۔۔۔

اسکا ہاتھ اسکے ماتھے پر جا ٹکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر ہلکی ہلکی آنکھیں کھلی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مائسہ دھندلاتی آنکھوں سے دیکھنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ پل میں اسے سب نظر آنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔دماغ پر زور دینے سے سب کچھ یاد بھی آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

سامنے اسے دو بوڑھے آدمی اور عورت نظر آئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دونوں کے چہرے پر بے حد خوشی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ سوالیہ نظروں سے ان دونوں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ وہ دونوں بھی اتنی ہی سوالیہ نظروں سے اسے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

رخسانہ کو اسکہ گہری کاجلی آنکھیں کھلے ہوئے دیکھ کر اور بھی زیادہ اچھی لگی تھیں ۔۔۔۔۔

اب طبیعت کیسی ہے بیٹا۔۔۔۔۔؟؟۔۔۔۔رخسانہ نے اس سے پوچھا۔۔۔۔

می۔۔۔میں کہاں ہوں۔۔۔؟؟۔۔۔۔طبیعت ٹھیک ہے میری بس آنکھیں بوجھل ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ نے ان سے سوال کیا تھا۔۔۔۔۔۔اسے یاد آیا تھا کہ وہ اس مسجد کی طرف بڑھتے بڑھتے بے ہوش ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسکے بات کا اسے کچھ یاد نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے لگ رہا تھا جیسے وہ کسی گہری نیند سے جاگی ہے

۔۔۔۔۔۔۔

بیٹی سب بتاتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔پہلے میں تمہارے لیے گرم سوپ بنالاؤں وہ پی لو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور جب تک میں لا رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔کچھ دیر دماغ کو فضول اور بوجھل کر دینی والی سوچوں سے دور کر دو۔۔۔۔۔

رخسانہ نے اسے پیار سے کہا تھا۔۔۔۔

مائسہ کو اتنے پیار کی عادت نہیں تھے۔۔۔اسے یہ سب عجیب لگا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بیٹی۔۔۔تم اللہ کے گھر میں ہو۔۔۔۔۔۔۔۔مسجد میں ہو۔۔۔۔۔یہاں خود کو بلکل محفوظ سمجھو۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور مجھے اپنے باپ کی طرح سمجھ سکتی ہو۔۔۔۔۔۔۔

انور نے بھی اتنے ہی پیار سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔انکے اس طرح کہنے پر مائسہ کو شدید رونا آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مگر وہ ضبط کر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آنسو ضبط کر لینا۔۔۔۔کسی کے سامنے بہا دینے سے بہت بہتر ہوتا ہے۔۔ورنہ انسان خود کو اور زیادہ کمزور محسوس کرتا ہے۔۔۔اسے اور زیادہ اکیلا پن محسوس ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔۔۔

"اَلسَلامُ عَلَیکُم احباب۔۔۔۔

"ناولز کی دنیا" کے ناولز میں خوش آمدید۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ناولز کی دنیا" ویب سائیٹ /گروپ / پیج دے رہا ہے تمام لکھاریوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم جہاں آپ اپنی خدا داد صلاحیتوں کو اپنے قلم سے تحریر کر کے اپنا اور اپنے ملک کا نام روشن کرسکتے ہیں --- اگر آپ کو بھی اللہ کی طرف سے یہ صلاحیت دی گئی ہے تو اسے اجاگر ضرور کریں --- ہمیں آپ جیسے ہی لکھاریوں کی تلاش اور ضرورت ہے ---

اگر آپ ہمارے بلاگز پر اپنا ناول، ناولٹ،افسانہ،کالم،آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ہم سے رابطہ کریں -- اپنی تحریر اردو میں ٹائیپ کرکے ہمیں بھیجیں۔ جتنا جلدی ہوسکا آپکی تحریر پوسٹ ہوجائے گی ---

مزید تفصیلات یا کسی بھی طرح کی مدد کے لیئے ہم سے گروپ یا پیج انباکس میں رابطہ کریں یا ای میل پر ہم سے رابطہ کرسکتے ہیں--

Email address :- Novelskiduniya77@gmail.com

Facebook page :- Novels ki duniya

(user name @zoyatalib77) Facebook group :- Novels ki duniya

(پر خیال رہے کہ یہ گروپ زویا طالب کا ہی ہو)

اور باقی کے رابطے کے لیئے ہر پیج کے نیچے

"novels ki duniya "

اور

"website"

لکھا ہے ان دونوں کو وزٹ کرنے کے لیئے لکھے ہوئے پر ہی کلک کریں اور اوپن کرلیں ---

شکریہ-----

کھلا آسمان--- کھلی جگہ-----دور دور تک کچھ بھی دکھائی نہیں دے رہا تھا----------

اسے ہر منظر دھندلا لگ رہا تھا-----آس پاس ہر چیز دھندلی تھی-----مگر آسمان صاف تھا-----بلکل صاف تھا------

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس نے نیچے دیکھا۔۔۔وہ کسی بہت اونچی عمارت پر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اچانک ہوا کا دباؤ تیز ہوا۔۔۔۔۔۔اتنا تیز کے وہ لڑکھڑانے لگا تھا۔۔۔۔۔۔

اس نے اچانک نیچے دیکھا۔۔۔اور وہ نیچے کود چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

صاحب۔۔۔۔۔۔زیام بابا کو لگتا ہے ہوش آرہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ملازمہ نے حیدر کو بتایا تھا۔۔۔۔جو اس وقت صوفے پر بیٹھا موبائل پہ کسی سے بات کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ملازمہ کے کہنے پر زیام کے نزدیک آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام کو دیکھ کر لگ رہا تھا کہ وہ ہوش میں نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مگر وہ ہاتھ پیر ہلا رہا تھا۔۔۔۔چہرے پر خوف کے آثار تھے ۔۔۔۔۔۔

زیام۔۔۔۔۔؟۔۔۔۔۔ہوش کرو۔۔۔۔۔حیدر نے اسے پکارہ تھا۔۔۔۔۔۔

وہ نیچے گر رہا تھا۔۔۔۔۔مزید نیچے۔۔۔۔۔۔۔۔وہاں صرف اندھیرا تھا۔۔۔۔۔۔۔

مگر اچانک منظر بدلا تھا۔۔۔۔۔۔اب وہ زمین پر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ٹھنڈی زمین تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکے منہ پر سفید چادر تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ایک زنانہ چادر تھی۔۔۔۔۔جو اسکے منہ پر تھی۔۔۔۔۔اسے اسی طرح زمین پر گرے ہوئے اس چادر کو خود پر سے ہٹایا تھا۔۔۔۔

اب وہ اس چادر کو ہاتھ میں پکڑ کر کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اچانک اس کے کانوں میں کسی کی آواز ابھری تھی۔۔۔۔

ذیام فارس تم ایک بے خبر انسان ہو۔۔۔۔۔۔تم ایک جاہل انسان ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ الفاظ اسکے کانوں میں پڑنا تھا کہ وہ اچانک سے ہوش میں آیا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

حیدر نے دیکھا تھا کے زیام اب اپنی آنکھیں کھول چکا تھا۔۔۔۔۔۔

زیام۔۔۔۔؟؟۔۔۔اس نے اسے آواز لگائی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اسکا پورا چہرہ پسینے میں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اب جسم اس تپش میں نہیں تھا۔۔۔۔وہ اب مزید بخار میں نہیں تھا۔۔

البتہ آنکھیں سرخی مائل تھیں۔۔۔۔۔۔۔اور وہ سرخ آنکھوں کو کھولے اب سیدھا لیٹا تھا۔۔۔۔۔

کیا ہوا تھا کل۔۔۔۔۔۔حیدر نے اسے ہوش میں دیکھ کر سوال کیا۔۔۔۔۔

مجھے کیا ہوا تھا۔۔۔؟؟۔۔۔۔زیام نے الٹا اس سے سوال کیا تھا۔۔۔۔

تو بے ہوش تھا۔۔۔کل دن رات تو بے ہوش رہا۔۔۔۔ایسا کیا ہوا تھا۔۔۔جو تیری ایسی حالت ہو گئی۔۔۔۔۔

حیدر نے اس سے پوچھا تھا۔۔۔

مجھے نہیں پتا۔۔۔۔۔زیام نے پنکھے کی جانب دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

زیام وہ لڑکی کہاں ہے۔۔۔۔؟۔۔۔حیدر نے اس سے پھر سوال کیا تھا۔۔۔

مجھے نہیں پتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیام نے پھر وہی جواب دیا۔۔

زیام۔۔۔۔۔۔کیا مطلب ہے تمہیں نہیں پتا۔۔۔۔۔۔تم کس طرح سے اسے جانے دے سکتے ہو۔۔۔۔آج تک ہمارا کوئی پلین فیل نہیں ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ کیسے ہوا پھر۔۔۔؟؟۔۔۔۔

حیدر اب غصے سے بولا تھا۔۔۔

گیٹ لوسٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیام نے سخت لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

واٹ۔؟؟۔۔۔حیدر نے نا سمجھنے والے انداز میں کہا۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آئی سیڈ۔۔۔ گیٹ لوسٹ۔۔۔۔۔۔۔۔ جاؤ یہاں سے۔۔۔۔۔۔۔۔ اس نے مزید سخت مگر دھیمے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

کچھ دیر میں وہ کمرہ مکمل خالی ہو گیا تھا۔۔۔۔ حیدر بھی وہاں سے جا چکا تھا۔۔۔۔۔

اب صرف زیام فارس تھا۔۔۔۔ اور اسکی منتشر سوچیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آنکھیں شدید بوجھل تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کاملین ان ممالک کے نام نکال لیے جن میں مسلمانوں کی تعداد زیادہ ہے۔۔۔؟؟؟؟۔۔

ڈیلسن اپنے سب سے قابلِ اعتماد شخص سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ اپنے مخصوص عالی شان کمرے میں موجود تھے۔۔۔۔۔۔

جہاں ہیٹر چل رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ سامنے میز پر کچھ اہم کاغذات بکھرے تھے۔۔۔۔۔۔

ٹانگ پر ٹانگ رکھے وہ اپنی مخصوص کرسی پر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔ کمر کرسی سے ٹکی تھی۔۔۔۔۔۔ کونی میز سے ٹکی تھی

۔۔۔۔۔۔۔ اور کاملین اسکے برابر میں ہاتھ میں فائل پکڑے کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔

لمبے قد کا وہ نوجوان جسکا نام کاملین تھا۔۔۔۔۔۔ ڈیلسن کے قابلِ اعتماد لوگوں میں شامل کیا جاتا تھا۔۔۔۔۔۔

۔وہاں ساتھ ہی ٹریجر لکجری بلیک سیگریٹ کا پیکٹ رکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ جن میں سے ایک سیگریٹ اس وقت ڈیلسن کے ہاتھ میں موجود تھی۔۔۔۔۔۔۔

یہ کچھ تفصیل ہے۔۔۔ جسے میں نے ایک فائل کی شکل دی ہے۔۔۔ اس سے ہمیں منصوبے بنانے اور انہیں انجام دینے میں بہت مدد ملے گی۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کاملین نے اسے اپنی دن رات کی محنت وہ فائل پکڑائی تھی۔۔۔۔

ڈیلسن نے کاملین سے وہ فائل لی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اب وہ اس پر نظر جمائے اسے دیکھ ہاتھ سے پکڑے غور سے پڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔جبکہ دوسرے ہاتھ میں جلی ہوئی سیگریٹ تھی

باس اس میں ان ممالک کے نام درج ہیں۔۔۔۔۔جن ممالک کے اندر 90 سے 99 فیصد لوگ مسلمان ہیں۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن نے کاملین کی بات کو سنا۔۔۔۔۔اور اب وہ ان ناموں کو پڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

افغانستان

الجیریہ

آزربائیجان

بنگلہ دیش

کوموروس

جبوتی

مصر

ایران

انڈونیشیہ

جورڈن

لیبیا

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مالدیپ

موراکو

نائجر

موریتانیا

سینگال

صومالیہ

سینیا

تیونس

ازبیکستان

ترکی

یمن

بہت خوب کاملین۔۔۔تم جنت کے راستے پر صحیح چل رہے ہو۔۔۔۔

ڈیلسن نے اس لمبی مونچھوں والے نوجوان سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔چہرے پر دلخراش مسکراہٹ ابھری تھی۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ کاملین بھی جنت کے راستے کا سن کر بہت خوش ہوا تھا۔۔۔

کاملین تمہیں فیضان یاد ہے نا؟۔۔۔ڈیلسن نے اچانک سے اسے کہا۔۔۔

اور وہ زماغ پر زور ڈالنے لگا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ گولڈ میڈلسٹ۔۔۔۔۔۔۔فیضان احمد۔۔؟؟۔۔کاملین یاد کرتے ہوئے بولا۔۔۔

ہاں وہی فیضان جو اپنے اصولوں کے خاطر اپنی موت کو دعوت دے بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن نے اسی شیطانی مسکراہٹ سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی فیملی کی طرف سے کوئی اور آگے نہیں بڑھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔کسی نے بھی قاری بننے کا نہیں سوچا۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔۔

ڈیلسن ایک ہاتھ سے سیگریٹ کو جھاڑتے ہوئے بولا ۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ کاملین اسکی بات کو غور سے سن رہا تھا۔۔۔تاکہ آگے کیا کرنا ہے وہ کام ڈیلسن سے لے سکے۔۔۔۔

کاملین اسی طرح مجھے فیضان احمد کی فیملی کے بارے میں پوری معلومات چاہیے۔۔۔ایک ایک بات تم مجھے بتاؤ گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈیلسن اب سیگریٹ پھینکتا ہوا بولا تھا۔۔۔۔

جی باس۔۔۔۔۔۔کاملین اپنے دماغ میں جلدی اس کام کو نپٹانے کا عہد کرتا ہوا بولا۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

ایک لڑکی جو ایک مہینہ پہلے میری زندگی میں شامل ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔بلکل اسی طرح جیسے وہ باقی تمام لڑکیاں شامل ہوئی تھیں۔۔۔۔جو اس وقت تارا بیگم کے کوٹھے کی زینت بنی ہوئی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے خود سے سوال کیا تھا۔۔۔۔

وہ رات کا وقت تھا۔۔۔۔۔۔۔۔کمرے میں صرف ایک لیمپ کے سوا اور کچھ نہیں جل رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

ہلکی مدھم روشنی میں زیام بستر پر اسی طرح سے لیٹا تھا۔۔۔۔جس طرح سے وہ ہوش میں آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

نا کھانا کھایا گیا تھا۔۔۔۔۔اور نا پانی پیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ملازمہ کو بھی اسکے کمرے میں دوبارہ آنے کی ہمت نا ہوئی تھی۔۔۔حیدر سمیت وہ بھی اپنے گھر کا راستہ ناپ چکی تھی۔۔۔۔۔۔

جبکہ زیام اب بھی اپنی بوجھل آنکھوں اور پھٹتے ہوئے سر کے بوجھ کا مقابلہ کر رہا تھا۔۔۔

ایک ہی رات میں اسکے آنکھوں کے گرد واضح ہلکے پڑ چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی آنکھیں سرخ تھیں۔۔۔۔ہونٹ جگہ جگہ سے پھٹ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکے کانوں تک آتے کالے سیاہ بال بکھرے تھے۔۔۔۔۔۔۔

مگر وہ اس وقت حالتِ جنگ میں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ دل میں اٹھنے والے ہزار سوالوں کی جنگ تھی۔۔۔۔

جسکا ڈھونڈنے سے بھی اسے ایک جواب تک نا مل سکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

میں جانتا تھا کہ مائسہ بھاگنے کی کوشش کرے گی گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہاں میں جانتا تھا کہ ایسا ہو گا۔۔۔۔۔۔کیونکہ پچھلی لڑکیوں نے بھی ایسی کوششیں کی تھیں۔۔۔۔۔۔۔تو پھر میں اس رات کمرے میں کیوں آ گیا۔۔۔۔۔۔کیوں خود کو بند کر لیا۔۔۔۔۔۔

یہ شاید میری غلطی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔بس ایک غلطی تھی۔۔۔کسی سے بھی ہو سکتی ہے۔۔۔۔۔۔۔کوئی بھی ایسا کر سکتا تھا

۔۔۔۔۔۔

اس نے خود سے کیے گئے سوالوں کا فرضی جواب بنا کر کہا تھا ۔۔۔۔۔۔

نظریں پنکھے پر ٹکی تھیں۔۔۔۔۔آنکھیں بوجھل ہونے کی وجہ سے اب پانی چھوڑنے لگی تھیں۔۔۔۔۔۔آنکھوں سے نکلتا پانی اسکے سیدھے لیٹے ہونے کی وجہ سے اسکے تکیے میں جزب ہو رہا تھا۔۔

مگر اب وہ ایک دم سے اٹھ بیٹھا تھا۔۔۔۔۔

۔اس نے غور کیا۔۔۔وہ ایک دن پرانے پینٹ شرٹ میں تھا میں تھا۔۔۔۔جو اس رات اسنے پہنے ہوئے تھی ۔۔۔۔۔۔بلو کلر کی شرٹ جسکے آگے کے دو بٹن کھلے تھے۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کیا مصیبت ہے۔۔۔۔۔۔ایک لڑکی کے بارے میں میں اتنا کیسے سوچ سکتا ہوں۔۔۔۔۔۔

۔میں نے انجانے میں اسکی مدد کر دی۔۔۔۔

زیام اپنے دل سے مخاطب ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی عادت میں شامل تھا۔۔۔۔۔کہ وہ اکثر خود سے باتیں کیا کرتا تھا۔۔۔۔۔۔یہ شاید اسکے اکیلے پن کا واحد علاج تھا

ایک منٹ۔۔۔اسنے یہ کیوں کہا کہ میں ایک بے خبر انسان ہوں۔۔۔۔۔۔وہ غصہ کرتی چلاتی مجھ پر مجھے گالیاں دیتی

۔۔۔۔۔۔۔۔میرا گریبان پکڑتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔چیختی چلاتی۔۔۔۔۔تو شاید ایسا نا ہوتا۔۔۔۔۔

اور پھر مجھے شدید غصہ آتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں اسے وہیں چھوڑ تا دروازہ بند کر کے چلا جاتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ کتنا آسان تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر نہیں مائسہ نے ہمیشہ وہی کرنا ہوتا ہے جو میں نے سوچا ہوا نا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور آخر وہ بھاگنے میں کامیاب بھی ہو گئی۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے سوچتے ہوئے خود سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

ماتھے پر تین شکنے ابھری تھیں۔۔۔۔۔۔بار بار وہ رات کا منظر اور اسکی ہلکی جھلکیاں اسے یاد آ رہی تھیں۔۔۔۔۔

کلب۔۔۔۔ہاں۔۔مجھے کلب جانا ہو گا۔۔۔۔وہاں دماغ ان فضول سوچوں سے بچ جائے گا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے خود سے حل نکالا تھا۔۔۔۔۔۔

اور اب وہ اٹھ کر فریش ہونے کی غرض سے واشروم کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔مگر سب سے پہلے اس نے اپنے کمرے کے

بلب آن کئے تھے ۔۔۔۔۔تاکہ وہاں روشنی ہو جائے۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

آلف فجر کی نماز پڑھ کر جاء نماز پر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

رات کا اسکا بخار اب بھی بر قرار تھا۔۔۔۔۔۔ سر نزلے کی وجہ سے بو جھل تھا۔۔۔۔۔۔۔ اسکی لمبی پلکوں والی آنکھیں سرخ تھیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آج وہ فجر میں نا اٹھتا اگر اسکی خود سے آنکھ نا کھلتی۔۔۔۔۔۔ آنکھ کھلنے پر وہ کچھ دیر لیٹا رہا۔۔ اور کمرے کو دیکھتا رہا۔۔۔

جو مکمل اندھیرے میں تھا۔۔ صرف ایک نائٹ بلب جل رہا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ اپنے آرام دہ بستر پر آرام دا کمفرٹر اوڑھے لیٹا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پر سکون نیند سے بو جھل آنکھیں لیے۔۔۔ جو کہتی تھی کہ سو جاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔ ابھی وقت ہے۔۔۔۔۔۔۔

۔ کبھی خیال آتا تھا کہ آلف ابھی تو فجر کا وقت شروع ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔ آخر تک پڑھ لینا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسی اثناء میں اسکی آنکھیں بند ہو رہی تھیں۔۔۔ ایک تو طبیعت خراب۔۔ اوپر سے نزلہ۔۔۔ جو انسان کو کاہل بنا دیتا ہے

۔۔۔ اور سردیاں۔۔۔ جس میں بستر میں لیٹے رہنے کے علاوہ کچھ اور دل نہیں چاہتا۔۔۔۔۔۔۔

سوتے سوتے اسنے اچانک آنکھیں کھول دی تھیں۔۔۔۔۔

اور وہ پھرتی سے اٹھا تھا۔۔۔۔۔

اسے اس حدیث کا مفہوم یاد آیا تھا۔۔۔۔۔ جو اس نے ایک مرتبہ کہیں سے سنی تھی۔۔۔

کہ جب انسان سوتا ہے تو شیطان اس انسان کے تین گرہیں باندھ دیتا ہے۔۔۔۔۔

پھر جب وہ انسان اٹھ کر اللہ کا ذکر کرتا ہے تو ایک گرہا کھل جاتی ہے۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پھر جب وہ اٹھتا ہے تو دوسری گرہا کھل جاتی ہے۔۔۔

اور پھر تیسری گرہا تب کھلتی ہے جب بندہ قیام یعنی نماز کے لیے کھڑا ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔۔۔

خوش قسمتی سے آلف وہ تمام گرہیں کھول چکا تھا۔۔۔۔۔۔

اب وہ نماز ادا کر کے وہیں جاء نماز پر بیٹھا تھا۔۔ نظریں سجدے کی جگہ پر مرکوز تھیں۔۔۔۔۔ کمرے میں صرف نائٹ بلب کی ہلکی روشنی تھی جو اسکے سجدے کی جگہ پر پڑ رہی تھی۔۔۔

وہ اس وقت اپنی سادھی بلیک شرٹ اور نائٹ ٹراؤزر میں تھا۔۔۔۔۔۔ چہرے کی گندمی رنگت طبیعت کی وجہ سے پھیکی پڑی تھی۔۔۔۔

اسکے چہرے پر ہلکی داڑھی تھی۔۔۔۔۔۔ جو اس نے سنت سمجھ کر رکھی تھی۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ نائلہ اسے بارہا سمجھاتی تھیں کہ سنت مٹھی بھر داڑھی رکھنا ہے۔۔۔۔۔۔۔ مگر وہ یہ کہہ کر ٹال دیتا تھا کہ داڑھی دکھ لینا نا رکھنے سے تو بہتر ہے نا۔۔۔۔۔۔۔

اب بیٹھے بیٹھے اسے سیلین کا خیال آیا تھا۔۔۔ جو بلاشبہ اسکہ زندگی کا ایک اہم حصہ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ بہت جلد اسے بہت سی حقیقتوں سے آگاہ کرنے والا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسے ہمیشہ سے وہ معصوم لگی۔۔۔۔۔ مگر معصوم وہ اسے کہتا تھا جسے دین کا علم ہی نہیں۔۔۔۔۔۔۔ بھلا اس سے زیادہ کون معصوم ہو سکتا ہے۔۔۔۔۔۔۔ جو خود کے لیے سب سے ضروری چیز ہی نا سیکھے۔۔۔۔۔۔

اس نے ہاتھ اٹھا اب سب سے پہلے سیلین۔۔۔۔ پھر نائلہ۔۔۔ پھر نورے کے لیے دعا کی تھی۔۔۔ اور آخر میں وہ اپنے بابا فیضان کے درجات کی بلندی کی دعا کرنا نہیں بھولا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ دعا کے بعد قرآنِ کریم کی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔۔ جو اسکے کتابوں کے سب سے اوپر والے شیلف میں مخمل کے غلاف میں رکھا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف نے ہاتھ بڑھا کر اپنی رحل اور قرآن کو وہاں سے نکالا تھا۔۔۔۔

اسے اس وقت فیضان شدت سے یاد آئے تھے ۔۔۔۔۔۔اسی لیے اس نے اپنے بابا کے قرآن کریم کو چوم لیا تھا۔۔۔

ٹک۔۔ٹک۔۔۔دروازہ ناک ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف رحل پر قرآنِ کریم کو رکھ کر اب دروازے کی طرف دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

بھائی میں اندر آجاؤں۔۔۔۔۔۔باہر سے نورے کی آواز آئی تھی۔۔۔۔

آجاؤ۔۔۔۔۔۔آلف نے اسے اندر آنے کی اجازت دی۔

جسے سن کر وہ اب اندر آگئی تھی۔۔۔۔

وہ وائٹ کلر کا اسکارف پہنی ہوئی تھی۔۔۔جو نماز کے لیے اس نے نائلہ سے خاص طور پر بنوایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

نورے کا چہرہ بھی اس وقت کافی فریش تھا۔۔۔کیونکہ وہ نماز سے آدھا گھنٹے پہلے ہی اٹھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

بھائی۔۔۔میں نے سنا۔۔آپکی طبیعت ٹھیک نہیں رات سے۔۔۔۔۔۔تو سوچا آپکی عیادت کرلوں۔۔۔۔۔۔۔

۔نورے آلف کے بیڈ پر تقریباً کودتے ہوئے بیٹھ کر بولی تھی ۔۔۔۔

نظریں پورے کمرے کی مدھم روشنی پر تھی۔۔۔۔۔

مجھے اچھی طرح پتا ہے کیوں آئی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔آلف اب قرآنِ کریم کا غلاف اتارتا ہوا اس سے مخاطب ہوا تھا۔۔۔۔۔

قسم سے عیادت کے لیے آئی ہوں۔۔۔۔اس نے ہاتھ سے اپنے اسکارف کو ٹھیک کیا تھا۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔عیادت کرنا حقوق العباد میں شامل ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔میں کیسے نا آتی۔۔۔۔

نورے مزید میٹھے لہجے میں بولتی ہوئی لائٹ کھولنے کے لیے اٹھی تھی۔۔۔۔۔۔اسے اندھیرے سے سخت چڑ تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اچھا تو کرو عیادت۔۔۔۔۔۔ آلف اب غلاف اتار چکا تھا۔۔۔۔۔ اسے اس قرآن کریم سے فیضان کی خوشبو آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

ساتھ ہی کمرے میں مکمل روشنی پھیلی تھی۔۔۔۔

اب کسی طبیعت ہے آپکی۔۔۔۔۔۔ نورے نے پوچھ ہی لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔ اب وہ واپس آلف کے بستر پر ڈھے جانے والے انداز میں بیٹھ کر کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔

گول اسکارف میں اسکا گول سفید چہرہ چمک رہا تھا۔۔۔۔۔۔

اب ٹھیک ہے بہتر ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے مختصر سا جواب دیا تھا۔۔۔

چلو اب جس کام کے لیے آئی ہو۔۔۔۔۔۔۔ وہ میں کرنے جا رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے اسے متوجہ کیا تھا۔۔

اور وہ ٹھٹکی تھی۔۔۔۔۔۔ پھر مسکرا دی تھی۔۔۔۔

وہ اچھی طرح جانتا تھا کہ وہ یہاں صرف اسکی تلاوت سننے اور یہ دیکھنی آئی ہے کہ وہ ریکارڈ کر بھی رہا ہے یا نہیں۔۔۔۔۔۔۔

ماما کی رپیورٹر۔۔۔۔ آلف نے دل ہی دل میں نوری کو کہا تھا۔۔۔۔۔

جو اب فرش پر بچھے کارپٹ پر دوزانوں ہو کر بیٹھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اور خوش ہوتی ہوئی سر کو جھکا چکی تھی۔۔۔۔۔۔

چلیں۔۔۔ بسم اللہ کریں بھائی۔۔۔۔۔۔۔۔ نوری بہت ہی زیادہ خوشی سے آلف سے بولی تھی۔۔۔۔

وہ اب گلا کھنگھارتا ہوا سورہ الرحمٰن نکال رہا تھا۔۔۔۔۔۔

پھر اسنے ہاتھ میں موبائل کی ریکارڈنگ آن کر کے اپنے گھٹنے پر رکھ دی تھی۔۔۔۔

اور اب وہ اس ریکارڈنگ کو شروع کر کے تلاوت شروع کرنے لگا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

باہر فجر کی ہلکی مدھم روشنی اور اس کمرے کی مکمل روشنی اور سناٹے میں محظ وہ ایک آواز گونجی تھی۔۔۔۔۔۔

بلاشبہ اسکی آواز میں ایک مائک تھا۔۔۔۔۔۔جس کے سامنے اسے کسی مائک کی ضرورت نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔

نورے خود کو مکمل ڈھیلا چھوڑتی ہوئے سر جھکا کر بیٹھ چکی تھی ۔۔۔۔۔۔اب اسکے کانوں میں صرف آلف کی آواز آرہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔۔۔

اسنے بھاری آواز کے ساتھ ایک ایک مخرج کو اسکے حق کے مطابق ادا کرتے ہوئے پڑھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ سورت کی تلاوت کا آغاز کر رہا تھا۔۔۔

نورے پر مکمل سکوت طاری تھا۔۔۔۔وہ اس وقت اپنے بابا کو آلف کے روپ میں محسوس کر رہی تھی۔

فیضان احمد۔۔۔۔۔۔۔پانچ سال پہلے کے ایشیا کے سب سے بڑے قاری کے طور پر دنیا بھر سے ہونے والے ایک قرأت کے مقابلے میں شامل ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔

اس وقت کے ایشیا کے سب سے بڑے قاری کے نام سے فیضان احمد کو جانا جاتا تھا۔۔۔۔۔

لوگ فیضان احمد کو سننا پسند کرتے تھے۔۔۔۔انکے آواز نے کئی غیر مسلموں کو مسلمان کیا تھا۔۔۔جس کی بدولت انہیں حیرت انگیز آواز کا ایک میڈل بھی دیا گیا تھا۔۔۔۔۔

نورے آنکھوں میں آنسوں لیے اپنے جان سے پیارے بھائی اور فیضان احمد کو ایک ہی روپ میں دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کے چمکتے ہوئے چہرے پر اب آنسوٗ بھی نمایاں تھے ۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ آلف کی حالت بھی اس سے کچھ منفرد نا تھی۔۔۔۔وہ دونوں یہ بات جانتے تھے کہ فیضان احمد کے انتقال کے بعد آلف نے تلاوت کرنا چھوڑ دی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور آج اس نے کافی عرصے بات یہ صرف نائلہ کے کہنے پر کیا تھا۔

ہر شے پر سکوت طاری تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکی آواز خدا کا ایک تحفہ تھی۔۔۔۔۔۔۔جو فیضان احمد سے اب اس میں منتقل ہو چکی تھی

۔۔۔۔۔۔

چند لمحے۔۔۔۔۔وہ چند رِقّت آمیز لمحے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو چند منٹوں میں انہیں محو کر چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

صدق اللہ العظیم۔۔۔۔۔۔

آلف نے ریکارڈنگ بند کی تھی۔۔۔

وہ خاموش ہوا تھا۔۔۔۔۔۔یہ اسکی طبیعت کا اثر تھا کہ اسکے آنکھوں میں بھی رات سے پانی تھا۔۔۔۔جو کہ اب سیلاب کی صورت اختیار کر گیا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں بھائی بہن بے آواز روئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ ایک گھنا سایہ دار درخت انکا باپ ان سے بہت دن پہلے ہی رخصت ہو گیا تھا ۔۔۔۔ مگر یہ زخم انکے دلوں میں آج بھی تازہ تھا۔۔۔ کہ انہوں نے اپنی منفرد آواز کی قیمت چکائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اور اپنے اصولوں کو نا توڑنے کی وجہ سے وہ جان سے گئے۔۔۔۔۔

بابا کی آواز کو دبایا گیا تھا۔۔۔۔نورے۔۔۔۔۔۔۔

آلف اب قرآنِ کریم کو بند کرتا ہوا اپنی بے آواز سر جھکائے روتی ہوئی بہن نورے سے مخاطب ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

جو اسے اب بھی سن رہی تھی۔۔۔۔۔

رو تو آلف بھی رہا تھا۔۔۔۔۔۔اسکی بھرائی ہوئی آواز اس بات کا ثبوت تھی۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کون کہتا ہے بھائی۔۔۔۔۔کون کہتا ہے کہ بابا کی آواز کو دبایا گیا۔۔۔۔۔وہ تو اپنی آواز کو آپ میں منتقل کر کے چلے گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے تو اپنی آواز کو امر کر دیا۔۔۔۔۔۔رب نے انکی اس قربانی کا انوکھا صلا دیا ہے انہیں ۔۔۔۔آپکی صورت میں ۔۔۔

نورے بھرائی ہوئی آواز میں بولی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف اپنی چھوٹی بہن کو بغور سن چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چند لمحے مزید خاموشی کے سپرد ہوئے تھے۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

گانوں کا شور۔۔۔۔۔۔۔۔جلتی بجتی کچھ لال کچھ ملٹی لائیٹس۔۔۔۔۔۔۔

بلاشبہ وہ ایک نائٹ کلب کا منظر تھا۔۔۔۔۔۔

مگر کہنا مشکل تھا کہ یہ کوئی مسلم ملک ہے یا مغربی۔۔۔۔۔۔۔کیونکہ وہاں موجود ذہن مغربی ہوا میں لہرا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہر عمر کی لڑکیاں رنگ برنگی شوخ رنگ پہنے انہیں فیشن کا نام دیتی ہوئی وہاں ہونے والی نائٹ پارٹی میں لگے ہوئے ٹاپ ٹرینڈنگ گانوں پر تھرک رہی تھیں ۔۔۔۔

کچھ کے بال بلو ڈرائے تھے ۔۔۔۔کچھ اسٹریٹ اور۔۔۔۔۔۔باقی بالوں کو رول کی ہوئی کسی ماڈل کی طرح خود کو پیش کر رہی تھیں ۔۔۔۔

وہاں شیشے کا ورک چاروں طرف کی دیواروں پر کیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔دروازے سے بلکل سامنے ایک کھلی جگہ تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہاں کاؤنٹر تھا۔۔۔۔۔۔مختلف قسم کے مشروبات وہاں سے با آسانی خریدے جاسکتے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سالوں سے یہ کلب زمین کی تہہ میں ایک مشہور ہوٹل کے گراؤنڈ فلور پر بنا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

چاروں طرف کچھ سرخ اور کچھ ملٹی لائٹیں جگمگا رہی تھیں۔۔۔۔۔ہر طرف گہما گہمی اور افراتفری کا عالم دیکھا جا رہا تھا۔۔۔۔۔

ایسے میں ان میں ایک ایسا شخص بھی شامل تھا۔۔۔جو آنکھیں بند کیے وہاں لگے گانے پر اپنی گردن کو ہلا رہا تھا ۔۔۔۔۔۔ساتھ ہاتھ بھی اس گانے کے بول کے حساب سے چل رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس وقت ڈانس فلور پر تھا۔۔۔جہاں کافی سارے لوگ تھوڑی سی جگہ میں موجود تھے۔۔۔۔۔۔

اچانک کسی کی آواز پر وہ ٹھٹھکا تھا۔۔۔۔۔۔مگر آنکھیں اسی طرح بند تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔گردن اوپر نیچے ہل رہی تھی۔۔۔۔۔

ہائے ۔۔۔مسٹر زیم۔۔۔۔۔۔بہت ہی زیادہ زور سے کہا گیا تھا۔۔۔۔۔مگر گانوں کی تیز آواز کی وجہ سے وہ آواز بھی پھیکی پڑ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ ایک لڑکی کی آواز تھی۔۔۔۔۔۔۔جو ریڈ کلر کا ٹاپ پہنے اپنے چھوٹے بالوں کو اسٹریٹ کئے کھڑی تھی۔۔۔۔۔

میک اپ ہر طرح سے اچھا کیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔آنکھوں پر اسموکی میک اپ تھا۔۔۔۔۔ہونٹوں پر نیوڈ شیڈ کی لبسٹک لگی تھی۔۔

زیام کا کوئی جواب نا پا کر وہ دوبارہ اسے پکار رہی تھی۔۔۔۔

ہائے ۔۔۔زیم۔۔۔۔۔اب وہ بھی اس گانے پر تھرک رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بلکل زیام کے مقابل کھڑی تھی۔۔۔۔

اب زیام آنکھیں کھول چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ لڑکی ایک پل کو اسکی سرخ آنکھوں کو دیکھ کر ڈری تھی۔۔۔۔۔۔وہ اب اسے ہی گھور رہا تھا۔۔۔

لیدر جیکٹ اور بلیک جینز پہنے ہاتھ میں گھڑی باندھے ہوئے زیام ایک دلکش مرد سے کم نہیں لگ رہا تھا۔۔۔چہرے پر داڑھی کا نام و نشان نہیں تھا۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس لڑکی کی شکل دیکھ کر اسے وہ واقعہ یاد آیا تھا۔۔۔جب اس نے ایک لڑکے کو اسی کلب میں پیٹا تھا۔۔۔۔تب وہاں کسی لڑکی نے اسکے چہرے پر تھپڑ مارا تھا۔۔۔۔۔۔یہ وہی لڑکی تھی۔۔۔۔۔۔

جو آج بلکل اسکے مقابل کھڑی اس سے مخاطب تھی۔۔۔ہاتھ میں ڈرنک تھی۔۔۔۔جسکا اس نے ہلکا سا گھونٹ لیا تھا۔

یور نیم۔۔۔؟۔۔۔۔زیام نے سنجیدہ سے لہجے میں اس سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔کان میں گانے کی آواز آرہی تھی۔۔۔۔

ماریہ۔۔۔۔۔۔پیار سے ماری کہتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

وہ ایک آنکھ دباتی ہوئی زور سے بولی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ساتھ ہی اس نے اپنے ہاتھ میں پکڑے گلاس کو اپنے ہونٹوں سے لگایا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے زیام کچھ کہتا۔۔۔۔۔

کہ اتنے میں ویٹر ہاتھ میں ٹرے پکڑے ان دونوں کے پاس آکر رکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

میم۔۔۔۔یور ڈرنک۔۔۔۔۔۔اس نے ایک ڈرنک کی طرف اشارہ کیا۔۔۔۔۔

ماریہ نے ہلکی مسکراہٹ کے ساتھ اپنے دوسرے ہاتھ سے وہ ڈرنک اٹھالی تھی۔۔۔۔اب اسکے دونوں ہاتھوں میں ڈرنک تھی۔۔۔۔۔

اڑھتی اڑھتی خبر ملی ہے کہ تمہیں بلو شو موکٹیل بہت پسند ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے دلخراش مسکراہٹ کے ساتھ وہ موکٹیل زیام کی طرف بڑھایا تھا۔۔۔۔۔

خبر ملی ہے یا خبر لی گئی ہے۔۔۔۔۔زیام نے اب وہ ڈرنک اسکے ہاتھ سے لے لی تھی۔۔۔۔۔وہ اسکے چہرے کے نقوش کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

کھڑی ناک۔۔۔۔ونگ آئی لائنز۔۔۔۔۔۔چہرہ ہر طرح سے لبھا لینے والا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس وقت اسکا دل اندر سے چھنی تھا۔۔۔وہ پہلی بار کسی لڑکی سے بات کر رہا تھا۔۔۔۔اس نے اسے منع نہیں کیا تھا۔۔۔نا اپنے سامنے سے ہٹایا تھا۔۔۔بلکہ سب اس سے مخالف ہو رہا تھا۔۔۔

۔۔یہاں تک کہ وہ اسکی ڈرنک بھی قبول کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ دونوں ڈرنک پی رہے تھے۔۔۔۔۔۔کانوں میں میوزک کی آواز تھی۔۔۔۔

وہاں موجود ایک کپل کی فرمائش پر رومینٹک گانا لگا دیا گیا تھا۔۔۔

آس پاس کا ماحول کچھ اس سے زیادہ منفرد نا تھا۔۔۔۔لوگ ایک دوسرے کی باہوں میں باہیں ڈالے تھرک رہے تھے۔۔۔۔۔

ماریہ نے اس ڈرنک کو پیتے ہوئے اب ڈانس شروع کر دیا گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

دونوں ایک دوسرے کی آنکھوں میں جھانک رہے تھے۔۔۔۔۔۔

زیام نے اس قیامت کو دیکھتے ہوئے ویٹر کو آواز لگائی تھی ۔۔۔۔۔۔۔

وہ قیامت بھی اسکی آنکھوں میں جھانک رہی تھی۔۔۔

ویٹر ان دونوں کے ہاتھ میں پکڑا وہ خالی گلاس وہاں سے لے جا چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

میں عورت پر ہاتھ نہیں اٹھاتا۔۔۔ورنہ اس دن تم میرے ہاتھوں سے ضایع ہو جاتیں۔۔۔۔۔۔۔۔زیام نے اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔۔

will you dance with me ...??.

ماریہ اسکی بات کو نظر انداز کرتی اس سے ڈانس کا پوچھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

زیم اب بھی اسکی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ کچھ بھی کہنے سے عاری تھا۔۔۔۔۔اسے بس یہ سمجھ آ رہا تھا کہ اسکا دماغ جو کچھ دیر پہلے بوجھل تھا وہ اب پر سکون سا ہو گیا تھا۔۔۔۔اور یہی وہ چاہتا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ماریہ نے اسکی خاموشی کو ہاں سمجھتے ہوئے اسکا ہاتھ اپنی کمر پر رکھا ٹکایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور خود وہ اسکے مزید قریب ہوتی اپنے ہاتھ اسکے شانے پر رکھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔

زیام اس وقت سنجیدہ تھا۔۔۔اور وہ مسکراتی ہوئی اسکی آنکھیں پڑنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔جن میں وہ اب مزید جھانک سکتی تھی۔۔۔۔۔

اس وقت کا وہ فحش گانا۔۔۔زیام کو مدہوش کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس گانے کے بول اسے سامنے کھڑی اس لڑکی میں مدہوش کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔

پرفیوم کی خوشبو اسکے ہواسوں پر چھا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے وہ کچھ ایسا کر جاتا جس سے وہ ساری زندگی بچتا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

کوئی پیچھے سے زیام کی پشت سے ٹکرایا تھا۔۔۔۔۔۔

اور ان دونوں کو دھکّا لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ جو مدہوشیوں میں کھویا ہوا تھا۔۔۔۔۔جسے پرفیوم کی خوشبو بے قابو کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ اچانک ہوش میں آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ماریہ نے اسکے بدلتے رنگوں کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

پہلے جو آنکھیں کسی نشے میں تر معلوم ہوتی تھیں۔۔۔۔اب ان میں اچانک اجنبیت آگئی تھی۔۔۔وہ اجنبیت تھی یا حکارت ماریہ کو سمجھ نہیں آیا تھا۔۔۔۔۔

وہ اس طرح اس سے الگ ہوا تھا۔۔۔۔۔۔جیسے اسے جل جانے کا خطرہ ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ماریہ اچانک سے پیچھے کی طرف ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

تم ایک جاہل انسان ہو زیام۔۔۔۔۔اسے اچانک سے وہ الفاظ یاد آئے تھے ۔۔۔۔۔۔جن سے وہ بھاگ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تم ایک جاہل انسان ہو زیام۔جو نکاح جیسے لفظ سے ابھی تک ناواقف ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جسے زندگی اور پل پل گزرتی سانسوں کا کوئی لحاظ نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔جو اپنے وجود سے ہی ناواقف ہے۔۔۔۔۔۔۔زیام فارس تم بے خبر انسان ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ میری بات سنو۔۔۔میں بے خبر انسان نہیں۔۔۔۔۔۔۔میں اچھا انسان ہوں۔۔۔۔۔۔وہ بس میرا کام تھا جو میں کافی عرصے سے کر رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے احساس ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں جاہل نہیں ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے سامنے کھڑی مائسہ کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ سر پہ دوپٹہ لیے اسکے سامنے کھڑی تھی۔۔۔۔۔اور اسکی آنکھوں میں جھانک رہی تھی

اس وقت اسکے کانوں میں وہ آواز نہیں آرہی تھی۔۔۔۔۔۔جو باقی سب کے کانوں میں گونج رہی تھی۔۔۔۔اس وقت صرف وہ مائسہ سے مخاطب تھا۔۔۔۔۔

زیم۔۔۔۔میں ماریہ ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بے دلی سے بولی تھی۔۔۔۔۔۔

میں بھی جانتا ہوں کہ تم ماریہ ہو۔۔۔۔۔لیکن جہاں تم آنا چاہ رہی ہوں۔۔۔وہاں صرف مائسہ ہو سکتی ہے۔۔۔۔۔۔سمجھ آرہی ہے تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

۔وہ اپنے ہاتھوں کی گرفت مزید مضبوط کرتا ہوا خونی آنکھوں سے بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر وہ اسے پھینکنے والے انداز میں چھوڑتا ہوا اس کلب سے باہر نکل چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

پیچھے ماریہ کی ایک دوست اسی کی طرح کپڑے پہنی ہوئی تھی۔۔۔۔۔وہ یہ سب دیکھ کر ماریہ کے پاس آئی۔۔۔۔

کیا ہوا ہے اس شہزادے کو ماریہ۔۔۔۔؟۔۔۔اس نے زیام کو باہر کی طرف تیزی سے بڑھتا دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

دو ہزار اکیس چل رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ ایک دکیانوسی سوچ رکھنے والا معصوم ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکا گزارہ مشکل ہے اس دنیا میں۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ماریہ نے بے دلی سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

بیٹا تم جس گلی میں بے ہوش پڑی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جانتی ہو وہاں سے مشکل سے ہی کوئی گزرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

ساری رات تم بارش میں پڑی رہیں۔۔میری تو روح بھی کانپ جاتی ہے یہ سوچ کر کہ اگر انور صاحب وہاں سے نا گزرتے۔۔۔یا اگر تم کسی کے ہاتھ لگ جاتیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن اللہ نے تمہیں بچا لیا بیٹی۔۔۔۔۔۔۔

رخسانہ اب اسکے برابر میں بیٹھی اسے سارا احوال سنا رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

اس چھوٹے سے کمرے میں کھڑکی سے دھوپ چھن رہی تھی۔۔۔۔۔۔

کمرے کے ساتھ ہی چھوٹا سا کچن تھا۔۔۔جہاں سے وہ گرم سوپ بنا کر لائی تھیں۔۔۔۔۔۔

خدا کا شکر ہے انور صاحب ناشتے کا سامان لینے اس گلی سے گزرے۔۔۔۔۔۔اور انہوں نے تمہیں دیکھ لیا۔۔۔۔۔۔

اور اب تم یہاں صحیح سلامت موجود ہو۔۔۔۔۔۔۔۔رخسانہ دونوں ہاتھ اٹھا کر بولی تھیں۔۔۔۔

مائسہ انہیں غور سے سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔اسکا دل انکی باتوں پر کافی ڈرا تھا۔۔۔۔

اب چہرے پر وہ نقاہت نہیں تھی۔۔۔۔۔جو کچھ دیر پہلے موجود تھی۔۔۔۔۔۔بالوں کا جوڑا بنا ہوا تھا جو کہ اسکی چادر میں چھپ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

رخسانہ خاموش ہوئی تھیں۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مائسہ جانتی تھی کہ سامنے بیٹھی رخسانہ کے دل میں بھی کافی سوالات ہونگے۔۔۔۔۔اسکو لے کر۔۔۔۔۔جو وہ اسکی طبیعت کی وجہ سے نہیں پوچھ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

وہ اسے کچھ دیر اکیلا چھوڑ کر کچن سمیٹنے کا کہہ کر کچن کی طرف بڑھ گئی تھیں۔۔۔

مائسہ کو اب صرف ایک بات پریشان کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہ وہ کہاں جائے گی ۔۔۔۔

میں کراچی واپس اب نہیں جاؤنگی۔۔۔۔۔۔۔۔جو بات زیام نے مجھے بتائی ہے اگر وہ سچ ہے۔۔۔۔تو میں ہر گز کراچی واپس نہیں جاؤنگی۔۔۔۔۔۔

پھر کہاں جاؤنگی میں۔۔۔۔۔۔۔۔یا اللہ کوئی راستہ نکال دے۔۔۔۔۔۔۔تیری زمین بہت بڑی ہے۔۔۔۔۔۔۔بے شک اس دنیا میں بہت سے لوگ بے گھر ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہیں تو ہی چھت فراہم کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے بھی فراہم کر۔۔۔۔

حضرت مریم کو جب خوشخبری سنائی گئی تھی رب کی طرف سے۔۔۔۔۔اور جب دنیا کو پتا چلا تھا۔۔۔۔۔۔۔ان بن باپ کی ماں کا ۔۔۔۔۔۔تو وہ بھی اکیلی ہو گئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تب تو نے حضرتِ عیسٰی کی گواہی کے زریعے انکی مدد فرمائی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جب حضرت ابراہیم علیہ اسلام نے اپنی صابر اور شاکر بیوی حاجرہؑ اور ننھے حضرتِ اسماعیل علیہ اسلام کو مکہ کے غیر آباد علاقے میں تیرے حکم سے تنہا چھوڑ دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ پیاس سے نڈھال تھیں۔۔۔۔۔تب صفا مروہ کے مقام پر وہ ننھے اسماعیلؑ کو لے کر دوڑی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تب تو نے حضرت اسماعیل کے پاؤں رگڑنے کی وجہ سے وہاں سے آبِ زم زم نکال دیا تھا۔۔۔۔۔۔

اور پھر دیکھتے دیکھتے وہ غیر آباد علاقہ ایک بسا بسایا علاقہ بن گیا تھا۔۔۔۔۔۔

اسی لیے میرا یقین تجھ پر بہت زیادہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ سامنے لگے شیشے میں اپنا عکس دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

اسکے آنکھوں کے گرد حلقے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رنگت پھیکی پڑی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

کتنی عجیب بات ہے نامائسہ۔۔۔تم کہتی تھیں کہ تم اکیلی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔اور دیکھو اب تو تم واقع میں اکیلی ہو۔۔۔۔۔

اس دنیامیں ہر سہارا جھوٹا ہے۔۔۔۔۔۔۔مضبوط سے مضبوط سہارا بھی اپنی اصلیت دکھا ہی دیتا ہے۔۔۔۔۔۔سب سے خوش حال انسان وہی ہے جسکے پاس اس رب کا سہارا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ یہی سوچ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور دعا کر رہی تھی۔۔۔۔

آلف صبح ہوتے ہی گھر سے سیدھا سیلین کے گھر جا پہنچا تھا۔۔۔۔۔۔

آج اس نے عہد کر لیا تھا کہ سیلین کو ان تمام سازشوں کا حصہ نہیں بننے دے گا۔۔۔جو دنیا میں ہو رہی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔اسی لیے وہ اسے ایک حقیقت سے آشنا کروانے لے کر جانے والا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھی تو بہت سی حقیقتوں سے آشنا کروانا ہے سیلین تمہیں۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے دل میں خود سے کہا تھا۔۔۔اس وقت وہ سیلین کے گھر کے باہر کھڑا خود سے مخاطب تھا۔۔۔

اس بار وہ اپنی مخصوص جیکٹ میں نہیں تھا۔۔۔بلکہ کرتے شلوار میں تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ سفید کلر کا سادہ سا کرتا شلوار تھا۔۔۔۔۔۔جسے پہن کر وہ سیلین کے گھر کے باہر کھڑا بیل بجا رہا تھا۔۔۔

دیکھ کر معلوم ہوتا تھا جیسے بیل پر ہاتھ رکھ کر اٹھانا بھول گیا ہے۔۔۔۔۔۔

آج سردی کی شدت میں کچھ کمی تھی۔۔۔۔۔برف باری رک چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔برف سورج کی گرمی سے پگلنا شروع ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مگر ہوا میں ٹھنڈ پھر بھی برقرار تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دروازے کے کھلنے کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

کتنا سو گئی سیلین۔۔۔۔۔۔۔ آلف جھنجھلا کر خود سے مخاطب ہوا۔۔

کہ اتنے میں دروازہ کھل گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سامنے سیلین پنک کلر کے نائٹ ڈریس میں اپنے بکھرے بالوں کے ساتھ اسکے سامنے کھڑی تھی۔۔۔۔۔۔کچھ بالوں کی آڑی ٹیڑھی لٹیں چہرے پر بھی آرہی تھیں۔۔۔۔

چہرے سے صاف ظاہر تھا کہ وہ ابھی ابھی اٹھی ہے

۔۔۔ایک آنکھ سے وہ سامنے مکمل تیار کھڑے آلف کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔دوسری آنکھ اب بھی بند تھی

جبکہ آلف نے اسکا ہلیہ دیکھ کر ایک گہری سانس خارج کی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسکے برابر سے گزرتا ہوا گھر میں داخل ہوا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

کون ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔۔۔۔۔ سیلین بولی تھی۔۔۔

اور آلف اسکی پشت کو دیکھ کر رکا تھا۔۔۔۔۔

وہ اب بھی ایک ہاتھ سے دروازہ پکڑی سامنے ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

آلف زور سے ہنسا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور وہ نیند سے جاگی تھی۔۔۔۔۔۔۔اور اسکے اچانک ہنسنے سے وہ ڈر بھی گئی تھی۔۔۔

اسنے خود کو دروازے کی طرف مڑا پایا۔۔۔۔جبکہ آلف گھر کے اندر کی طرف اسکے پیچھے کھڑا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تم نیند میں تھی۔۔۔۔۔۔۔ آلف اب بھی ہنس رہا تھا۔۔۔

نکلو میرے گھر سے صبح صبح آجاتے ہو۔۔۔۔۔ سیلین اب خود کو نیند سے جگا چکی تھی۔۔۔

چلو۔۔۔ تمہیں لینے آیا ہوں۔۔۔۔۔۔۔ آلف صوفے پر براجمان ہو کر ایک ہاتھ کو سر سے ٹکا کر خوشگوار طریقے سے بولا تھا۔

۔

اتنی جلدی۔۔۔۔۔۔ سیلین نے بڑی سی جمائی لی تھی۔۔۔۔

ہاں۔۔ چلو جلدی کرو۔۔۔۔۔۔ آلف نے اب سنجیدہ ٹون میں کہا۔۔۔۔

کم سے کم ایک گھنٹہ تو لگے گا مجھے۔۔۔۔۔ سیلین بور ہونے کی وجہ سے اسکے ساتھ جانے سے منع نہیں کر سکتی تھی۔۔۔۔۔ ورنہ اس وقت اسے شدت کی نیند آرہی تھی۔۔۔۔

آلف اک دم سے اٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے اسکے کمرے میں لے آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ سیلین اسکے بدلتے رنگ دیکھ کر چونکی تھی۔۔۔۔ پھر واپس اپنی ٹون میں آئی تھی۔۔۔

آل کیا بد تمیزی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ ہاتھ تو چھوڑو۔۔۔۔۔۔ سیلین نے چڑ کر کہا۔۔

۔۔ وہاں کمرے کا حال دیکھ کر کچھ پل کو وہ ٹھٹکا تھا۔۔۔۔۔ پورا کمرہ بکھرا پڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر سر جھٹک کر اسے لیے الماری کی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔ اور اسکا ہاتھ چھوڑ دیا تھا۔۔۔

اور وہ نیند میں جھولتی ہوئی آلف کی ساری کاروائی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

وہ الماری کا پٹ کھولے اسکے آڑھے تیڑھے کپڑوں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ایک بھی ڈھنگ کا جوڑا نہیں ہے تمہارے پاس۔۔۔؟؟۔۔وہ کپڑے دیکھتا ہوا ڈھونڈ رہا تھا۔۔۔۔

کہ اسے ایک ڈھنگ کا سوٹ مل ہی گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ وائٹ کلر کی فراک تھی۔۔۔بلکل اسکے کرتے کے کلر کی۔۔۔۔

وہ اسے ہاتھ میں لے کر مسکرایا تھا۔۔۔

نہیں مجھے وائٹ پسند نہیں۔۔۔سیلین نے اسے دیکھ کر عجیب سا منہ بنایا۔۔

آل کی ہنسی فوراً دبی تھی۔۔۔۔۔۔

اس نے یہ ڈریس اسکی طرف اچھالی تھی۔۔۔۔جسے ناچاہتے ہوئے بھی وہ پکڑ چکی تھی ۔۔۔

جاؤ۔۔۔پانچ منٹ کے اندر باہر نکلو۔۔۔۔۔وہ واشروم کی طرف

اشارہ کر کے بولا تھا۔۔۔

احسان کر رہے ہو مجھے کہیں باہر لے جا کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین اپنے ہاتھ میں ڈریس پکڑے باتھ روم کی طرف جاتے جاتے بول گئی تھی۔۔۔۔۔۔

الف نے موبائل میں ٹائم دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔صبح کے نو بج رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

پانچ منٹ ہی گزرے تھے کہ وہ واشروم سے باہر نکلی تھی۔۔۔۔

اور باہر کھڑے آلف نے اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔

وہ وائٹ کلر کی فراک میں تھی۔۔۔جسکا دوپٹہ بھی کافی بڑا اور کڑا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔انتہائی خوبصورتی سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چہرہ صرف پانی سے دھلا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔آلف نے اسے پہلی بار اتنا غور سے دیکھا تھا۔وہ واقع میں صرف معصوم سی شکل نہیں

۔۔۔بلکہ ایک حسین چہرہ تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سیلین اب آلف کو اپنی طرف دیکھتا ہوا دیکھ کر ہنس دی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ دانت کیوں نکلے ہیں۔۔۔؟۔۔۔ آلف نے ایک آئی برو اچکا کر پوچھا؟۔۔وہ اس پر سے نظریں ہٹا چکا تھا۔۔۔

وہ میں نے برش بھی کیا ہے نا۔۔۔۔جب سب کچھ اتنے غور سے دیکھ رہے ہو تو دانت بھی دیکھو پھر۔۔۔۔۔۔۔۔ سیلین شیشے کی طرف بڑھی تھی۔۔۔

نہیں۔ نہیں۔۔۔۔ نہیں۔۔۔۔۔۔۔ یہاں میں تمہیں نہیں جانے دونگا۔۔۔ کیونکہ خواتین شیشہ دیکھ کر میک اپ شروع کر دیتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے اسے ہاتھ سے روکا تھا۔۔۔۔۔۔

کیا مطلب ہے ایک لپسٹک تو۔۔۔۔۔۔ سیلین عادت سے مجبور ہو کر بولی تھی۔۔

۔نو۔۔۔۔ کوئی لبسٹک نہیں۔۔۔۔۔۔۔ پھر تم فاؤنڈیشن بھی ٹھوس لو گی۔۔۔اور بلش آن تو تم ہر دفعی لگاتی ہو۔۔۔۔۔۔۔اور مسکارہ بھی لگالو گی۔۔۔۔

اس لیے نو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے اسے پھر روکا تھا۔

ایسے ہی اچھی لگ رہی ہو۔۔۔۔ سیلین لبسٹک کی طرف لپکی تھی۔۔۔۔ جسے آلف نے پھرتی سے اپنے ہاتھ میں لیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور وہ منہ بسور کر رہ گئی تھی۔۔۔۔۔۔

اتنا غور کیا ہے اس نے میرے میک اپ پر۔۔۔۔۔۔۔ پھر کہتا ہے کہ مجھے غور سے نہیں دیکھتا۔۔۔۔ سیلین نے دل ہی دل میں سوچا تھا۔۔۔۔

چلو۔۔۔ جلدی کرو۔۔۔۔۔ یہ تمہاری وائٹ پمس ہیں۔۔۔یہ پہن لو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے باہر کی طرف رکھے شوریک میں سے وائٹ پمس نکال کر باہر رکھ دی تھیں۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اوکے۔۔۔سیلین کو اس پر غصہ بھی آرہا تھا۔۔۔اور اسکی حرکتوں پر پیار بھی۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ دونوں آلف کی بدولت محظ پندرہ منٹ میں گاڑی تک پہنچ چکے تھے۔۔۔۔۔۔

آئی کانٹ بلیو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں پندرہ منٹ میں تیار ہوئی ہوں۔۔۔۔۔۔۔سیلین نے گاڑی میں بیٹھ کر خود سے کہا تھا

۔۔۔۔

ہاں۔۔۔۔دیکھ لو میک اپ نے تمہارا کتنا وقت بچالیا۔۔۔۔۔۔آلف نے اسکی بات کا جواب دیا تھا۔۔

ہم جا کہاں رہے ہیں؟۔۔۔۔۔۔سیلین گاڑی چلنے پر بولی تھی۔۔۔۔

ابھی پتہ چل جائے گا۔۔۔آلف نے مختصر جواب دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

ابھی ابھی مائسہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔اور اس نے دل میں یہ ارادہ کر لیا تھا کہ رخسانہ سے یہاں لاہور میں موجود کسی دارلامان کا پتہ پوچھے گی۔۔۔۔پھر وہاں ہی جا کر رہے گی۔۔۔۔

اسی اثناء میں وہ ابھی کچن میں کام کرتی رخسانہ کے پاس ہی جا رہی تھی کہ کوئی اس چھوٹے سے کمرے کے باہر آیا تھا۔۔۔۔۔۔

دووازے کی آواز پر رخسانہ نے انہیں اندر آنے کا کہا تھا۔۔۔

آجائیں زینت۔۔۔۔۔۔۔۔

اتنے میں وہاں ایک کالے ابائے میں شرعی پردہ کی ہوئی ایک عورت اندر داخل ہوئی تھیں ۔۔۔۔

مگر وہ بھی رخسانہ بی بی کے چھوٹے سے کمرے میں موجود اس لڑکی کو دیکھ کر ٹھٹھکی تھیں۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم۔۔۔۔مائسہ نے انہیں خود کی طرف دیکھتا پا کر سلام کیا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وعلیکم اسلام۔۔۔۔زینت نے ایک ہاتھ کو منہ تک لے جا کر آداب کرنے والے انداز میں سلام کا جواب دیا تھا۔۔۔

آپ۔۔؟۔۔۔۔۔زینت ابھی مائسہ سے معلومات کرنا ہی چاہ رہی تھی کہ رخسانہ بیچ میں بول پڑی تھیں۔۔۔

یہ مائسہ ہے۔۔۔ سمجھ لو اس بچاری کا اس دنیا میں کوئی نہیں۔۔۔۔۔۔۔کل سے موجود ہے۔۔۔۔۔

مائسہ یہ زینت بیگم ہیں۔۔۔۔۔۔۔مجھ سے آسان عام فہم دینی مسائل اور سپارہ پڑھنے آتی ہیں۔۔۔۔۔۔دنیا میں رہ کر اپنی آخرت کو سوار رہی ہیں۔۔۔۔

رخسانہ نے دونوں سے ایک دوسرے کا تعارف کروادیا تھا۔۔۔

مائسہ نے بھی جواب میں ایک مسکراہٹ ان کی طرف اچھالی تھی۔۔۔۔۔

آنٹی۔۔۔میں کچھ دیر باہر بچوں سے مل لوں۔۔۔۔صرف بچوں کے صحن تک جاؤنگی۔۔۔۔۔۔یہاں میرا دم گھٹ رہا ہے۔۔۔۔۔

مائسہ نے رخسانہ سے اجازت کی تھی۔۔۔۔

جی بیٹا جاسکتی ہو۔۔۔۔۔ابھی وہاں کوئی نہیں ہو گا۔۔۔۔۔۔بس تمہارے انور انکل ہونگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مگر اچھی طرح سر کو ڈھانپ کر جانا۔۔۔۔۔۔۔۔رخسانہ نے اسے ہدایت کی تھی۔۔۔

جی۔۔۔۔آپ بے فکر ہو جائیں۔۔۔۔۔۔

اسی وقت مائسہ نے اپنی چادر کو خود پر پھیلا لیا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ رخسانہ کا سفید سوٹ پہنی تھی۔۔۔۔جو انکی جسامت کے حساب سے تھا لیکن انہوں نے اسے مائسہ کے حساب سے کر دیا تھا

۔۔۔۔۔

مائسہ پردہ ہٹاتی ہوئی اس سفید مسجد کے فرش پر پیر رکھ چکی تھی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

دھوپ نے اسکی آنکھوں کو چندرا دیا تھا۔۔۔۔۔۔ آج اسکی آنکھوں میں کمی تھی تو بس اس کاجل کی۔۔۔جو وہ ہمیشہ لگایا کرتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بغیر کسی وجہ کے مسکرائی تھی۔۔۔ گو کہ اب وہ مسکراہٹ پھیکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

مگر پھیکی مسکراہٹ سے بھی پریشانی میں اگر مسکرالیاجائے تو مثبت سوچ پیدا ہوتی ہے ۔۔۔اسی لیے وہ بنا بات مسکرائی تھی ۔۔۔۔

اس وقت اسے وہاں صرف بچوں کے تیز تیز پڑھنے کی آواز آرہی تھی۔۔۔

سر کے اوپر کھلا آسمان تھا۔۔۔۔۔۔بالوں کا جوڑا اسکے دوپٹے میں چھپ گیا تھا۔۔۔البتہ کچھ لٹیں خود بخود باہر آگئ تھیں۔۔۔

اسے وہاں بہت سے کبوتر نظر آئے تو وہ دل و جان سے مسکرا دی تھی ۔۔۔۔

دو ہی تو میرے دوست ہیں۔۔ایک ہانی اور ایک مخملی کبوتر۔۔۔۔۔۔۔اسے اپنے ہی الفاظ یاد آئے تھے ۔۔۔۔

وہ پھیکی مسکراہٹ مزید پھیکی پڑ گئ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے ایک لمبی سانس خارج کی۔۔۔ کس طرح سے کیسے لوگ بچھڑ جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے خود سے کہا تھا۔۔۔۔

اب وہ اس چٹائی سے پیک جگہ پر پہنچ چکی تھی۔۔۔۔جہاں بچے پڑھ رہے تھے۔۔۔۔۔

وہاں پردہ لگا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ پردہ ہٹاتی اندر داخل ہوئی تھی۔۔۔۔۔

مائسہ کی نظر سامنے کی طرف گئی تھی۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہاں پر کچھ چھوٹے اور کچھ دس سے بارہ سال کی عمر کے بچے بیٹھے قرآن کریم با آوازِ بلند پڑھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔تمام سفید لباس میں ملبوس تھے۔۔۔۔۔۔سر پر سفید ٹوپی تھی۔۔۔۔۔۔دری پر سب اپنے رحل اور سپارے کھول کر پڑھ رہے تھے۔۔۔۔۔

مائسہ کا اندر داخل ہونا تھا کہ تمام کہ تمام بچے اسکی طرف متوجہ ہوئے ۔۔۔۔

انور صاحب جو چھڑی پکڑے سر جھکائے بیٹھے تھے ۔۔۔بچوں کے خاموش ہونے پر انہیں دیکھنے لگے تھے ۔۔۔۔

پھر انکی نظر دروازے کی طرف کھڑی سفید لباس میں ملبوس مائسہ پر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے بیٹی۔۔۔۔۔۔۔۔آپ یہاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔انور صاحب نے اسے بیٹی کہہ کر مخاطب کیا تھا۔۔۔۔

جی بابا جی۔۔۔وہ میرا دل بہت گھبرا رہا تھا۔۔۔تو سوچا بچوں کے پاس آجاؤں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ نے بھی انہیں انکل سے بابا جی کہا تھا۔۔۔۔خلوص کے بدلے خلوص دینا وہ اچھے سے جانتی تھی۔۔۔۔۔۔۔

تمام بچے کچھ ایک دوسرے کو اور کچھ مائسہ کو غور سے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔

بیٹا یہ آپکی مائسہ باجی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بلکل آپکی رخسانہ مسٹرنی کی طرح ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔انور صاحب نے اسکا تعارف بہت اچھے انداز سے کروایا تھا۔۔۔۔۔

اسلام وعلیکم ماسٹرنی۔۔۔۔۔۔۔۔بچوں نے بھی بلکل اسی طرح سلام کیا تھا جس طرح وہ اپنی رخسانہ ماسٹرنی کو کرتے تھے۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام۔۔۔مائسہ کے چہرے پر اب جو مسکراہٹ آئی تھی۔۔۔وہ بلکل سچی تھی۔۔وہ دل سے مسکرائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بابا جی آج میں بچوں سے کچھ باتیں کرلوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے انسے اجازت لیتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔۔

کیونکہ اسے لگا تھا کہ اسکے وہ بچے واپس آگئے ہیں جنہیں وہ دن بھر پیاری پیاری باتیں بتاتی تھی کراچی میں ۔۔۔۔۔۔۔۔اور جب اس نے انہیں اپنے لاہور جانے کا بتایا تھا ۔۔۔۔۔تو سب سے زیادہ دانش رویا تھا ۔

۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ماسٹر نے اسے اجازت دے دی تھی۔۔۔

چلو بچوں سپارے بند کر لو۔۔۔مائسہ باجی سے باتیں کر لو آج۔۔۔۔۔انور صاحب نے بچوں کے خوش ہوتے چہرے دیکھ کر کہا تھا

۔۔۔

اب مائسہ سامنے بیٹھی تھی۔۔۔۔

۔اور بچے اسکے سامنے اور کچھ دائیں بائیں بیٹھ چکے تھے۔۔۔۔۔

ہم۔۔۔تو بچوں کوئی واقعہ سنو گے آپ سب۔۔۔؟؟۔۔۔مائسہ نے ان سب سے سوال کیا تھا۔۔۔

جو اسی بات سے بہت خوش تھے کہ انکی پڑھائی ادھوری رہ گئی مائسہ کے آنے سے۔۔۔۔۔

جی ماسٹرنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔چھوٹا سا انس بولا تھا۔۔۔

باقی بچوں نے بھی اسکی تائید میں گردن ہلائی تھی۔۔۔۔۔

ایک مرتبہ کا زکر ہے۔۔۔۔۔مکہ کی گلی میں ایک طاقتور لمبے قد کا چوڑے سینے اور بھرے ہوئے جسم کا نوجوان کسی گہری سوچ میں ڈوبا تھا۔۔۔۔۔

تمام بچے اسے غور سے سن رہے تھے۔۔۔۔

وہ سوچ رہا تھا کہ ایسا کیسے ہو گیا کہ ہمارے آباؤ اجداد نے دین کو کسی شخص نے جھٹلا دیا۔۔۔

اور اب وہ جلد از جلد کوئی فیصلہ کرنا چاہ رہا تھا۔۔۔

جانتے ہو اس شخص نے ایک بہت بری نیت کی تھی۔۔۔اسنے سوچا کہ جس دین پر لوگ مرمٹنے کو تیار ہو گئے ہیں کیوں نا اس دین کے چراغ کو ہی بجھا دیا جائے۔۔۔؟؟۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پھر اس نے یہ سوال اٹھایا کہ آخر یہ کام کرے گا کون؟۔۔۔بل آخر اس نے بہت سوچا۔۔۔

اور اسکی نظر خود پر ہی آکر ٹھہر گئی۔۔۔کیونکہ وہ مکہ کا ایک طاقتور شخص تھا۔۔۔۔۔۔

تمام بچے مائسہ کو غور سے سن رہے تھے۔۔۔

پتا ہے بچوں پھر وہ شخص ہاتھ میں تلوار لے کر نکل کھڑا ہوا۔۔۔۔۔کہنے لگا کہ میں اس چراغ کو بجھا ہی دونگا آج۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خود سے کلام کرتا ہوا وہ شخص جا رہا تھا کہ کسی نے اسے راستے میں دیکھ کر اس طرح غصے میں جانے کی وجہ پوچھی۔۔۔

تو اس شخص نے وجہ بتادی۔۔۔۔۔۔۔

تو پہلے اپنے گھر کی تو خبر لے تیری بہن اور بہنوئی بھی اسلام قبول کر چکے ہیں۔۔۔

اس پر اس سوال پوچھنے والے شخص نے کہا تھا۔۔۔جو کہ خود بھی مسلمان تھے۔۔۔۔۔۔۔۔انکا نام نعیم بن عبداللہ تھا۔۔۔

اس پر وہ شخص تیش میں سیدھا اپنی بہن کے گھر کے دروازے پر گیا تھا۔۔۔

سب ہی مائسہ کے انداز پر بہت ہی محو تھے۔۔۔۔۔۔کوئی بھی ادھر ادھر نہیں ہوا تھا۔۔۔۔

وہ شخص وہاں پہنچا تو اندر سے ایک کلام کی آواز آرہی تھی۔۔وہ اس آواز کو غور سے سننے لگا۔۔۔

پتا ہے اس شخص کی بہن اپنے بھائی سے بہت ڈرتی تھیں۔۔۔۔

جب دروازہ بجایا گیا تو اس شخص کی بہن اور اسکا بہنوئی بہت ڈر گئے۔۔۔۔دونوں نے قرآن کے اوراق چھپا دیے ۔۔۔۔۔

اور انکے لیے دروازہ کھولا گیا۔۔۔۔۔۔۔وہ شخص طیش کے عالم میں اندر داخل ہوا۔۔۔۔۔

اپنی بہن سے گرجدار آواز میں کہا۔۔

اے اپنی جان کی دشمن تو اپنے دین سے پھر گئی ہے۔۔یہ میں کیا سن رہا ہوں۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

-

یہ کہہ کر انہوں نے اپنی بہن کو ایک ڈنڈے سے مارا۔۔۔۔۔۔۔

بچے مزید اس کہانی میں کھو گئے تھے۔۔۔

جب بہن کے شوہر کی طرف بڑھے۔۔۔ تو وہ لپک کر بیچ میں آ گئی۔۔۔۔۔

اور کہنے لگیں۔۔۔ اے بھائی تیرا جتنا جی چاہتا ہے ہمیں مار۔۔ ہمارے جسم کے ٹکرے کر دے۔۔۔ لیکن ہم اس دین سے نہیں پھریں گے۔۔۔۔۔۔

انہوں نے اس پر حیرانگی سے اپنی بہن کو دیکھا۔۔۔

اور اس شخص نے کہا کہ اچھا مجھے وہ اوراق دکھاؤ جو تم پڑھ رہی تھیں۔۔۔۔۔

انہوں نے کہا۔۔ بھائی تم بے وضو ہو۔۔ ناپاک ہو۔۔۔۔ اور اس کتاب کو پاک ہی چھو سکتا ہے۔۔۔

اس پر وہ نوجوان اور بھی حیران ہوا۔۔۔ کہ یہ کیسا بابرکت کلام ہے جسے پانی کا استعمال کیے بغیر چھو بھی نہیں سکتے ۔۔۔

ان کی بہن نے مزید کہا اگر تمہیں واقع شوق ہے اسے پڑھنے کا تو پہلے غسل کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر وہ راضی ہو گئے ۔۔

انہوں نے غسل کیا۔۔۔۔۔۔

جب اس نوجوان نے اپنے سامنے قرآن پاک کھولا۔۔۔ تو سب سے پہلے سورہِ طٰہٰ کی آیتیں اپنی کرنوں کو پھیلا رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

وہ شخص دم بخود ہو کر وہ پڑھنے لگا۔۔۔۔۔۔ دل نرم ہوا۔۔۔۔۔ سختیاں جھڑ گئیں۔۔۔ اور آنسو بہنے لگے۔۔

جب دل کے میل کو آنسوں میں بہا دیا۔۔۔ تو تڑپ کر فرمایا

کہاں ہیں وہ روشن چراغ ﷺ میں ان سے ملنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ اور مسلمان ہونا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

واہ۔۔۔۔۔انس نے پوری کہانی سن کر کہا تھا۔۔۔۔

بیٹا ایسی باتوں پر سبحان اللہ کہتے ہیں۔۔۔۔۔مائسہ نے اسے بتایا۔۔۔

سبحان اللہ۔۔۔۔۔۔۔انس نے پھر سے کہا تھا۔۔۔

انور صاحب بھی مائسہ کے اس طرح سے واقعہ کو بیان کرنے پر بہت خوش ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔

بتاؤ۔۔۔وہ کون تھے۔۔۔۔۔؟؟۔۔

مائسہ نے سوال کیا تھا۔۔۔

چلو یہ بات تو میں نہیں بتاؤنگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔خود تلاش کرنا ہو گا۔۔۔۔۔مائسہ نے جواب کو ادھورا چھوڑا تھا۔۔۔

نہیں ایسا نا کریں۔۔۔ماسٹر نی۔۔۔۔۔پیٹ میں گر گری ہوتی رہے گی۔۔۔۔۔ایک بچہ اداس چہرہ بنا کر بولا تھا۔۔۔

نہیں پلیز بتادیں ماسٹر نی وہ کون تھے۔۔۔۔۔؟۔۔۔

ایک اور بچہ ضد کرتا ہوا بولا تھا۔۔۔

پلیجججج۔۔۔۔۔۔۔انس بھی اپنی بچکانہ آواز میں بولا تھا۔۔۔

نو میمز نو۔۔۔۔۔۔۔میں نہیں بتاؤنگی۔۔۔یہ آپ سب بتاؤ گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں بھئی ماسٹر نی نے اتنا پیارا واقعہ سنایا ہے۔۔اب کیا وہ سوال بھی نہیں کر سکتیں۔۔۔۔۔۔۔سب اپنے گھر سے پوچھ کر آنا

۔۔۔۔۔۔

تمہارے ماسٹر صاحب ایک بات بتا سکتے ہیں۔۔۔۔۔وہ ایسے شخص ہیں جن کے بارے میں حضرت ﷺ نے مسلمان ہونے کی دعا فرمائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اور ان کو دیکھ کر شیطان بھی اپنا راستہ بدل لیتا ہے۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

انور نے تمام بچوں سے مخاطب ہو کر کہا تھا۔۔۔۔

جبکہ مائسہ نے انہیں ایک مسکراہٹ پاس کی تھی۔۔۔۔۔

😜❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️

ہاں۔۔۔ٹارگٹ نمبر ٹو آج کمپلیٹ ہو جانا چاہیے۔۔۔۔وہ صاف آواز میں مقابل سے فون پر کہہ رہا تھا۔

جی سر ساری تیاری مکمل ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مقابل نے جواب دیا تھا۔۔۔

اگر پکڑے جاؤ تو پتہ ہے نا کیا کرنا ہے۔۔۔۔۔۔کسی کا بھی نام اوپر آیا تو تم لوگوں کے پورے گروپ کو میرے ہاتھوں سے کوئی نہیں بچا سکتا۔۔۔۔۔

ڈیلسن اردو میں بات کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس وقت وہ پاکستان فون ملایا ہوا تھا۔۔۔۔۔

جنت کے راستے پر جان بھی قربان سر۔۔۔۔۔۔۔۔۔مقابل نے ایک پر جوش جزبے سے کہا تھا۔۔۔۔

وہ ڈیلسن کا زاتی کمرہ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔جہاں وہ رہا کرتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے بارے میں اسکے زاتی اعتماد والے چند لوگوں کے سوا اور کوئی نہیں جانتا تھا۔۔۔

دروازہ ناک ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن فون رکھ کر دروازے کی طرف متوجہ ہوا۔۔

سر کا ملین۔۔۔۔۔۔باہر سے آواز آئی تھی۔۔۔۔

میٹنگ روم میں چلو میں وہیں آرہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔ڈیلسن نے فون پر سرسری نظر ڈال کر اسے کہا تھا۔۔۔۔

کچھ دیر میں وہ خود بھی وہاں پہنچ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ہاں بتاؤ۔۔۔۔کیا رو پورٹ ہے۔۔؟۔۔۔

سر اس فیضان احمد اور اسکی فیملی کے بارے میں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔کاملین نے بتایا تھا۔۔۔

وہ کمرہ کافی بڑا تھا۔۔۔۔

ایک بڑی سی شیشے کی ٹیبل لگی تھی۔۔۔جہاں ہر طرف کرسیاں تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔پورا کمرہ مہنگے ترین ٹائلز اور وال پیپر سے بنا ہوا تھا۔۔۔۔۔جہاں بلو اور سلور لائٹس لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سر اس فیضان احمد کی فیملی میں اسکی بیوی۔۔۔۔اور اسکی ایک بیٹی ہے۔۔۔۔

لیکن ہمیں اصل خطرہ اس کے بیٹے سے ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف فیضان۔۔۔۔۔۔۔۔یہ ہے اسکی فائل۔۔۔کاملین نے ایک فائل ڈیلسن کو پکڑائی تھی۔۔۔

ڈیلسن نے اس فائل میں لگی تصویر کو غور سے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

۔۔پاکستان سے ماسکو یہ پندرہ سال پہلے آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنی ماں نائلہ فیضان اور فیضان احمد کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔نورے فیضان کی پیدائش یہاں کی ہے۔۔۔۔

ڈیلسن اسکی بات بغور سن رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

سر فیضان احمد کا یوٹیوب اکاؤنٹ جہاں سے وہ ایک بہت بڑے مقام کو پہنچا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہاں اسکی موت کے بعد آج صبح ہی ایک ویڈیو اپلوڈ ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

جس میں سورہ رحمٰن کی ویڈیو کے ساتھ پیچھے فیضان احمد کے بیٹے آلف فیضان کی آواز میں تلاوت ہے۔۔۔۔

ڈیلسن اس بات پہ شیطانی ہنسی مسکرایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ کون سے نوجوان ہیں اس دنیا میں جو اس دور میں بھی اپنے دین کے راستے پر اس طرح بغیر ڈگمگائے چل رہے ہیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جب تک ایسا ایک بھی ہے ڈیلسن پر نیند حرام ہے۔۔ڈیلسن نے سنجیدہ لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

اور اب وہ اپنی کرسی پر بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ کاملین اسکے برابر میں کھڑا تھا۔۔

لگاؤ۔۔۔آواز سناؤ ہمیں۔۔۔۔۔دیکھیں تو فیضان احمد جیسا دم ہے بھی کہ نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن نے طنزیہ کہا تھا۔۔۔۔

کاملین نے یوٹیوب سے وہ ویڈیو لگائی تھی۔۔۔۔

جسے ٹھوڑا سا سنا گیا تھا۔۔۔۔۔۔پورے کمرے میں وہ آواز گونجی تھی۔۔۔

ڈیلسن کی شکل پر حد درجہ غصہ چھا گیا تھا۔۔۔

رکو۔۔۔۔۔۔۔اب فیضان کی آواز لگاو۔۔۔۔۔ڈیلسن نے کاملین سے کہا تھا۔۔

کاملین اب فیضان احمد کی آواز میں تلاوت لگا چکا تھا۔

ڈیلسن نے زور سے اپنا ہاتھ سامنے ٹیبل پر مارا تھا۔۔۔۔

وہ اچانک سے کرسی سے اٹھا تھا۔۔۔۔۔۔

کاملین۔۔۔۔۔اس نے دونوں ہاتھوں سے اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں میں دبوچا تھا۔۔۔۔۔۔۔

کاملین اس سب پر گڑبڑا گیا تھا۔۔۔۔۔

یہ آواز فیضان احمد جیسی نہیں۔۔۔۔۔بلکہ اس سے بھی زیادہ لوگوں کو پاگل کر دے گی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ڈیلسن نے اسکی مونچھوں کو ہاتھ لگا کر اسکے چہرے سے ہاتھ ہٹائے تھے ۔۔

ایک تو ویسے بھی مسلمانوں کے قرآن میں کشش ہے۔۔۔۔وہ تو مسلمان اسے مانتے نہیں ہیں۔۔۔۔ورنہ دلوں کو چین تو صرف اس کو سن لینے سے آجاتا ہے۔۔۔۔

اب اگر ایسی کانوں کو بھا جانے والی آواز لوگوں کو ملے گی تو وہ اس قران کی طرف لگ جائیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جسکا مطلب ہے وہ طاقت واپس آجانا جو خلافتِ عثمانیہ کی بنیاد تھی۔۔۔۔۔

ہمارے آباؤاجداد نے بہت مشکلوں سے اس طاقت کا مقابلہ کیا تھا۔۔۔بہت مشکل سے ہم نے مسلمانوں کی جڑوں کو جگہ جگہ سے کمزور کیا تھا۔۔۔۔۔۔نہیں میں یہ نہیں ہونے دے سکتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے میری پیشکش ماننی ہی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈیلسن خوف اور غصے کے ملے جلے تاثرات سے بول رہا تھا۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

زینت اچھا ہوا آپ آگئیں۔۔۔۔۔۔۔مجھے آپ سے اس بچی کے بارے میں اہم بات کرنی تھی۔۔۔۔

رخسانہ زینت کے بلکل سامنے بیٹھ کر بولی تھیں۔۔۔۔۔

وہ دونوں علمی کتابیں لے کر بیٹھی تھیں۔۔۔۔۔۔جو کہ ابھی بند تھیں۔۔

اور زینت اب بھی اپنے شرعی ابائے میں تھیں ۔۔۔۔۔

آپ جانتی ہیں کہ اللہ نے اس بچی کو ہم دونوں کو امانت دیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اب میرا کام ہے کہ میں اسے ایک محفوظ جگہ فراہم کروں۔۔۔۔

رخسانہ نے بات کا آغاز کیا تھا۔۔۔

جب کے اس ساری گفتگو میں زینت خاموشی سے سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جی باجی آپ حکم کریں۔۔۔۔

میں کسی فلاحی ادارے میں بات کر لیتی ہوں کوئی تو رکھ لے گا اس بچی کو۔۔۔۔۔۔زینت نے بھی تجویز پیش کی تھی۔۔۔۔۔۔

نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ایسا تو میں بھی کر سکتی ہوں۔۔ لیکن یہ اس بچی کے لیے محفوظ نہیں۔۔۔۔

آپ کیا چاہتی ہیں۔۔۔؟۔۔۔زینت نے ان سے اصل وجہ پوچھی تھی۔۔۔۔۔

میں چاھتی ہوں۔۔۔ آپ اسے اپنے ساتھ لے جائیں۔۔۔۔۔۔۔رخسانہ نے اپنی بات کہہ دی تھی اب وہ زینت کے جواب کا انتظار کر رہی تھیں۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

یہ کہاں لے کر آئے ہو مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ صبح سے گاڑی میں تھے۔۔۔۔

سیلین ایک گھنٹے سے کبھی گاڑی چلاتے آلف کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔تو کبھی گاڑی میں گانا لگانے کی فرمائش کر رہی تھی۔۔۔۔جسے آلف منع کرتا جا رہا تھا۔۔۔۔

اور اب وہ ایک سنسان سے غیر آباد علاقے میں تھے۔۔۔۔۔۔ہائی وے ہر گاڑی چل رہی تھی۔۔۔

۔۔۔

سیلین کو اب صحیح معنوں میں ڈر لگا تھا۔۔۔۔۔ کہیں یہ مجھے جان سے ہی نا مار ڈالے۔۔۔اس نے دل میں سوچا تھا۔۔۔۔۔۔اور اسکی آنکھیں باہر کو آئی تھیں۔۔۔

یہ جگہ اچھی ہے نا تمہیں جان سے مارنے کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے ایک نظر اس پر ڈال کر کہا تھا۔۔۔۔۔وہ تیزی سے گاڑی چلا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

سیلین سامنے ایک لمبی چوڑی مسجد کو دیکھ کر حیران ہوئی تھی۔۔۔۔۔اس جگہ پر اس مسجد کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ کیا تم مجھے اتنی دور مسجد لے کر آئے ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو مردوں کی جگہ ہے ۔۔۔۔۔۔۔سیلین اب صحیح معنوں میں اسے پاگل سمجھی تھی۔۔۔۔

ہاں۔۔۔۔۔۔۔۔آلف نے ہاں میں گردن ہلاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

ساتھ ہی وہ گاڑی اس چھوٹی خوبصورت سی مسجد کے برابر میں روک چکا تھا۔۔۔۔۔

اب تم کیا مجھ سے سپارے سنوں گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین چڑتے ہوئے گاڑی سے اتر کر بولی تھی ۔۔۔

آلف مسجد کی طرف بڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔اس کے سوال پر وہ مڑا تھا۔۔۔

نہیں کلمے۔۔۔۔۔۔اب جلدی چلو۔۔۔۔۔۔اس نے اسکا ہاتھ پکڑا تھا۔۔۔۔۔

اوو۔۔۔۔۔۔۔یہ مسجد ہے۔۔۔۔میں کیسے جاؤں۔۔۔؟۔۔۔

سیلین نے سوال کیا تھا۔۔۔

اوہو۔۔۔۔یہ مدرسہ بھی ہے اندر اس کے پیچھے والے گاؤں کی بچیاں بھی پڑتی ہیں۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اب اسے کھینچا تھا۔۔اور خود آگے بڑھ گیا تھا۔۔۔

ہوا تیز تھی۔۔۔۔سیلین کے بال ہوا میں لہرا رہے تھے۔۔۔۔دوپٹہ کندھے پر تھا۔۔۔۔

وہ ایک سفید پتھروں سے بنی خوبصورت سی مسجد تھی۔۔۔۔۔۔۔سامنے ایک بڑا سا دروازہ تھا۔۔۔۔

جہاں سے صحن نظر آتا تھا۔۔۔۔۔۔۔

آلف اک دم رکا تھا۔۔۔اور سیلین کی طرف پلٹا تھا۔۔۔

سیلین نے عجیب نظروں سے اسے دیکھا۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اب دونوں ہاتھ بڑھاتا ہوا اسکے بازو پر پھیلا دوپٹہ اسکے سر پر اوڑھا چکا تھا۔۔۔۔۔

سیلین چپ تھی۔۔۔کیونکہ وہ شدید غصہ تھی۔۔۔۔

آلف اب اسے پکڑے اندر بڑھا تھا۔۔۔

ہاتھ چھوڑ دو۔۔۔یہ مسجد ہے۔۔۔سیلین نے دانت پیس کر کہا تھا۔۔۔

جس پر آلف نے اسکا ہاتھ چھوڑ دیا تھا۔۔۔

جانتی ہو اس مسجد میں میں آٹھ سال پہلے پہلی بار آیا تھا۔۔۔۔آلف نے چاروں طرف نظر گھما کر کہا تھا۔۔۔

ارے آلف بابا آئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ایک پندرہ سال کا بچہ انہیں دور سے ہی دیکھ کر چلایا تھا۔۔۔۔۔۔

ماسٹر صاحب۔۔۔آلف بابا آئے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بچہ سب کو خبر کر چکا تھا۔۔۔

سیلین کو یہ دیکھ کر کافی حیرت ہوئی تھی۔۔۔۔

آلف اسے لے کر اندرونی کمرے کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ ایک سفید پتھروں سے بنی خوبصورت سی مسجد تھی۔۔۔۔۔۔سامنے ایک بڑا سا دروازہ تھا۔۔۔

جہاں سے صحن نظر آتا تھا۔۔۔۔۔۔

آلف اک دم رکا تھا۔۔۔اور سیلین کی طرف پلٹا تھا۔۔۔

سیلین نے عجیب نظروں سے اسے دیکھا۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اب دونوں ہاتھ بڑھاتا ہوا اسکے بازو پر پھیلا دوپٹہ اسکے سر پر اوڑھا چکا تھا۔۔۔۔۔

سیلین چپ تھی۔۔۔کیونکہ وہ شدید غصہ تھی۔۔۔۔

آلف اب اسے پکڑے اندر بڑھا تھا۔۔۔

ہاتھ چھوڑ دو۔۔۔یہ مسجد ہے۔۔۔سیلین نے دانت پیس کر کہا تھا۔۔۔

جس پر آلف نے اسکا ہاتھ چھوڑ دیا تھا۔۔۔

جانتی ہو اس مسجد میں میں آٹھ سال پہلے پہلی بار آیا تھا۔۔۔۔آلف نے چاروں طرف نظر گھما کر کہا تھا۔۔۔

ارے آلف بابا آئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ایک پندرہ سال کے بچہ انہیں دور سے ہی دیکھ کر چلایا تھا۔۔۔۔۔۔

ماسٹر صاحب۔۔۔آلف بابا آئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بچہ سب کو خبر کر چکا تھا۔۔۔

آلف نے اپنے شوز صحن شروع ہونے سے پہلے کونے میں اتار دیے تھے۔۔۔

سیلین نے بھی اسکی دیکھا دیکھی یہی کیا تھا۔۔۔وہ بھی اپنی سفید پمس کو وہاں اتار چکی تھی۔۔۔

اور وہ دونوں آگے بڑھ گئے تھے۔۔۔۔۔۔

سیلین کو اس آواز لگاتے ہوئے بچے کو دیکھ کر کافی حیرت ہوئی تھی۔۔۔۔

آلف اسے لے کر اندرونی کمرے کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس مسجد میں ایک طرف دو بڑے کمرے تھے۔۔۔۔۔۔۔جن پر سامنے کی طرف بڑی سی کھڑکی تھی۔۔۔۔

جہاں سے کوئی بھی ان کمرے کو دیکھ سکتا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہاں چھوٹی چھوٹی بچیاں قرآنِ کریم پڑھ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔ سیلین نے ان پیاری پیاری بچیوں کو دیکھا تھا۔۔۔جو اس وقت مکمل محو تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ دونوں سامنے کی جانب بڑھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔ سیلین نے آلف کے پیچھے چلتے ہوئے اپنے پیروں کی طرف دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔وہ سفید پتھروں کا فرش تھا۔۔۔۔جو دھوپ ہونے کے باوجود ٹھنڈا تھا ۔۔۔۔۔۔

سیلین کو اپنے پیر ٹھنڈے محسوس ہو رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔ پھر اسنے آلف کے پیروں کو بھی دیکھا تھا۔۔۔۔

جو اسکے پیروں سے بڑے تھے۔۔۔۔۔۔ اسکے مقابلے میں سیلین کو اپنے پاؤں چھوٹے اور پتلے لگے۔۔۔۔۔

دوسری طرف سامنے ایک بڑا سا کمرہ تھا۔۔۔۔ جسکی طرف آلف اسے لیے بڑھ رہے تھے۔۔۔۔اس کمرے کے اوپر کی طرف ہی اس مسجد کا سفید گنبد تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں پہنچتے ہوئے بچوں کی آواز اور تیز ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے وہ دونوں اس شور کی طرف مزید بڑھتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سامنے سے ایک سفید اور چمکدار چہرے والے بزرگ باہر کی طرف تشریف آئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

انکے ساتھ وہی بچہ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ جو آلف کو دیکھ کر بے حد خوش تھا۔۔۔۔۔

ان بزرگ کے چمک دار چہرے پر سفید داڑھی تھی۔۔۔۔۔ جو مکمل سفید تھی۔۔۔ سفید چہرہ سفید داڑھی اور سفید بال۔۔۔۔ جس پر سفید عمامہ اور جسم پر سفید سادھا کرتا شلوار کے ساتھ لمبی سفید چادر تھی۔۔۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم شامی بابا۔۔۔۔ آلف نے انہیں دیکھتے ہی ادب سے سلام کیا تھا۔۔۔۔۔ اور آگے بڑھ کر انکا ہاتھ چوما تھا۔۔۔۔۔۔۔

سیلین جو آلف کو دیکھ رہی تھی اسے اسکی آنکھوں میں ایک چمک ابھرتی نظر آئی تھی۔۔۔۔

جبکہ وہ ابھی وہاں کھڑی بس سب کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ارے۔۔۔۔وعلیکم اسلام قاری صاحب۔۔۔۔۔۔۔۔۔معین شامی نے اسے دیکھ کر انتہائی عزت افزائی اور خوش دلی سے کہا تھا

۔۔۔۔۔

ساتھ ہی وہ دونوں ہاتھ پھیلائے آلف کے گلے لگنے کو آگے بڑھے تھے۔۔۔۔۔۔۔

اور آلف بھی ان سے گلے ملا تھا۔۔۔۔۔

کیسے ہیں شامی بابا۔۔۔۔طبیعت ٹھیک آپکی۔۔۔۔۔مدرسے کے بچے کیسے ہیں۔۔۔۔۔۔۔؟۔۔

آلف نے بے تابی سے سارے سوالات کیے تھے ۔۔۔۔۔

اور وہ مسرت سے آلف کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

زرا ٹھہریں قاری صاحب۔۔۔۔۔الحمدللہ سب ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔۔بس میری طبیعت آپکو دیکھنے کی خواہش کر رہی تھی۔۔۔۔اب وہ بھی بلکل ٹھیک ہے۔۔۔۔۔

۔معین شامی نے انتہائی خوش اخلاقی سے آلف سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔بولتے وقت انکی داڑھی کے بال ہوا سے لہرائے تھے ۔ ۔

سیلین ان کی باتوں کو بے حد غور سے سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اوپر آسمان پر دھوپ تھی۔۔۔ہلکی ہوا چل رہی تھی۔۔۔۔جس سے اسکی گھٹنوں سے نیچے تک لمبی فراک لہرا رہی تھی۔۔

آج میں آپ سے کسی کو ملانے لایا ہوں۔۔۔۔۔۔۔آلف نے سیلین کی جانب اشارہ کیا تھا۔۔۔۔۔۔

معین شامی نے آلف کے پیچھے کھڑی اس معصوم سی دکھنے والے خوش شکل سیلین کی جانب اک نظر ڈالی تھی۔۔۔

ماشاءاللہ۔۔۔۔رابعہ آ۔۔۔۔۔۔معین کہتے کہتے رکے تھے۔۔۔۔۔

ادھر آلف کو کھانسی شروع ہوئی تھی۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اہم۔۔۔اہم۔۔۔۔۔۔وہ بلند آواز سے کھانسا تھا

رابعہ سکندر کو لائے ہو نا ۔۔۔۔۔۔ماشاءاللہ ۔۔۔۔۔ماشاءاللہ ۔۔۔۔۔ معین شامی نے اپنا جملا دہرایا تھا ۔۔۔۔۔

سیلین نے اپنے اصلی نام پر چونک چونک کر سامنے انہیں اور آلف کو ایک نظر دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

جبکہ آلف نے اس سب کے دوران ایک بار بھی سیلین پر نظر نہیں ڈالی تھی۔۔۔۔۔

آؤ۔۔۔ آؤ۔۔ یہاں تو بچے پڑھ رہے ہیں۔۔۔ ہم دوسرے کمرے میں بیٹھتے ہیں۔۔۔

میرے پیچھے آؤ۔۔۔ آلف میاں۔۔۔۔۔ معین شامی انہیں لیے دوسرے کمرے کی جانب بڑھے تھے۔۔۔جو اس گنبد والے کمرے کے برابر میں تھا۔۔۔۔۔

سیلین بھی ان دونوں کے پیچھے چل دی تھی۔۔۔۔

اس نے غور کیا تھا کہ اس دوسرے کمرے سے بچے جھانک جھانک کر اسے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

اور اسے کافی عجیب لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف بھائی آج اتنے دنوں بعد کیسے آنا ہوا۔۔۔ سیلین سے آگے چلتے ہوئے اس بچے نے آلف سے پوچھا تھا ۔۔۔۔دیکھنے میں یوں معلوم ہوتا تھا جیسے وہ بچہ آلف کا پرانا دوست ہو۔۔۔۔

اب تو آگیا ہوں نا عریش۔۔۔۔ آلف نے بھی مسکرا کر عریش کو جواب دیا تھا۔۔۔

یہ رابعہ ہیں نا۔۔۔۔۔۔ عریش نے اسکے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔۔۔

وہ جو ان دونوں کو چھپکے سن رہی تھی اسکے کان بھی کافی تیز تھے۔۔اس تک بات پہنچ گئی تھی۔۔۔۔اور وہ اس بات پر مزید چوکس ہو گئی تھی

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ہاں۔۔۔ کیسی ہیں۔۔؟۔۔۔اب وہ ایک آنکھ دبا کر عریش سے پوچھ رہا تھا۔۔۔اتنے ہی دھیمے لہجے میں۔۔۔

جیسا بتایا تھا بلکل ویسی ہیں۔۔۔۔۔۔۔بس آپ نے کہا تھا کہ وہ موڈرن ہیں۔۔۔ مگر یہ تو بہت مہذب لگ رہی ہیں۔۔؟۔۔۔

عریش نے ایک سادھا سی بات آلف سے پوچھی تھی۔۔۔

مگر مہذب لفظ پر ہی وہ ہنسی قابو نا رکھ سکا تھا۔۔۔۔۔۔۔رابعہ اور مہذب۔۔۔۔۔۔

اسنے ہلکی آواز سے کہا تھا۔۔۔۔۔

اب یہاں تک بات سیلین کو نہیں پہنچ سکی تھی۔۔۔کیونکہ وہ ان دونوں سے کافی پیچھے چل رہی تھی۔۔۔۔۔ادھر ادھر نظریں ڈالتی۔۔۔

وہ دونوں کمرے تک پہنچے تھے۔۔۔۔۔آلف نے سیلین کو دیکھا تھا۔۔۔۔جو مزے سے لہرالہرا کر ادھر ادھر دیکھتے ہوئے ان دونوں سے کافی پیچھے تھی۔۔۔۔

کتنے پیارے بچے ہیں نا یہ۔۔۔۔کتنے پیارے لگ رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔بے حد حسین۔۔۔۔ سیلین خود سے بار کر رہی تھی۔۔۔۔۔

تم جاؤ عریش میں آتا ہوں۔۔۔۔۔ آلف عریش سے کہتا ہوا سیلین کی طرف بڑھا تھا

سیلین یہ مسجد ہے۔۔۔یہاں لڑکیاں اس طرح لہرالہرا کر نہیں چلتیں۔۔۔۔۔۔مانا مدرسہ بھی ہے لیکن اب ہم وہ حدود کراس کر چکے ہیں۔۔۔۔۔۔۔کمرے میں چلو۔۔۔۔۔

آلف نے اسکے پاس پہنچ کر دھیرے سے سمجھایا تھا۔۔۔۔۔

وہ جانتا تھا اسکا منہ کچھ زیادہ ٹھیک نہیں اس وقت۔۔۔

سیلین اسے گھورتی اس کمرے کی طرف بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ ایک جنازے کا منظر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ناصرف جنازہ بلکہ وہ ایک جوان کا جنازہ تھا۔۔۔۔۔۔

لوگ کافی تعداد میں شریک تھے۔۔۔۔۔۔

امام صاحب نمازِ جنازہ پڑھا چکے تھے۔۔۔۔اب وہاں دعائے خیر ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

جنازے میں شریک تمام لوگوں نے امام صاحب کے پیچھے کھڑے کھڑے آمین کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

کچھ زیر بعد اب وہاں تمام لوگ جا چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔اور وہ لوگ بھی اس شخص کو اسکے زمینی گھر قبر میں دفنا چکے تھے۔۔۔۔

اور اس وقت وہ چند لوگ لاہور کی ایک مسجد میں حلقہ بنائے بیٹھے تھے ۔۔۔۔۔

۔ان میں سے ایک بہت ہی پر کشش شخصیت تھے۔۔۔۔۔جوان کے درمیان کسی سورج کی مانند تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

شیخ غفران الحق خاموش بیٹھے تھے۔۔۔۔۔جبکہ انکے گرد انکے اہم ترین شاگردوں کی ٹولی خاموش بیٹھی تھی۔۔۔۔

شیخ۔۔۔اب اس مسئلے کا کیا حل نکالیں۔۔۔؟۔۔۔۔۔ایک شاگرد جوان سے کافی قریب تھا۔۔۔۔۔۔وہ تمام سے مخاطب ہوا تھا۔۔۔۔۔

جبکہ آس پاس کے سبھی نوجوان خاموش تھے۔۔۔۔۔

سب کی عمر 25 سے 30 کے درمیان تھی۔۔۔۔۔۔اب کے چہرے پر داڑھی نمایاں تھی۔۔۔۔۔۔ہلکی مونچھیں بھی دیکھنے میں آتی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ ان سب نے سامنے آلتی پالتی مار کر بیٹھے تھے۔۔۔۔۔۔۔سفید کرتا جس پر سفید ہی عمامہ تھا۔۔۔۔۔۔

شیخ غفران کی گردن اٹھی تھی۔۔۔۔۔نظریں اب سامنے تھیں۔۔۔۔۔۔آنکھیں کھلی تھیں

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

حل نکال لیا ہے میں نے۔۔۔انہوں نے دھیمی آواز میں کہا تھا۔۔۔۔۔

حکم کریں شیخ۔۔۔۔سامنے بیٹھے نوجوان نے سوالیہ نظروں سے کہا تھا۔۔۔

وہ تمام ضبط کی اعلیٰ منزلوں پر تھے

۔۔۔انہوں نے کہنا شروع کیا تھا۔۔

میں نے تم پانچوں کو اپنا ہنر سونپا تھا۔۔۔۔۔دین کی تعلیم عمر بھر سے اب تک تم لوگوں نے حاصل کی۔۔۔

اب اللہ نے مجھ سے میرا ایک بیٹا لے لیا ہے۔۔۔۔۔اور خیر سے اس احمد نے اپنی منزلوں کو پالیا ہے۔۔۔۔۔۔میں نے اسے اپنے ہاتھوں سے قبر میں بھی اتار دیا اور اب وہ خوش ہو گا انشاءاللہ۔۔۔۔۔۔۔

تمام نوجوان بولتے وقت انکی آنکھوں کی چمک دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔

اب مجھ سمیت ہم چار ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔مگر مجھے چار کی ضرورت ہے۔۔۔

یعنی آقا ﷺ کے چار جانشین کے صدقے میں۔۔۔میں اپنے شاگردوں کا چار کا عدد پورا ہی رکھنا چاہتا ہوں۔۔۔۔

جی شیخ۔۔آپ بس حکم کریں۔۔۔۔مدرسے کے بہت سے نوجوان ہیں جو آپ کے حلقۂ ارادت میں داخل ہونا چاہتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔آپ اپنی نظر سے دیکھ کر کسی کو بھی چن لیں۔۔۔۔۔

نہیں۔۔۔۔میں نے اسکا کوئی اور حل سوچا ہے۔۔۔۔

انہوں نے ایک ہاتھ اپنے گھٹنے پر رکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

فرمائے شیخ۔۔۔۔۔دوسرا نوجوان بھی عقیدت سے گویا ہوا تھا۔۔۔

۔۔۔۔غور سے سنو۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب اس مسجد میں تہجد کے وقت جو بھی نوجوان اس مسجد میں داخل ہو گا۔۔۔۔میں اسے اپنے حلقہِ ارادت میں شامل کر لوں گا ۔۔۔۔۔اور وہ اس مشن کو تم لوگوں کے ساتھ آگے بڑھائے گا۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے اپنی بات مکمل کی تھی۔۔۔۔۔ادھر ان سب کے ماتھے پر بل پڑے تھے۔۔۔۔

شیخ۔۔۔گستاخی معاف۔۔۔لیکن یہاں تک پہنچنے میں ہر کسی کو کافی محنت درکار ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔آپ نے کئی سالوں تک ہمیں شامل نہیں کیا تھا۔۔۔۔۔بلکہ ہمارے امتحان پر امتحان لیے گ ئے تھے ۔۔۔۔۔کیا اس طرح کرنا درست ہو گا ۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔

اس نوجوان نے تمام نوجوانوں کے سوال کی عکاسی کرتے ہوئے دل پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

عادل سوال نا اٹھاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔اگر میرا یہ فیصلہ درست نہیں تو یا تو آج رات میں سو جاؤنگا۔۔۔۔۔۔۔یا کوئی نوجوان آئے گا ہی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے اس طرح اس خالق سے دعا کی ہے۔۔۔۔۔۔۔شیخ غفران الحق نے اپنے شاگرد عادل کی جانب دیکھ کر فرمایا تھا۔۔۔ انکی مٹھی بھر داڑھی اور مونچھیں انہیں ایک وجیہ مرد بناتی تھیں۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

یہ آپ کیا بات کر رہی ہیں۔۔۔رخسانہ بی بی۔۔۔۔۔زینت آنکھیں کھولے اب رخسانہ کی بات پر انہیں حیرت سے دیکھ رہی تھیں ۔۔۔۔

زینت۔۔۔تم دیکھ رہی ہو۔۔۔۔اس چھوٹے سے کمرے کو۔۔۔۔۔۔اور اس جگہ کا پتا ہے نا تمہیں ۔۔۔۔۔۔۔یہاں دن رات مردوں کا آنا جانا لگا رہتا ہے۔۔۔میں ایک بوڑھی عورت ہوں۔۔۔۔۔میں یہاں گزارا کر سکتی ہوں ۔۔۔مگر مائسہ کا گزارا مشکل ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

انہوں نے تفصیل سے بتایا تھا۔۔۔

باجی۔۔۔مجھے لگ رہا ہے۔۔۔کہ آپ درست نہیں سوچ رہیں۔۔۔۔۔۔۔میں زینت ہوں کوٹھے پر ناچنے والی زینت بیگم ۔۔۔۔۔۔۔۔تارا بیگم کی بیٹی۔۔۔۔۔۔۔آپ مجھ سے کہہ رہی ہیں کہ وہ اس کوٹھے پر محفوظ رہے گی؟؟؟۔۔۔۔زینت آنکھیں پھاڑ کر سامنے بیٹھی رخسانہ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

زینت۔۔۔۔وہ ایک سیدہ ہے۔۔۔۔۔رخسانہ نے اچانک بتایا تھا۔۔۔

اللہ۔۔۔استغفر للہ۔۔۔میں ایک سیدہ کی حفاظت کی زمہ داری نہیں لے سکتی۔۔ہر گز نہیں۔۔۔۔۔زینت اب کانوں کو ہاتھ لگا کر بولی تھی۔۔۔

زینت ہوش کرو۔۔۔مجھے مائسہ ان دنوں میں سب سے زیادہ عزیز ہو گئی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔مگر میں چاہ کر بھی اسے اس چھوٹے سے کمرے میں جگہ نہیں دے سکتی۔۔ہم دونوں اتنے بوڑھے ہیں کہ ہماری موت دروازے پر کھڑی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔میں اسے تمہاری حفاظت میں دینے کے علاوہ اور کچھ نہیں کر سکتی۔۔۔۔

رخسانہ اب اسکا ہاتھ پکڑ کر بولی تھیں۔۔۔

رخسانہ باجی آپ ایک سیدہ کی زمہ داری ایک طوائف زادی کو کیسے دے سکتی ہیں۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔زینت نے دوبارہ پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

میں دے رہی ہوں۔۔۔۔۔

تمہیں یاد ہے!!!تم نے ایک بار کہا تھا کہ تمہارے گناہ بہت ہیں۔۔۔اور مزید بڑھ رہے ہیں۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب اسکا کفارہ ادا کرنے کا وقت ہے۔۔۔۔۔۔۔اب تم رقص کرنے سے تارا بیگم کو صاف منع کرو گی۔۔۔۔اور اس سیّد زادی کی حفاظت کرو گی۔۔۔۔۔۔۔اگر تمہاری نیت صاف ہوئی تو مجھے یقین ہے اللہ تمہارے سارے گناہ مٹادے گا۔۔۔۔۔۔رخسانہ نے اسے سمجھایا تھا۔۔

باجی۔۔۔۔کبیرہ گناہ اور حرام کام کئے ہیں میں نے۔۔زینت نے نم آنکھوں سے کہا تھا۔۔۔۔

رب ہر چیز پر قادر ہے۔۔۔۔اور اسی نے فرمایا ہے کہ مایوسی کفر ہے۔۔۔۔تم کوشش تو کرو۔۔۔۔نوازنے والا اور اسکے طریقے نکالنے والا وہ ہے۔۔تم نہیں۔۔۔رخسانہ نے اعتماد سے کہا تھا۔۔۔۔۔

آور زینت سپاٹ چہرہ لیے خاموش ہو گئی تھی۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ آدھی رات کا منظر تھا۔۔۔۔۔تمام نوجوان مسجد میں اپنی اپنی پسندیدہ عبادت میں مصروف تھے۔۔

مسجد کے باہر سے چاند کی چاندنی چھلک رہی تھی۔۔۔اور اندرونے صحن میں بڑے بڑے بلب تھے۔۔۔جن سے وہ اندرونی حصہ روشن تھا۔۔

مگر ان نوجوانوں میں سے کسی کا بھی دل مکمل عبادت میں لگنا مشکل معلوم ہو رہا تھا۔۔۔۔۔وہ تینوں کے تینوں نوجوان۔۔۔۔۔فقط اس ایک آنے والے کا سوچ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔جو کسی معجزے کی طرح ان کے درمیان آج شامل ہونے والا تھا۔۔۔۔۔

وہ سوچ رہے تھے کہ کوئی آدھی رات کو اس مسجد میں آئے گا بھی یا نہیں؟ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مگر انہیں یہ بھی علم تھا کہ شیخ الحق کی بات کبھی بھی جھوٹی ثابت نہیں ہوئی ۔۔۔۔۔

مگر اس دور میں شاید ہی کوئی آدمی تہجد کے وقت اس چھوٹی سی مسجد میں آتا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور پھر اسکا نوجوان ہونا تو مزید محال تھا۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تمہیں کیا لگتا ہے علی؟؟۔۔کیا کوئی نوجوان اس طرف کا رخ کرے گا۔۔۔۔؟۔۔عادل اپنے دل میں اٹھنے والے سوال کو علی سے کر رہا تھا۔۔

عادل اس وقت اپنے مخصوص سفید کرتا شلوار میں تھا۔۔۔چہرے پر ہلکی مونچھیں اور ایک مٹھی داڑھی تھی۔۔۔۔رنگ سانولہ تھا۔۔۔۔

جبکہ علی کا رنگ گندمی۔۔۔۔داڑھی ایک مٹھی اور مونچھیں بھی بڑی اور داڑھی سے ملی ہوئی تھیں۔۔۔۔۔۔

عادل مجھے یہ سمجھ نہیں آرہا کہ کوئی ایسے کیسے اتنے بڑے بزرگ شیخ غفران الحق کے حلقۂ ارادت میں شامل ہو سکتا ہے۔۔۔۔۔کسی پر اتنا کرم کیسے ہو سکتا ہے۔۔۔۔۔۔حالانکہ ہم نے بچپن سے اس عزت افزائی کا انتظار کیا۔۔اور پچیس سال کی اس محنت کے بعد اب جا کر ہمیں یہ شرف حاصل ہوا۔۔۔۔۔۔۔علی نے بھی اپنے دل کی بات کہی تھی۔۔

ہاں میرے بھائی۔۔۔کاش ہمارا بھائی احمد موت کو نا پہنچتا۔۔۔۔۔کاش وہ شہید نا ہوتا۔۔۔تو آج ہم چاروں ساتھ ہوتے۔۔۔۔۔۔

عادل نے جملہ ادا کیا تھا۔۔۔۔۔دونوں کے چہروں پر اداسی چاہ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اتنے میں انکی نظر دروازے کی جانب سے اندر آنے والے ایک نوجوان پر پڑی تھی۔۔۔۔۔

عاطف بھی ان دونوں کی طرح اس آنے والے نوجوان کو دیکھنے لگا تھا۔۔۔۔۔

کالی پینٹ اور بلو شرٹ میں وہ مسجد کے اندرونی دروازے سے اندر داخل ہوا تھا۔۔۔۔

چہرہ پریشانی سے تر تھا۔۔۔خستہ حالی کا ثبوت دے رہا تھا۔۔۔۔۔

چہرے پر ہلکی داڑھی اور ہلکی مونچھیں تھیں۔۔۔۔۔۔بال بکھرے تھے۔۔۔۔۔۔

اسے دیکھ کر ایسا لگتا تھا کہ مسجد میں پہلی بار داخل ہوا ہے۔۔۔۔۔

عادل, علی اور عاطف نے عجیب نظروں سے ایک دوسرے کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اب وہاں موجود کسی بیٹھے ہوئے شخص سے کچھ پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔سناٹے کے باعث ان تینوں تک آواز پہنچ رہی تھی۔۔۔۔۔

مجھے یہاں کوئی ایسا مل سکتا ہے جو دین کے مسئلے سے آگاہ کر دے۔۔۔۔؟۔۔۔

وہ نوجوان اب گھٹنوں کے بل بیٹھا ایک شخص سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

جی۔۔۔تمہاری قسمت اچھی ہے ہمارے شیخ غفران الحق اس مسجد میں ہی تشریف فرما ہیں۔۔۔۔۔۔اس شخص نے اس خستہ حال کو بتایا تھا۔۔۔۔۔

علی اور عاطف نے عادل کو اسکی طرف جانے کا اشارہ کیا تھا۔۔۔۔

عادل گردن ہلاتا ہوا اس خستہ حال شخص کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم۔۔۔۔۔اب وہ اس خستہ حال شخص کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔۔

وعلیکم اسلام۔۔۔۔۔۔وہ شخص اپنے سامنے کھڑے عادل کو دیکھ کر اب کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔

ایک دینی مسئلہ پوچھنا ہے۔۔۔اپنے شیخ کو بولا دو۔۔۔۔اس نے عادل سے کہا تھا۔۔۔۔۔

یہاں بیٹھ جاؤ۔۔۔۔۔ شیخ کو میں اطلاع پہنچا دیتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔

عادل نے اسے سر سے پیروں تک دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

زرا جلدی۔۔۔۔اس شخص نے واپس سے کہا تھا اور اب وہ زمین پر بچھی دری پر آلتی مار کر بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

عادل نے اسکا چہرہ دیکھا جس سے صاف معلوم ہوتا تھا کہ اسکی بے چینی وقت کے ساتھ بڑھ رہی ہے۔۔۔۔۔۔ آنکھوں کے گرد حلقے کسی رت جگے کا پتہ دیتے تھے۔۔۔۔۔۔۔ پھیکی رنگت اور خشک ہونٹ اسکے دل کا حال بتا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ سیدھا مسجد کے مزید اندرونی کمرے کی جانب روانہ ہو گیا تھا۔۔۔

استادِ محترم۔۔۔؟؟۔۔عادل نے کمرے سے باہر کھڑے رہ کر بلند آواز سے کہا تھا۔۔

کیا کوئی نوجوان تہجد کے وقت اس مسجد میں قدم رکھ چکا ہے۔۔۔۔۔؟۔۔۔

اندر سے غفران الحق کی آواز اسے سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔

آپ نے جیسا فرمایا تھا ویسا ہوا۔۔۔۔عادل نے باہر سے جواب دیا۔۔۔۔

انکے درمیان ایک پردے کا فاصلہ حائل تھا۔۔۔۔

اللہ تیرا شکر۔۔۔۔۔انہوں نے بلند آواز سے کہا تھا۔

پھر وہ پردہ ہٹاتے باہر کی جانب آئے تھے۔۔۔۔

اس رب کا شکر جس نے میرے کہے کی لاج رکھ لی۔۔۔۔اس۔میرے جیسے گناہگار بندے کو ایک اور شاگرد سے نواز دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ لب پر دعا سجائے باہر آئے تھے ۔۔

آمین شیخ۔۔۔مگر وہ تو کسی دینی مسئلے کا پوچھنے آیا ہے۔۔۔حق کی تلاش میں نہیں آیا۔۔۔۔عادل نے بتانا ضروری سمجھا تھا۔۔۔

اسے آنے دو۔۔۔۔۔۔۔بعض اوقات بندہ حق کو تلاش کرتا ہے۔۔۔۔۔اور بعض اوقات حق بندے کو تلاش کر لیتا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کہتے ہوئے آگے بڑھے تھے ۔۔۔۔۔عادل انکے پیچھے تھا ۔۔۔۔۔۔۔

وہ اب عادل کے ہمراہ مسجد کے عقبی حصے میں داخل ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہاں پہنچتے ہی انکی نظر وہاں دری پر بیٹھے اس نوجوان پر پڑی تھی۔۔۔۔

جو اب دری کے دھاگوں کو ہاتھ لگا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور انکے آتے ہی متلاشی نظروں سے انہیں دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔

وہاں موجود عاطف اور علی نے بلند آواز سے انہیں سلام کیا تھا۔۔۔

جسکا جواب دیتے ہوئے وہ سیدھا اس جوان کے پاس پہنچے تھے۔۔۔۔

جبکہ وہ انہیں دیکھ کر اپنے آپ ہی کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

جس پر وہ مسکرائے تھے ۔۔۔وہ اپنے سامنے ان لہیم شہیم با وقار بزرف شخصیت کو دیکھ کر کافی تزبزب کا شکار ہوا تھا۔۔۔۔۔

بیٹھ جاؤ برخودار۔۔۔۔۔۔ شیخ اب وہاں بیٹھتے ہوئے بولے تھے۔۔۔۔

وہ نوجوان انہیں بیٹھتا دیکھ کر خود بھی انکے سامنے بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم۔۔۔۔اس نے انہیں سلام کیا۔۔

وعلیکم اسلام۔۔۔ آپ کو کوئی مسئلہ پوچھنا تھا۔۔۔؟۔

انہوں نے بات کا آغاز کیا تھا۔۔۔

جی۔۔۔اس شخص نے جواب دیا۔۔

پھر کہنا شروع کیا تھا۔۔

میں نے نکاح کیا ہے ایک لڑکی سے لیکن میری نیت نہیں تھی نکاح کی۔۔۔۔کیا میرا نکاح ہو گیا ہے۔۔؟

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس نوجوان نے آہستہ آہستہ کہا تھا۔۔۔

بیٹا نکاح کا اعتبار تو آپ کے ایجاب یعنی قبول کرنے پر تھا۔۔۔ آپ نے تین بار ایجاب یعنی قبول کر لیا۔۔۔اور لڑکی نے بھی تین مرتبہ آپ کے ایجاب کو قبول کر لیا تو آپ کا نکاح ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے تفصیل بتایا۔۔

انکے بتانے پر وہ نوجوان خاموش ہو گیا تھا۔۔۔۔ چہرے پر کچھ سکون اور کچھ پریشانی کے آثار تھے۔۔۔۔

آپ کا نام کیا ہے نوجوان۔۔۔؟۔۔ شیخ نے اسے خاموش دیکھ کر پوچھا تھا

زیام فارس۔۔۔۔۔۔۔زیام نے جھکے سر کے ساتھ انہیں بتایا تھا۔۔۔۔

انکی گفتگو عادل, علی اور عاطف بھی بہت رسوخ سے سن رہے تھے۔۔۔۔

جو محسوس کر رہے ہو وہ مجھے بتا سکتے ہو۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے بڑے پیار سے کہا تھا۔۔۔

کیا بتاؤں۔۔۔۔جو محسوس کر رہا ہوں وہ مشکل ہے۔۔اسے بیان کرنا اس سے بھی مشکل ہے۔۔۔۔۔۔۔زیام اب ہاتھ سے دھاگے نوچ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

حال بیان کر دینا پریشانی کو آدھا حل کر دیتا ہے۔۔۔۔۔۔انہوں نے مزید اکسایا تھا۔۔۔

آپ نے کبھی لکڑیوں پر آگ جلتی دیکھی ہے۔۔۔۔۔میں نے نہیں دیکھی۔۔۔۔۔۔لیکن میں آگ کی جلن سے واقف ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے مثال کا سہارا لیا تھا۔۔۔

ہاں دیکھی ہے۔۔۔۔۔وہ کبھی تیز اور کبھی ہلکی جل رہی ہوتی ہے۔۔۔۔ مگر بجھتی نہیں ہے۔۔۔۔۔انہوں نے بتایا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بس ویسی ایک آگ لگی ہے میرے دل میں۔۔۔۔۔۔ جس نے مجھے دوراتوں سے جگایا ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے پاس سب کچھ ہے۔۔ پیسہ گھر نوکر۔۔۔۔۔۔۔ مگر سکون کی جو رہی سہی دولت تھی وہ بھی چھن گئی ہے۔۔۔۔۔ میں بن پانی کی مچھلی کی طرح ہو گیا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بولتے وقت اسے اپنے دل کی دھڑکنیں تیز تیز سنائی دے رہی تھیں۔۔۔۔ کیونکہ وہ کبھی کسی سے کچھ کہنے کا روادار نہیں تھا۔۔۔۔۔

مجھ پر بھروسہ کروگے۔۔؟۔۔۔۔ انہوں نے اسکے گھٹنے پر ہاتھ رکھ کر تسلی بخش لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔۔

آج پہلی بار ملا ہوں آپ سے۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ایک سوال کا جواب ملا ہے بس۔۔۔۔۔۔ اس سے پہلے میں مسجد کبھی نہیں آیا۔۔۔۔۔۔۔۔ بھروسہ کرنے کا مطلب ہے یہاں کے اور چکر لگانا۔۔۔۔۔۔۔

اس نے صاف لہجے میں انکار نہیں کیا تھا۔۔۔۔۔

اپنے ارد گرد نظر ڈالو۔۔۔۔۔ تم جس چیز کی تلاش میں ہو۔۔۔ وہ بہت کم لوگوں کو میسر ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جاؤ مشاہدہ کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہیں خود علم ہو جائے گا۔۔۔ کہ تم کس اہم خزانے کی تلاش میں ہو۔۔۔۔ میری بات یاد رکھنا سکون اتنی آسانی سے نہیں ملتا۔۔۔۔۔۔۔۔

انکی اس بات پر اس نے اپنی آنکھوں سے انکی آنکھوں میں جھانکا تھا۔۔۔۔۔۔۔ اسے ایک دریا نظر آیا تھا۔۔۔۔ سکون کا دریا ۔۔۔ جو اسکے پاس ایک قطرہ بھی نہیں تھا۔۔

اب جاؤ اور فیصلہ کرو۔۔۔۔۔۔ مگر ذرا جلدی فیصلہ کرنا۔۔۔۔۔۔۔ وقت بہت کم ہے۔۔۔۔۔۔۔ انہوں نے اسے ایک تھپکی دے کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

زیام گہری سوچ میں اٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسنے قدم بڑھائے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جو مسجد کے باہر کی طرف بڑھنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پیچھے سکون تو آگے بے چینی۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے اس گھر میں واپس نہیں جانا چاہتا تھا جہاں اس کے پاس فلحال بیٹھ کر گزری غلطیوں کا سوچنے کے سوا اور کچھ نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کبھی مائسہ وہ دل چیر دینے والے الفاظوں کا بوجھ اس سے اٹھایا نہیں جاتا تھا۔۔۔۔۔۔

اور کبھی یہ سوچ جینا حرام کرتی تھی کہ مائسہ اس وقت کہاں ہو گی۔۔۔۔۔۔۔

خود کلامی میں کتنی وحشت ہے

کوئی دشمن ہو روبرو جیسے

وہاں موجود وہ تینوں نوجوان یہ دیکھ کر حیران تھے کہ وہ نوجوان تو اٹھ کر واپس جا رہا ہے۔۔۔۔۔

اسی اثناء میں کبھی شیخ کو دیکھتے تھے اور کبھی اس جاتے ہوئے نوجوان کو۔۔۔۔۔جو آہستہ قدم بڑھا رہا تھا ۔۔۔۔۔

مگر انکی نظروں سے ایک منظر دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ نوجوان واپس پلٹ گیا تھا۔۔۔۔۔

اور اب اسکا رخ ان کے شیخ کی طرف تھا۔۔۔۔۔

تینوں اک دم مزید حیران ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔

شیخ جو اسکے جانے پر اٹھ گئے تھے۔۔۔اور اپنے کمرے کی جانب جانے کا ارادہ رکھتے تھے۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے شاگردوں کی حیران نظریں دیکھ کر پلٹے تھے۔۔۔۔۔

مجھے سکون کی تلاش ہے۔۔۔۔۔۔۔اس نوجوان نے شیخ سے بلند آواز سے کہا تھا۔۔۔۔

جو کہ آس پاس عبادت میں مصروف کچھ لوگوں نے بھی سنا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

(۲۸)اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَتَطۡمَئِنُّ قُلُوۡبُهُمۡ بِذِکۡرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِکۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ ؕ

(پارہ 13: سورہ رعد آیت 28)

(اللہ ان لوگوں کو ہدایت دیتا ہے) جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کی یاد سے چین پاتے ہیں، سن لو! اللہ کی یاد ہی سے دل چین پاتے ہیں۔

انہوں نے بلند آواز سے آیت اور اسکا ترجمہ پڑھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

زیام جو ابھی حل کی تلاش میں پلٹا ہی تھا۔۔۔۔۔اور ابھی اسنے مطالبہ کیا ہی تھا کہ اسے اسکا جواب مل گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اللہ کی یاد میں ہی دلوں کا چین ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ تمہارا جواب ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے کھڑے کھڑے اسکے سوال کا جواب دیا تھا۔۔۔۔۔اب وہ اسے ہی دیکھ رہے تھے۔۔۔۔ گویا اسکے جواب کے منتظر تھے۔۔۔۔۔

زیام کو آج مائسہ کی بات سچ ثابت ہوتی دکھائی دی تھی۔۔۔۔۔وہ واقعی میں ایک جاہل انسان تھا جو اس بات سے ناواقف تھا۔۔۔۔

اس نے ان کے چہرے پر نظر ڈال کر نیچے بیٹھ کر کہا تھا۔۔۔

مجھے اس بات کو تفصیل سے جاننا ہے۔۔۔۔۔۔اس نے مطالبہ کیا تھا۔۔۔۔

جو کہ پورا کر دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔ شیخ واپس بیٹھ چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب میں جو بھی کہوں اسے غور سے سننا۔۔۔۔انہوں نے اس نوجوان سے فرمایا تھا۔۔۔۔۔۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت و فضل اور اس کے احسان و کرم کو یاد کر کے بے قرار دلوں کو قرار اور اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ یونہ اللہ تعالیٰ کی یاد محبتِ الٰہی اور قربِ الٰہی کا عظیم ذریعہ ہے اور یہ چیزیں بھی دلوں کے قرار کا سبب ہیں

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اگر یہ بھی کہا جائے تو یقیناً درست ہو گا کہ ذکرِ الٰہی کی طبعی تاثیر بھی دلوں کا قرار ہے، اسی لئے پریشان حال آدمی جب پریشانی میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے تو اس کے دل کو قرار آنا شروع ہو جاتا ہے۔۔۔۔

وہ جو بھی فرما رہے تھے اسے زیام دل کے کانوں سے سن رہا تھا۔۔۔۔۔اسے جو دولت چاہیے تھی وہ اسے یہاں سے مل رہی تھی

۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤

بیٹی اب میں تمہیں زینت کے ساتھ اسکی حفاظت میں دینا چاہتی ہوں۔۔۔۔۔میں نے تم سے کچھ بھی نہیں پوچھا ہے۔۔۔۔۔تم کہاں سے آئی ہو۔۔۔۔کیا ہوا تھا تمہارے ساتھ۔۔۔کس مشکل نے تمہیں بے گھر کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔بس تم نے کہا کہ تم اکیلی ہو۔۔۔۔میں نے مان لیا۔۔۔۔۔اور اب میں تمہیں دل سے اپنی بیٹی مانتی ہوں۔۔۔اور زینت کی حفاظت میں دینا چاہتی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔امید ہے کہ تم منع نہیں کرو گی۔۔۔۔۔۔

رخسانہ نے مائسہ سے صبح والی بات کر دی تھی۔۔۔۔۔۔۔اور ادھر مائسہ گہری سوچ میں ڈوب سی گئی تھی۔۔۔۔

اماں میں آپ سے دارلامان کا پوچھنے ہی والی تھی۔۔۔اس سب کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔۔میں دارلامان میں رہ لونگی۔۔۔۔۔۔آپکے ویسے ہی بہت احسان ہیں مجھ پر۔۔۔۔۔اس نے نم آنکھوں سے کہا تھا۔۔۔۔۔

نہیں میرا بچہ۔۔۔۔زینت سے میری بات ہو گئی ہے۔۔۔۔۔اب تم وہاں رہو گی۔۔۔۔۔تمہارا رہنا زینت کے لیے باعثِ رحمت ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اب منع مت کرنا۔۔۔۔۔بس رضامندی دے دو۔۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے صاف کہا تھا۔۔۔۔۔وہ اسکی کھوئی آنکھوں کو دیکھ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

جیسا آپ کہیں۔۔میں چلی جاؤنگی۔۔۔۔۔۔زینت آنٹی کے ساتھ۔۔۔۔۔مائسہ نے سوچ کر جواب دیا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

خوش رہو۔۔۔پریشانیاں اس شخص کے پاس سے جلدی چلی جاتی ہیں جو مسکرا کر انکا استقبال کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اسی لیے خوش رہو۔۔۔۔۔یہ زندگی ایک جہدِ مسلسل کا ہی نام ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یعنی زندگی بھر جدوجہد کرنا ہی اس زندگی کا مقصد ہے۔۔۔۔وہ اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتی اسے دلاسہ دیتے ہوئے بولی تھیں ۔۔۔

تم نے وہ حدیث تو سنی ہو گی نا۔۔۔۔

دنیا مومن کے لیے قید خانہ اور کافی کے لیے جنت ہے۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے حدیث بیان فرمائی تھی۔۔۔۔

جس نے مائسہ کے دل کو ایک تسلی بخش تاثر دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤️وہ گردن ہلا کر رہ گئی تھی۔۔۔

❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️

وہ آزاد کشمیر کے قریبی علاقے کا منظر تھا۔۔۔۔۔۔۔جہاں لوگ معمول کے مطابق اپنے کاموں میں مگن تھے۔۔۔۔۔وہاں مختلف لوگ اپنے ٹھیلے لگائے سبزیوں اور دیگر پھلوں کو فروخت کر رہے تھے۔۔۔۔۔صبح کے وقت کی وجہ سے اس وقت رش کافی کم تھا۔۔۔۔

دو اسلحے سے بھری گاڑیاں اس جگہ کی طرف بڑھی تھیں۔۔۔۔۔جہاں لوگ اپنے اپنے ٹھیلے لگائے کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔

وہاں اچانک شور برپا ہوا تھا۔۔۔۔لوگ اچانک ہی منتشر ہوئے تھے ۔۔۔

وہ تمام کے تمام نقاب پوش ان لوگوں کے پاس آ کر رکے تھے۔۔۔۔۔۔

ہاتھوں میں بندوقیں تھیں۔۔۔۔جنہیں دیکھ کر لوگوں میں خوف و حراس پھیل گیا تھا۔۔۔۔۔۔

خاموش۔۔۔وہاں موجود انکے لیڈر نے بلند آواز سے کہا تھا۔۔۔۔۔

جسے سن کر وہ شور اچانک دبا تھا۔۔۔۔لوگ خاموش ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تم سب میں سے یہودی اور شیاء کون ہے۔۔۔؟۔۔۔اس آدمی نے بلند آواز سے کہا تھا۔۔۔۔

سب لوگ ڈرے ہوئے تھے۔۔۔۔کسی نے جواب نا دیا۔۔۔۔

بولو۔۔۔؟۔۔۔اس شخص نے پھر غصے سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔آواز سے وہ تمام لوگ کانپ گئے تھے۔۔۔۔۔

میں یہودی ہوں۔۔۔۔۔ایک بوڑھا شخص ڈرتے ڈرتے آگے بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔

اسکے کہنے کے ساتھ ہی اس شخص نے اپنی تیز تر ار بندوق سے اسکے گلے میں ایک فائر کیا تھا۔۔۔

اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ بوڑھا شخص زمین بوس ہو گیا تھا۔۔۔۔

اور کون ہے باہر آؤ۔۔۔۔۔اس نے پھر کہا تھا۔۔۔

لوگوں میں خوف و حراس مزید پھیل گیا تھا۔۔۔۔

سب خود کو چھپا رہے تھے۔۔۔۔۔۔وہاں مقابلہ کرنا تو دور کی بات کسی کو ان کا سامنا کرنے کی بھی ہمت نا تھی۔۔۔۔۔

چلو ان سب کو چیک کرو۔۔۔جس کے پاس سے کچھ بھی ایسا ملے جو اسے یہودی یا عیسائی کہے۔۔فوراً اسے جان سے مار ڈالو۔۔۔۔۔جلدی کرو۔۔۔۔

اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا تھا۔۔۔

جو فوراً آگے بڑھے تھے۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ ان سب لوگوں کو چیک کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

وہاں کوئی نا تھا اس سب کو روکنے والا۔۔۔۔۔۔لوگوں کے ذہنوں میں عجیب سوالات تھے۔۔۔۔۔۔۔کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے

۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مگر وہ سفاک لوگ اپنا کام کر کے وہاں موجود آٹھ لوگوں کو موت کے گھاٹ اتار کر واپس اپنی گاڑیوں میں بیٹھ کر روانہ ہو گئے تھے۔۔

لوگ اپنے پیاروں کی موت پر رو رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔جن کے گھر والوں کو پتہ نہیں تھا انہیں اطلاع دی جا رہی تھی۔۔۔

وہ لوگ جو رزقِ حلال کمانے ایک آزاد ملک میں آزادی کے ساتھ نکلے تھے۔۔۔اب وہ اپنی جانوں سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سب کے ذہنوں میں ہزاروں سوالات تھے۔۔۔۔۔۔ہزاروں سوچیں تھیں۔۔۔۔۔۔۔کوئی انہیں گالیاں دے رہا تھا۔۔۔تو کوئی حکومت کو سنا رہا تھا۔۔۔۔لوگ بچھڑوں کی یاد میں پاگل ہو رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

مگر وہ سفاک لوگ اپنا کام کر کے جا چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔اب باقی کا کام خود ہو جانا تھا۔۔۔۔

وہ لوگ اب سیلین سمیت مسجد کے اندرونی کمرے میں موجود تھے۔۔۔۔۔۔

آلف انکے سامنے جبکہ عریش بلکل انکے برابر میں بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔

اور سیلین آلف کے برابر میں دوزانوں بیٹھ گئی تھی۔۔۔

اور بیٹا آپ ٹھیک ہیں طبیعت ٹھیک ہے آپکی۔۔۔۔۔معین شامی نے سب سے پہلے بات کا آغاز رابعہ (سیلین) سے کیا تھا۔۔

جی الحمدللہ۔۔۔سیلین نے مختصراً سر جھکائے جواب دیا۔۔۔۔۔

آلف اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف کی کوئی بھی شکایت ہو مجھ سے کر دینا۔۔۔ بچپن میں بھی بہت شرارت کرتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ معین شامی نے آلف کے بچپن کا تزکرہ چھیڑ کر اسے پر سکون کرنے کی کوشش کی تھی۔۔۔

جبکہ آلف چوکس ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔ اور اب وہ سیلین کے جواب کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔

آلف کی کونسی ایسی حرکت ہے جس سے اسے شکایت نا ہو۔۔۔۔ آلف نے دل میں سوچا تھا۔۔۔

بہت شکایتیں ہیں بابا جی۔۔۔۔ ایک پورا پاگل انسان ہے۔۔ مجھے گھمانے کا بول کر مسجد لے آیا ہے۔۔۔۔ اوپر سے ایک لبسٹک بھی نہیں لگانے دی۔۔۔ فضول کا ایٹی ٹیوڈ دکھاتا رہتا ہے۔۔۔۔۔

سیلین نے یہ سب بس دل میں سوچا تھا۔۔۔۔۔۔۔ منہ سے اسکے نفی کے علاوہ چاہ کر بھی کچھ نا نکل سکا۔۔۔

آلف نے بھی سکھ کا سانس لیا تھا۔۔۔

بہت اچھا بیٹی۔۔ آپس میں شکایتوں کو حل کر لیا کرو۔۔۔۔۔ کسی اور سے کہنے سے اچھا ہے جو بھی شکایتیں ہوں وہ ایک دوسرے سے کرو۔۔۔ معین شامی نے اسے ایک بے حد کام کی نصیحت کی تھی۔۔۔

جی۔۔۔۔ سیلین بس جی کہہ کر رہ گئی تھی۔۔۔

شامی بابا۔۔۔ آلف بھائی کے بچپن کے قصے تو سنائیں رابعہ آپی کو۔۔۔۔ عریش نے چہک کر بولا تھا۔۔۔

ساتھ ہی آلف کو بھی دیکھا تھا۔۔۔ جو غصے سے آنکھیں نکالے اب عریش کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

مگر اب تیر کمان سے نکل چکا تھا۔۔

سیلین بھی اسکی بات پر مسکرا دی تھی۔۔ پھر آلف کا چہرہ دیکھ کر اسے مزید ہنسی آئی۔۔۔

ارے قاری صاحب کے کون سے قصے ہیں جو سنانے کے قابل ہیں۔۔۔۔ سب سے شرارتی اور قابل بچہ تھا ہمارے اس مدرسے کا ۔۔۔۔ شامی بابا نے کہا تھا۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف کو لگا تھا وہ بس یہی کہہ کر رک جائیں گے۔۔۔۔ مگر ایسا ہوا نہیں تھا۔۔

سیلین بھی انہیں بے حد غور سے سن رہی تھی۔۔

بچپن میں سبق یاد کرنا اسکو بہت مشکل لگتا تھا۔۔۔۔ وہ تو شکر ہے آلف کی ماں نائلہ کا۔۔ جنہوں نے مار مار کر اسے یہاں مدرسے بھیجا ۔۔۔۔ جانتی ہو بیٹی۔۔۔ یہاں کا شیر سمجھتا تھا خود کو۔۔ جو بچہ بھی سبق یار کر کے آتا تھا۔۔۔۔۔۔۔ اس سے پہلے پوچھتا تھا۔۔۔ پھر پینسل کی موٹی نوک اس بچے کو چُبا دیتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔ عریش بند آواز سے ہنسا تھا۔۔۔ اتنا کہ قہقہہ نا لگے۔۔۔۔۔

سیلین بھی خود کو روک نا پائی تھی۔۔۔۔ جبکہ آلف کو اپنی حالت غیر ہوتی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔

بس پھر میری چھڑی تھی اور اسکا ہاتھ بہت ڈنڈے کھائے ہیں قاری صاحب نے مجھ سے۔۔۔

انہوں نے مزید وضاحت کی تھی۔۔۔

ایک مرتبہ اس نے مجھ پر پانی کا گلاس ہی انڈیل دیا تھا۔۔۔ جب میں نے اسے سبق یاد نا کرنے پر سزا دی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ایک بار ایک بچے کے پاجامے کا لاسٹک چھوٹی سی قینچی سے کاٹ دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور ایک۔۔۔۔۔ ابھی وہ بول ہی رہے تھے۔۔۔ کہ آلف کی زبان کھلی تھی۔۔۔۔۔۔

شامی بابا۔۔۔۔۔۔۔ اس نے التجائی نظروں سے انہیں دیکھا تھا۔۔۔۔

جبکہ سیلین اور عریش تو ہنس ہنس کے لوٹ پوٹ ہو گئے تھے۔۔۔۔۔

اور آلف سیلین کو یہاں لانے پر پچتا رہا تھا۔۔۔۔

اچھا قاری صاحب۔۔ نہیں کھولتے آپ کی پولیں۔۔۔۔۔ شامی صاحب نے خاموشی اختیار کی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

چلو ہم ان بچوں کے لیے کچھ کھانے کو لاتے ہیں۔۔۔وہ عریش کو لے کر وہاں سے رخصت ہو گئے تھے۔۔۔

آلف نے انہیں منع نہیں کیا تھا کیونکہ وہ جانتا تھا وہ رکتے نہیں۔۔

کمال کی شرارتیں تھیں آلف صاحب آپکی۔۔۔سیلین نے اب اسے آنکھیں دکھا کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

بہت مزا آیا ہے نا تمہیں۔۔۔اس نے بھی اسی کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

ویسے آلف تم مدرسہ بھی پڑے ہو۔۔مجھے کبھی نہیں بتایا۔۔۔۔اس نے آلف سے ایک دم پوچھا تھا

ہاں۔۔تمہیں کافی چیزیں نہیں پتا ابھی۔۔۔۔آلف نے اسکی طرف دیکھ کر کہا تھا۔

وہ واقع بہت حسین لگ رہی تھی۔۔سفید فراک میں۔۔۔

ہاں۔۔جیسے تم قاری صاحب ہو۔۔۔اور تمہیں اماں سے مار بھی پڑی ہے۔۔۔اور یہ کہ تم کافی شرارتی تھے۔۔۔۔

سیلین نے ایک ایک بات چبا کر بولی تھی۔۔۔

آلف محظ مسکرایا تھا۔۔۔۔

میں دل سے چاہتا ہوں کہ تمہیں رابعہ کہوں سیلین۔۔لیکن ابھی نہیں کہونگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے آلتی پالتی مارے ہوئے دونوں ہاتھوں کو پیچھے زمین سے لگا کر کہا تھا۔۔۔

کیوں نہیں جب چاہے کہو میں نے کب منع کیا ہے۔۔۔سیلین نے عجیب سی نظروں سے کہا تھا۔۔۔۔

نہیں ابھی وقت نہیں آیا۔۔۔آلف نے سوچتے ہوئے کہا۔۔

مگر میں ایک بات چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔اس نے اب سیدھا ہوتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اور وہ کیا ہے؟۔۔۔سیلین نے اسکی آنکھوں میں دیکھ کر پوچھا تھا۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ دونوں دری پر بیٹھے تھے۔۔۔۔۔

تم اب اس قسم کی فلمیں نہیں دیکھو گی۔۔۔۔جو کل دیکھنا چاہ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

اسکی بات پر سیلین نے نا سمجھی سے اسکی طرف دیکھا تھا۔۔

بلکہ تم کوئی بھی فلم نہیں دیکھو گی۔۔۔اور ہولی وڈ تو بلکل بھی نہیں۔۔۔اور نا ہی بولی وڈ۔۔۔۔۔ان تمام فلموں میں بس دین کا مزاق بنایا اور اڑایا جاتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے اسے سنجیدگی سے سمجھایا تھا۔۔۔

تم نے ٹھیک کہا آلف۔۔۔مجھے بھی یہاں آکر ایک چیز پر شدت سے پچتاوہ ہوا ہے۔۔ سیلین اب کارپیٹ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ کیا۔۔۔۔؟۔ آلف نے اسکے جھکے ہوئے چہرے کو دیکھ کر پوچھا تھا۔۔

یہی کہ میرا بچپن ایک گندگی کے ڈھیر پر گزرا ہے۔۔۔ایک کوٹھے پر۔۔۔۔کاش کہ میں بھی کسی ایسے ہی مدرسے میں پڑی ہوتی۔۔۔۔۔

مجھے تو قرآنِ کریم کا ایک لفظ بھی نہیں آتا۔۔۔میں نے سپارہ بغیر تجوید کے سرسری سا پڑھا تھا۔۔۔۔۔۔

یہاں تک کہ۔۔۔۔ سیلین چپ ہوئی تھی۔۔۔۔۔

مگر آلف اسے سننا چاہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

پھر؟۔۔اسکی خاموشی پر اس نے جھنجھلا کر سیلین کو دیکھا تھا۔۔۔۔

مجھے نماز بھی پڑھنی نہیں آتی۔۔۔۔۔ سیلین کارپیٹ کے دھاگوں سے کھیلتی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

آلف اسکے چہرے پر ندامت دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

نابیٹی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کبھی مایوسی کو اختیار نہیں کرتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ معین شامی نے اچانک سے آکر بولا تھا۔۔۔

دونوں نے انکی بات پر انہیں پلٹ کر دیکھا تھا۔۔۔۔

انکے پاس ایک ٹرے میں بہت سی کھجوریں اور دودھ کے دو گلاس تھے۔۔۔۔۔۔

جو انہوں نے لا کر انکے سامنے رکھ دیے تھے۔۔۔۔۔۔

سیلین نے انکی بات پر نظریں اٹھا کر انہیں دیکھا تھا۔۔۔۔

میں کس طرح مایوس نا ہوں۔۔۔۔۔ میں نے اپنے بچپن کے قیمتی دنوں کو ضایع کر دیا ہے۔۔۔ اب بھی کیا رب مجھ سے راضی ہو گا ۔۔۔۔ سیلین نے نا سمجھی میں کہا تھا۔۔۔

چلو ایک واقعہ سنو۔۔۔ پھر ہی تم سمجھ پاؤ گی۔۔۔۔۔ معین شامی نے وہاں بیٹھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

عریش بھی پیچھے سے پانی کا جگ اور گلاس لے کر وہاں آ گیا تھا۔۔۔۔۔

وہ بھی وہیں بیٹھ گیا تھا۔

زلیخاں حضرتِ یوسف علیہ اسلام کے عشق میں مبتلہ ہوئی تھیں۔۔۔۔۔ یہ عشق بھی اللہ ہی دلوں میں ڈالتا ہے۔۔۔

مگر حضرتِ یوسف علیہ اسلام ایک اللہ کو ماننے والے تھے۔۔۔ جبکہ زلیخا بت پرست تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس نے بہت چاہت کی کہ کسی طرح حضرت یوسف علیہ اسلام انہیں مل جائیں۔۔۔۔۔ مگر ایسا نہیں ہوا۔۔۔۔

ایک مرتبہ شدی رنج کے عالم میں زلیخا پہنچ گئی اپنے بت کے پاس۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اسے پکار کر حضرت یوسف علیہ السلام کا مطالبہ کرنے لگی۔۔۔۔

اسنے پکارا۔۔۔۔ یا صنمی۔۔۔۔۔۔ یا صنمی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

صنمی بت کو کہتے ہیں۔۔۔ گویا وہ اپنے بت کو پکار رہی تھی۔۔۔۔۔۔وہ پکارتی گئی مطالبہ کرتی گئی۔۔ یہاں تک کہ اسے پکارتے پکارتے رات ہو گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رات کو بھی وہ اسی طرح یوسف علیہ اسلام کی یاد میں بت کو پکار کر یا صنمی۔۔۔یا صنمی کی صدائیں لگاتی رہی۔۔۔۔۔۔۔

یہاں تک کہ اسے ہلکی نیند کا غلبہ ہوا۔۔۔۔۔۔

۔پکارتے ہمارتے اسکی زبان لڑکھڑائی۔۔۔۔۔۔

یا صنمی کی جگہ یا صمدی۔ نکل گیا۔۔۔۔۔

صمدی رب عزوجل کا نام ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رب نے حضرتِ جبرئیل سے فرمایا۔۔۔۔۔۔جاؤ زلیخا کو حضرتِ یوسف علیہ اسلام سے ملا دو۔۔۔۔۔۔۔

یوسف علیہ اسلام جہاں کہیں بھی تشریف لے جا رہے ہیں۔۔۔انکا رخ زلیخا کی طرف موڑ دو۔۔۔۔۔۔۔۔

۔

رب کے اس فرمان پر فرشتے نے غرض کی۔۔

یارب۔۔۔۔یہ تو بت کو پکارتی تھی۔۔۔۔۔ صنمی صنمی کہتی تھی۔۔۔۔اسکی زبان سے غلطی سے تیرا نام نکل گیا ہے۔۔۔

اس پر رب نے فرمایا۔۔۔

اس نے غلطی سے ہی صحیح مجھے پکارہ تو ہے نا۔۔۔۔۔۔اب اگر میں بھی اسے وہ عطا نا کروں جو اسکی مراد ہے تو مجھ میں اور اسکے بت میں کیا فرق رہ جائے گا ۔۔۔۔۔۔۔

۔معین شامی فرما رہے تھے۔۔۔۔۔اور سب سکتے میں انہیں سن رہے تھے۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مگر سیلین کی حالت رونے والی تھی۔۔۔وہ رونے ہی والی تھی۔۔۔۔۔

مطلب میرا ایک مرتبہ پکارنا اسے میری طرف متوجہ کر دے گا۔۔۔۔۔سیلین نے روتے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔۔

بلکل بیٹا۔۔۔۔۔معین شامی نے ہاں میں سر ہلایا تھا۔۔۔

جبکہ آلف اور عریش اسے دیکھ کر دبی دبی ہنسی ہنس دیے تھے۔۔۔۔۔

مگر سیلین کو کچھ ہوش نا تھا۔۔۔وہ دل میں پکا ارادہ کر چکی تھی۔۔۔۔۔

سیلین نے کچھ عجیب محسوس کر کے آلف کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔

قاری صاحب کوئی ضرورت نہیں ہے دانت نکالنے کی۔۔۔اور عریش میاں آپ بھی بہت اچھل رہے ہیں قاری صاحب کو دیکھ کر۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے دونوں کو ڈانٹ لگائی تھی۔۔۔۔

کھاؤ بیٹا۔۔۔۔کھجور اور دودھ میں بڑی شفا ہے۔۔۔۔انہوں نے ان سب سے کہا تھا۔۔۔۔

اور وہ لوگ اب ایک ایک کھجور اٹھا چکے تھے۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

گاڑی سیلین کے گھر کے پاس رکی تھی۔۔۔۔۔

سیلین نے گاڑی رکتے ہی آلف کو مسکرا کر دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا۔۔آلف نے اسے اس طرح مسکراتا دیکھ کر اچھنبے سے کہا تھا۔۔۔۔۔ہاتھ اسٹیرنگ ویل پر ہی تھے۔۔۔۔۔

سیلین کا دوپٹہ بھی اسکے سر پر موجود تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کھجور کھانے کے بعد جو تم نے ہم سب کو تلاوت سنائی تھی۔۔۔۔وہ واقع کمال کی تھی آلف۔۔۔۔میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ قرآن پاک میرے ذہن کو اتنا سکون بخشے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلین نے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

اسکی بات پر آلف بھی مسکرا دیا تھا۔۔۔۔۔۔

سیلین تمہیں اتنے دن اللہ سے غافل رہنے پر ندامت ہے لیکن یہ کوئی کمال نہیں۔۔۔۔دیکھا یہ جائے گا کہ تم اس ندامت کے زدیعے خود کو سنوارتی کتنا ہو ۔۔۔۔کیونکہ ندامت سے اس وقت تک کچھ حاصل نہیں ہوتا جب تک اس کا مداوا نا کر لیا جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اسکی آنکھوں میں دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

بس۔۔تمہاری تعریف کیا کر دی میں نے فوراً شروع ہو گئے۔۔۔۔۔۔۔۔تم بھی کچھ کم نہیں ہو۔۔۔بچوں کے پینسل چبا دیتے تھے اور تو اور۔۔۔۔۔۔۔۔سیلین مزے سے کچھ دیر پہلے سنے گئے کارناموں کو بیان کر رہی تھی ۔۔۔

بس۔۔۔۔میڈم بریک لگائیں اپنی لمبی زبان کو۔۔۔۔اور اندر جائیں۔۔۔۔۔آلف نے اس سے چپ ہونے کا کہا تھا۔۔۔۔۔

اب وہ ایک مسکراہٹ اچھالتی دروازہ کھول کر گاڑی سے باہر نکل گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اور گھر کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔

آلف نے کافی دیر بعد جیب سے نکال کر اپنا فون چیک کیا تھا۔۔۔۔۔۔اور وہ اچانک ٹھٹکا تھا۔۔۔۔۔۔پوری بیس مسڈ کال تھیں فراس ماموں کی۔۔۔۔

چلو آلف۔۔۔کال پر زلیل ہونا ہے یا انکے ہوٹل جا کر۔۔۔۔۔۔اس نے خود سے کلام کیا تھا۔۔۔۔۔۔

ہوٹل جا کر ہی ہو جاؤ نگا۔۔۔۔۔آلف نے دل میں ارادہ کیا تھا۔۔۔اور گاڑی اس طرف کو موڑ کی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ فراس کا کمرہ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔جہاں انہیں ایک بندہ وہ اہم ترین فائل دے کر لوٹ گیا تھا۔۔۔۔۔اور اب وہ اس پر نظر ڈال رہے تھے۔۔۔۔۔۔

ایک پین ہاتھ میں تھا۔۔۔۔۔۔۔پینٹ شرٹ میں ملبوس تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہلکی داڑھی اور ہلکی مونچھیں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نظریں اس فائل پر مرکوز تھی۔۔۔۔۔۔

باقی کاغذات ٹیبل پر رکھے تھے۔۔۔۔۔۔۔مگر وہ اس وقت کھڑے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔

دروازہ بجنے پر وہ اس طرف متوجہ ہوئے ۔۔۔۔اور اسکی طرح فائل پکڑے دروازہ کھولا تھا ۔۔۔۔۔۔

بہت شکریہ بادشاہ سلامت آپکے آنے کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے فائل پر نظر ڈالے ڈالے سامنے کھڑے آلف سے کہا تھا۔۔۔۔۔

ساتھ ہی پیچھے ہوتے ہوئے اسے اندر آنے کا راستہ دیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جزاک اللہ۔۔۔۔آلف کے منہ سے بلا ساختہ نکلا تھا۔۔۔۔۔

جس پر انکی نظر آلف پر اٹھی تھیں۔۔۔۔اور پھر اس کے چہرے پر ٹک گئی تھیں۔۔۔۔۔

یہ پکڑو۔۔۔۔۔اور دھیان سے پڑھو۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے اس فائل کو اس کے ہاتھ میں پکڑانے کے لیے آگے بڑھایا تھا۔۔۔۔۔۔

آلف اب صوفے پر بیٹھ کر اس فائل کو ریڈ کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور وہ کچن تک گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔مگر وہ کمرہ اتنا بڑا نہیں تھا وہ اسے با آسانی سن سکتے تھے۔۔۔۔۔

پھر وہ دو چائے کے کپ لے آئے تھے۔۔۔۔جس میں سے ایک آلف کے لیے میز پر رکھا گیا تھا ۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ تکلف بار بار کیوں۔۔۔ آلف نے فائل ریڈ کرتے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔۔۔

کیونکہ اتفاق سے تم میری بیٹی کے لیے اہم ہو شاید اس لیے۔۔۔۔۔ انہوں نے سنجیدگی سے جواب دیا تھا۔۔۔

پھر وہ لیپ ٹاپ اور پروجیکٹر کو سیٹ کر رہے تھے۔۔۔۔۔

اور آلف چائے کا سپ لیتے ہوئے وہ فائل پڑھ رہا تھا۔۔۔۔

کیا مطلب ہے۔۔۔ اس سب کا غیر ملکی سازشوں سے کیا تعلق۔۔۔۔؟۔

۔۔ آلف نے پاتھ میں لکڑی فائل کے متعلق سوال کیا تھا۔۔۔۔ چہرہ حیران تھا۔

سب سے پہلے پیج پر کیا ہے؟

۔۔۔ انہوں نے لیپ ٹاپ پر کچھ سرچ کرتے ہوئے کہا سرسری سا پوچھا۔ چشمہ انکی ناک سے ٹکا تھا۔

یہاں تو لندن کے کسی کیلو نامی برینڈ کے کوئی میک اپ پراڈکٹس ہیں۔۔ بھلا اس کو لے کر کونسی سازش ہو سکتی ہے دنیا میں۔۔؟؟

۔ آلف نے ناسمجھی سے فراس کو دیکھ کر پوچھا تھا۔

!!ہاں۔۔۔ ہمیں بھی یہی لگا تھا۔۔۔۔ کیونکہ انکے پراڈکٹس پر کہیں نہیں لکھا کہ یہ حلال ہیں یا حرام۔۔۔۔۔

!مگر جب لیبارٹری میں ان کے کچھ پراڈکٹس کو چیک کیا گیا ہے۔۔۔ تو ان میں کرمائن اور الکوہل پایا گیا ہے۔

کرمائن ایک ایسا لال کلر کا پاؤڈر ہے۔ جو ایک خاص طرح کی مکھیوں اور کیڑوں سے بنایا جاتا ہے۔۔۔ اور اسے کیمیکل پروسس سے !!گزار کر پھر میک اپ میں استعمال کے قابل بنایا جاتا ہے۔۔۔

اور کیونکہ یہ پراڈکٹ ایسی چیز سے بنا ہے جو مسلمانوں کے لیے کھانا حرام ہے لہزا لگانا بھی حرام ہے۔ انہوں نے سامنے اسکرین پر !ساری تصاویر اور ریسرچ اسے دکھائی تھیں۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور خواتین تو دیکھتی ہی نہیں ہیں کہ کیا چیز حرام ہے یا حلال انہیں تو بس میک اپ لگانے سے مطلب ہے۔اور کوئی دیکھتی بھی ہیں تو بس یہ دیکھتی ہیں کہ کس برینڈ پر بڑا بڑا حلال لکھا ہے۔۔حالانکہ اصل چیز تو یہ چیزیں ہیں جو پیچھے کی طرف چھوٹے چھوٹے حروف میں لکھی ہوتی ہیں۔۔۔

آلف نے سوچ کر کہا تھا۔۔اب جب حرام چہرے پر لگائیں گی تو تب تک گناہگار ہوتی رہیں گی جب تک منہ پر وہ میک اپ لگا ہو گا!!۔۔۔اف یہ بھی ایک سازش ہے۔۔۔کوئی سوچ بھی نہیں سکتا۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جلدی۔۔۔۔وہ آدمی چیخا تھا۔۔۔۔۔

آلف اب سیلین کے ساتھ آگے بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔اسنے ان سب کو غور سے دیکھا تھا۔۔

وہ کل چھ آدمی تھے۔۔۔دو اس لال گاڑی کے پاس تھے۔۔جبکہ چار اس پتلی گلی کی دیوار کے حساب سے دو ایک طرف اور تو دوسری طرف تھے۔۔۔

اب ان دونوں کو ان کے بیچ سے گزر کر اس لال گاڑی تک جانا تھا۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے ان سب کی گنز کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔جو وہ ہاتھوں میں پکڑے تھے۔۔۔۔۔اسے اس وقت سب سے زیادہ فکر یہ تھی کہ سیلین اسکے ساتھ موجود تھی۔۔۔۔

اسکے دماغ نے تیزی سے کچھ سوچا تھا۔۔۔۔۔۔۔

ان چاروں کی نظریں اسی پر تھیں۔۔۔۔۔

اسنے اپنے ہاتھ میں پکڑے اپنے گاڑی کے ریموٹ سے گاڑی کا الارم بجایا تھا۔۔۔۔

جس پر انکی توجہ اس گاڑی کی طرف ہوئی تھی۔۔۔

سیلین بھی اس تیز آواز سے ڈور گئی تھی۔۔۔۔وہ ٹھیک آلف کے پیچھے تھی۔۔۔۔۔

جب میں موو کہوں تو فوراً پیچھے جا کر دیوار سے لگ جانا۔۔۔۔۔اوکے۔۔۔اسنے جلدی سے دھیمی آواز میں سیلین کو بتایا تھا۔۔۔

جس پر وہ صرف گردن ہلا سکی۔۔۔۔۔دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ دوبارہ اس طرف متوجہ ہو ہی رہے تھے۔۔۔کہ آلف نے تیزی سے حرکت کی تھی۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

موو۔۔۔اسنے آواز سے سیلین کو اشارہ دیتے ہوئے سیدھے ہاتھ کی طرف کھڑے شخص کے ہاتھ پر کھڑا ہاتھ مار کر دوسرے ہاتھ کی مدد سے گن لی تھی ۔۔۔۔

گن لیتے ہی اس نے دو فائر کیے۔۔جو سیدھے ہاتھ پر کھڑے دونوں آدمیوں کے لگے تھے۔۔۔دوسری طرف کے دونوں بندوں نے فائع کیے۔۔جس سے پہلے ہی سیلین بھاگ کر انہی کی طرف والی دیوار سے جا لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے وہ سیلین یا آلف پر نشانہ لگاتے آلف کے فائر سے وہ دونوں بھی جان سے گ ئے تھے۔۔۔۔

سامنے لال گاڑی کی طرف سے ان آخری دو بندوں نے بھی فائرنگ کی تھی۔۔۔

جس پر آلف نے اس بچتے ہوئے دو فائر انکی طرف بھی ک ئے تھے ۔۔۔۔۔۔

ایک نشانہ چوک کر پاؤں پر لگا تھا۔۔۔۔۔جبکہ دوسرا بندہ اسی وقت سر پر گولی کی وجہ سے مارا گیا تھا۔۔۔۔۔۔

اس اچانک فائرنگ سے شور نہیں ہوا تھا۔۔کیونکہ تمام کی تمام گنز سائیلینسر والی تھیں۔۔۔۔۔

سیلین اس اچانک ہونے والی پیشکش پر شدید خوف کا شکار ہوئی تھی۔۔۔۔

تمام چھ کی چھ لاشیں زمین پر پڑی تھیں۔۔۔۔۔

انہیں دیکھ کر آلف نے تیزی سے تلاشی لی تھی۔۔۔۔اس لال کلر کی گاڑی کو بھی اسنے چیک کیا تھا۔۔وہاں کچھ بھی کام کا اسکے ہاتھ نہیں لگ سکا۔۔۔۔

اب وہ زمین پر گھٹنوں کے بل بیٹھی کانپتی ہوئی سیلین کی جانب بڑھا تھا۔۔

اسکا ہاتھ پکڑ کر اپنی گاڑی میں بٹھایا تھا۔۔۔۔۔تم۔۔۔تم ٹھیک ہو۔۔۔۔ سیلین خود کو سنبھالتی ہوئی اب آلف کی جانب دیکھ کر بولی تھی۔۔۔

میں ٹھیک ہوں۔۔۔آلف اس پر سرسری سی نظر ڈال کر اسکی طرف کا دروازہ بند کرتا ہوا اپنی سیٹ کی طرف آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور تیزی سے گاڑی اسٹارٹ کر چکا تھا۔۔۔

اب وہ دونوں اس پتلی گلی سے باہر نکل چکے تھے۔۔۔۔

سیلین اتھل پتھل ہوتی سانسوں کو مطمئن کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہ اسکی نظر آلف کے سیدھے ہاتھ پر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ جہاں سے ہلکا ہلکا خون نکل رہا تھا۔۔۔ دیکھنے میں وہ بہت معمولی چوٹ تھی۔۔۔ مگر سیلین کو اپنا کندھا دکھتا ہوا محسوس ہونے لگا تھا۔۔۔۔

آلف گاڑی چلاتا ہوا سیدھا سیلین کے گھر کے پاس ہی رکا تھا۔۔۔۔۔۔

اسکے گاڑی روکتے ہی سیلین گاڑی سے باہر نکلی تھی۔۔۔۔۔۔۔

آلف بھی اتر چکا تھا۔۔۔ اسکی نظر اب بھی چاروں طرف تھی۔۔۔ وہ حد سے زیادہ چوکس تھا۔۔۔

وہ دونوں اب گھر میں داخل ہو گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔

یہاں بیٹھو۔۔۔۔ سیلین اس سے کہتی ہوئی فرج کی طرف فرسٹ ایڈ لینے بڑھ گئی تھی۔۔

آلف نے اسکے ایسا کرنے پر خود کو چیک کیا تو اسے اپنے سیدھے ہاتھ سے خون بوندوں کی شکل میں نکلتا ہوا دکھائی دیا تھا۔۔۔ مگر وہ اپنی چوٹ دیکھ کر ہنس دیا تھا۔۔۔۔۔۔ ساری ٹینشن اور سوچیں ہوا ہوئی تھیں۔۔۔۔

سیلین کے آنے پر اسنے اپنی ہنسی کو بریک لگایا تھا۔۔۔۔۔۔ سنجیدہ سا وہ اب اسکی کاروائی دیکھنے بیٹھ گیا تھا۔۔

سیلین اسکے سامنے قالین پر بیٹھی روئی سے اسکا خون صاف کر رہی تھی۔۔۔۔ پھر اس نے دوسنی پلاس نکال کر اسکے ہاتھ پر لگا دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

بہت شکریہ۔۔۔۔ آلف نے اسکے احسان کے بدلے میں اسے کہا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ لوگ کون ہیں۔۔۔۔ آخر ہم سے کیا چاہتے ہیں۔۔۔۔ آلف وہ ہمیں آخر کہاں لے جانا چاہ رہے تھے۔۔۔۔ سیلین اب اسکے سامنے سے اٹھ چکی تھی۔۔۔۔۔

میں تھک گئی ہوں۔۔۔ پہلے مجھ پر حملہ اور اب ہمیں وہ لوگ کہیں لے کر جا رہے تھے۔۔۔۔ بھلا میری یا تمہاری کسی سے کیا دشمنی۔۔۔۔ کیوں ہو رہا ہے آخر ایسا۔۔۔۔۔ میں تھک گئی ہوں آلف۔۔۔ مجھے میرے سوالوں کا جواب چاہیے۔۔۔۔۔

سیلین نے اشتعال آمیز لہجے میں تنگ آکر اسکے سامنے کہا تھا۔۔۔۔

تم پاکستان واپس جاؤ گی اب سیلین۔۔۔۔ آلف نے وہ مشکل ترین بات اپنے منہ سے ادا کر دی تھی۔۔۔۔ اب وہ اسکے چہرے کو دیکھ رہا تھا۔۔

۔

آلف کی بات سن کر اسکی چلتی زبان اک دم رکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیلین تمہارے سارے جوابات پاکستان میں ہیں یہاں نہیں۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے اسے دوبارہ کہا تھا۔۔۔

جبکہ وہ ماتھے پر بل ڈالے اسے ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

میں اپنے پاپا کو ڈھونڈے بغیر یہاں سے کہیں نہیں جاؤ نگی۔۔۔۔۔۔ سن لیا تم نے۔۔۔ وہ اب شدید غصے سے بولی تھی۔۔۔

اگر میں کہوں کہ میرے پاس تمہارے سارے سوالوں کے جواب ہیں۔۔۔۔۔ تو؟۔۔۔ آلف نے پہیلی والے انداز میں اس سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

آلف تم مجھے کیا سمجھ رہے ہو۔۔۔ کیوں سیدھی بات نہیں کرتے۔۔۔ کیوں مجھے الجھن کا شکار کر رہے ہو۔۔۔۔۔۔ تم میرے پاپا کو نہیں ڈھونڈ سکتے تو صاف بتا کیوں نہیں دیتے۔۔۔۔۔۔ سیلین نے مزید بدتمیزی سے کہا تھا۔۔

میری بات سنو سیلین۔۔۔ آلف نے اسے اب جھجھوڑ کر اس سے زیادہ سختی سے کہا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

میرے پاس تمہارے ہر سوال کا جواب ہے۔۔۔وہ جواب تمہیں لاہور میں ملیں گے۔۔۔یہاں تمہاری جان کو خطرہ ہے۔۔۔۔اور شاید تم یہاں رہی تو میری جان کو بھی۔۔۔۔۔۔۔تم بس اتنا جان لو جسکی تلاش تمہیں یہاں لائی وہ تمہیں پاکستان میں ملیں گے یہاں نہیں۔۔۔۔۔آلف نے لہجے کو قابو میں رکھ کر اسے سمجھایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور وہ خاموش ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

اس مسجد کا وہی حال تھا جو تمام مسجدوں کا ہے۔۔۔۔۔۔۔گنتی کے لوگ عشاء کی نماز میں وہاں موجود تھے۔۔۔۔۔

امام صاحب شیخ غفران کی امامت میں نماز چل رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔بادلوں کی گرج شدید تھی۔۔۔۔۔۔۔چند خوش نصیبوں کی تعداد کم تھی۔۔۔۔۔۔۔مگر وہ ان تمام لوگوں پر بھاری تھے جو اس وقت اپنے گھروں میں غفلت کی چادر اوڑھے رب سے غافل بیٹھے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں کوئی بھی شخص بغیر چادر یا جیکٹ کے موجود نہیں تھا۔۔۔۔۔۔وہ لاہور میں ہونے والی سردی کی پہلی بارش تھی۔۔۔۔۔۔جو اپنے اندر الگ ہی ٹھنڈ رکھتی تھی۔۔۔۔۔

اس بارش میں نماز امام صاحب کی امامت میں اپنے مخصوص وقت پر ادا ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ مکمل بھیگا ہوا اس مسجد کے اندر داخل ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس وقت نماز شروع ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ وہاں داخل ہوا تو ایک بزرگ نے اسے حیرت سے دیکھا۔۔۔۔جو اسی کے برابر میں جیکٹ اور شال پہنے ہاتھ میں چھاتا لیے مسجد میں داخل ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے بیٹا۔۔۔۔۔اتنی تیز بارش میں اس طرح کیوں مسجد آئے ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے اسے بھیگا ہوا دیکھ کر مکمل توجہ سے کہا تھا ۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ لوگ مسجد کے باہر والے صحن میں کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔۔اور اندرونی صحن میں نماز ادا ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

زیام کے بڑھتے قدم انکی بات سن کر رکے ضرور تھے مگر وہ کچھ بھی کہنے سے عاجز تھا۔۔انکے سوال کے جواب میں وہ خاموش کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ لو میری چادر لے لو۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے اسکی خاموشی کو اسکا عجز سمجھتے ہوئے اسے وہ چادر دے دی تھی ۔۔۔۔۔۔۔

جسے زیام نے نہیں لیا تھا۔۔۔۔۔۔ مگر وہ سوچ رہا تھا کہ فلحال اسے ضرورت ہے۔۔۔۔۔۔لحاظہ اسنے انکا بڑھا ہوا ہاتھ دیکھ کر وہ چادر اپنے گیلے ہاتھ میں لے لی تھی۔۔۔۔

اب چلو بچے۔۔۔ نماز کو دیر ہو رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔جماعت نکل جائے گی۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے اسے اپنی چھتری کے اندر لیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بزرگ تیزی میں آگے بڑھتے ہوئے بولے تھے ۔۔۔۔۔۔

جبکہ زیام ٹھہر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اسے جماعت میں شامل ہونا تو دور کی بات ہے شاید نماز بھی ٹھیک طرح سے یاد نا تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسے اپنی چھتری میں لے کر اندرونِ صحن تک لے آئے تھے ۔۔۔۔زیام کے دیکھتے ہی دیکھتے ہو اس جماعت میں شامل ہو گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔

اور وہ شدید چاہت کے باوجود ایسا نا کر سکا تھا۔۔۔۔۔۔وہ شدید بے بسی کی حد پر پہنچ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔اسنے وہیں کھڑے کھڑے ذہن پر زور ڈالا

ذہن بوجھل محسوس ہونا شروع ہو گیا تھا وہ عشاء کی رکعت کو یاد کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔جو اسے یاد نا آئی تھیں۔۔۔۔۔

ماتھے پر شدید پل پڑے تھے۔۔۔۔۔وہ اندرونی صحن میں کھڑا ہاتھ میں چادر پکڑے ذہن پر زور دے رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آنکھوں میں جلن کے مارے آنسو بھر آئے تھے۔۔۔۔۔۔

لوگوں نے اس خود سے لڑتے نوجوان کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ چہرے سے بھی حالات کا مارا ہوا نہیں لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اسکا چہرہ اسے ایک حسین مرد بناتا تھا۔۔۔۔۔

اسنے اپنی زبان سے سورہ فاتحہ دہرائی تھی۔۔۔۔۔۔

جو اسے بچپن سے اب تک یاد تھی۔۔۔۔۔۔۔۔چہرے پر خوشی کے آثار نمایاں ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر آنکھوں میں آنسو آئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکی رنگت پھیکی پڑی تھی ۔۔۔۔۔۔وہ دیکھنے والوں کو ایک نظر میں بھانے والا زیام فارس تھا جو اب ایک چھوٹی سی مسجد کے اندرونی صحن میں حالتِ اضطراب میں تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے امام صاحب کی آواز شدید جھنجھلاہٹ کا شکار کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ زیام جو کلب میں لڑکیوں کا پرنس چارمنگ تھا۔۔۔۔۔آج دیکھا تھا تم نے اسے ماریہ۔۔۔۔۔کس طرح میری مدد سے کمائے گئے پیسے میرے ہی منہ پر مار کر گیا ہے ۔۔۔۔۔۔

حیدر شدید غصے سے بول رہا تھا۔۔۔۔۔۔

زیام کے جانے کے بعد وہ صحیح معنوں میں نشے سے باہر آیا تھا۔۔۔اسے اب بھی لگ رہا تھا کہ زیام اسکے ساتھ کوئی بہت برا مزاق کر کے گیا ہے۔۔۔۔۔۔مگر زیام کا سنجیدہ مزاج اسے اس پر یقین نہیں کرنے دے رہا تھا۔۔۔۔

ذہن کی اس جنگ میں اب وہ صوفے پر بیٹھا ایک ایک فائل اور کارڈ کو چیک کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔وہ ایک ایک چیز بلکل اصلی تھی۔۔۔۔۔اس پر زیم کے سائن دیکھ کر اسے مکمل یقین آ گیا تھا۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور اب جب اسے یقین آ گیا تھا۔۔۔ تو ساتھ شدید غصہ بھی آیا تھا۔۔۔ اسی غصے میں وہ اپنے بدابر میں بیٹھی ماریہ سے کہہ رہا تھا۔۔۔

اسنے اپنے ہاتھ میں پکڑے کاغذ کو اپنی مٹھی میں دبوچا تھا۔۔۔

ماریہ میں نے اس لڑکی کو دیکھا ہے۔۔۔ اتنی عام سی شکل ہے اسکی۔۔۔ تمہارے آگے تو وہ کچھ بھی نہیں۔۔۔۔ مجھے سمجھ نہیں آتا اس زیام کو ایسا کیا دکھا ہے اس میں جو اس کے پیچھے مجھے زلیل کر کے گیا ہے۔۔۔۔ میں چھوڑونگا نہیں اس کو۔۔۔۔۔

وہ مٹھیاں بینچھ کر شدید غصے سے بولا تھا۔۔۔۔

تم اس لڑکی مائسہ کے ساتھ کھیل رہے تھے۔۔۔ مگر اب جا کر پتہ چلا کہ سارا کھیل تو اس لڑکی نے کھیلا ہے۔۔۔۔۔ تم سے تمہارا پاٹنر ہی چھین کر لے گئی۔۔۔ اور اب وہ اسے نچا رہی ہے۔۔۔۔ وہ بغیر کچھ کہے تمہارے دوست کو نچا رہی ہے۔۔۔۔۔ یہی ہوتا ہے ان بھولے لڑکوں کے ساتھ۔۔۔۔ بادشاہ سے فقیر بن جاتے ہیں۔۔۔۔۔

ماریہ نے پھیکی سی مسکراہٹ سے ہستے ہوئے اپنا جملہ ادا کیا تھا۔۔۔

۔۔۔ میں چھوڑونگا نہیں اس لڑکی کو۔۔۔ ایک بار وہ مجھے دکھ جائے ۔۔۔۔۔ اس نے مجھے زلیل کروایا ہے ۔۔۔ حیدر بخت کو۔۔۔۔

حیدر نے مٹھیوں کو بینچھے ہوئے ماریہ کی جانب دیکھ کر شدید غصے سے کہا تھا۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥

جماعت ختم ہو گئی تھی۔۔۔ بارش نے اب زور چھوڑ دیا تھا۔۔۔۔۔

لوگ جاتے ہوئے مسجد کے اندرونِ صحن میں بیٹھے اس نوجوان کو عجیب نظروں سے دیکھ رہے تھے ۔۔۔۔۔ جو پیچھے مسجد کی اندرونی راہداری سے ٹیک لگائے بیٹھا تھا مگر نماز ادا کرنے نہیں اٹھا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ نا بھی دیکھ رہے ہوتے مگر۔۔۔زیام کو ایسا لگ رہا تھا سب اسے ہی دیکھ رہے ہیں۔۔۔وہ چادر اسکے گیلے کرتے پر آتے ہی ہلکی گیلی ہونا شروع ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔

باہر والے صحن سے آتی ٹھنڈی ہوا اسے مزید جما رہی تھی۔۔۔۔۔ٹھنڈ کا احساس اسکے پورے جسم میں سرائیت کر گیا تھا۔۔۔

مگر وہ اندر سے آگ میں جھلس رہا تھا۔۔۔۔۔یہ اندر کی آگ اور باہر کی سردی اسے ایک کشمکش کا شکار کر رہی تھی۔۔۔۔۔

کہا جاتا ہے کہ جب آگ اور ٹھنڈ ایک ساتھ آجائیں تو آگ ٹھنڈ پر قابو پا لیتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔وہی زیام کے ساتھ ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹھنڈ سے اسکے ہاتھ جم کر برف بھی ہو رہے تھے۔۔۔۔۔اور اسے کچھ محسوس بھی نہیں ہو رہا تھا۔۔۔نا جسم پر کپکپی چڑھ رہی تھی ۔۔۔۔۔

اسنے شیخ کو ابھی بھی جاء نماز پر بیٹھا دیکھا تھا۔۔۔۔۔جبکہ تمام تر لوگ وہاں سے جا چکے تھے۔۔۔فِل وقت اسے عادل عاطف اور علی بھی کہیں نظر نہیں آرہے تھے۔۔۔۔

اسی اثناء میں شیخ کو اس نے اٹھتے ہوئے اندر جاتے دیکھا تھا۔۔۔۔

وہ اٹھ کر تقریباً بھاگتے ہوئے شیخ کے راستے میں کھڑا ہو گیا۔۔۔

اب مجھے اس راستے پر لگایا ہے تو آگے بھی بڑھائیں۔۔۔۔۔ورنہ میں اس آگ میں جھلس کر مر جاؤنگا۔۔۔۔۔۔نا منزل کو پہنچوں گا اور نا مجھے میری مراد ملے گی۔۔۔۔

کچھ دیر پہلے جو کرب اور ملال برداشت کیا گیا تھا وہ سب اسکی آواز میں پنپ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

یہ تو بلکل اچھا نہیں ہو گا۔۔۔۔۔شیخ اسکے ماتھے کی جانب دیکھ کر میٹھے لہجے میں گویا ہوئے تھے ۔۔۔۔۔

میں سب سے پہلے اپنے کمرے میں جاتا ہوں۔۔۔۔۔اب پوچھو کہ میں یہاں آج ایسے کیوں بیٹھا رہا؟۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آپ ایسا کیوں کر رہے تھے۔۔۔؟۔۔۔۔زیام نے انکے کہنے پر سوال پوچھا تھا۔۔۔

یہ تم صبح عادل سے پوچھنا۔۔۔۔ خیر قرآن پڑھا ہوا ہے نا؟۔۔۔۔انہوں نے اسکے ماتھے پر ہی نظریں جمائی ہوئی تھیں۔۔۔۔۔

جی۔۔۔۔زیام نے اٹک اٹک کر کہا تھا۔۔۔۔۔ گویا اسے ڈر تھا کہ شاید اسے اب وہ بھی نا آتا ہو۔۔۔یا وہ بھی بھول گیا ہو

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ مسجد ہے۔۔ یہاں پر ہزاروں کتابیں موجود ہے۔۔۔ آسان نماز۔۔۔۔روزہ حج۔۔۔ایک ایک چیز کی معلومات کا خزانہ موجود ہے۔۔۔۔اب یہ تمہیں سوچنا ہے کہ خزانے میں سے تمہیں کس چیز کی ضرورت ہے۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے ہاتھ کے اشارے سے اسے مسجد میں رکھے بڑے بڑے شیلف کی طرف توجہ دلائی تھی۔۔۔۔جبکہ انکا دوسرا ہاتھ اسکی کمر پر تھپکی کی طرح گیا تھا۔۔۔۔

جاؤ۔۔۔اپنا بھولا ہوا سبق یاد کرو۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے اسے انتہائی سنجیدگی سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

جس پر زیام نے گہری سانس لی تھی۔۔۔۔وہ اسے ایک بار پھر صحیح راستہ با آسانی دکھا چکے تھے۔۔۔۔۔

رات کے وقت وہاں کا منظر کافی خاموش تھا۔۔۔۔۔ مگر زیام کو اس خاموشی میں نیند نہیں آرہی تھی۔۔۔۔۔وہ بلکل نیند میں نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ آسان نماز سے نماز کے لیے اپنی بھولی ہوئی چیزوں کو اور نماز کے طریقے کو دہرا رہا تھا۔۔۔

حیرت انگیز طور پر بچپن کا یاد کیا سبق اسے کچھ کچھ یاد آرہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسنے اپنے چہرے پر بھی غسل خانے میں لگے شیشے سے نظر ڈال لی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب اسکی داڑھی کچھ بڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔شہد رنگ آنکھیں اب مزید بوجھل محسوس نہیں ہو رہی تھیں۔۔۔۔۔اسنے خود کو ایک الگ انداز سے دیکھا تھا۔۔۔۔۔ورنہ اسکا چہرہ ہمیشہ سنورا ہوا خوش باش رہتا تھا۔۔۔۔۔۔مگر آج صرف پانی کے چند چھینٹوں نے ہی اسکے چہرے کو مزید چمکا دیا تھا۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

اس نے شدید غنودگی میں کسی کو اپنا نام لیتے سنا تھا۔۔۔۔۔۔۔گویا وہ آواز اسے بہت دور سے آ رہی تھی۔۔۔۔۔لیکن وہ بوجھل آنکھوں کو کھول نہیں پا رہا تھا۔۔۔۔۔نیند نے اسے جکڑا ہوا تھا۔۔۔۔

اٹھو۔۔۔۔ابکی بار دوسری دفعہ آواز اسکے نزدیک سے آئی تھی۔۔۔۔۔اور اس بار اسکی آنکھیں کھل گئی تھیں۔۔۔۔۔

اٹھ جاؤ زیام۔۔۔۔۔شیخ نے سب کو اپنے کمرے میں بلایا ہے۔۔۔۔۔۔

زیام کو غنودگی میں عاطف کی آواز سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔۔پھر اس نے اک دم سے آنکھیں کھول دی تھیں۔۔۔۔۔

ہٹو۔۔اسے میں اٹھاتا ہوں۔۔۔۔عادل اب عاطف کو ہٹاتا ہوا خود آگے بڑھا تھا۔۔۔

زیام اٹھ جاؤ۔۔۔۔اب آخری بار بول رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ورنہ ہم سب اکیلے چلے جائیں گے۔۔۔۔۔۔

عادل نے اب ذرا سخت انداز سے بولا تھا۔۔۔

جس پر زیام غنودگی سے باہر آ گیا تھا۔۔۔۔اور اب وہ اٹھ بیٹھا تھا۔۔۔۔

دونوں ہاتھ آنکھوں پر گڑے تھے ۔۔۔۔۔۔۔جسم کو کمپوز کیا گیا تھا ۔۔۔اسنے آنکھیں کھول کر ادھر ادھر دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ رات مسجد کے صحن میں سویا تھا۔۔۔۔۔۔اسے یاد آیا تھا کہ رات آسان نماز پڑھتے پڑھتے وہ سو گیا تھا۔۔۔اور ابھی اسے سوئے کچھ ہی دیر گزری تھی ۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب وہ تینوں انکے سامنے شیخ کے کمرے میں کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔اور پیچھے سے زیام بھی خود کو نیند سے جگاتا ان تینوں کے برابر میں آ کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔

بزرگانِ دین نے رات کے تین حصے کیے ہیں۔۔۔اور وہ انہی کے مطابق اپنی زندگی گزارتے تھے۔۔۔۔

ایک حصہ کھانے کا۔۔۔ایک حصہ سونے کا اور ایک حصہ عبادت اور نمازِ فجر کا۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے بلند آواز سے بتایا تھا۔۔

اس وقت وہ ایک چھوٹے سے کمرے میں موجود تھے جو اندرون صحن کے بعد بنا ہوا تھا۔۔۔

اور شیخ چارپائی پر بیٹھے تھے۔۔۔جب کہ چاروں سامنے کھڑے تھے۔۔۔

چلو ہم نے آفس کے لیے نکلنا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔تیاری کرو۔۔۔انہوں نے اٹھتے ہوئے ان سب کو کہا تھا۔۔

انکے کہتے ہی وہ تینوں باہر کی جانب بڑھ گئے تھے۔۔۔۔۔۔زیام کے چہرے سے عیاں تھا کہ اسے کچھ سمجھ نہیں آیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آفس۔۔۔اسنے اپنے لب سے دہرایا تھا۔۔۔ایک آئی بروماتھے سے جا لگی تھی۔۔۔۔

وہ ان تینوں کے پیچھے اس کمرے سے باہر نکل آیا تھا۔۔۔۔

بھائیوں کوئی بتائے گا یہ آفس سے کیا مراد ہے۔۔؟۔۔۔اس نے ان تینوں کو اپنے اپنے کاموں میں لگتے دیکھ کر تینوں کو مخاطب کیا تھا۔۔۔۔

بھائی۔۔۔بس تم احمد کے کمرے میں جاؤ اور الماری کے سب سے آخری دیوار والے کبرڈ میں جو کپڑے ہوں وہ نکال کر پہن لو ۔۔۔۔۔۔اور جلدی تیار ہونا۔۔زیادہ وقت نہیں لگنا چاہیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر تمہیں سب پتا لگ جائے گا۔۔ ۔۔۔۔۔ علی نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ کر مسکراہٹ کے ساتھ اسے بتایا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مگر زیام کے ماتھے کے بل اب بھی ویسے ہی نمایاں تھے۔۔۔۔۔۔۔

اسے کچھ غصہ بھی آیا تھا۔۔۔کیونکہ اسے پہیلیاں شروع سے شدید بری لگتی تھیں۔۔۔۔

وہ احمد کے کمرے کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔۔وہاں پہنچ کر اس نے اس کمرے کو غور سے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

وہاں ایک چھوٹا سا سنگل بیڈ تھا۔۔۔۔۔جس پر سفید چادر بچھی تھی۔۔۔۔۔دیواریں کچی ڈیسائن کی تھیں۔۔۔۔۔۔۔جیسے کسی غار کا منظر ہو۔۔۔۔ان سب کے کمرے تقریباً ایسے ہی بنے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔بیڈ کے برابر میں چوٹی سی سائڈ ٹیبل تھی ۔۔۔۔۔اور ایک لیمپ رکھا تھا ۔۔۔۔۔

سامنے ایک دیوار کے اندر بنی ہوئی الماری تھی۔۔۔۔۔۔۔اس نے علی کے الفاظ یاد کرتے ہوئے الماری کا آخری دروازہ کھولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں اسے ہینگر میں لٹکے ہوئے کپڑے نظر آئے تھے ۔۔۔۔جسے ہاتھ بڑھا کر وہ باہر نکال رہا تھا۔۔

وہ بلیک کلر کی سیدھی پینٹ کے ساتھ وائٹ کلر کی شرٹ تھی۔۔۔۔۔۔ساتھ میں ٹائی بھی تھی۔۔۔۔

زیام کو اب مزید حیرت ہوئی تھی۔۔۔۔۔مگر وہ سر جھٹک کر اس کمرے کے ساتھ لگے واشروم میں چلا گیا تھا۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ سب ابھی اسکا انتظار ہی کر رہے تھے۔۔۔۔کہ انہیں وہ آتا ہوا دکھائی دیا تھا۔۔۔۔

احمد کے پینٹ شرٹ میں وہ چلتا ہوا اندر سے باہر کی طرف آیا تھا۔۔۔۔۔۔وہ تینوں اسے اور وہ ان تینوں کو دیکھ کر حیرت کا شکار ہوا تھا۔۔۔۔

وہ تمام بھی اسی طرح پینٹ شرٹ میں ٹائی گائے بلکل تیار اسکے سامنے کھڑے تھے ۔۔۔۔سب کا چہرہ فریش اور چمک دار تھا ۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

عادل۔عاطف اور علی کی نظر بھی زیام پر گئی تھی۔۔۔۔۔۔آنکھوں میں نمی اتری تھی۔۔۔۔۔انکے جگری دوست احمد کا وہ سوٹ اس پر بلکل ٹھیک آگیا تھا۔۔۔۔

چلیں۔۔۔۔زیام نے آستین کے بٹن نہیں لگائے تھے۔۔۔۔وہ کبھی نہیں لگاتا تھا۔۔۔بلکہ اسنے اسے فولڈ کر لیا تھا۔۔۔۔

مسجد سے باہر نکلتے ہی ایک بڑی سی سیوِکس انکا انتظار کر رہی تھی۔۔۔۔

شیخ نہیں آئیں گے۔۔؟؟۔اس نے ان تینوں سے پوچھا تھا۔۔۔

وہ اب تک پہنچ بھی گئے ہونگے ۔۔۔۔۔۔عاطف نے اسے جواب دیا تھا۔۔۔جبکہ وہ دونوں گاڑی میں بیٹھ چکے تھے ۔۔۔۔۔

چلو تم انکے ساتھ بیٹھ جاؤ میں آگے بیٹھ رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔عاطف نے جان بوجھ کر آگے بیٹھنے کی پیشکش کی تھی۔۔۔۔اور اب وہ سب روانہ ہو گئے تھے۔۔۔۔۔

زیام کو رات کی کچھ بات یاد آئی تھی۔۔۔۔اس نے عادل کو مخاطب کیا تھا۔۔۔۔

رات شیخ عشاء کی نماز کے بعد دیر تک جانماز پر کیوں بیٹھے رہے تھے۔۔۔؟۔۔زیام نے اپنا ہاتھ کار کی کھڑکی پر رکھ کر عادل کی جانب دیکھ کر پوچھا تھا۔۔۔۔۔

جو اس وقت زیام کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

تم بھی بیٹھے تھے وہاں۔۔؟۔۔عادل نے کچھ سوچ کر اس سے سوال کیا تھا۔۔۔

ہاں۔۔۔۔زیام نے ہاں میں جواب دیا۔۔

تو وہ تمہارا ہی انتظار کر رہے تھے۔۔۔۔۔عادل نے سرسری سا جواب دیا تھا۔۔۔

میرا۔؟؟۔۔تو انہوں نے مجھے بلایا کیوں نہیں۔۔۔؟۔۔زیام نے پھر حیرت سے پوچھا۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پیاسا کنویں کے پاس جاتا ہے۔۔۔کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا۔۔۔عادل نے کچھ ناگواری سے جواب دیا تھا۔۔۔

اور ناپیاسے کو اپنے پاس بلاتا ہے۔۔۔۔۔۔ سمجھ گیا۔۔۔زیام نے سمجھنے کا اشارہ دیتے ہوئے اسکے بات کو آگے بڑھایا تھا

۔۔۔۔۔

اور عادل اب اپنی نظر سامنے کی طرف کر چکا تھا۔۔۔

انکی گاڑی چند منٹوں کی مصافحت کے بعد ایک بڑی سی اونچی عمارت کے پاس آکر رکی تھی۔۔۔۔

وہ تینوں زیام سمیت وہیں اترگئے تھے ۔۔۔۔

عادل سب سے آگے چل رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ لوگ اب اس عمارت کے دروازے کی طرف بڑھ رہے تھے۔۔۔۔زیام کو وہ کوئی آفس لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس عمارت پر بڑا بڑا جلی حرفوں میں وائٹ ورک کمپنی لکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے اس پر نظر ڈال کر آس پاس بھی ایک نظر ڈالی تھی۔۔۔وہ علاقہ کافی بڑا اور کھلا تھا۔۔۔۔۔اور وہ عمارت روڈ سے کچھ فاصلے پر کافی بڑے رقبے پر بنی ہوئی تھی۔۔۔۔

عادل نے جیب سے اپنا آئی ڈی کارڈ نکال کر زیام کو پکڑایا تھا۔۔۔۔۔۔یہ سیکیورٹی گارڈ کو دِکھا دینا۔۔وہ تمہاری سرسری سی تلاشی لینگے۔۔اور اندر آنے دینگے۔۔۔۔۔عادل نے اسے وہ کارڈ دیتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔

زیام نے وہ کارڈ اس سے لے لیا تھا۔۔جو بھی ہو رہا تھا۔۔وہ اسے انجوائے کر رہا تھا ۔۔۔۔

وہ تینوں ایک بڑے سے اسکینر سے اندر جا کر آگے بڑھ رہے تھے۔۔۔جب زیام نے وہ کارڈ اس سکیورٹی گارڈ کو دکھایا تھا۔۔۔

مسٹر زیام فارس۔۔۔اسلام وعلیکم۔۔۔۔۔سکیورٹی گارڈ کے اس طرح کہنے پر زیام کافی تذبزب کا شکار ہوا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وعلیکم اسلام۔۔۔ آپ کو چیکنگ کی ضرورت نہیں آپ اندر جاسکتے ہیں۔۔۔۔اس گارڈ نے خوش باش لہجے میں زیام سے کہا تھا۔۔۔

شکریہ۔۔۔زیام سرسری سا شکریہ ادا کر کے اس سکینر سے گزر کر اندر کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔۔

وہاں آٹو میٹک ڈور اسکے آتے کے ساتھ ہی کھل گیا تھا۔۔۔۔۔وہ وہاں سے بھی اندر کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔

اندر آکر اسکی آنکھیں حیرانی سے پھیل گئی تھیں۔۔۔اتنا عالیشان آفس اس نے شاید ہی کبھی اپنی زندگی میں دیکھا ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بھی اتنی اچھی زندگی گزارنے کے بعد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہر چیز کو ایک سلیقے سے بنایا گیا تھا۔۔۔یہاں تک کہ لائٹس اور کیمرے تک زیام کو کافی مہنگے لگے تھے۔۔۔۔۔

اسکے اندازے کے مطابق یہاں کی کسی چیز کو پاکستان کے نہیں بلکہ باہر کے انٹیریئر ڈزائننگ سے بنایا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

ہر چیز اپنی الگ شان سے چمک رہی تھی۔۔۔۔۔

یہ کہاں آگیا میں۔۔۔اسنے خود سے کلام کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔آگے بڑے کر سامنے اسے لوگ نظر آنا شروع ہو گئے تھے ۔۔۔۔

ایک آدمی جو سوٹ پہنے سب سے پہلے اسے نظر آیا تھا۔۔۔۔۔اسنے اسے ایک اسمائل پاس کی تھی۔۔۔

ہیلو سر۔۔۔مسٹر زیام فارس رائٹ۔۔؟۔۔۔اس آدمی نے انتہائی مہذب طریقے سے زیام کا نام لیا تھا۔۔۔

یس۔۔۔۔زیام نے سرسری سا جواب دیا۔۔ویسے بھی اسے وہاں سب کچھ بہت عجیب لگ رہا تھا۔۔۔۔۔

آپ اندر جاسکتے ہیں۔۔۔۔اندر آپکا ہی انتظار ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

اس آدمی نے ایک بڑے سے روم کی طرف اشارہ کیا تھا۔۔۔۔جو مکمل پیک تھا۔۔۔۔۔۔۔

پھر اس نے ایک ہاتھ سے زیام کے لیے وہ دروازہ کھول بھی دیا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

شکریہ۔۔۔زیام کچھ حیرت اور کچھ دل جوئی سے کہتا اندر کی جانب آیا تھا۔۔۔

سامنے سب سے پہلے اسکی نظر شیخ غفران الحق صاحب پر پڑی تھی۔۔۔۔۔

اسے وہ تینوں بھی کھڑے نظر آئے تھے ۔۔

وہاں ایک چکور گھومنے والی ٹیبل لگی تھی۔۔۔۔۔اسکے برابر میں اس سے اٹیچ چار کرسیاں تھیں۔۔۔اور ایک بڑی کرسی تھی۔۔۔۔۔ جو کس کے لیے تھی وہ سمجھ گیا تھا۔۔۔۔۔

اسلام وعلیکم۔۔۔۔۔۔

welcome to our white work company Mr ziyam faris .....

اسکا اس طرح سے ویلکم کرنے والے شیخ غفران تھے۔۔۔۔۔۔۔۔انکا اس طرح سے کہنا اب زیام کو مزید حیرت میں نہیں ڈال رہا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ کچھ کچھ سمجھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔مگر جتنا سمجھ رہا تھا اتنا حیران بھی ہو رہا تھا۔۔۔

thank u so much Ustaad e muhtaram ....

اسکے منہ سے انتہائی پیار اور محبت سے خود ہی اس طرح کے الفاظ ادا ہوئے تھے ۔۔۔

تو اب آپ نے ہماری کمپنی کو سرسری سا تو دیکھ ہی لیا ہو گا۔۔۔۔ان معاملات میں وقت ضائع نا کریے گا۔۔۔۔۔۔۔جیسے جیسے آپ کام شروع کرینگے۔۔۔آپ اس کمپنی کے اصول وضوابط اور شکل وخوبصورتی سے آگاہ ہو جائیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شیخ انتہائی مہذب طریقے سے اسے دیکھ کر بولے تھے۔۔۔۔

وہ چاروں پینٹ شرٹ میں تھے۔۔۔۔جبکہ شیخ وہاں سفید کرتے میں ہی اسکے سامنے کھڑے تھے۔۔۔البتہ اس پر بلیک کلر کہ جیکٹ پہنی ہوئی تھی۔۔۔مگر داڑھی اور سر پر کھڑی ٹوپی اپنی جگہ تھی۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یس سر۔۔۔۔زیام بھی اب انتہائی پروفیشنل انداز میں گویا ہوا تھا۔۔۔

چلیں۔۔۔اب میٹنگ کا آغاز کرتے ہیں۔۔۔۔

بسمہ اللہ الرحمن الرحیم۔۔۵۔۔۔۔

انہوں نے بسمہ للہ پڑھتے ہوئے ٹیبل کے نیچے سے ایک بٹن دبایا تھا۔۔۔۔جس سے وہ ٹیبل گھومی تھی۔۔۔۔اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ تمام کی تمام کرسیاں اس ٹیبل کے اندر چلی گئی تھیں۔۔۔۔اور وہ ٹیبل اونچی ہو گئی تھی۔۔۔۔

اب اس کے برابر میں کھڑے ہو کر میٹنگ با آسانی کی جاسکتی تھی۔۔۔۔

اب انکے ہاتھ میں ایک چھوٹا سا ریموٹ تھا۔۔۔۔۔۔اور وہ پیچھے مڑے تھے۔۔۔۔جبکہ وہ تمام اس ٹیبل کے اطراف میں کھڑے تھے۔۔۔

اور پیچھے لگے بڑے سے وائٹ بورڈ کی طرف سب کی توجہ بن گئی تھی۔۔۔

جیسا کے دیکھا جارہا ہے۔۔کہ پچھلے ایک سال میں جو یہ اسٹارروکر ایپ آیا ہے۔۔۔۔۔

اسکے بارے میں کہا جارہا ہے۔۔۔کہ اس دور کا سب سے زیادہ اٹینشن پانے والا ایپ یہ ہی ہے۔۔۔۔۔مزید بتایا جارہا ہے کہ اس ایپ کو سب سے زیادہ نوجوانوں نے اپنے فون میں ڈاؤنلوڈ کیا۔۔۔۔جو واقع ایک تباہ کن بات ہے۔۔۔۔

زیام کی نظریں بھی سب کی طرح اس وائٹ بورڈ ہر جمی تھیں۔۔۔۔۔۔مگر یہ سب اسکے لیے نیا نہیں تھا۔۔۔۔بلکہ وہ خود بھی یہ ایپ ڈاؤنلوڈ کر چکا تھا۔۔۔اور استعمال کرنا بھی جانتا تھا۔۔۔۔۔اس لیے وہ انکی بات کو اب مزید توجہ سے سن رہا تھا۔۔۔۔

مزید یہ کہ غزوۂ ہند۔۔۔جسکے بارے میں پچھلے دو سالوں میں ہماری کوششوں سے لوگوں میں آگاہی بڑھ گئی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہماری کلپ۔۔ویڈیوز اور مختلف چینلز وغیرہ کے ذریعے یہ پاسبل ہوا۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مگر اب لوگوں کو ایک نئی مصیبت کا سامنا ہے۔۔۔وہ یہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ غزوہ ہند اصلحے سے لڑا جائے گا ۔۔۔۔جب ہو گا تو ہر طرف جنگ کا ماحول ہو گا ۔۔۔۔لوگ لڑ رہے ہونگے مر رہے ہونگے ۔۔۔۔

مگر انہیں یہ کون بتائے گا ۔۔۔کہ غزوہ ہند تو کب کا شروع بھی ہو چکا ہے ۔۔۔۔۔۔مگر اب لڑ ہی نہیں رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔یہ اس غزوہ ہند کا اسٹارٹپ ہے۔۔۔جو ہمیں اسی جنگ کہ طرف لے جا رہا ہے۔۔۔۔۔

سب سے پہلی جنگ اپنے نفس سے ہو گی۔۔۔۔۔۔خود اپنے آپ سے۔۔۔۔۔۔۔۔اور یہی سب سے خطرناک جنگ ہے۔۔۔

کیوں ہے۔۔۔۔؟۔۔کیونکہ اس جنگ میں اگر ہم نفس کا وار خود پر سہہ کر اندر سے اپنا ضمیر مار بھی دیں تو ہمیں پتا نہیں چل سکے گا کہ ہم اندر سے مر گئے ہیں ۔۔۔اور ہم بے ضمیر ہو جائیں گے ۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ چاروں کو اب اس مشن میں آگے بڑھنا ہے۔۔۔۔۔۔میں کسی کو کمزور پڑتا نا دیکھوں۔۔۔۔خود شیطان سے بھی لڑنا ہے ۔۔۔۔اور اپنے نفس سے بھی۔۔۔۔۔۔

do you all understand ..?..

انہوں نے بلند آواز سے پوچھا تھا۔۔۔

یس سر۔۔۔۔۔زیام انکی باتوں میں مکمل کھو چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔باقی تینوں کی طرف سے یس سر کی آواز نے اسے اِک دم چونکایا تھا۔۔۔۔

do you all understand ..?..

انہوں نے صرف زیام کی وجہ سے اپنی بات کو دہرایا تھا۔۔۔۔

جی۔۔۔۔۔اس نے تحمل سے جواب دیا تھا۔۔۔۔

مزید آگے بڑھتے ہیں۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ دیکھو۔۔۔۔اس فلم کا نام ہے

the god ...

ایک لندن میں بننے والی ہالی وڈ مووی ہے۔۔۔۔۔۔ہمیں ہر طرح سے اس فلم پر نوٹس لینا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اس میں ایک انسان کو خدا بنتے دکھایا ہے۔۔۔ ملحدوں کا عقیدہ سچ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔۔۔۔جو کہ مسلمانوں کے لیے ایک اعلانِ جنگ کی مانند ہے۔۔۔۔

مگر یہاں صورتحال الٹ ہو گی۔۔۔۔لوگ باقائدہ ٹکٹ لے کر جائیں گے اور اس فلم کو دیکھ کر روتے ہوئے اپنا ایمان بیچ کر باہر نکلے گے۔۔۔۔۔۔۔جو کہ درست نہیں ہو گا۔۔۔۔لہزا اس تباہی کو بھی اس سب سے پہلے روکنا ہے۔۔۔۔

اسکے لیے گوگل کا سہارا لینا ہو گا۔۔ آپ سب باری باری اپنے فون سے گوگل پر اس فلم کے ٹائٹل کو سرچ کر کے رپیورٹ کرینگے ۔۔۔۔۔۔۔بار بار کرینگے۔۔۔۔۔

اور دوسرا اہم وزیرِ اعظم کو نوٹس بھیجیں گے۔۔۔اقوامِ متحدہ سے بات چیت ہو گی۔۔۔۔۔مسلمان پروٹیس کرنگے۔۔۔۔کہ آخر مذہب کے نام پر بننے والی یہ فلمیں کب بننا بند ہو نگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہیں اس فلم کو بند کرنا ہی ہو گا
۔۔۔۔۔۔۔۔۔انشاءاللہ۔۔۔۔اور اگر ایسا نا بھی ہوا تو ہم سب اس چڑیا کی سنت ہر عمل کرنے والے بن جائیں گے۔۔۔جس نے حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں ڈالے جانے کے بعد منہ میں بوند بوند پانی لے کر اسے بجھانے کی کوشش کی تھی۔۔۔۔۔

ابھی فل وقت اتنا ہی کام آپ سب کے زمہ ہے۔۔۔۔باقی کام عادل آپ نے زیام کو سمجھانا ہیں۔۔۔۔۔احمد کے سارے کام اب زیام کرے گا۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے ایک نظر عادل اور زیام پر ڈال کر انہیں کہا تھا۔۔۔۔

اسلام و علیکم۔۔۔۔۔

the meeting is over ...

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ کہتے ہوئے وہاں سے دروازہ کھولتے ہوئے باہر نکل گئے تھے ۔۔۔۔۔

I can't beleive ...

کہ شیخ غفران کو انگلش بھی آتی ہو گی۔۔۔۔مگر یہاں میری سوچ زمین کی تہہ میں جا گری ہے۔۔۔۔۔۔زیام نے انکے جاتے ہی ان تینوں سے اپنی حیرت کا اظہار کیا تھا۔۔۔۔۔

مسٹر غفران الحق۔۔۔۔

the most intelligent and upgrated student of International islamic university ....

ساتھ ہی وہ ایک عالم اور اردو اور اسلامیات کے پروفیسر بھی رہ چکے ہیں۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنی یونیورسٹی کے پہلے طالبِ علم تھے جو خود پڑھ بھی رہے تھے اور پڑھا بھی رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عادل نے فخر سے زیام کو بتایا تھا۔۔۔۔

فخر کر رہے ہو۔۔؟۔۔۔زیام نے پہلے تو اپنی آئی برو اٹھا کر اور ہونٹوں کو کھینچ کر بے یقینی کا تاثر دیا۔۔پھر عادل کی طرف دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

نہیں۔۔ تمہیں شرمندہ۔۔۔۔عادل کی جانب سے جواب آیا تھا۔۔۔۔۔۔

جس پر وہ پھیکا سا مسکرا دیا تھا۔۔۔۔

چلو۔۔ ہمیں باتوں کے لیے ہر گز وقت نہیں دیا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے ان تینوں کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

میں کس طرح تمہیں چھوڑ کر چلی جاؤں آلف۔۔۔۔ سیلین نے اب رونی سی صورت بنا کر التجا کی تھی۔۔۔

پچھلے دس منٹ سے وہ بیٹھا اسے سمجھا رہا تھا۔۔اور اسکی ایک ہی صدا سنائی دی جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اسکے غصہ سے کہنے پر کچھ دیر پہلے وہ رو دی تھی۔۔۔۔۔۔اور سچ میں آلف نے بچوں کی طرح روتے اسے پہلی بار دیکھا تھا۔۔۔۔۔

وہ جو اس پر غصہ کر کے سمجھ رہا تھا کہ اب سیلین ماسکو سے جانے کے لیے تیار ہو جائے گی ۔۔۔۔اسے کچھ ہی دیر میں اندازہ ہو گیا کہ وہ غلط سوچ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

وہ رو دی تھی۔۔اور آلف کھڑا اسکی عجیب عجیب شکلوں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

سیلین رو مت۔۔۔۔بہت سوچ کر اسنے بس اتنا ہی کہا۔۔۔۔۔روتے چہروں سے وہ ہمیشہ سے بے حد کنفیوز ہو جاتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسے سمجھ نہیں آتا تھا۔۔کہ چپ کیسے کروایا جائے ۔۔۔۔

میں نہیں جاؤنگی۔۔۔میرے بابا کو ڈھونڈو نگی۔۔۔۔۔۔مجھے انہیں دیکھنا ہے۔۔۔۔۔۔۔وہ ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں روتے ہوئے بولی تھی۔۔۔

سیلین سکندر علی تمہیں وہیں ملیں گے۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے پھر اسے مطمئن کرنے کی ناکام کوشش کی تھی۔۔۔

یہ تمہیں کیسے پتا۔۔۔۔؟۔۔۔۔ سیلین کو اسکے سامنے اپنا یوں رو دینا بلکل اچھا نہیں لگا تھا۔۔۔وہ کبھی کسی پر اپنے اندر کے اموشن کو ظاہر نہیں کرنا چاہتی تھی۔۔۔۔

اور تم کیا جانتے ہو میرے بابا کے بارے میں۔۔۔۔۔وہ میرے بابا ہیں۔۔۔تو انکے بارے میں مجھے پتا ہونا چاہیے یا تمہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔یا یوں کہو کہ تمہیں پتا چل گیا ہے کہ وہ کہاں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟۔۔

سیلین نے اب خود کو کنٹرول کر کے دونوں ہاتھوں سے اپنے آنسوں پوچھ کر اس سے سوال کیا تھا۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تم رکو۔۔ آلف نے اسے ایک انگلی کے اشارے سے ٹھہرنے کا کہا تھا۔۔اور وہ سیدھا باہر کی طرف اپنی گاڑی کے پاس گیا تھا

۔۔۔۔۔۔

۔اب وہ اپنے ہاتھ میں چھوٹا سا صندوق لے کر لوٹا تھا۔۔۔۔۔

یہ تمہارے تمام سوالوں کا جواب ہے۔۔۔۔۔اسنے وہ صندوق سیلین کی طرف بڑھایا تھا۔۔۔۔

جو اسے بغور دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

یہ کس نے دیا ہے تمہیں۔۔۔اب وہ ہاتھ میں اس صندوق کو پکڑ کر آلف سے پوچھ رہی تھی۔۔

آلف نے اسے اب سیلین سے چھین لیا تھا۔۔۔

اب یہ کیا بد تمیزی ہے۔۔۔۔ سیلین کے ماتھے پر بل پڑے تھے۔۔۔۔

اس میں ہر سوال کا جواب ضرور ہے مگر تم اسے ابھی نہیں کھولو گی۔۔۔وعدہ کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسن سنجیدگی سے کہا تھا۔۔

اچھاااا۔۔۔۔۔ سیلین نے کھینچ کر جواب دیا۔۔ورنہ وہ دل میں اسے کھولنے کا سوچ چکی تھی۔۔

وعدہ کرو۔۔۔۔۔ابکی بار آلف نے اسکی آنکھوں کو شاید پڑھ لیا تھا۔۔۔

اف فووووو۔۔ بھئی نہیں کھولونگی۔۔۔۔پرامس۔۔۔اب وہ اس سے وعدہ کر چکی تھی۔۔۔

اور مزید کوئی سوال نہیں۔۔۔میں تمہاری ٹکٹ کروا رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔اسنے اسے وہ صندوق پکڑا کر کہا تھا۔۔۔۔

جس پر سیلین نے گہری سانس لی تھی۔۔۔۔

جہاز ٹیک آف کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔اور ماسکو شہر اب سیلین کو بہت پیچھے چھوڑ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ سیٹ پر بیٹھی ہاتھ میں وہ صندوق پکڑے شدت سے سب کچھ یاد کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اگر وہ جوابات اہم نا ہوتے۔۔۔اور اگر میرے بابا اس سب میں شامل نا ہوتے۔تو شاید میں کبھی تمہاری بات نا مانتی آلف۔

۔۔۔۔۔وہ اب دل ہی دل میں آلف سے مخاطب تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

جاتے جاتے آلف نے اسے پاکستان میں ملنے کا وعدہ کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ بھی جانتی تھی کہ ماسکو سے آلف کا پاکستان آنا کوئی اتنی آسان بات تو نہیں۔۔۔۔مگر پھر بھی وہ اسکے کہنے پر یقین کر چکی تھی۔

اب وہ اس لکڑی کے صندوق کو بغور دیکھ رہی تھی۔۔۔۔کاش وہ اسے ابھی کھول سکتی۔۔۔۔مگر آلف سے کیا وعدہ اسکے اور اس صندوق کے درمیان آرہا تھا۔۔۔۔۔

اب اسے جلدی تھی تو بس اپنے گھر اور اپنے کمرے میں پہنچنے کی۔۔۔۔۔کیونکہ آلف کا وعدہ بس وہیں تک تھا۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ تینوں کاموں سے فارغ ہو کر اب اس آفس کی کچن ایریا کی طرف بڑھ گئے تھے ۔۔۔

جبکہ عاطف کی نظریں اب زیام کو بھی تلاش کر رہی تھیں۔۔۔۔اسکا خیال تھا کہ کیوں نا چاروں ساتھ کھانا کھائیں۔۔۔۔۔۔

ابھی وہ لوگ کچن ایریا کی طرف پہنچے ہی تھے کہ انہیں وہاں زیام نظر آیا تھا۔۔۔۔۔

جو اپنی پلیٹ اور روٹی کو میز پر رکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

میں نے کہا تھا نا عاطف۔۔۔۔یہ احمد کبھی نہیں بن سکتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عادل نے عاطف کی جانب نظر کر کے کہا تھا۔۔۔۔۔مگر آواز وہاں موجود زیام اور علی کے کانوں میں بھی پہنچی تھی۔۔۔۔

زیام کے ہاتھ رک گئے تھے ۔۔۔۔۔اور وہ ان تینوں کو ہی مسکرا کر دیکھ رہا تھا ۔۔۔

ہمیں ساتھ نہیں کھانا چاہیے تھا۔۔۔۔؟۔۔علی نے زیام کی جانب دیکھ کر عادل کی زبان بولی تھی۔۔۔۔

احمد ہمیشہ ہمارے ساتھ کھانا کھاتا تھا۔۔۔۔عاطف نے اسے بتانا ضروری سمجھا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اب ٹیبل کی طرف سے نکلتا ہوا انکی جانب بڑھا تھا۔۔۔

بھائیوں۔۔۔۔ایک دم سے کسی کے بارے میں رائے قائم نہیں کرنی چاہیے۔۔۔ورنہ کبھی شرمندگی سے نظریں جھکانی بھی پڑتی ہیں ۔۔۔۔۔۔زیام نے ایک خوشگوار انداز سے ایک ایک نظر ان تینوں کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

ساتھ ہی ویٹر انکی ٹیبل کی طرف باقی کی تین پلیٹیں اور روٹیاں بھی لے آیا تھا۔۔۔۔جسے زیام نے اس سے لے لیا تھا۔۔۔

جبکہ وہ تینوں اس ویٹر کو ہی دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

اب یہ نا کہنا کہ یہ چار پلیٹیں میں نے صرف خود کے کھانے کے لیے آرڈر کیا تھا۔۔۔

اسنے ان تینوں کی شکلوں کو دیکھ کر ایک اور دفعہ کہنا ضروری سمجھا تھا۔

وہ ایک نظر ایک دوسرے کو دیکھ کر اب کھانے کی میز پر بیٹھ گئے تھے۔۔۔

سامنے پالک کی سبزی رکھی تھی۔۔۔

اب یہ کیسے پتا کہ ہمیں پالک کی سبزی پسند ہے۔۔۔علی نے اس سے سوال کیا تھا۔۔

جو روٹی کا ایک سادھانوالہ اپنے منہ میں ڈال چکا تھا۔۔۔۔۔آستینیں اب بھی کہنیوں تک چڑھی ہوئی تھیں۔۔۔

نہیں اب یہ تو مجھے ویٹر بھائی سے پتا چلا۔۔۔۔انفیکٹ میں نے پوچھا نہیں تھا۔۔بس بتایا تھا کہ مجھے پالک کی سبزی مل سکتی ہے ۔۔۔۔تو اسنے بتایا کہ مل سکتی ہے۔۔تو میں نے سوچا کہ کیوں نا تم سب کے لیے بھی وہی پسند کروں جو اپنے لیے پسند کیا ہے

۔۔۔۔۔۔

اسنے روٹی توڑتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

جبکہ وہ سب بھی کھانا شروع ہو چکے تھے۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تم شادی شدہ ہو۔۔؟۔۔۔یہ سوال عادل کی طرف سے آیا تھا۔۔۔۔۔

جس پر زیام کا ہاتھ اک دم سے رک گیا تھا۔۔۔۔۔۔

ہاں۔۔۔اسنے بمشکل نوالہ اپنے حلق میں اتارتے ہوئے کہا ۔۔۔۔۔۔جبکہ عادل کو یہ بات اس وقت پتا چلی تھی جب اسنے مسئلہ پوچھا تھا ۔۔۔

جبکہ عاطف نے عادل کو آنکھیں دکھائی تھیں۔۔۔

بس بھائیوں۔۔۔۔کسی غریب کے اچانک سے دولت ہاتھ آجائے تو وہ اسکا غلط استعمال کر بیٹھتا ہے ۔۔اور اس دولت کو گنوا دیتا ہے ۔۔۔۔۔۔یہی ہوا ہے میرے ساتھ ۔۔۔زیام خاموش ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔ویسے بھی اب مزید کھانا کھانا اس پر حرام ہو گیا تھا۔۔۔۔

ہم کسی اور وقت بات کرینگے۔۔۔ابھی بہت کام ہے۔۔۔بھائیوں۔۔۔۔علی نے صورتحال کے حساب سے کہا تھا۔۔۔۔

اب سب کھانے میں لگ گ ئے تھے ۔۔۔جبکہ زیام ہاتھ کھینچ چکا تھا۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

مائسہ اس وقت اس کوٹھی سے دور ایک مدرسے میں بیٹھی تھی۔۔۔۔

وہ نقاب اور ابایا پہنی کچھ ہی دیر پہلے زینت سے کہہ کر اس کوٹھی سے باہر نکلی تھی۔۔۔۔اور اب وہ اس مدرسے میں پہنچ چکی تھی۔۔۔

جہاں اسے انتظار کرنے کا کہا گیا تھا۔۔۔۔۔۔وہ یہاں بس ایک ہی خواہش لے کر آئی تھی کہ اسے فضول سوچوں اور بے ربط خیالوں سے بچنا تھا۔۔۔۔ورنہ وہ اس بند کمرے میں پڑے پڑے ذہنی مریضہ بن جاتی۔۔۔۔۔۔

مگر پانچ منٹ میں اسکی دیکھا دیکھی وہاں ایک اور لڑکی آپہنچی تھی۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زلیخا انہیں اندر والے کمرے میں لے آؤ۔۔۔۔۔۔اس مدرسے کے بڑے صحن کے برابر والے کمرے سے ایک ٹیچر نے نکل کر اس لڑکی سے کہا تھا۔۔۔

جس پر وہ پلٹی تھی۔۔۔۔مائسہ نے اسے دیکھ کر مسکرا دیا تھا۔۔۔۔

آپ۔۔؟۔۔اسنے سوالیہ نظروں سے دیکھ کر پوچھا۔۔۔

جی میں مائسہ۔۔۔مائسہ نے مختصر سا نام بتایا تھا۔۔

چلیں آپ بھی اندر پہنچ جائیں۔۔۔۔۔زلیخا نے اسے اندر کی جانب جانے کا کہا تھا۔۔۔

مائسہ اپنا ابایا اٹھا کر اس کمرے کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اسنے اپنی گہری آنکھوں سے اس کمرے کے چاروں اطراف کو دیکھا تھا وہ کمرہ کافی بڑا تھا۔۔۔۔اور بہت وسیع رقبے پر پھیلا تھا۔۔۔۔

وہاں چند اور لڑکیاں موجود تھیں۔۔۔مائسہ بھی انکے ساتھ بیٹھ چکی تھی۔۔

آپ سب کو مبارک کو۔۔دین کو آگے بڑھانا اور اسے پھیلانے کے اس عظیم کام میں آپ سب شامل ہونا چاہتی ہیں۔۔جو ایک اچھی بات ہے۔۔۔۔

یہ کچھ پیپر ہیں اور کچھ سوالات ہیں۔۔۔ان کا جواب لکھ کر جمع کروائیں۔۔اور کچھ دیر بعد ہی آپ کو آپ کا جواب مل جائے گا۔۔۔کہ آپ پاس ہیں یا فیل ۔۔جو فیل ہو جائیں وہ اگلے سال کوشش کریے گا۔۔۔۔۔مگر جو پاس ہو جائیں گی۔۔وہ صرف تین ہو نگی۔۔۔۔۔انہیں یہاں اس مدرسے کے انتظامیہ میں شامل کر لیا جائے گا۔۔۔۔

وہ ایک ابائے میں کھڑی خاتون تھیں جو انہیں سب کچھ بتا رہی تھیں ۔۔۔۔۔

اب وہاں مائسہ سمیت سب پیپر دینے کے لیے بیٹھے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ یہاں اسے پیپر دینا پڑے گا ۔۔۔لیکن یہ دیکھ کر اسے اچھا لگا تھا کہ کم سے کم دین کے معاملات میں یہ احتیاط بہت ضروری ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

آپ کو بتایا جارہا ہے۔۔۔۔ آج کے حیرت انگیز واقعہ کے بارے میں۔۔۔جی ہاں یہ پاکستان کے ایک نوجوان کے بارے میں ہے جس نے ہمارا نام روشن کیا ہے۔۔۔۔۔

ماسکو میں رپائش پزیر یہ نوجوان جن سے ہمارا رابطہ ابھی ممکن نہیں ہو پایا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ آیے آپ کو بتاتے ہیں کہ کس طرح سے اس نوجوان نے سب کی داد وصول کی ہے۔۔۔

دنیا کے جانے مانے قاری۔۔۔۔ قاری فیضان احمد کے یہ بیٹے آلف فیضان۔۔جو نوجوانی میں ہی ایک خوبصورت آواز کے حامل ہیں۔۔۔۔۔۔انہوں نے اپنے والد فیضان احمد کے پیج پر چند دن پہلے اپنی آواز میں قرأت رکارڈ کر کے اپلوڈ کی۔۔۔۔

اور ناظرین وہی ہوا جو کسی وقت انکے والد فیضان احمد کے ساتھ ہوا تھا۔۔۔۔۔۔سات دن یہ ویڈیو سب سے زیادہ دیکھی جانے والی ویڈیو میں شامل ہوئی۔۔۔۔۔۔

اور اس کی مزید حیرت انگیز بات یہ ہوئی کہ جتنے ویوز اس وڈیو پر آئے اتنے ہی لائکس اور کمنٹس بھی لوگوں نے کیے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اب بھی اس وڈیو کے لائکس دن بدن بڑھ رہے ہیں ۔۔۔۔۔۔

اس بات کے بھی چانسز کافی نظر آرہے ہیں کہ گلوبل ریسرچ کی طرف سے ان کی آواز کو دنیا کی بہترین آوازوں میں شامل کر لیا جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔اگر ایسا ہو گیا تو پاکستان بھی ان ممالک میں شامل ہو جائے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مزید جاننے کے لیے ہمارے ساتھ جڑے رہیں ۔۔۔۔

کچھ اسی طرح کی نیوز پاکستان کے بہت سے نیوز چینلز پر دکھائی جارہی تھیں۔۔۔۔ساتھ میں آلف کی تصویر بھی دکھائی جارہی تھی۔۔۔۔مگر وہ ابھی کی نہیں تھی۔۔۔آلف کی وہ تصویر دکھائی جارہی تھی۔۔۔جس میں وہ تقریباً گیارہ سال کا تھا۔۔۔اور اپنے بابا ساتھ انکے کراچی میں ہونے والے ایک شو میں لی گئی تھی۔۔۔۔

یہ کون ہے۔۔۔؟۔۔زیام نے اپنے کیبن میں لگی بڑی سی اسکرین پر چلتی نیوز کو بغور سن کر عاطف سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہاں ان چاروں کو ایک بہت اہم کام کے سلسلے میں اکھٹا کیا گیا تھا۔۔۔۔

یہ۔۔تم اس کے بارے میں نہیں جانتے۔۔۔۔۔۔۔۔عاطف نے حیرانی سے پوچھا تھا۔۔۔

جانتے ہوئے بھی فضول میں انجان بن کر آپ سے پوچھنے کا مجھے کوئی شوق نہیں۔۔۔۔زیام نے اسکے سوال پر تھوڑا چڑ کر جواب دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔اسے ہمیشہ سے وہ چیزیں بری لگتی تھی جن کے بارے میں مزید سوالات پوچھیں جائیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف فیضان قاری فیضان احمد کا اکلوتے بیٹے ہیں یہ۔۔۔۔۔۔اور لوگ تو قاری فیضان کی آواز کے پیچھے پاگل تھے۔۔۔۔اور اب انہیں اس سے بھی خوبصورت آواز مل گئی ہے۔۔۔۔۔۔۔

اوتو یہ گانے گاتا ہے۔۔۔؟۔۔۔زیام نے اپنا اندازہ لگا کر اس سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔

زیام۔۔۔تمہیں کیا لگتا ہے قاری کسے کہتے ہیں۔۔۔۔۔۔؟۔۔عاطف نے اپنی ہنسی کو روک کر اس سے مزید سوال کیا تھا۔۔۔۔۔۔

جس پر زیام نے نیوز میں چلتی ہیڈ لائینز سے فوراً قرأت کا لفظ دیکھا تھا۔۔۔۔جس سے اسے اتنا سمجھ آگیا تھا کہ یہ قرآن شریف کے پڑھنے والے کو قاری کہتے ہیں

اچھا بس۔۔زیادہ سوال مت کرو۔۔کام کرو بھائی۔۔۔۔زیام اب سر جھٹک کر اپنے کام میں لگ گیا تھا۔۔۔۔۔۔مگر ساتھ ہی اس نے قرأت کے بارے میں جاننے اور اسے سننے کا فیصلہ بھی کیا تھا۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

آلف کا فون بج بج کر پاگل ہو رہا تھا۔۔۔۔اس نے سیلین کو وہاں سے بھیج دیا تھا۔۔۔مگر اب اسکے لیے سیلین سے زیادہ کڑا امتحان سامنے کھڑا تھا۔۔۔۔

نیوز اینکرز اور جتنے میڈیا والے اسے جانتے تھے یا انہیں کہیں سے آلف کا نمبر مل گیا تھا وہ اب اسکے پیچھے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ اسے اپنے شو پر بلانا چاہتے تھے۔۔اور کچھ اسکی آواز کی باقائدہ ایک آڈیو بنوانا چاہتے تھے۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جبکہ آلف فل وقت ایسا کچھ بھی نہیں چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ جس مشن پر تھا۔۔وہاں سے اسے اس سب کے لیے فرصت نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھی وہ اپنی گاڑی میں سیلین اور اس ہر ہوئے حملے کے بارے میں بیٹھا غور کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔گھر جانے کا اس نے اس لیے نہیں سوچا تھا کہ وہاں نائلہ نے اس سے میڈیا کے حوالے سے بات کرنی تھی ۔۔۔۔جو وہ کرنا نہیں چاہتا تھا۔۔۔۔

ابھی وہ وہاں بیٹھا اس منظر کو یاد کر کے کچھ اہم معلومات کے بارے میں سوچ ہی رہا تھا۔۔کہ ایک روسی بچہ اسکی گاڑی کے پاس آیا تھا۔۔۔

اور اس نے ہاتھ سے گاڑی کا شیشہ نیچے کرنے کا کہا۔۔

جس پر آلف نے وہ شیشہ نیچے کر دیا تھا۔۔۔۔۔۔

اب جو فون آئے وہ اٹھا لینا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔روسی زبان میں اتنا کہہ کر وہ بچہ وہاں سے روانہ ہو گیا تھا ۔۔۔۔۔

اتنی دیر میں آلف گاڑی سے نکل کر اسکا پیچھا کرتا وہ کافی دور نکل گیا تھا۔۔۔۔۔

آلف نے اپنا فون آن کیا تھا۔۔۔جو اس نے صبح سے آف کیا ہوا تھا۔۔۔۔۔

فون آن ہوتے ہی ایک ان نون نمبر سے اسے کال آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جس سے اسکے ماتھے پر بل پڑ گئے تھے۔۔۔وہ اچھی طرح جان سکتا تھا کہ یہ کال کس کی ہو سکتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک گہری سانس لے کر اس نے فون اٹھا لیا تھا۔۔۔۔۔

ہم نے سیدھی طرح سے تم سے بات کرنے کی بہت کوشش کی آلف۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہیں اتنے آرام سے اپنے پاس بلانے کے لیے لوگوں کو بھی بھیجا۔۔۔۔۔ مگر فیضان احمد کا خون جو ہے تمہارے اندر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پہیلیاں مت بجھاؤ۔۔۔۔۔۔۔کیا کہنا چاہتے ہو۔۔۔۔آلف نے کرخت لہجے میں کہا۔۔۔۔

۔اس کو کسی شدید خطرے کی گھنٹی بجتی محسوس ہوئی تھی۔۔۔۔

دماغ میں پہلا خیال نائلہ اور نورے کا آیا تھا۔۔۔۔جو اس وقت گھر میں تھیں۔۔۔۔۔اور آلف انہیں باہر نکلنے سے بھی سختی سے منع کر کے آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

مقابل خاموش تھا۔۔۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔آلف نے خاموشی پا کر دوبارہ کہا تھا۔۔۔۔۔

آلف بھائی۔۔۔۔۔۔مقابل سے جو آواز اسنے سنی تھی اس سے اسے شدید جھٹکا لگا تھا۔۔۔۔

وہ عریش تھا۔۔۔۔۔۔جو اسے پکار رہا تھا۔۔۔۔۔

ہمیں تمہاری ڈیٹیلز سے تمہارے مدرسے کا پتا چلا تو سوچا کہ وہاں کا چکر لگا لیا جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر تمہارے اس رویے کا پتا چلا ۔۔۔کہ تم نے ہمارے چھ آدمی مار ڈالے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔تو بہت برا لگا ۔۔۔۔۔نا چاہتے ہوئے بھی اسے یہاں لانا پڑا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکا اشارہ عریش کی جانب تھا۔۔

جبکہ آلف اس وقت خاموش ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔دماغ کئی سوچوں میں گھرا ہونے کی وجہ سے کام نہیں کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

ویسے یہ طریقہ بہت پرانا ہے۔۔۔مگر تمہارے لیے اسے کرنا ہی پڑا۔۔۔۔۔۔ویسے تو تم نے آنا نہیں تھا۔۔۔۔۔

مقابل نے مزید کہا۔۔۔

کہاں آنا ہے۔۔۔۔۔آلف نے انتہائی ضبط سے کہا تھا۔۔۔۔

بوسکو زینِٹ فوریسٹ تک پہنچو۔۔۔وہاں سے آگے تمہیں ہم لائیں گے۔۔۔۔۔۔اور اپنے ماموں کو اس سب میں شامل نا کرنا ۔۔۔۔ورنہ کچھ بھی کہے بغیر عریش کو مار دیا جائے گا ۔۔۔۔۔۔۔ مقابل نے بتا کر فون کاٹ دیا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور آلف کا دماغ انتہائی تیزی سے کام کر رہا تھا۔۔۔۔۔وہ کسی کو نہیں بتا سکتا تھا۔۔۔۔۔خاص طور پر فراس کو۔۔۔۔۔

آخر اس نے خود سے وہاں جانے کا فیصلہ کیا تھا۔۔۔۔اب وہ میپ نکال کر جنگل کے راستے کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

اسرائیل میں پچھلے چھ ہفتوں میں چھ قادیانی مسجدیں قائم ہوئی ہیں۔۔۔۔۔

اب یہاں سوچنے کی بات یہ ہے۔۔۔۔کہ اسرائیل میں زیادہ تر یہودی بستے ہیں۔۔۔۔۔۔تو وہاں قادیانی مسجدوں کا کیا کام۔۔۔۔۔۔۔۔؟۔۔۔آپ میں سے کوئی اسکی وجہ بتا سکتا ہے۔۔۔۔۔۔۔

یہ انکی آج کی دوسری میٹنگ تھی۔۔۔اور شیخ غفران ان چاروں سے پوچھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

شیخ آپ بہتر جانتے ہیں۔۔۔۔۔۔زیام کو بہت سوچنے کے بعد جب اسکی وجہ سمجھ نا آئی تو اس نے شیخ کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔

اسکا صاف مطلب یہ ہے یہ گھٹ جوڑ اب قادیانی اور یہودیوں کے بیچ بھی ہو گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔یہودی سازشوں میں قادیانیوں کا اب آدھا حصہ لازمی شامل ہو گا۔۔۔۔۔۔۔

انکے کہنے پر ان چاروں نے سمجھنے والے انداز میں گردن ہلائی تھی۔۔۔۔۔

خلافتِ عثمانیہ میں جب مسلمانوں کی تعداد اور طاقت کا خوف ہر غیر مسلم کے اندر بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔جب وہ لوگ اس طاقت سے بے انتہا خوف زدہ رہنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تو ان پر نیندیں بھی حرام ہو گئی تھیں۔۔۔۔

انکی طاقت مسلمانوں کے سامنے کی چوہے کی سی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ مسلمانوں کا عروج جنگل کے شیر کی طرح تھا۔۔۔۔

وہ خوف آج بھی ان غیر مسلموں کے دلوں میں زندہ ہے۔۔۔۔اور یہی خوف ہے جو انہیں جگائے رکھتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔اپنی طاقت کے کھو جانے کا خوف ۔۔۔۔۔۔۔۔مسلمان آج تک انکی سازشوں کے خنجر کو اپنے سینے میں لیے زندہ ہیں

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔۔۔۔۔۔ہر مسلمان جو بھی تاریخ سے واقف ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔وہ انکے اس خنجر کے درد کو اپنے سینے میں ضرور محسوس کرتا ہے جس خنجر سے خلافتِ عثمانیہ کا خاتمہ ہوا۔۔۔۔۔

شیخ غفران بتا رہے تھے۔۔اور وہ چاروں بغور سن رہے تھے۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ ایک بند کمرہ تھا۔۔۔جہاں دو سے تین آدمی جمع تھے۔۔۔۔۔۔۔جبکہ ان میں سے ایک انکا بڑا تھا۔۔۔

وہاں ایک بچہ کرسی سے بندھا تھا۔۔جب کہ وہ تینوں وہاں چوکس کھڑے تھے۔۔۔۔

کچھ دیر بعد وہاں ایک ہٹا کٹا چوڑی جسامت کا آدمی اندر داخل ہوا۔۔۔

وہ آرہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے ایک فاتحانہ انداز سے بتایا تھا۔۔۔۔۔۔

کاملین کی نظر وہاں رسیوں سے بندھے اس پندرہ سال کے بچے پر گئی تھی۔۔۔۔۔

تم آلف بھائی کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ پورے اعتماد اور نڈر انداز میں کاملین کی طرف دیکھ کر بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

جس پر وہاں موجود تمام افراد ہنس دیے تھے۔۔۔۔۔

اچھا۔۔ابھی دیکھنا میں تمہارے آلف بھائی کے ساتھ کیا کرتا ہوں۔۔۔

اگر وہ میری بات مان لیں تو وہ میرے دوست۔۔اور اگر نا مانے تو وہ میری حکم عدولی کی سزا ضرور بھگتیں گے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔کاملین نے اسکا منہ دبوچ کر انتہائی غصے سے اسے گھورتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

جس پر عریش نے آنکھیں بند کر لی تھیں۔۔۔۔مگر وہ خود کو خوف میں مبتلہ نہیں ہونے دینا چاہتا تھا۔۔۔

آلف بھائی یہاں نہیں آئیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔اب اسنے خود سے ایک نئی امید باندھی تھی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ کیوں نہیں آئیں گے۔۔بچے۔۔۔تم جو یہاں ہو۔۔۔۔ایسے ہی تھوڑی ہم تمہیں یہاں لائے ہیں ۔۔۔۔۔کاملین اب اسکی باتوں کو انجوائے کرتا ہوا اسکا منہ چھوڑ کر پیار بھرے لہجے میں بولا تھا۔۔۔۔

اللہ انکے ساتھ ہے۔۔۔تم سب جہنم میں جاؤ گے۔۔۔۔۔۔

تھو۔۔۔عریش نے چپ نا ہونے کی قسم کھائی ہوئی تھی۔۔۔۔وہ ہر طرح سے انکے سامنے ڈٹا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکے تھوک پھینکنے پر کاملین انتہائی غصے سے اسکی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔

اور اپنا موٹا چوڑا ہاتھ زور سے عریش کے منہ پر دے مارا تھا۔۔۔۔۔جس سے اسکی گردن کھٹکے سے دوسری طرف کو ہوئی تھی

۔۔۔۔۔۔

۔۔

ہونٹ سے خون رسنا شروع ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور گال سرخ پڑ گیا تھا۔۔۔۔عریش نے اپنی آنکھیں مینچ لی تھیں۔۔۔۔

ابھی اس سے پہلے کہ وہ مزید کچھ کرتا۔۔۔۔اسکا فون بجا تھا۔۔۔

۔کاملین نے فوم اٹھایا تھا۔۔۔۔پھر رکھ کر اس نے وہاں کھڑے دو آدمیوں کو اشارہ دیا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں اسکا اشارہ سمجھ کر باہر کی جانب بڑھ گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔

لو۔۔۔آ گئے تمہارے آلف بھائی ۔۔۔۔تمہیں بچانے۔۔یا شاید خود پھسنے۔۔۔۔۔۔۔کاملین نے ایک شاطر مسکراہٹ کے ساتھ آنکھیں مینچے ہوئے عریش کو ایک نظر دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

نہیں۔۔۔۔آلف بھائی واپس چلے جائیں۔۔۔۔۔۔واپس چلے جائیں۔۔۔۔۔۔۔۔عریش زور سے چیخا تھا۔۔۔۔۔اسے اپنی جان سے زیادہ خوف شاید آلف کی جان کا تھا۔۔۔۔۔۔

یہ جانے بنا کے آلف اسے نہیں سن سکتا وہ چیخ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جبکہ کاملین نے اسکے اس طرح چیخنے پر اپنی گن زور سے اسکے سر پر دے ماری تھی۔۔۔۔۔

اسے اس بات کا یقین تھا کہ وہ مرے گا نہیں۔۔۔کیونکہ ڈیلسن کی طرف سے اس بات کی ہدایت نہیں دی گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر اس گن کی وجہ سے عریش آہستہ آہستہ بے ہوش ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جلدی آؤ۔۔۔آلف تمہارا ہی انتظار ہے۔۔۔۔۔

وہ شدید تیزی کے ساتھ اس جنگل تک پہنچ گیا تھا۔۔۔۔جہاں اسے بلایا گیا تھا۔۔۔۔۔

اب وہ اس جنگل کے ٹھیک سائن بورڈ کے پاس اپنی گاڑی روک چکا تھا۔۔۔۔۔

گاڑی سے اتر کر اسنے چاروں طرف نظر دوڑائی تھی۔۔۔۔وہاں آس پاس کوئی بھی آدم زات موجود نہیں تھی۔۔۔۔

چاروں طرف جنگل اور جنگلی پیڑ تھے۔۔۔

ہاتھ جیب کی طرف بڑھا تھا۔۔۔آلف نے جیب سے فون نکال کر اس نمبر کو ملانا چاہا تھا۔۔۔۔

مگر سامنے سے فون خود آ گیا تھا۔۔۔۔

پہنچ گ ئے ۔۔؟۔۔۔انتہائی بھاری آواز سنائی دی گئ ۔۔۔۔

کہاں آنا ہے۔۔۔۔۔۔آلف نے انتہائی سنجیدگی سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔وہ وقت ضایع نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔

تمہارے ٹھیک سامنے سے دو آدمی چلتے ہوئے آئیں گے ۔۔۔۔انکی ہاتھ میں جو کالی پٹی ہو۔۔۔وہ باندھ کر انکے ساتھ اس طرف آ جانا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور کوئی ہوشیاری نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔مقابل سے سب کچھ بتا کر فون رکھ دیا گیا تھا۔۔۔۔

ابھی آلف نے فون رکھ کر نظریں سامنے کی ہی تھیں کہ سامنے سے دو آدمی چلتے ہوئے اسی کی طرف آ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

انکے چہروں ہر روایتی طور پر کوئی ماسک نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔ آلف انہیں با آسانی دیکھ سکتا تھا۔۔۔۔۔۔وہ روسی تھے۔۔۔

وہ دونوں چل کر ٹھیک اسکے سامنے آکر رکے تھے۔۔۔۔۔۔

don't move .....

ان میں سے ایک نے اسے ہلنے سے منع کیا تھا۔۔۔۔

اور دوسرا اب اسکی مکمل تلاشی لے رہا تھا۔۔۔۔۔۔انہیں آلف کے پاس سے والٹ اور فون کے علاوہ اور کچھ نہیں ملا۔۔۔

جبکہ آلف انکے چہرے اور ایک ایک موو کو بے حد غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اب ان میں سے ایک نے اپنے ہاتھ میں پکڑا کالا پٹہ آلف کی آنکھوں پر باندھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اس کپڑے کے موٹا ہونے کی وجہ سے آلف کو دن کی روشنی بھی نظر نہیں آرہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اور دوسرے نے اسکے ہاتھوں کو پیچھے کر کے ہتھکڑی لگائی تھی۔۔۔۔۔۔۔اس سب کے دوران آلف کسی خاموش شیر کی طرح بلکل چپ اور بغیر ہلے وہیں کھڑا تھا۔۔۔

اور اب وہ اسے لے کر آگے بڑھ گئے تھے۔۔۔۔۔ آلف کے دونوں ہاتھ پیچھے کی طرف تھے۔۔۔ جبکہ وہ اسے بازوؤں سے پکڑے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔

چند منٹ آلف انکے ساتھ یونہی چلتا رہا۔۔۔۔۔۔پھر کچھ دیر بعد اسے کوئی دروازہ کھولنے کی آواز آئی تھی۔۔۔

اسے اندازہ ہو گیا تھا کہ اب وہ انکی مطلوبہ جگہ پہنچ گیا ہے۔۔۔۔۔۔

اب وہ اسے لے کر اندر کی جانب بڑھے تھے۔۔۔۔

ارے ہمارے مہمان کو اس طرح مت لے کر آؤ۔۔۔۔ عزت کرو۔۔ قاری صاحب کے بیٹے ہیں یہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔کاملیں اندرونِ کمرے سے باہر آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسنے اپنے آدمیوں کے ساتھ آلف کو اندر آتا دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تم۔۔؟۔۔۔۔۔۔زیام نے اب اسکے چہرے کو اپنی جانب دیکھتا ہوا پایا تھا۔۔۔۔۔

اسکی نظر اسکے بائیں آنکھ کے تل کی جانب اٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔آنکھیں حیرت سے کھلی ہوئی تھیں۔۔۔ذہن میں ایک ہی سوال تھا۔۔۔۔۔

وہ یہاں کیسے آسکتی ہے۔۔۔؟۔۔۔وہ میرے سامنے کیسے ہو سکتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔

وہ مارے حیرت کے الفاظ کھو بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔یا شاید وہ کچھ کہنے کے لیے تلاش ہی کر تا رہ گیا تھا۔۔۔

وہ اس وقت اسکی ایک مٹھی سیاہ داڑھی کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔جو اسکی گندمی رنگت پر کسی تل کی طرح چمکتی تھی۔۔۔۔۔

زیام کو اسکی آنکھوں میں ایک خوشی نظر آئی تھی۔۔۔۔۔پھر جو اسنے اسکی آنکھوں میں پڑا تھا۔۔۔وہی مائسہ کی زبان سے ادا ہو رہا تھا۔۔۔۔

داڑھی بہت اچھی لگ رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔اسکے ہونٹوں سے یہ جملہ ادا ہونا تھا۔۔۔اور زیام کے کانوں میں اس مٹھاس کا پڑنا ہی تھا ۔۔۔۔۔۔۔

۔کہ اس نے ایک گہری سانس لے کر اپنی آنکھیں کھول دی تھی۔۔۔۔۔وہ ایک گہری نیند سے جاگا تھا۔۔۔

منظر بکھر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے بستر پر تھا۔۔۔۔

نظر چھت پر پنکھے کی جانب اٹھی تھی۔۔۔۔۔۔ماتھا پسینے سے تر تھا۔۔۔۔۔۔

خواب کا خیال آتے ہی وہ کِھل اٹھا تھا۔

مائسہ۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے مسکراتے ہوئے ایک تمنا سے کہا تھا ۔۔۔۔۔

یا اللہ ایسے حسین خواب روز دِکھا مجھے۔۔۔۔۔اسکے منہ سے بلا ساختہ خوشی کے مارے نکلا تھا۔۔۔دونوں ہاتھ لیٹے لیٹے اسنے منہ پر پھیر لیے تھے۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

داڑھی بہت اچھی لگ رہی ہے۔۔۔۔۔۔اسنے اپنی زبان سے کچھ دیر پہلے والا جملہ دہرایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

پھر وہ پھرتی سے اٹھنے والے انداز میں شیشے کے پاس آکر کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔

۔۔

خود کو اتنی غور سے شیشے میں وہ پہلی بار ہی دیکھ رہا تھا شاید وہ اپنی آنکھوں میں کچھ دیر پہلے والے مائسہ کے عکس کو تلاش رہا تھا۔۔۔

یا پھر شاید وہ مائسہ کی نظر سے خود کو دیکھنا چاہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔جو بھی تھا اسے وہ جملہ بار بار دہرانے کا دل چاہ رہا تھا۔۔۔جو مائسہ اسے خواب میں کہہ کر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اسنے دونوں ہاتھوں سے اپنی داڑھی کر پکڑ کر دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔پھر اسکی آنکھوں کے سامنے خواب والا وہ گندمی چہرہ آیا تھا۔۔۔۔

اگر میرے بس میں ہوتا میں ساری زندگی اس خواب میں گزار دیتا جس میں تم میرے سامنے تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسنے خمار بھرے لہجے میں کھلتی بانچھوں کے ساتھ ہوا میں ایک جملہ ادا کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

شاید وہ اسی طرح ان خیالوں میں کھویا رہتا اگر الارم اسکے خمار کو نا توڑتا۔۔۔

الارم بجتے ہی اسے فجر کی نماز کا خیال آیا تھا۔۔۔۔۔۔کھڑے کھڑے اسنے دل کش خیالوں کو جھٹک دیا تھا۔۔۔۔۔۔

پوری مسجد اور اسکے آس پاس کے علاقے میں امام صاحب کی اذان کی آواز گونجی تھی۔۔۔۔۔

آج اسکا شدت کے ساتھ نماز ادا کرنے کا دل کیا تھا۔۔۔رات کو جو اسکا دماغ ہزار سوچوں اور پریشانیوں سے شل تھا وہ اب پر سکون تھا۔۔۔۔۔اور اسکا دل بے حد خوش تھا۔۔۔۔۔۔۔یہ پہلا خواب تھا جس میں مائسہ آئی تھی۔۔اور نا صرف وہ آئی تھی۔۔۔بلکہ وہ اس سے بات کر کے گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور بات بھی کیا تھی۔۔۔۔۔۔زیام کے حلیے پر تبصرہ

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور کیا خوب تبصرہ تھا۔۔۔۔زیام کا ہاتھ بار بار اپنی داڑھی کو چھو رہا تھا۔۔۔۔اس نے محسوس کیا تھا کہ وہ اتنا خوش مزاج شاید ہی اپنی پوری زندگی میں کبھی ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھی طرح وضو بنا کر وہ اب کمرے سے باہر آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔جہاں لوگ امام صاحب کے پیچھے جمع تھے۔۔۔۔۔۔مگر اسکی صف سب سے آگے والی تھی۔۔۔۔۔

یہ شرف بھی اسے کچھ دن پہلے ہی نصیب ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اسے اور عادل کو امام صاحب نے اپنے پیچھے چھوٹے اماموں کی طرح کھڑا ہونے کا حکم دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

امام صاحب نے نماز کا آغاز کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور وہ اس وقت سفید کرتے میں سر پر ٹوپی لگائے انکے پیچھے ہاتھ باندھے کھڑا تھا۔۔۔۔۔

تکبیرِ تحریمہ کی آواز نے اسکے کانوں میں سرگوشی کی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اللہ اکبر۔۔۔۔۔آواز سے ادا کیا گیا تھا۔۔۔

اسکے ہاتھ بھی باقیوں کی طرح کانوں کو چھو کر واپس پیٹ پر بندھ گئے تھے۔۔۔۔۔

بے شک اللہ ہی تو سب سے بڑا ہے۔۔۔۔اسی نے تو اسے اس صراطِ مستقیم پر چلا دیا۔۔۔۔۔

بسمہ اللہ شریف پڑھنے کے بعد وہ سورہِ فاتحہ کو پڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور اب وہ اسکا ترجمہ بھی ذہن میں لا رہا تھا۔۔۔۔جو کہ اسے اب یاد ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔

(۱) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہان والوں کا پالنے والا ہے۔

اس آیت کا اسکے منہ سے نکلنا ہی تھا اسے ایک حدیث کا مفہوم یاد آیا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

حضور اقدس صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا"جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے پر کوئی نعمت نازل فرماتا ہے اور وہ (نعمت ملنے کہتا ہے تو یہ حمد اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس دی گئی نعمت سے زیادہ افضل ہے۔"اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ" پر)

(۳۸۰۵: ابن ماجہ، کتاب الادب، باب فضل الحامدین، ۴ / ۲۵۰، الحدیث)

اسے ایک طرح سے مائسہ کی شکل میں ایک نعمت ہی تو حاصل ہوئی تھی۔۔۔۔اور آج خواب میں اسی نعمت کی تو ایک خوبصورت سی جھلک دکھائی گئی تھی اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(۱)الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ

ترجمہ۔:بہت مہربان رحمت والا

زیام کو خیال آیا تھا کہ بے شک وہ بلا جھجک یہ کہ سکتا ہے کہ اس دنیا میں سب سے زیادہ رحم اللہ نے اسکے ساتھ کیا تھا۔۔۔جبکہ ساری زندگی گناہوں میں گزانے پر وہ تو اس رحم کا مستحق بھی نہیں تھا۔۔۔۔وہ تو عزاب کا مستحق تھا۔۔۔۔۔۔مگر اس پر رحم کیا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے ہدایت کے لیے نا صرف راستہ دکھایا گیا بلکہ اس پر چلانے والے ایک رہنما کو بھی عطا گو دیا گیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(۲)مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ(۳)اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ

ترجمہ: جزا کے دن کا مالک۔۔ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

جو لوگ مدد چاہتے ہیں انہیں مدد عطا کر دی جاتی ہے۔۔۔مگر یہاں تو اسے بن مانگے عطا کیا گیا تھا۔۔۔ورنہ وہ اپنے گناہوں کے راستے پر مگن تھا۔۔۔۔۔یہاں اسے خیال آیا تھا کہ وہ تو گناہوں بھری زندگی میں بھی کئی گناہوں سے بچا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔

جیسے اسنے حیدر کے لاکھ کہنے کے باجود کبھی شراب اور نشے کو ہاتھ نہیں لگایا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ کبھی کسی لڑکی کے آس پاس بھی نہیں بھٹکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ کلب کی لڑکیوں کے لیے جسم فراہم کرنا ایک عام بات ہوتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسکے پاس پیسوں کی کمی نہیں تھی۔۔۔۔

پھر کیا تھا جس نے اسے ان تمام گناہوں سے بچالیا تھا۔۔۔کوئی کہہ سکتا ہے کہ کیچڑ میں گرنے کے باجود بھی کوئی بندہ ناپاک نا ہو ۔۔۔۔۔؟۔۔۔۔۔۔۔یا شیطان کے واروں میں سے اسکے بڑے بڑے وار کسی پر ناکام چلے جائیں۔۔۔۔۔

یہ کیسی پروٹیکشن شیلڈ تھی۔۔۔جس نے اسے اس طرح کے کبیرہ گناہوں سے اپنے آپ بچالیا تھا۔۔۔۔۔۔اور اب تو وہ مزید خود کو تراش رہا تھا۔۔۔۔۔۔مزید دل پہ لگی کالک کو دھوتا جارہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسی طرح اسکی فجر کی دو فرض رکعت ختم ہوگئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر وہ سلام پھیرتا ہوا اپنے آپ سجدے میں جا گرا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکا سر ماتھا اور ناک اسکی جاء نماز پر جا ٹکی تھی۔۔۔۔۔۔لب خاموش تھے۔۔۔۔۔۔۔۔آنکھیں اپنے آپ بھیگ گئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

کہتے ہیں زندگی میں ایک لمحہ ایسا ضرور آتا ہے جب بندہ اپنے تمام گناہوں کی گٹھری کو سامنے رکھ کر اس کل کائنات کے بادشاہ کے سامنے سر ٹکا دیتا ہے۔۔۔۔۔۔

اس حالت میں کچھ دل کے آنسو روتے ہیں۔۔۔۔انکے لب خاموش ہوتے ہیں۔۔۔اور دل میں ندامت کا دریا موجے کھا رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔

اور کچھ راز و قطار رو جاتے ہیں۔۔۔انکے دل کی ندامت انکی آنکھوں سے بہہ نکلتی ہے۔۔۔۔۔ہونٹ لرز جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔وہ سجدے کی جگہ پر اپنی ناک کو رگڑ دیتے ہیں۔۔۔وہ ناک جسے انا کا مہور کہا جاتا ہے وہ اس ناک کو رگڑ دیتے ہیں ۔۔۔۔۔گویا وہ اپنی انا کو رگڑ دیتے ہیں۔۔۔۔۔اپنی زات کی نفی کر دیتے ہیں۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام کی حالت ان دونوں کے درمیان تھی۔۔۔۔۔۔اسکے ہونٹ لرزگ ئے تھے ۔۔۔۔مگر آنکھوں سے آنسو کا وہ دریا جاری نہیں ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔دل بے ربط دھڑک رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسے اپنی ناک سے نکلتی بے ربط سانسیں سنائی دے رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

اسکی انا کا مہور اسکی ناک زمین سے ٹکی تھی۔۔۔۔اور وہ اس پر زور دے رہا تھا۔۔۔۔۔

اسکی ایک مٹھی داڑھی بھی زمین سے جا لگی تھی۔۔۔۔۔یہ داڑھی وہ ہوتی ہے جسے ہاتھ میں لے کر عزت کی گواہی دی جاتی ہے ۔۔۔۔۔

آج اسکی انا اور عزت سب اس رب کے آگے کھلی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

جو رب کے آگے جھک جاتے ہیں۔۔رب انہیں پھر کسی کے سامنے جھکنے نہیں دیتا۔۔۔۔۔۔۔

اسکے آس پاس کے سب لوگ سنتوں کی ادائیگی کے لیے اٹھ چکے تھے۔۔۔۔۔۔ویسے تو تعداد کم تھی۔۔۔مگر ہر کوئی اپنے آگے اس سجدے میں گرے نوجوان کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

عادل نے بھی ایک نظر زیام پر ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔

مگر وہ خاموش تھا۔۔۔۔۔۔بلکل خاموش۔۔۔۔۔۔عادل نے چاہ کر بھی اسے نہیں اٹھایا تھا۔۔۔۔

وقت گزرنے لگا تھا۔۔۔۔لوگ سنت ادا کر کے وہاں سے جا رہے تھے۔۔۔۔اور کچھ جا چکے تھے۔۔۔۔۔

۔

امام شیخ بھی سنت ادا کر چکے تھے۔۔۔

عادل نے اک نظر زیام پر ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔وہ ابھی بھی اسی طرح سجدے میں تھا۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

شیخ۔۔۔اسنے شیخ کو مخاطب کیا تھا۔۔۔۔۔

ششش۔۔۔۔خاموش رہو۔۔۔۔رب بندے کا ہے بندہ رب کا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔تم کون ہو جو اس قربت کو توڑنا چاہتے ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جاؤ۔۔۔۔۔شیخ نے ہلکی آواز میں عادل سے سنجدگی سے کہا تھا۔۔۔۔۔

جس پر وہ خاموشی سے وہاں سے چلا گیا تھا۔۔۔

وقت گزرنے لگا تھا۔۔۔۔۔شیخ نے ایک نظر باہر کے صحن کی طرف آسمان پر ڈالی تھی۔۔۔۔

سفیدی پھیلنے کا وقت شروع ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔

زیام کو ایک ہاتھ اپنے سر پر محسوس ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اس نے آنکھیں کھول دی تھیں۔۔۔۔

آنکھیں کھولنے پر وہ سر اٹھا کر سیدھا بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔

دھندلا دھندلا اسے شیخ کا چہرہ نظر آیا تھا۔۔۔جو سفید چادر اوڑھے اسکے اسکے سامنے بیٹھے تھے۔۔۔

معاف کرنا۔۔اگر تمہاری سنت قضا ہو جانے کا خوف نا ہوتا تو میں تمہیں اس طویل سجدے سے نا اٹھاتا۔۔۔۔

انہوں نے زیام کی دھندلی آنکھوں کی طرف دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

میرے دل کو آج اک نیا خوف لگ گیا ہے شیخ۔۔۔

زیام نے کھوئے کھوئے لہجے میں کہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

کہ اب جب مجھے اس رب نے ہدایت دے دی ہے۔۔۔۔تو کہیں یہ مجھ سے چھن تو نہیں جائے گی۔۔۔۔۔۔کہیں میں پھر گمراہ ہو جاؤں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسنے اپنے سوال کو انکے سامنے رکھا تھا۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جانتے ہو اس خوف کے پیشِ نظر اللہ تعالی نے عقل مند لوگوں کی نشانی بتاتے ہوئے بتایا ہے کہ اس طرح دعا مانگی جائے تو گمراہی سے بچا جا سکتا ہے ۔۔۔

(۸ : اٰل عمران) ''رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ-اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

اے ہمارے رب! تو نے ہمیں ہدایت عطا فرمائی ہے، اس کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کر اور ہمیں اپنے پاس: ترجمہ کنز العرفان سے رحمت عطا فرما، بیشک تو بڑا عطا فرمانے والا ہے۔

انہوں نے اسے وہ ہدایت کی دعا ترجمہ کے ساتھ پڑھ کر بتائی تھی۔۔۔

انشاءاللہ میں اس دعا کو یاد کر لونگا۔۔۔۔زیام نے دل میں ارادہ کیا تھا۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥

وہ رات سوچوں کے دھاگوں سے الجھ الجھ کر سو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔مگر اک پل کو اسکی آنکھ کھلی تھی۔۔۔۔

نائٹ بلب کی مدھم سی روشنی بھی اسکی آنکھ میں چبھی تھی۔۔۔

آنکھ کھلنے پر اس نے سامنے بیٹھی سیلین کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔جو فون کو ہاتھ میں پکڑے بیٹھی تھی۔۔۔۔۔

فجر کا وقت ہو گیا۔۔؟۔۔۔مائسہ نے دھیمی آواز میں کھڑکی کے پاس بیٹھی رابعہ سے پوچھا تھا۔۔۔۔

ہاں۔۔۔۔اسنے موبائل پر نظر ڈالے ہوئے مائسہ کو جواب دیا تھا۔۔۔

پچھلے تین دنوں سے اسکا یہ معمول تھا۔۔۔۔۔سارا دن بس کال کئے جانا ۔۔۔اور ابھی رات کو اسکی آنکھ کھلی تھی۔۔۔۔جب بھی اسنے یہی کیا تھا۔۔۔۔۔

اسکا دل مزید بجھ گیا تھا۔۔۔۔۔جب اتنے دنوں کے بعد اسے آلف کا واٹس ایپ کا لاسٹ سین دو گھنٹے پہلے کا دِکھا تھا۔۔۔۔۔۔اور اسنے خوشی خوشی کال ملائی تھی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مگر وہ نہیں اٹھائی گئی۔۔۔۔

اس وقت اسکا دل فون کو یا خود کو آگ لگانے کا چاہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسنے ماسکو میں ہونے والی آلف سے اپنی پہلی ملاقات کو یاد کیا تھا۔۔۔۔۔

جب وہ شیف کے لیے ہر جگہ اپلائے کر رہی تھی۔۔۔۔اور ایک جگہ اسکی جاب لگ گئی تھی۔۔۔۔۔

پھر اسے سیلوک سے پتہ چلا تھا کہ کسی آلف نام کے شخص نے اسکے کہنے پر سیلین کی وہاں جاب لگوائی تھی۔۔۔۔۔۔

اسے سب سے پہلے آلف کے نام نے امپریس کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔پھر اسکی کیفے میں آلف سے سیلوک کے ذریعے ملاقات ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

سب سے پہلے سیلین نے ہی اسے کافی آفر کی تھی۔۔۔۔۔جو کہ آلف نے قبول کر لیا تھا۔۔۔

یہ سب سوچ کر اب اسے اپنے ان فضول رویوں پر غصہ آرہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔بار بار خیال آرہا تھا کہ آلف کو اتنا سر نہیں چڑھانا چاہیے تھا۔۔۔۔۔

مائسہ وضو کرنے کے لیے غسل خانے کی طرف گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جب سیلین نے وہ صندوق نکال کر اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔

پتا نہیں کس ڈر سے وہ اس صندوق کو ابھی تک نہیں کھول پائی تھی۔۔۔۔۔۔

اور اب بھی وہ بس اسے ہاتھ میں لیے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے کھول کر تمام حقیقتوں سے آگاہ ہو جاؤ گی۔۔۔۔۔اسے آلف کے الفاظ یاد آئے تھے۔۔۔۔جسے اگلے ہی لمحے وہ جھٹک چکی تھی۔۔۔

جھوٹ۔۔تم نے کہا تھا مجھ سے رابطہ رکھو گے مجھے بھولو گے نہیں۔۔۔۔۔۔۔مگر ایسا نہیں ہوا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کیاپتایہ صندوق بھی صرف مجھے وہاں سے بھیجنے کا بہانا ہو۔۔۔۔۔۔

میں کیسے بے وقوف بن گئی تمہاری باتوں سے۔۔۔۔۔۔میرا کیا قصور ہے۔۔۔مجھے پاگل کر دیا تھا تمہاری ان گہری پلکوں نے ۔۔۔۔۔۔ان رویوں نے۔۔۔۔جو کسی کا بھی دل مٹھی میں لے سکتے ہیں۔۔۔۔میرا کوئی قصور نہیں تھا۔۔۔میں بے وقوف نہیں تھی۔۔۔۔وہ آلف سے مخاطب تھی۔۔۔۔

وہ ہر طرح سے برا سوچ کر خود کو تھکا رہی تھی۔۔۔۔خود سے سوالات کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

رابعہ۔۔ہر کہانی کے دو رخ ہوتے ہیں۔۔۔۔ایک مرتبہ یہ صندوق کھول لو۔۔۔جسے تم پچھلی تین راتوں سے بس ہاتھ میں لیے بیٹھی رہتی ہو۔۔۔۔۔۔۔ہو سکتا ہے سارے جوابات اس صندوق میں ہی ہوں۔۔۔۔۔

مائسہ نے درمیان میں کہا تھا۔۔۔۔۔وہ اسے تین دن سے اسی طرح خود سے لڑتے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔اسنے خاموش رہنا کا بہت سوچا تھا۔۔۔مگر اب اسے بولنا ضروری لگا تھا۔۔۔۔۔۔

رابعہ اسکی بات پر ناراض نہیں ہوئی تھی۔۔۔۔وہ گہری سوچ میں پڑ گئی تھی۔۔پھر اسنے اس صندوق کو کھولنے کا فیصلہ کیا تھا۔۔۔۔۔۔

اور اب اس صندوق کی چابی لینے اٹھی تھی۔۔۔اسے یاد آیا تھا فلائٹ میں جاتے وقت آلف نے اسکے ہاتھ میں اسکی چابی پکڑائی تھی۔۔۔۔

اسنے اپنے کوٹ میں چیک کیا تھا وہ چابی وہاں نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔پھر اسنے ہر جگہ تلاش کیا اسے کہی نہیں ملی۔۔۔۔

آخر وہ اپنے بال نوچتے ہوئے زمین پر بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔

کیا کروں اب میں۔۔۔۔۔۔وہ خود سے سوال کر رہی تھی۔۔۔۔

اتنے میں مائسہ نے واشروم سے باہر آکر اسے زمین پر بیٹھے دیکھا تھا۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کیاہوا ہے۔۔۔؟۔۔اسنے ناچاہتے ہوئے بھی اسکی عجیب حالت دیکھ کر پوچھا۔۔۔

چابی۔۔۔۔وہ اب رو دینے والے انداز میں بولی تھی۔۔۔

تو اس میں کیاہو گیا اگر اصلی نہیں مل رہی تو صبح تالے والے کے پاس جا کر نقلی بنوالینا۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے اسے حل بتایا تھا۔۔۔۔

کیوں اتنا صبر کروں میں۔۔۔یہ کوئی میرے صبر کا امتحان چل رہا ہے کیا۔۔۔۔ایک تو وہ فون نہیں اٹھا رہا۔۔۔اور دوسرا یہ بھی نہیں کھل رہا۔۔۔۔اور تیسرا میں صبر کر کر کے پاگل ہو رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ مزید اپنے سر کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر بولی تھی۔۔۔۔

نماز ادا کر لو۔۔۔۔۔۔مائسہ نے پھر حل پیش کیا تھا۔۔۔

مجھے نہیں آتی۔۔۔۔۔سیلین نے سیدھا جواب دیا تھا۔۔۔

تو میں ہوں نا سکھا دونگی۔۔۔۔۔۔مائسہ نے اسکی تیسری بات کا تیسرا حل پیش کیا تھا۔۔۔

مجھے نماز سے سکون ملے گا۔۔۔؟۔۔اب وہ اس سے سوال کر رہی تھی۔۔۔

نا ملے تو میں تمہارا یہ کمرہ اور حویلی دونوں چھوڑ کر چلی جاؤنگی۔۔۔۔۔مائسہ نے مسکرا کر شرطیہ کہا تھا۔۔۔۔۔

چلو پھر سکھاؤ مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اب وہ ہاتھ جھاڑتی ہوئی کھڑی ہو گئی تھی۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

عاطف مسجد کے اندرونِ حصے کی جانب آیا تھا۔۔۔۔۔۔جب اسے وہاں زیام لیپ ٹاپ پر کچھ کام کرتا نظر آیا۔۔۔۔۔وہ آج بہت پہلے سے آفس کے لیے تیار تھا۔۔۔۔۔

کیا بات ہے دوست۔۔۔آج کچھ الگ رنگ دکھ رہے ہیں۔۔۔۔۔۔عاطف نے اسے کام میں مہو دیکھ کر پوچھا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام کو اسکی بات سے پھر کچھ یاد آیا تھا۔۔۔

نہیں تو۔۔۔ مگر اس نے سر جھٹک کر جواب دیا۔۔۔۔

مجھے لگا تھا آج تمہاری فجر کی نماز قضا ہو جائے گی۔۔۔۔۔ کیونکہ تم رات کو ہی اتنی دیر سے آئے تھے۔۔۔۔ عاطف نے اپنا اندازہ اسے بتایا تھا۔۔

فجر کی نماز میں ہر گز نہیں چھوڑ سکتا دوست۔۔۔۔ کیونکہ کوئی ہے جو میری فجر کی پہلی دعا ہے۔۔۔۔ زیام نے سرسری سا لیپ ٹاپ پر نظر ڈالتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

پہلے کبھی اپنی فجر کی پہلی دعا کا ذکر نہیں کیا خیریت تو ہے۔۔۔۔ عاطف نے اسکے چہرے کو پڑھنے کی کوشش کی تھی۔۔۔

زیام جسکے ہاتھ اور نظریں لیپ ٹاپ پر ہی ٹکی تھیں۔۔ وہ اچانک سے رکا تھا۔۔۔۔۔

اور اسکا ہاتھ منہ پر گیا تھا۔۔۔۔

کیا ہوا ہے۔۔۔؟۔۔ عاطف نے اسکو دیکھ کر پوچھا۔۔۔

اگر میرا اندازہ ٹھیک نکلا تو مجھے پتا ہے کہ اگلا دھماکہ یا ٹیررسٹ اٹیک کہاں ہو گا۔۔۔۔

زیام نے لیپ ٹاپ کے اس پیج کو سیو کرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

کیسے۔۔۔؟۔۔ عاطف نے ناسمجھی سے کہا۔۔

وہ سب میں آفس میں سب کے سامنے ہی بتاؤنگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ زیام نے اب یو ایس بی میں اس فائل کو ٹرانسفر کرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سب سے پہلے آپ سب اس پروجیکٹر پر بنے اس چارٹ کو غور سے دیکھیں۔۔۔۔۔۔۔

اس نے ہاتھ میں پکڑی ایک چھوٹی سی پوائنٹ ریڈ لائٹ کو اس چارٹ کی طرف کیا تھا۔۔۔۔

یہ پچھلے پانچ سالوں کی رپوٹ ہے۔۔۔ جسے میں نے رات کو بیٹھ ایک جگہ کیا۔۔۔۔

وہ دھیرے دھیرے اس چارٹ پر اس لائٹ کو گھما رہا تھا۔۔۔۔۔۔

پھر ایک جگہ وہ اس روشنی کر روک چکا تھا۔۔۔

یہ اٹیک۔۔۔۔ جو بلوچلستان میں چند مہینے پہلے ہی ہوا۔۔۔۔ جس میں کچھ لوگوں نے صرف اور صرف شیاء اور یہودی کمیونٹی کو نشانہ بنایا۔۔۔۔ اس حملہ میں چھ شیاء اور دو یہودی بے دردی سے گولیوں سے مارے گ ئے ۔۔۔۔

اب وہ نیچے لائن کی طرف آیا تھا۔۔۔

یہ دوسرا اٹیک پچھلے سال مظفر آباد میں ہوا تھا۔۔۔۔ جو ایک مارکیٹ میں کیا گیا تھا۔۔۔۔۔ پولیس کی رپوٹ کے مطابق خود کش حملہ آور ایک انڈین شہری تھا۔۔۔۔ اور تقریباً ایک سو کے قریب لوگ مارے گ ئے تھے ۔۔۔

اسی طرح یہ تیسرا اٹیک یہ بھی اسی طرح ایک پبلک پلیس پر ہوا۔۔۔۔

ان تمام اٹیکس کی لِسٹ کو اگر غور سے دیکھیں تو ہمیں کچھ سوراخ مل رہے ہیں۔۔۔۔۔

زیادہ تر تمام حملوں میں دو سے ڈیڑھ مہینے کا بریک ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور ہر حملہ زیادہ تر لاہور, کراچی, چکوال, بلوچستان, کوئٹہ اور پشاور میں ہوا۔۔۔۔۔

اگر ہر حملے اور جگہ کی ترکیب نکالی جائے ۔۔۔۔۔ تو پچھلے پانچ سالوں سے یہی ترتیب چلی آ رہی ہے جس طرح سے میں نے ابھی آپ سب کو بتائی۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور یہ والا اٹیک لاہور میں ہوا۔۔۔اس نے کل والے اٹیک کی

نشاندہی کی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔لہذا اگر یہ اندازہ درست ہے تو اگلا اٹیک کراچی میں ہو گا۔۔۔۔۔

اور لاہور میں انہوں نے مسجد کو پہلی بار نشانہ بنایا ہے۔۔۔۔اسی لیے میرا اندازہ یہ ہے کہ اس بار یہ کوئی اسکول یا کوئی مدرسہ ہو سکتا

ہے۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے اپنی بات کو مکمل تفصیل سے وہاں بیٹھے ان تمام لوگوں کو بتایا تھا۔۔۔۔اور اب وہ شیخ کو ایک نظر دیکھ کر خاموش ہوا تھا

۔۔۔۔

وہ لوگ اس وقت میٹنگ روم میں موجود تھے۔۔اور شیخ سمیت وہ تمام لوگ کرسیوں پر بیٹھے زیام کے کہنے پر اسکی بات کو سن رہے

تھے۔۔۔۔۔۔۔

سامنے پروجیکٹر لگا تھا۔۔۔اور وائٹ بوڈ پر زیام کے لیپ ٹاپ سے اسکی تمام ریسرچ کھلی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

شیخ نے اپنی جگہ سے اٹھ کر اسکا کندھا تھپتھپایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر نہیں زیام۔۔۔ہم مِسٹر زیام کی اس بات کو بلکل دُرست مان کر ہی چلیں گے۔۔۔کیونکہ ہمارے پاس اس کو نظر انداز کرنے کا

حوصلہ نہیں۔۔۔

اگر ہر سال ایک بچہ بھی ان لوگوں کے ظلم سے مر جاتا ہے۔۔۔تو ہم اپنا ایک اچھا مستقبل کھو دیتے ہیں۔۔۔۔۔اور اب ایسا نہیں

ہو گا انشاءاللہ۔۔۔۔

انہوں نے پکے ارادے سے کہا تھا۔۔۔

اور دوبارہ اسکی کمر تھپتھپائی تھی۔۔۔۔۔

سب خاموش ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بات یہاں مکمل نہیں ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔فضا میں ایک نئ آواز گونجی تھی۔۔۔۔

شیخ سمیت تمام افراد کی نظر دروازے کی جانب سے آنے والے اس نوجوان پر پڑی تھی۔۔۔۔

زیام نے بھی جانچتی نظروں سے اس نوجوان کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔جوان تمام کے بیچ میں مداخلت کر چکا تھا۔۔۔۔

زیام کی نظر شیخ پر گئ تھی۔۔۔۔۔جو اس نوجوان کو دیکھتے ہوئے جی جان سے مسکرائے تھے۔۔۔۔۔

وہ شخص بھی مسکراتا ہوا چل کر شیخ کے پاس آکر کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

زیام نے اسکے حلیے پر نظر کی تھی۔۔۔۔۔

مخصوص بلیک جیکٹ اور بلیک پینٹ۔۔۔۔ساتھ ہی اسکے ہاتھ میں گھڑی تھی۔۔۔۔

اور اپنے اس ہاتھ کو وہ شیخ کے ہاتھ کی جانب بڑھا چکا تھا۔۔۔۔۔پھر اسنے اپنے دونوں ہاتھوں سے شیخ کا ہاتھ پکڑ کر اپنے سر کو جھکا کر انکا ہاتھ چوما تھا۔۔۔۔

شیخ کا دوسرا ہاتھ اس نوجوان کے سر پر گیا تھا۔۔۔۔۔۔

کتنی بار منع کیا ہے ایسا نہیں کیا کرو۔۔۔۔۔۔انہوں نے میٹھے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

آپ مجھے کیوں روکتے ہیں۔۔۔جبکہ آپ ہی نے مجھے یہ شعر یاد کروایا تھا۔۔۔جب میں نے آپ کے سر پر پانی کا گلاس انڈیل دیا تھا۔۔۔۔اس نوجوان نے مسکراتے ہوئے اپنے ہی کارنامے کو انکے سامنے شان سے بیان کیا ۔۔۔۔

باادب بانصیب

بے ادب بے نصیب

آخر میں اسنے انکا یاد کروایا وہ شعر بھی انہیں سنا دیا تھا۔۔۔۔۔۔جو اسے ابھی تک یاد تھا۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام سمیت وہ تینوں اس نوجوان کی ملاقات کو بغور دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔

زیام آنکھوں ہی آنکھوں میں شیخ سے اس نوجوان کا تعارف مانگ رہا تھا۔۔۔۔

اسلام وعلیکم۔۔میرا نام آلف فیضان ہے۔۔۔۔۔۔اس وائٹ کمپنی کے آپ لوگ بہت ہی بہادر اور بہترین افراد ہے یقیناً ۔۔۔۔معین شامی میرے استادِ محترم آپ سب کے بھی استاد ہیں۔۔۔۔۔

اس نوجوان کی اس بات پر تقریباً سب نے چوک کر شیخ کو دیکھا تھا۔۔۔

جبکہ زیام نے بھی چوک کر شیخ اور آلف دونوں کو دیکھا۔۔۔

آپ نے انہیں ابھی تک اپنا پورا نام نہیں بتایا شیخ۔۔۔۔۔۔آلف ان سب کے چہرے پر اس نام کے بارے میں ایک اجنبیت دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

آپ آگ ئے ہیں نا قاری صاحب ۔۔۔آپ یقیناً اب سب کچھ بتا ہی دینگے ۔۔۔۔

آلف کے ساتھ مل کر اس پر ایک مکمل پلان تیار کر لینا۔۔۔شیخ نے زیام پر بھی نظر ڈال کر اسے تاکید کی تھی۔۔۔۔

اللہ حافظ۔۔۔۔۔۔شیخ سب کی جانب دیکھ کر وہاں سے اب روانہ ہو گ ئے تھے۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ فرنٹ کی طرف آلف اور زیام ہی کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف فیضان فیضان صاحب کے اکلوتے بیٹے اور انکی آواز کے وارث۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عاطف نے خوش مزاجی سے اٹھ کر آلف سے ہاتھ ملایا تھا۔۔۔۔۔

عادل اور علی نے بھی اسی طرح آلف سے ملاقات کر لی تھی۔۔۔۔۔۔

شیخ کا پورا نام کیا ہے۔۔۔۔۔؟۔۔زیام کا دماغ ابھی تک اس سب میں ہی اٹکا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسی لیے اب وہ آلف کی جانب دیکھ کر سوال کر رہا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکے سوال پر آلف مسکرایا تھا۔۔۔سچ کہوں تو میں کسی کی جانب سے اسی طرح کے سوال کا منتظر تھا۔۔۔۔

ایک شاگرد کو ہر طرح سے اپنے استاد کو جان لینا چاہیے۔۔۔۔۔آلف نے اسکی جانب سرسری سا دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

وہ صرف استاد نہیں ہیں میرے۔۔۔میرے رہنما, محسن سب کچھ ہیں۔۔۔۔۔۔۔زیام نے بھی اپنے رویے کو حد درجہ دھیما رکھا ہوا تھا۔۔۔۔

اسکی بات پر آلف نے ایک آئی برو اٹھا کر حیران ہونے کا تاثر دیا تھا۔۔۔۔۔

شیخ کا پورا نام۔۔۔شیخ غفران الحق معین شامی ہے۔۔۔شامی اس لیے ان کے نام کے ساتھ لگتا ہے کیونکہ انکے والد شام کے رہنے والے تھے۔۔اور والد کا نام معین الحق شامی تھا۔۔۔۔۔

شیخ کے بارے میں یہ معلومات دینے کا شکریہ۔۔۔۔۔۔۔زیام نے اب اپنا ہاتھ آلف کی جانب بڑھایا تھا۔۔۔

جسے اس نے تھام لیا تھا۔۔۔۔

دونوں ایک دوسرے کو جانچ رہے تھے۔۔۔۔۔۔

یہی ہوتا ہے جب دو ایک جیسی سوچ رکھنے والے لوگ ملتے ہیں۔۔۔۔مجھے تو لگتا ہے اب اس کمپنی میں طوفان, سیلاب تغیانی سب آ جائے گی ۔۔۔۔۔۔

عادل نے عاطف اور علی کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

جس پر وہ تینوں مسکرا دیے تھے۔۔۔۔۔

مگر سامنے کھڑے زیام اور آلف کے چہروں پر کوئی خاص تاثر نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔

ہاں تو اب کام کی طرف لوٹ آتے ہیں۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف نے زیام کو دیکھتے ہوئے بورڈ کی طرف نظر کی تھی۔۔۔۔

ہمم۔۔۔غالباً قاری صاحب آپ کچھ کہہ رہے تھے۔۔۔۔کہ بات یہاں مکمل نہیں ہوئی۔۔۔تو میں اسکی تفصیل جاننا چاہوں گا

۔۔۔

زیام نے کچھ دیر پہلے کہے جانے والے آلف کے جملے کو دہرایا تھا۔۔۔۔

آلف اسکے جواب میں خاموشی سے بورڈ کی جانب دیکھنے لگا تھا۔۔۔۔اس سے پہلے وہ ایک نظر زیام پر بھی ڈال چکا تھا۔۔۔۔۔۔جواب لیپ ٹاپ کی طرف جھک گیا تھا۔۔۔۔۔اور ہاتھ کی بورڈ پر تھے۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ نیویارک سٹی میں موجود ایک گھر کے اندر کمرے کا منظر تھا۔۔۔۔

کمرے میں چاروں طرف اندھیرا تھا۔۔۔۔۔۔اور درمیاں میں ایک بڑا سا صوفا رکھا دکھائی دے رہا تھا۔۔

وہ شخص صوفے پر ایک ٹانگ پر ٹانگ رکھے ایک ہاتھ صوفے پر پھیلائے بیٹھا تھا۔۔۔۔

اسکے ہاتھ میں ایک ڈیوائز تھی۔۔۔۔جس کے زریعے سامنے بڑی سی اسکرین پر لگی تصویریں آگے پیچھے ہو رہی تھیں۔۔۔۔

وہ پاکستان میں ہونے والے اس دھماکے اور ٹیریرسٹ اٹیک کی جھلکیاں تھیں۔۔۔۔۔جسے ڈیلسن نے دیکھنے کے لیے منگوایا تھا۔۔۔۔۔

اور اب وہ ان جھلکیوں کو باری باری دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

اسکے چہرے پر طمانیت تھی۔۔وہ وہاں پڑے خون سے بے حد خوش ہو رہا تھا۔۔۔۔آنکھوں میں خوشی کا احساس تھا۔۔۔۔۔۔۔

ہاتھ مسلسل تصویروں کو آگے بڑھا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پھر ایک تصویر پر وہ رک گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آنکھیں وہی پر منجمد ہو گئی تھیں۔۔۔

ایک ہاتھ اسنے اپنے چہرے پر تھوڑی کی طرف پھیرا تھا۔۔۔۔۔

اب وہ کسی کی آنکھوں کو فوکس کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

خوبصورت۔۔۔۔ اسنے ایک سنجیدہ انداز سے کہا تھا۔۔۔۔۔

ہاتھ برابر میں رکھی بیل پر رکھا گیا تھا۔۔۔۔۔

جسکی رِنگ باہر سنائی دی گئی ہو گی۔۔۔۔۔

چند ہی منٹوں میں کاملین نے دروازہ ناک کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

جسے ڈیلسن نے صوفے پر لگے بٹن کے زریعے کھول دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

یس باس۔۔۔ کاملین نے اندر آتے ہی اس سے سوالیہ نظروں سے کہا تھا۔۔۔

just look at the beauty .....

ڈیلسن نے اسی طرح ٹانگ پر ٹانگ رکھے اپنے سامنے ایک چھوٹی سی میز پر رکھی ریڈ وائن کا ایک سپ لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کاملین کی نظر سامنے اسکرین پر پڑی تھی۔۔۔۔۔۔ وہاں ایک لڑکی کی تصویر تھی۔۔۔۔ جو ایک طرف کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور دونوں ہاتھوں سے ایک بچے کو پکڑا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔ چہرہ اور ہاتھ سب کچھ مکمل ابائے میں ڈھکا تھا۔۔۔۔۔ دیکھنے والی بس اسکی آنکھیں تھیں ۔۔۔۔۔

damn beauty ....

کاملین نے بھی ایک جملہ اس تصویر کے لیے ادا کیا تھا۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ویسے تو مجھے یہاں ہزاروں لڑکیاں مل جائیں گی۔۔۔ایک سے بڑھ کر ایک مل جائیں گی۔۔۔۔۔اور تم مجھے تو جانتے ہو۔۔۔۔میں چاہوں تو اس لڑکی کے جیسا چہرہ کسی لڑکی کو پلاسٹک سرجری بھی کروادوں۔۔۔۔۔۔مگر یہ میری شان کے خلاف ہو گا۔۔۔۔

جی باس۔۔۔۔کاملین نے اقرار کیا تھا۔۔۔

توبس۔۔۔۔میں اپنے نئے میگزین پر اس لڑکی کی آنکھوں کا

کلوزاپ بنواؤنگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم سمجھ گئے ہوگے تمہیں کیا کرنا ہے ۔۔

اب وہ کاملین کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

u don'T worry sir ..

کاملین نے کہا تھا۔۔۔

۔کام جتنی جلدی ہو اتنا اچھا ہے۔۔۔۔۔۔ڈیلسن نے اس تصویر پر نظر ڈالے ہوئے کہا تھا ۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

مسٹر زیام۔۔آپ نے رات بھر جو ریسرچ کی وہ واقع قابلِ تعریف ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ یہاں عادل,عاطف اور علی کافی پہلے سے ہیں۔۔۔۔۔۔۔لیکن یہ کام تم نے کیا۔۔۔۔آلف بورڈ کی طرف نظر ڈالے زیام سے کہہ رہا تھا۔۔۔

قرأت سنی ہے میں نے تمہاری۔۔۔۔سچ کہوں تو بہت خوبصورت آواز سے نوازے گئے ہو تم ۔۔۔۔۔کوئی بھی تمہاری آواز سن کر قرآنِ پاک سے محبت کر سکتا ہے۔۔۔۔۔

زیام نے بھی اپنی تعریف کے بدلے میں اسکی تعریف کی تھی۔۔۔۔

شکریہ۔۔۔۔ابکی بار آلف نے شکریہ کہا تھا۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

عادل,عاطف اور علی یہاں آجاؤ۔۔۔اب ہمیں اسکا مکمل پلان بنانا ہے۔۔۔۔

آلف نے ان تینوں کو بورڈ کہ طرف دیکھتے ہوئے مخاطب کیا تھا ۔۔۔۔۔

اب وہ سب زیام سمیت اسکی بات کے منتظر تھے۔۔۔۔

یہ دھماکے اور ٹررسٹ اٹیک کسی ایک طرف سے ہمیں گھیرے ہوئے نہیں ہیں ۔۔۔۔

یہودیوں کا سب سے بڑا سازشی۔۔۔ڈیلسن مارکر۔۔۔اسکا جب دل چاھتا ہے بڑی آسانی سے صرف پیسوں کی طاقت سے یہ لوگوں کو خرید لیتا ہے۔۔۔۔

اسکے ماتہت لوگ نا صرف پاکستان بلکہ انڈیا,افغانستان یہاں تک کہ چین میں بھی پھیلے ہوئے ہیں ۔۔۔۔۔۔

یہ کب کس سے مل کر کیا سازش کریں پتا نہیں لگ پاتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہر سال میں یہ اپنا ملک اور شہر بدل لیتا ہے۔۔۔۔۔

آلف اب زیام کے لیپ ٹاپ سے ڈیلسن کی تصویر دکھا رہا تھا۔۔۔۔۔

زیام نے اس تصویر کو غور سے دیکھا تھا۔۔۔

ڈیلسن مارکر۔۔۔یہ تو اسٹار روکر ایپ کا مالک ہے۔۔۔۔۔۔اسنے چین سے اس ایپ کو منہ مانگی قیمت دے کر بنوایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

you are right ziyam.....

آلف نے اسکی بات کی تائید کی تھی۔۔۔۔۔

اسکے بارے میں میں پچھلے ایک مہینے سے انفارمیشن کلیکٹ کروا رہا تھا۔۔۔۔۔۔اور اب ہمارے پاس اتنی انفارمیشن ہے۔۔۔۔جتنی شاید ڈیلسن نے کسی کو بھی نہیں بتائی ہو گی۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف نے سامنے میز سے ریڈ لائٹ اٹھاتے ہوئے کہا تھا۔۔

جیسا کہ زیام نے اندازہ لگایا کہ اگلا دھماکہ کراچی میں ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔وہی اندازہ کل رات میں لگا کر یہاں آیا تھا۔۔۔۔

جب میں دو دن پہلے پاکستان آیا تھا۔۔۔۔اور جب مجھے لاہور میں ہونے والے اس دھماکے کا پتا چلا۔۔۔اسی دن سے میں اس پر ریسرچ کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

لیکن کراچی کتنا بڑا شہر ہے یہ ہم سب جانتے ہیں۔۔۔۔۔۔وہاں کسی ایک مدرسے پر نگرانی کرنا تو ممکن ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ ہم اس مدرسے تک ہی کیسے پہنچیں گے جہاں یہ اٹیک ہو گا۔۔۔۔۔۔

عادل نے بولا تھا۔۔۔جسے سب نے دیکھا تھا

عادل کا سوال بھی درست ہے۔۔۔۔۔۔۔ہم اندازے کے سوا کچھ نہیں کر سکتے۔۔۔اور اگر اندازہ غلط نکلا تو ہم اس سب کو روکنے میں ناکام بھی ہو سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔علی نے بھی عادل کی تائید کی تھی۔۔۔۔

دشمن کی طرح سوچو۔۔۔۔۔آلف نے ان سب سے کہا تھا۔۔۔اور اپنا ہاتھ میز پر ٹکایا تھا۔۔۔۔

نہیں۔۔۔اسکا بھی ایک حل ہے۔۔۔۔۔زیام نے بولا تھا۔۔۔۔دونوں ہاتھ پینٹ کی جیب میں تھے۔۔۔اور وہ انتہائی مطمئن لگ رہا تھا۔۔۔۔۔

آلف نے اسکے چہرے کو بغور دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

بچوں کی تعداد۔۔۔۔۔رائٹ؟؟؟۔۔۔۔اس نے زیام کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔جبکہ علی نے نا سمجھی سے اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

رائٹ۔۔۔۔۔زیام نے گردن ہلا کر بتایا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بچوں کی تعداد سے کیا معلوم ہو سکتا ہے۔۔۔ جبکہ لاہور میں تو اٹیک کم تعداد والی مسجد میں ہوا۔۔۔ عاطف نے سوال اٹھایا تھا۔۔۔

زیام بلکل ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔ کراچی ایک بڑا شہر ہے۔۔۔۔۔ وہ لوگ اتنا بڑا رسک اگر لے رہے ہیں۔۔۔ تو یقیناً وہ چاہے گے کہ زیادہ سے زیادہ نقصان ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ لہذا ہمیں وہ مدرسہ ڈھونڈنا ہو گا جو بڑی تعداد کا ہو۔۔ آلف نے ان تمام سے مخاطب ہو کر کہا تھا۔۔۔

دار لعلوم ہے وہاں ایک۔۔۔ کراچی کا سب سے بڑا دار لعلوم ہے۔۔۔ وہاں یتیم بچوں کو ٹھکانا بھی دیا جاتا ہے۔۔۔۔ زیام نے گہری سانس لی تھی۔۔۔۔۔ آلف اور باقی سب نے اسکا چہرہ دیکھا تھا۔۔۔ جس پر کئی رنگ آئے تھے۔۔۔۔

تم جانتے ہو اس دار لعلوم کو۔۔۔۔ عاطف نے اس سے سوال کیا تھا۔۔۔

میرا بچپن وہیں گزرا ہے۔۔۔ اٹھارہ سال کی عمر میں وہاں سے بھاگ گیا تھا۔۔۔۔ زیام نے بورڈ کی طرف دیکھتے ہوئے بتایا تھا۔۔۔۔

اب ہمیں کراچی جانے کا پلان کرنا ہو گا۔۔۔۔ پوری طرح تیاری کرنی ہو گی۔۔۔ وقت نہیں ہے ہمارے پاس۔۔۔۔ کمر کس لو جوانوں۔۔۔۔ آلف نے ایک جزبے سے کہا تھا۔۔۔

فائنلی میٹنگ ختم۔۔۔ اب کچھ کھا لیتے ہیں۔۔۔ میرے پیٹ میں صبح سے ایک نوالہ بھی نہیں گیا ہے۔۔۔۔۔ آلف نے ان سب سے خوشگوار لہجے میں کہا تھا۔۔۔

وہ جانتا تھا کہ دماغ کو فریش کرنا بہت ضروری ہے۔۔۔

میٹنگ تو پندرہ منٹ پہلے ہی ختم ہو گئی تھی۔۔ جب شیخ اللہ حافظ کہہ کر یہاں سے چلے گ ئے تھے۔۔۔۔۔

زیام نے اپنا لیپ ٹاپ بند کرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف نے اسے بغور دیکھا تھا۔۔۔۔

چلو بھائیوں۔۔۔میں پلیٹین لگواتا ہوں جب تک۔۔۔۔۔عاطف وہاں سے کہتا ہوا باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔ساتھ میں عادل اور علی بھی نکل گ ئے تھے ۔۔۔۔۔

آلف وہاں سے باہر نکل رہا تھا۔۔۔۔۔کہ وہ اچانک رک گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام بس اپنا لیپ ٹاپ بند کر کے اسکی طرف متوجہ ہی ہوا تھا۔۔۔۔۔

دیکھنے میں زیام کو وہ ٹھیک نہیں لگا تھا۔۔۔۔وہ آنکھیں چھوٹی ک ئے بغور اسکا جائزہ لے رہا تھا ۔۔۔

آلف کا ہاتھ اسکے گلے پر تھا۔۔۔۔۔۔اور چہرے سے ایسا لگ رہا تھا کہ وہ کچھ ضبط کر رہا ہے۔۔۔۔

تم ٹھیک ہو۔۔؟۔۔۔زیام نے پوچھنا ضروری سمجھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اسکی بات کا کوئی جواب نہیں دیا تھا۔۔۔۔۔بلکہ اس نے گردن کو اوپر کی جانب کیا تھا۔۔۔۔اور اپنا گلا سہلایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر جیب سے کچھ ڈراپ نکال کر اسنے اپنے منہ میں ڈالے تھے۔۔۔۔۔۔۔

اور اب وہ آہستہ آہستہ نارمل ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیام کو لمبی سانسوں کی آواز آئی تھی۔۔۔۔۔

چلو۔۔کچن ایریا کی طرف چلتے ہیں۔۔۔۔۔۔آلف نے زیام سے کہا تھا۔۔۔۔۔

جبکہ اسکی آواز میں واضح لڑکھڑاہٹ تھی۔۔۔۔

اب وہ دونوں باہر کی جانب چل دیے تھے۔۔۔۔۔۔۔زیام نے چاہتے ہوئے بھی آلف سے کوئی سوال نہیں کیا تھا۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مجھے ایک بات سمجھ نہیں آرہی۔۔۔۔اسنے کھوئے کھوئے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

وہ آج شیخ کے کمرے میں اجازت لے کر آیا تھا۔۔۔۔جبکہ باہر وہ لوگ پلان کی اہم تیاریاں کر رہے تھے۔۔۔۔

شیخ اسکے سامنے بیٹھے اپنی تسبیح کو مکمل کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے زیام کے چہرے کی جانب دیکھا تھا۔۔ گویا وہ اس سے نا سمجھ آنے والی بات کا پوچھ رہے ہوں۔۔۔

جب اللہ نے مجھے شراب اور زنا جیسے بڑے بڑے گناہوں سے بچالیا۔۔تو وہ مجھے لڑکیوں کو کوٹھے پر بیچنے اور انکا سودہ کرنے جیسے اس سنگین جرم سے بھی تو بچا سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے صبح سے پریشان کر دینے والے سوال کے بارے میں آخر بول ہی دیا۔۔۔

جبکہ شیخ نے اسکے سوال پر اپنی تسبیح برابر میں رکھ دی تھی۔۔۔۔

تم نے مائسہ کے ساتھ بھی تو وہی سب کرنا چاہا تھا۔۔۔؟چاہا تھا نا؟۔۔۔۔۔۔انہوں نے جیسے اسے یاد دلایا تھا۔۔۔

جی۔۔۔اس پر اسنے سرسری سا کہا تھا۔۔

تو تم کر کیوں نہیں پائے ۔؟۔۔۔۔۔۔۔اب وہ اس سے سوال کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔

یہ وہ سوال تھا جو اسنے جب بھی خود سے کیا تھا اسے اسکا کبھی کوئی جواب نہیں مل پایا تھا۔۔۔۔۔

اسے خاموش دیکھ کر وہ مزید بولے تھے۔۔۔۔

کیا تم نے کوشش کی تھی۔۔۔۔؟۔۔انہوں نے مزید سوال کیا۔۔

جی۔۔میں نے کوشش کی تھی۔۔۔۔اسی کوشش میں تو میں نے اسے اس رات وہ سب کہا تھا۔۔زیام خاموش ہوا تھا۔۔۔۔

پھر؟۔۔۔انہوں نے سوال کیا۔وہ آج اسکے دل کی تمام باتوں کو کھولنا چاہتے تھے۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔وہاں تک سب ٹھیک تھا۔۔۔۔۔۔۔میں اسے صبح بیچنے والا تھا۔مجھے میرے پیسے مل جاتے۔۔۔اور پھر میرا پچاسواں ٹارگٹ بھی مکمل ہو جاتا۔۔۔۔۔۔۔

مگر۔۔۔وہ پھر رکا تھا۔۔۔۔۔کیونکہ اسکے لیے کسی سے اس رات کا ذکر ہمیشہ مشکل رہا تھا۔

مگر؟۔۔۔انہوں نے پھر سوال کیا

اسکے وہ الفاظ میرے کانوں میں اس طرح پڑے کہ میری دنیا ہی بدل گئی۔۔۔

مجھے تو عادت تھی چیخیں اور رونا دھونا سننے کی۔۔۔۔۔۔لیکن اسکی آنکھوں میں تو مجھے کچھ اور ہی نظر آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

زیام خاموش ہو گیا تھا۔۔وہ آج پہلی بار کسی سے اس رات کے بارے میں بات کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔جو وہ کہنا چاہ رہا تھا۔۔وہ بیان ہی نہیں کر پا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

مگر شیخ خاموشی سے اسے سن رہے تھے۔۔۔۔۔زیام کو ایسا معلوم ہوا تھا کہ اگر آج وہ انہیں ساری رات بھی اپنی روادات سناتا تو وہ سنتے رہتے۔۔۔۔۔

اس دن سے پہلے مائسہ کی آنکھوں میں میں نے کبھی نہیں جھانکا تھا۔۔۔ناٹرین میں اور ناکراچی میں۔۔۔۔۔۔اس رات ہی جھانکا اور میں پل میں خاک ہو گیا۔۔۔۔

مجھے باقی لڑکیوں کی طرح ان آنکھوں میں خوف نہیں دکھا۔۔۔۔۔۔ناڈر نظر آیا۔۔۔۔۔ناہی غصہ۔۔۔۔۔۔۔مجھے وہاں بس خود کا دیا ہوا دھوکہ نظر آرہا تھا۔۔۔۔۔وہ نمی اور اسکا وہ رونا مجھے یہ احساس دلا رہا تھا کہ وہ فقط میری چاہت میں رو رہی ہے۔۔۔۔۔۔

وہ سر نیچے کئے بولے جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

شیخ اسکی بات پر مسکرائے تھے۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تم جس گناہ کے ذریعے جہنم کا راستہ ناپ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔اللہ نے اپنی خفیہ تدبیر سے تمہیں اسی گناہ کے ذریعے ندامت عطا کری۔۔۔۔۔۔۔

اور ذریعہ مائسہ کو بنادیا۔۔۔۔۔۔اگر تم باقی گناہوں میں مبتلہ ہوتے تو شاید تمہیں نامائسہ ملتی اور نا یہ عزت۔۔۔۔۔۔تم اس گناہ میں مبتلہ رہے کیونکہ یہی گناہ تمہاری ندامت بننے والا تھا۔۔۔۔

خیر وہ رب ہے۔۔۔۔۔وہ جو چاہے کر سکتا ہے۔۔۔۔۔

زیام نے انکی بات پر اپنا سر اٹھالیا تھا۔۔۔۔۔

مجھے اپنا گھر حلال کے پیسوں سے خریدنا ہے۔۔۔۔۔مجھے ان لڑکیوں کو بھی آزاد کروانا ہے جن کو میں نے برباد کر دیا۔۔۔ان سب سے معافی مانگ لونگا۔۔۔۔لیکن پیسوں کے بغیر یہ ممکن نہیں ہے۔۔۔۔۔۔زیام نے سنجیدگی سے کہا تھا۔۔۔

تو تم اپنے پیسے کیا قبر میں لے کر جاؤ گے۔۔۔۔شیخ نے اسکی جانب دیکھ کر سنجیدگی سے کہا تھا۔۔۔

زیام نے انکا چہرہ دیکھا تھا۔۔۔وہ مزاق نہیں تھا۔۔۔۔بلکہ وہ سنجیدہ تھے۔۔۔۔

اسنے پھر بھی نا سمجھی سے انہیں دیکھا تھا۔۔۔۔

کسی بھی کمپنی میں کسی کا کمپنی پلان فری میں تو نہیں لیا جاتا۔۔۔۔۔۔تم نے آج اپنا پلان ہمیں بتایا ہے۔۔۔مطلب اس پلان کو کمپنی کو بیچا ہے۔۔۔تو اسکے پیسے تو تمہارا ہی حق ہیں زیام۔۔۔۔۔

نہیں۔۔۔یہ پلان میں نے ان معصوموں کی جان بچانے کے لیے بنایا ہے۔۔۔۔۔میں نے اس پلان کو بیچا نہیں ہے۔۔۔۔زیام نے حیرانی سے کہا تھا۔۔۔۔

تمہیں نیت کا ثواب اللہ دے گا۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن فلحال تو ہم تمہیں اس پلان کے پیسے دینگے۔۔۔۔۔شیخ نے تھپتھپا کر بتایا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام۔۔۔جو اللہ کے آگے جھک جاتے ہیں۔۔اللہ انہیں کسی کے آگے جھکنے نہیں دیتا۔۔۔۔۔۔۔۔تمہارے اکاؤنٹ میں ڈیڑھ سو کڑوڑ روپے موجود ہیں اس وقت۔۔۔۔۔۔۔۔اور یہ سب تمہارے پچھلے مہینے کے دو اسلامک ایپس جو تم نے بچوں کے لیے بنائے تھے۔۔۔اور آج کے ایک پلان کے ملا کر جمع ہوئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

شیخ نے اسے مکمل تفصیل بتائی تھی۔۔۔اور وہ بہت حیران ہوا تھا۔۔۔

کیونکہ یہ وہ ہی جانتا تھا کہ اس بار اسکی نیت صرف کام کی تھی۔۔۔۔اسنے اس دوران کبھی پیسوں کا نہیں سوچا تھا۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

ابھی زیام عادل کے کمرے میں داخل ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔جہاں وہ سب آلف سمیت سب کچھ ترکیب دے رہے تھے۔۔۔۔۔

بیڈ پر عادل عاطف بیٹھے تھے۔۔۔۔۔۔۔علی سائڈ ٹیبل سے ٹک کر کھڑا تھا۔۔۔۔۔

جبکہ آلف سامنے اسٹڈی ٹیبل سے لگ کر کھڑا بول رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ زیام اندر آکر الماری سے ٹک گیا تھا۔۔۔اور وہ بھی اب آلف کو غور سے سن رہا تھا۔۔۔۔۔

ہم کراچی میں میرے ماموں کے گھر میں ٹھہریں گے۔۔۔۔۔۔۔وہیں سے سب کچھ پلان ہو گا۔۔۔۔۔۔اس بار کوئی گڑبڑ نہیں ہو گی۔۔۔۔۔۔۔

یہ کم سے کم ایک ہفتے کا کام ہو گا۔۔۔کیونکہ ہمیں مخصوص تاریخ کا علم نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔لیکن یہ پندرہ سے بیس تاریخ کے بیچ کا ہی کوئی دن ہے۔۔۔۔۔

اس دوران سب کمپنی کے لیپ ٹاپس ساتھ لے لینا۔۔۔۔کیونکہ ہمیں وہیں سے آفس کا کام بھی کرنا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھی کے لیے اتنا کافی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔آلف خاموش ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

سب نے سمجھنے والے انداز میں سر ہلائے تھے۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

آلف وہاں ہوتا ہوا اب اپنے گھر کی جانب بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔۔لاہور میں یہ انکا ایک چھوٹا سا گھر تھا۔۔۔۔جو آج کے دن ہی کھولا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ انکا بہت پرانا گھر تھا۔۔۔۔۔چاروں طرف مٹی اور سفید چادروں سے فرنیچر ڈھکا ہوا تھا۔۔۔

آج نورے اور نائلہ بھی رات کی فلائٹ کی لاہور آرہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسی لیے آلف اب ہوٹل سے گھر میں آگیا تھا۔۔۔۔۔

چابی سے گھر کھول کر وہ کچھ دیر تک بس اس گھر کو دیکھتا ہی رہ گیا تھا۔۔۔۔۔

وہاں لگی تصویریں سے اسے بہت کچھ یاد آگیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بہت سی یادوں نے اسے اپنے گھیراؤ میں لے لیا تھا۔۔۔۔۔۔لیکن ان سب یادوں پر پھر ایک ٹینشن نے گھر کر لیا۔۔۔اور وہ یہ تھی کہ اب وہ یہ پورا گھر کس طرح صاف کرے گا۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے شدت سے سیلین یاد آئی تھی۔۔۔۔۔۔گویا یہ تو وہ بھی جانتا تھا کہ اس سے کوئی کام کروانا کتنا مشکل تھا۔۔۔۔لیکن آلف نے پھر بھی اس سے کسی طرح کام کروا ہی لینا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھی وہ دروازہ بند کر کے کچھ دیر بس کھڑا ہی ہوا تھا۔۔۔اور سوچ ہی رہا تھا کہ کہاں سے شروع کرے کہ اتنے میں دروازے کی بیل بجی تھی۔۔۔۔۔

اتنا تو آلف بھی جانتا تھا کہ اس گھر کا چند لوگوں کے علاوہ کسی کو نہیں پتا۔۔۔۔۔

پھر اس نے آکر دروازہ کھول دیا تھا۔۔۔۔۔

سامنے بلیک ابائے میں تین خواتین کھڑی تھیں ۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آپ سب ؟۔۔۔ آلف نے انہیں دیکھ کر سوالیہ کہا تھا۔۔۔۔

اسلام و علیکم۔۔۔۔۔ قاری صاحب ہمیں وائٹ کمپنی کی طرف سے خاص طور پر یہاں بھیجا گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔

میرا نام مائسہ ہے۔۔۔ آپ بے فکر ہو جائیں یہاں کی صفائی یہ لڑکیاں کر دینگی۔۔۔۔۔۔مائسہ نے آلف کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

و علیکم اسلام وہ سب ٹھیک ہے بہن۔۔ لیکن یہاں کا آپ سب کو بتایا کس نے۔۔۔۔؟۔۔

آلف نے مزید سوال کیا تھا۔۔۔۔

آپکے اور میرے استادِ محترم نے۔۔۔ شام کے وقت انکا فون آیا تھا۔۔ انہوں نے ایڈریس بتایا اور ہمیں پریشانی بتائی۔۔۔۔۔ پھر یہ بچیاں تو آپکو سنتی بھی بہت ہیں۔۔۔۔ اسی لیے یہ دونوں دل سے آپکے گھر کی صفائی کرنے کے لیے راضی ہو گئی تھیں۔۔۔۔۔ تو میں انہیں اپنی سرپرستی میں یہاں لے آئی۔۔۔۔

پریشان ناہوں استادِ محترم کو علم ہو گا کہ آپ یہ گھر اکیلے صاف نہیں کر سکتے۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے مزید کہا تھا۔۔۔۔

اور اب آلف کو مطمئن کرنے میں وہ کامیاب ہو گئی تھی۔۔۔۔۔

آلف بھی نقاب پوش اس لڑکی کی باتوں سے کافی مطمئن ہوا تھا۔۔۔۔

مائسہ نے سب سے پہلے اپنے ہاتھ میں پکڑا آئی ڈی کارڈ آلف کو دکھایا تھا۔۔۔۔ جس سے اسے مزید اطمئنان ہوا تھا۔۔۔۔۔

کچھ ہی دیر میں وہ نائلہ اور نورے کو ایئر پوٹ سے لے کر اس گھر میں داخل ہوا تھا۔۔

پورا گھر بلکل بدل چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ان تینوں نے چند وقت میں ہی پورا گھر صاف کر دیا تھا۔۔۔۔۔

نائلہ اور نورے نے بھی اس گھر کو کافی غور سے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔ جبکہ نورے تو اس گھر میں پہلی بار آئی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مامایہ صفائی بھائی نے تو نہیں کی ہے پکا۔۔۔۔نورے نے نائلہ کے کان میں سرگوشی کی۔۔۔

جسے آلف نے سن لیا تھا۔۔۔

صحیح کہا میری بہن۔۔۔۔سامنے تمہاری تین بہنیں کھڑی ہیں۔۔۔انہوں نے کی ہے۔۔۔۔۔۔آلف نے سامنے باقی صفائی میں مصروف ان لڑکیوں کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔

نائلہ نے سوالیہ نظروں سے آلف کو دیکھا تھا۔۔۔

کمپنی کی طرف سے ماما۔۔۔۔۔۔۔آلف نے انہیں بتایا تھا۔۔۔۔۔

مائسہ نقاب میں تھی۔۔۔جبکہ باقی وہ دونوں بچیاں اسکارف میں تھیں۔۔۔جو پندرہ سال کی عمر کی تھیں۔۔۔۔

اسلام وعلیکم۔۔۔مائسہ نے ان دونوں کو سلام کیا تھا۔۔۔

وعلیکم اسلام بیٹا۔۔۔۔ماشاءاللہ بیٹا۔۔۔بہت ہی سگھڑ ہو۔۔۔پورے گھر کو چمکا دیا تم سب نے۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ مسکرادی تھی۔۔۔اسے اس قسم کے جملے کہ توقع نہیں تھی۔۔۔۔۔

جاؤ آلف۔۔۔سب کے لیے چائے بناؤ۔۔۔۔۔میں بھی بہت تھک گئی ہوں۔۔۔۔نائلہ نے آلف کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

جبکہ اس دوران وہ صوفے پر بیٹھ گئی تھیں۔۔۔۔اور مائسہ اور نورے نے ایک دوسرے کو سلام کیا تھا۔۔۔۔

چائے رہنے دیں آنٹی ۔۔اب ہم چلیں گے ۔۔۔۔۔ہم سب کو اپنے اپنے گھر جانا ہے ۔۔۔مائسہ نے بیٹھنے سے منع کیا تھا۔۔۔

ارے بیٹا بیٹھ جاؤ۔۔۔۔اور نقاب بھی ہٹا سکتی ہو۔۔۔۔۔۔۔نائلہ نے دوبارہ کہا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جس پر مائسہ بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔

مجھے نہیں پتا تھا کہ استاد معین شامی کے قاری صاحب گھر میں چائے بھی بناتے ہیں ۔۔۔۔۔۔مائسہ نے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

بناتے ہیں آپی۔۔۔چائے کیا کھانا اور ناشتہ بھی بنواتی ہیں امّی۔۔۔۔۔۔نورے نے مزے سے مائسہ کو بتایا تھا۔۔۔

ماشاءاللہ۔۔پھر تو بھائی کافی اچھی چائے بناتے ہونگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے مزید مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

جی بس ٹھیک ہی بناتے ہیں۔۔۔۔وہ تو میں زیادہ اچھی بناتی ہوں۔۔۔۔۔نورے نے چہک کر بولا تھا۔۔۔۔۔

ہاں کیونکہ نورے صرف چائے ہی بناتی ہے ۔۔۔۔۔۔اور کچھ نہیں آتا اسے ۔۔۔۔۔۔۔نائلہ نے ابکی بار آلف کی سائڈ لی تھی ۔۔۔۔۔

آپی قرأت۔۔۔۔وہاں بیٹھی دونوں بچیوں نے مائسہ کو مخاطب کیا تھا۔۔۔۔

مائسہ نے انکو دیکھ کر گردن ہلائی تھی۔۔

ارے بیٹا آنے دو آلف کو۔۔۔۔۔۔اپنی اتنی پیاری پیاری دو چھوٹی سی فینز کے لیے تو وہ ضرور سنائے گا قرأت

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نائلہ نے ان دونوں معصوم سی بچیوں کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

جی۔۔مائسہ اور نورے بھی مسکرا دیئے تھے۔۔۔۔

یہ امی بھی نا میری کسی بہن کے سامنے میری عزت نہیں رہنے دینگی۔۔۔۔۔آلف نے منہ ہی منہ میں کہا تھا۔۔۔۔

اور اب وہ نورے کو میسج کر رہا تھا۔۔۔۔

آکر چائے لے کر جاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔نورے نے باہر صوفے پر بیٹھے بیٹھے میسج پڑھا تھا۔۔۔۔۔

اور وہ مسکرا دی تھی۔۔۔۔۔اور کچن کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ابھی سیلین ہوتی تو اسے آملیٹ بنا کر خود کھلا بھی رہے ہوتے آپ ہیں نا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟۔نورے دونوں ہاتھ کمر پر باندھے آلف سے پوچھ رہی تھی۔۔۔

زیادہ بولو مت۔۔اور یہ چائے لے کر چلو۔۔۔میرے ساتھ ۔۔۔۔۔آلف نے چائے کی ٹرے اسے تھمائی تھی۔۔۔۔۔۔

کیا خوشبو آرہی ہے۔۔بھائی۔۔۔۔۔۔نورے نے لمبی سانس اندر کھینچتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

چلو۔۔۔۔آلف نے اسکی ڈرامے بازی کو اگنور کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں چلیں۔۔۔ابھی تو آپ نے قرأت بھی سنانی ہو گی۔۔۔اپنی بہنوں کو۔۔۔۔۔۔۔نورے منہ ہی منہ میں بڑبڑائی تھی۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤💛

اس بڑے سے کمرے میں ہلکی روشنی تھی۔۔۔۔۔اور وہ زمین پر وہ صندوق کھولے بیٹھی تھی۔۔۔۔

آج ہی اس نے چابی بنوالی تھی۔۔۔۔۔اور اب وہ اس صندوق کو کھول چکی تھی۔۔۔۔۔

لیکن ابھی اسکی آنکھیں بند تھیں۔۔۔۔اسنے انہیں کھولا نہیں تھا۔۔۔۔۔

پھر آہستہ آہستہ اسنے اپنی آنکھیں کھولی تھیں۔۔۔۔

اس چھوٹے سے صندوق کے اندر اسے کچھ تصویروں اور کاغذات کے لفافے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں دکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

رابعہ نے اپنے ہاتھوں سے ان تصویروں اور کاغذات کو باہر نکالا تھا۔۔۔۔۔۔

وہاں موجود ایک تصویر میں اسے زینت اور سکندر علی نظر آرہے تھے۔۔۔وہ انکی شادی کی تصویر تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ان کاغذات میں سے ایک کاغذ زینت اور سکندر علی کے نکاح کا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسنے اس تصویر کو اپنی آنکھوں سے لگایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مگر اب وہ اگلی تصویر کو دیکھ رہی تھی۔۔۔وہ تصویر سکندر علی اور رابعہ کی تھی۔۔۔جس میں چھے سال کی رابعہ سکندر کی گود میں بیٹھی تھی۔۔۔اور دانت نکال کر ہنس رہی ہے۔۔

رابعہ کے آنکھوں میں پانی آگیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

مگر اب وہ اگلی تصویر کی طرف بڑھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے خود کو پہچان لیا تھا۔۔۔۔مگر وہ اپنے برابر میں بیٹھے اس بچے کو پہچان نہیں پائی تھی۔۔۔جو اس سے بڑا تھا۔۔۔اور اسکے برابر میں بیٹھا تھا۔۔۔۔۔

آنکھوں نے اس تصویر پر زور دیا تھا۔۔۔۔

پھر اسنے بچے ہوئے کاغذات پر بھی نظر ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔مگر جو کچھ اسکے سامنے تھا اسے اس میں سے کچھ بھی سمجھ نہیں آ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اسے زینت کا خیال آیا تھا۔۔۔۔

پھر وہ اک دم سے اٹھتی ہوئی زینت کے کمرے کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کاغذات اسکے ہاتھوں میں تھے۔۔۔۔تصویریں بھی وہ اسی ہاتھ میں پکڑی ہوئی تھی۔۔۔۔

آج اس نے سارے جواب لینے کا سوچ لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ جو ہاتھ میں وہ کاغذات اور تصاویر لے کر چلنا شروع ہوئی تھی۔۔۔وہ زینت کو تلاش کرتی انکے کمرے تک پہنچ کر رکی تھی۔۔۔۔۔

اور اسکی نظر زینت پر پڑی تھی۔۔۔جو کپڑے تہہ کر کے الماری میں رکھ رہی تھیں۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زینت نے رابعہ کے اچانک آنے پر اسے بغور دیکھا تھا۔۔۔۔ آنکھوں میں نمی تھی۔۔۔ چہرے پر سوالات تھے۔۔۔۔۔۔۔اور وہ اپنے دونوں ہاتھوں میں کچھ پکڑی ہوئی تھی۔۔۔

انہیں صحیح مانوں میں طوفان آتا دکھائی دیا تھا۔۔۔۔۔۔

مجھے اسکا جواب دیں امی۔۔۔۔رابعہ نے تیز آواز میں کہتے ہوئے وہ تصویریں رابعہ کے سامنے بیڈ پر ڈال دی تھیں۔۔۔۔۔۔

انہوں نے ایک نظر ان بیڈ پر پڑی تصاویر پر ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جو رابعہ کے پھینکنے سے بکھر گئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔کاغذات ابھی بھی اسکے ہاتھ میں تھے۔۔۔۔

زینت اپنی اور سکندر کی تصویر تو پہچانتی تھیں۔۔۔۔ مگر وہ جانتی تھی کہ رابعہ کس تصویر کا پوچھے گی۔۔۔

یہ۔۔۔۔یہ کون ہے امی۔۔۔یہ میرے ساتھ کون بیٹھا ہے۔۔۔۔۔۔

رابعہ اب بیڈ سے اپنی اس تصویر کو اٹھا کر زینت سے پوچھ رہی تھی۔۔۔۔

کس نے دیا ہے تمہیں یہ سب۔۔۔۔؟۔؟؟۔کہاں سے ملی یہ تصویر۔۔۔۔۔؟۔۔۔زینت نے الٹا اس سے سوال کیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ میرے سوال کا جواب نہیں ہے۔۔۔!!!۔۔۔رابعہ نے انکی طرف دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

تم نے تو کہا تمہیں سکندر نہیں ملے ماسکو میں۔۔۔۔۔تو پھر یہ تصویر تمہیں کس نے دی رابعہ۔۔۔؟؟۔۔۔زینت اب اس سے زیادہ سخت لہجے میں بولی تھیں۔۔۔۔

مجھے بابا نہیں ملے۔۔!!!!۔۔۔۔۔رابعہ نے انہیں سچ بتایا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہی تو میں پوچھ رہی ہوں۔۔۔کہ اگر تمہیں سکندر نہیں ملے۔۔۔تو تمہارے ہاتھ میں یہ تصویریں کہاں سے آئی ہیں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یہ تصویریں بابا کے پاس تھیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟۔وہ اب شل ہوتے دماغ سے بولی تھی۔۔۔

یہ تصاویر تمہارے بابا کے علاوہ اور کسی کے پاس نہیں تھیں رابعہ۔۔۔۔۔۔۔تم مجھ سے جھوٹ کیوں بول رہی ہو ۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟؟؟

۔۔زینت نے اب پریشانی سے اس سے سوال کیا تھا۔۔

امی۔۔۔مجھے میرے سوال کا جواب دیں۔۔۔۔۔۔رابعہ نے ان سے دوبارہ اس تصویر کی جانب نشاندہی کرتے ہوئے پوچھا تھا ۔۔۔۔۔۔

یہ کاغذ دیکھیں۔۔۔۔یہ نکاح کے پیپر ہیں ان میں میرا نام کیوں لکھا ہے۔۔۔۔؟؟؟۔رابعہ نے وہ کاغذ انکو دکھایا تھا۔۔۔۔۔

جس میں نکاح کے سائن اور اسکا تمام کام مکمل تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔رابعہ سکندر علی بھی لکھا تھا۔۔۔۔۔

زینت نے وہ کاغذ ہاتھ میں لیا تھا۔۔۔۔۔وہاں لڑکے کے نام کے آگے کا سب کچھ مٹ گیا تھا۔۔۔۔۔پرانا ہونے کی وجہ سے وہ قلم کی سیاہی سے مکمل دھندلا گیا تھا۔۔۔۔

انکی نظر سائن والی جگہ پر گئی تھی۔۔۔۔جہاں رابعہ کا انگوٹھا لگا ہوا تھا۔۔۔

پل میں انہیں ساری بات سمجھ آگئی تھی۔۔۔۔۔

انہوں نے ایک نظر رابعہ پر ڈالی تھی۔۔۔۔۔

یہ سچ ہے رابعہ۔۔۔۔انہوں نے اسکی جانب نظر کر کے کہا تھا۔۔۔۔

کیا سچ ہے۔۔۔؟۔۔رابعہ نے جھنجھلا کر پوچھا تھا۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ نکاح یہ سچ ہے۔۔۔۔تمہارا نکاح ہوا تھا۔۔۔۔۔زینت بول رہی تھیں۔۔اور وہ اپنا دماغ سن ہوتا محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔

یہ کوئی مزاق ہے۔۔۔کوئی کھیل ہے کہ آپ کہہ رہی ہیں کہ میرا نکاح ہوا تھا۔۔۔۔!!!!۔۔۔

وہ شدید غصے میں بولی تھی۔۔۔۔۔

کِس سے امی۔ یییییییییی؟؟؟؟اس نے مزید ایک سوال کا اضافہ کیا۔۔۔

اس لڑکے سے۔۔۔۔۔یہی ہے وہ۔۔۔۔۔زینت نے اس تصویر میں بیٹھے اس لڑکے کی جانب اشارہ کیا تھا۔۔۔۔۔جو دکھنے میں رابعہ سے چار سال بڑا تھا۔۔۔

رابعہ نے اب اس لڑکے کی جانب نظر کی تھی۔۔۔۔۔۔اسے کچھ بھی سمجھ نہیں آرہا تھا۔۔۔۔

آپ نے مجھ سے یہ بات کیسے چھپائی۔۔۔۔؟؟اب وہ سوالیہ نظروں سے پوچھ رہی تھی۔۔

!!!میں چھپاؤ نگی۔۔۔۔مجھے تو خود نہیں پتا تھا کہ اس دن سکندر تمہارا نکاح کروانے لے کر جا رہے ہیں تمہیں۔۔۔۔۔۔

انہوں نے حقیقت بتائی تھی۔۔۔

مجھے سب بتائیں۔۔۔۔ایک ایک بات بتائیں ابھی اسی وقت۔۔۔۔۔۔وہ اب ان سے پوچھ رہی تھی۔۔۔

رابعہ۔۔۔تمہارے اور میرے بابا کے بیچ کی دیوار تارا بیگم تھیں۔۔۔سکندر نے مجھے کالج میں ہی پسند کر لیا تھا۔۔۔۔۔انکے لاکھ خلاف ہونے کے باوجود میں نے سکندر سے شادی کی۔۔۔۔میرا خیال تھا کے شادی کے بعد تو تارا بیگم کا غصہ پر سکون ہو جائے گا ۔۔۔۔مگر ایسا نہیں ہوا۔۔۔۔۔۔ان دنوں سکندر ایک ایجنسی میں تھے۔۔۔۔۔وہ ہر طرح سے میرا خیال تو رکھ سکتے تھے۔لیکن میرے ساتھ نہیں رہ سکتے تھے۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسی لیے مجھے تاراامی کے پاس ہی رہنا پڑا۔۔۔۔۔ سکندر ہر مہینے مجھے دیکھنے آجاتے تھے۔۔۔۔۔میں خوش تھی۔۔۔کیونکہ ہم دونوں دور ہو کر بھی ساتھ ہوتے تھے۔۔۔۔۔۔۔پھر مجھے تمہاری خوش خبری ملی۔۔۔۔تب سکندر آئے ۔۔۔۔مگر تارا بیگم نے انہیں اندر نہیں آنے دیا۔۔۔یہ کہلوادیا کہ میں یہاں ہوں ہی نہیں۔۔۔۔

اس طرح کے بہت سی کوششیں کیں کہ کسی طرح ہم دونوں الگ ہو جائیں۔۔۔۔

پھر میں ایک دفعہ اس کوٹھی سے بھاگ گئی۔وہ دو سال ہماری زندگی کے بہت حسین گزرے۔۔وہ مکمل میرے ساتھ ہوتے تھے ۔۔۔تارا بیگم اور اس کوٹھی کو میں بھول گئی تھی۔۔۔۔۔

مگر جب تم 7 سال کی تھیں۔۔۔۔۔جب تمہیں یاداشت کا مسئلہ بنا۔۔۔۔۔۔تم ہر دو مہینے کے بعد سب کچھ بھول جاتی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

زینت کی اس بات پر رابعہ چوک گئی تھی۔۔۔۔۔۔

ڈاکٹرز نے دماغ کی سرجری کا کہا تھا۔۔۔۔۔۔سکندر نے اپنی تمام تر کمائی تم پر لگادی تھی۔۔۔۔ہمیں مزید پیسوں کی ضرورت تھی ۔۔۔۔۔تب یہ لڑکا اپنے والد کے ساتھ ہمارے گھر ٹھہرہ تھا۔۔۔۔۔

اسکے والد نے تمہیں اپنی بیٹی سمجھا۔۔۔بہت پیار کیا۔۔وہ تمہاری بہت پروہ کرتے تھے۔۔۔۔۔۔پھر انہوں نے تمہارے علاج پر پانی کی طرح پیسہ بہایا۔۔۔۔ان دنوں سے پہلے جب ہم مایوس تھے۔۔۔۔تب مجھ سے ایک غلطی ہوئی تھی۔۔۔۔۔میں تارا بیگم کی دہلیز پر جا کھڑی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

میں نے ان سے پیسوں کا مطالبہ کیا۔۔۔۔ماں کے سینے سے لگ کر روتے روتے اپنا گھر کا پتہ سب کچھ انہیں بتا آئی۔۔۔۔

پھر وہ دن آیا جب سب کچھ تباہ ہو گیا۔۔۔

کیا ہوا تھا اس دن۔۔؟۔۔رابعہ نے انکے خاموش ہوتے ہی پوچھا تھا۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سکندر علی,وہ لڑکا اور اسکے والد تھے۔۔۔ , اس دن تارا بیگم نے مجھے اپنے پاس بلوالیا تھا۔۔۔۔۔۔تب میرے گھر میں تم

اس دن وہاں تمہارا نکاح ہوا۔۔۔۔۔زینت نے بتایا تھا۔۔۔

رابعہ نے پھر سے انہیں دیکھا تھا۔۔

اور اسی دن تارا بیگم نے وہاں سب کو مروانے کے لیے اپنے لوگ بھیجے۔۔۔۔۔ مگر کہتے ہیں جسے رب رکھے اسے کون

چکھے۔۔۔۔۔۔

پھر میں یہاں کیسے پہنچی۔۔۔اور بابا وہ آپ کی مدد کو کیوں نہیں آئے ۔۔۔۔؟۔۔رابعہ نے ذہن میں آنے والے سوال کیے

تھے ۔۔۔۔۔

تمہارے بابا نے کچھ دن بعد تمہیں میرے پاس پہنچا دیا تھا۔۔۔ مگر وہ خود نہیں آئے تھے۔۔۔۔۔

انکا ایک میسج تھا جو ان نون نمبر سے آیا تھا۔۔۔۔۔۔

آج بھی سنبھال کر رکھا ہے میں نے اس میسج کو لیپ ٹاپ میں۔۔۔۔انہوں نے رابعہ کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

کیا یہ وہ میسج ہے۔۔۔۔۔رابعہ نے اپنے ہاتھوں میں پکڑے کاغذ میں سے ایک پرنٹ آؤٹ باہر نکالا تھا۔۔۔۔

پھر وہ اسے بلند آواز سے پڑھنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔

میری پیاری زینت۔۔۔مبارک ہو ہماری لاڈلی رابعہ کی سرجری بلکل ٹھیک ہوئی ہے۔۔۔۔اب کبھی وہ کچھ نہیں بھولے گی۔۔اب

اسکی ساری یادیں اسکے ذہن میں محفوظ رہیں گی۔۔۔۔۔۔ تمہیں ایک بات سے آگاہ کر رہا ہوں۔۔۔۔تمہاری ماں نے ہم سب کو

جان سے مارنے کی کوشش کی۔۔۔۔لیکن تم تو اپنے سکندر کو جانتی ہو۔۔۔۔۔۔موت آسان نہیں میرے لیے۔۔۔۔۔۔

اپنی جان سے پیاری بیٹی کا نکاح فیضان کے بیٹے آلف سے کر دیا ہے۔۔۔۔۔میری گڑیا کو اسکا صحیح حقدار بچپن میں ہی مل گیا۔۔۔۔۔

یہاں پڑھتے پڑھتے رابعہ کی زبان لڑکھڑا گئی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔اسکی عزت کی حفاظت اب میرے علاوہ آلف کی بھی زمہ داری ہو گئی ہے۔۔۔اس پر پورا بھروسہ ہے مجھے۔۔۔ہماری رابعہ کو آلف ہی خوش رکھ سکتا ہے۔۔۔۔۔لیکن شاید رابعہ کو یہ سب یاد نا رہے۔۔۔شاید وہ سب بھول جائے ۔۔۔۔۔اسے یاد کروانا پیاری صرف تمہاری زمہ داری ہے۔۔۔میری بیٹی کو میرا ڈھیر سارا پیار دینا۔۔۔۔۔میں جلد آؤنگا۔۔اور سب کچھ ٹھیک کر دوں گا۔۔۔فلحال خدا حافظ۔۔۔۔

رابعہ کے ہاتھ میں انکے بھیجے ہوئے میسج کا پرنٹ آؤٹ تھا۔۔۔۔اور وہ بار بار آلف کے نام کو پڑھ رہی تھی ۔۔۔۔اسکی نظریں اس نام پر ٹھہر گئ تھیں ۔۔۔

ہاں۔۔آلف نام تھا اس لڑکے کا۔۔۔۔۔فیضان بھائی کا بیٹا۔۔۔۔۔۔اس سے ہوا تھا تمہارا نکاح۔۔۔خدا جانے وہ کہاں ہو ۔۔۔وہ بھی تو اس وقت بچہ تھا۔۔۔میری سمجھ نہیں آتی تمہارے باپ نے آخر ایسا کیا ہی کیوں تھا۔۔۔

زینت بول رہی تھی۔۔۔مگر رابعہ شاید ہی انکی بات کو سن رہی تھی۔۔۔اسکی تمام تر توجہ تو اس نکاح کے پیپر پر چلی گئ تھی۔۔

جس میں رابعہ کا ننھا سا انگوٹھا نکاح کے سائن کی جگہ پر لگا ہوا تھا۔۔۔۔

جبکہ آلف کا سائن تھا۔۔۔۔جس میں اسنے بڑا سا اردو میں آلف لکھا ہوا تھا۔۔۔۔۔حیرت تھی کہ رابعہ اس سائن کو اب سمجھ پائی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ بنا تاثر کے بس بیٹھی اس نکاح کے پیپر کو گھور رہی تھی۔۔

پھر وہ اٹھ کر اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئ تھی۔۔۔۔

کمرے میں داخل ہوتے ہی اسے اپنا فون بجنے کی آواز آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اسنے پیپر کو رکھ کر اس فون کو دیکھا تھا۔۔۔۔

پھر اگلے ہی لمحے وہ فون کاٹ چکی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

فون کاٹ کر اب وہ بیڈ پر بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔

آنکھوں میں خاموشی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔نا بھیگ رہی تھیں۔۔اور نا چھک رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

پیپر پھر سے اسکے ہاتھوں میں تھا۔۔۔۔۔۔۔

فون پھر سے بجنا شروع ہوا۔۔۔۔۔

مگر وہ اس فون کو اگنور کۓ بیٹھی تھی ۔۔۔۔

پھر ہاتھ بڑھا کر وہ فون کاٹ چکی تھی۔۔۔۔

پھر ایک میسج ٹون کی آواز آئی تھی۔۔۔۔

جس پر اس نے فون کی سکرین کی طرف جھانکا تھا۔۔۔۔۔۔فون سائڈ ٹیبل پر رکھا تھا۔۔۔۔۔۔

آنکھوں میں چڑ آئی تھی۔۔۔۔اسنے آنکھیں دوسری طرف گھمائی تھیں۔۔۔۔۔۔

پھر کسی خیال سے ہاتھ بڑھا کر وہ میسج پڑھنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔

❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔۔۔

"اَلسَلامُ عَلَیکُم احباب۔۔۔۔

"ناولز کی دنیا" کے ناولز میں خوش آمدید ۔۔۔۔

ناولز کی دنیا" ویب سائیٹ /گروپ / پیج دے رہا ہے تمام لکھاریوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم جہاں آپ اپنی خدا داد صلاحیتوں کو اپنے قلم سے تحریر کر کے اپنا اور اپنے ملک کا نام روشن کرسکتے ہیں ۔۔۔ اگر آپ کو بھی اللہ کی طرف سے یہ صلاحیت دی گئی ہے تو اسے اجاگر ضرور کریں ۔۔۔ ہمیں آپ جیسے ہی لکھاریوں کی تلاش اور ضرورت ہے ۔۔۔

اگر آپ ہمارے بلاگز پر اپنا ناول، ناولٹ،افسانہ،کالم،آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ہم سے رابطہ کریں ۔۔ اپنی تحریر اردو میں ٹائیپ کرکے ہمیں بھیجیں۔ جتنا جلدی ہوسکا آپکی تحریر پوسٹ ہوجائے گی ۔۔۔

مزید تفصیلات یا کسی بھی طرح کی مدد کے لیئے ہم سے گروپ یا پیج انباکس میں رابطہ کریں یا ای میل پر ہم سے رابطہ کرسکتے ہیں۔۔

Email address :- Novelskiduniya77@gmail.com

Facebook page :- Novels ki duniya

(user name @zoyatalib77) Facebook group :- Novels ki duniya

(پر خیال رہے کہ یہ گروپ زویا طالب کا ہی ہو)

اور باقی کے رابطے کے لیئے ہر پیج کے نیچے

"novels ki duniya "

اور

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

لکھا ہے ان دونوں کو وزٹ کرنے کے لیئے لکھے ہوئے پر ہی کلک کریں اور اوپن کرلیں ۔۔۔

شکریہ۔۔۔۔۔

مائسہ اب نائلہ اور نورے سے رخصت لے کر بس نکل رہی تھی۔۔۔

ارے بیٹی جاؤ گی کیسے۔۔۔ آلف چھوڑ دے گا آپ سب کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔نائلہ نے اسے اٹھتے ہوئے دیکھ کر کہا تھا ۔۔

نہیں آنٹی۔۔بہت شکریہ۔۔۔۔ گاڑی لے کر آئی تھی میں۔۔۔۔۔مائسہ نے انکی طرف دیکھ کر مسکرا کے کہا تھا۔۔

اوو۔۔ آپی آپکو ڈرائونگ بھی آتی ہے۔۔۔؟؟۔۔نورے نے کچھ حیرانی اور کچھ رشک سے کہا تھا۔۔۔۔

جی نورے ابھی سیکھ رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔ گاڑی لرننگ پر ہے۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے اسے بتایا تھا۔۔

آپی بس پھر تو میں آپ سے ہی گاڑی سیکھوں گی۔۔۔پکّا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیونکہ آلف بھائی تو شاید ہی مجھے سکھائیں گے کچھ

۔۔۔۔۔۔

نورے نے فون میں مصروف آلف کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ آلف نے اسکی بات سنی ان سنی کی تھی۔۔۔۔۔۔

نورے جب اٹھارہ کی ہو جاؤ گی تب سکھا دونگی۔۔۔۔مائسہ نے کہا تھا۔۔

چلیں میں آپکو باہر تک چھوڑ دوں۔۔۔۔نورے اٹھ کر ان تینوں کے ساتھ باہر کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔

لو بھئی نورے کو تو لاہور میں اپنی نئی دوست مل گئی۔۔۔اچھا ہے میری بچی کا دل لگ جائے گا۔۔۔۔۔۔نائلہ نے آلف کو مخاطب کر

کے کہا تھا۔۔۔۔۔

جی۔۔۔ آلف نے بھی سرسری سا جواب دیا تھا۔۔۔۔اور پھر وہ چابی لے کر خود بھی باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مائسہ گاڑی میں ان دونوں بچیوں کو چھوڑ کر اب تارا بیگم کی کوٹھی کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔

اس نے گاڑی کی اسپیڈ سلو کر کے موبائل میں وقت دیکھا تھا۔۔۔۔رات کے گیارہ بج رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر اس نے کسی کو کال ملا کر فون ڈیش بورڈ پر رکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم گل بانو۔۔۔۔۔مائسہ نے فون پر کال اٹھانے کا سائن دیکھ کر کہا تھا۔۔

مائسہ پہنچ گئی تھیں۔۔ سر آلف کے گھر۔۔۔۔ گل بانو نے پوچھا تھا۔۔۔۔مقابل نے دھیمی باریک سی آواز آئی تھی۔۔

ہاں پہنچ گئی تھی۔۔۔اور اب بس گھر کی جانب جا رہی ہوں۔۔۔۔۔۔تم بتاؤ مجھے کال کیوں کی تھی۔۔۔؟۔۔۔۔مائسہ نے سامنے روڈ کی جانب نظریں رکھ کر پوچھا تھا۔۔۔

ہاتھ اسٹیرنگ ویل پر تھے۔۔۔۔۔۔

ایک پیغام آیا ہے استادِ محترم کی طرف سے۔۔۔۔۔ہم تین لڑکیوں کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔گل بانو نے کہا تھا۔۔۔

کیسا پیغام۔۔۔۔۔؟۔۔مائسہ نے ناسمجھی سے کہا تھا۔۔

ایک پلان کے تحت استادِ محترم نے کہا ہے کہ تین خواتین جن کو گھر کی طرف سے اجازت مل جائے انہیں کراچی جانا ہو گا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

گل بانو نے بتایا تھا۔۔۔۔

کراچی کے نام پر مائسہ کے ذہن میں اچانک سے ڈھیر ساری سوچیں آگئی تھیں۔۔۔۔۔

۔اسنے گاڑی سائڈ پر روک دی تھی۔۔۔۔۔۔

اور فون ہاتھ میں اٹھا لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کراچی کس لیے۔۔۔؟۔۔۔اس نے گل بانو سے پوچھا تھا۔۔۔

استاد معین شامی نے بتایا کہ کمپنی کے پلان کی طرف سے وہاں لاہور سے بھی سنگین ایک اٹیک ہونے والا ہے۔۔۔۔۔۔اور اسی کو روکنے کے لیے وہ اپنی ٹیم وہاں بھیجنا چاہ رہے ہیں۔۔۔۔۔۔

۔۔

گل بانو نے تفصیل سے بتایا تھا۔۔۔۔۔

گل۔۔۔۔۔میں بات کرونگی گھر پر۔۔۔۔اگر اجازت مل گئی تو بتادونگی۔۔۔ورنہ کسی اور کو لے لینا۔۔۔۔۔

مائسہ نے سوچ کر کہا تھا۔۔۔۔

ابھی اس نے اپنی تنظیم کی کسی لڑکی کو نا اپنے گھر کا بتایا تھا۔۔۔اور نا یہ بتایا تھا کہ اسکا اس دنیا میں کوئی نہیں۔۔۔۔۔۔اور وہ یہاں ایک کوٹھے پر رہتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں مائسہ۔۔۔۔۔۔استادِ محترم نے میرا اور تمہارا نام خاص طور پر لیا ہے۔۔۔ہمیں تو جانا ہی ہو گا۔۔۔۔۔۔

گل بانو نے بتایا تھا۔۔۔۔۔

اچھا۔۔۔لیکن پھر بھی میں کل ہی بتاؤنگی۔۔۔۔مائسہ نے ٹال دیا تھا۔۔۔۔

اللہ حافظ۔۔۔۔۔مائسہ نے سوچ سے بھرے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

اور اب وہ فون رکھ چکی تھی۔۔۔۔

وہاں سے گاڑی آگے بڑھاتے وقت مائسہ نے کسی گاڑی میں ایک شخص کو دیکھا تھا۔۔۔

بلاساختہ اسکی نظر دوبارہ اس طرف گئی تھی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بلاشبہ وہ زیام ہی تھا۔۔۔وہ دوسری بار اپنے سامنے زیام کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

اسکے دیکھتے دیکھتے زیام اس سے تھوڑا فاصلے پر ایک میڈیکل اسٹور پر رکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور اب وہ اپنی گاڑی سے اتر کر میڈیکل اسٹور سے کچھ خرید رہا تھا۔۔۔۔۔

سفید ڈھیلا سا کرتا اور سفید شلوار میں ملبوس تھا۔۔۔۔وہی داڑھی تھی۔۔۔چہرے پر وہی سنجیدگی تھی۔۔۔۔۔۔شاید ہی مائسہ نے اسے کبھی مسکراتے دیکھا تھا۔۔۔

اب وہ گاڑی روکے اسے مکمل توجہ سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر میڈیکل اسٹور پر ٹھہر کر وہ گاڑی میں بیٹھ کر روانہ ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

مائسہ نے اپنے کمرے میں پہنچ کر ابایا اتارا تھا۔۔۔دونوں ہاتھ تھکن کے مارے اسکے چہرے پر پھیل گ ئے تھے ۔۔۔۔

اب اسکی آنکھیں رابعہ کو تلاش کر رہی تھیں۔۔۔۔

نیچے کارپیٹ پر وہ صندوق کھلا پڑا تھا۔۔۔۔

تو رابعہ نے آخر یہ صندوق کھول لیا۔۔۔۔۔مائسہ نے خود سے مخاطب ہو کر کہا۔۔۔

اس صندوق کے علاوہ اسے وہاں موجود چند تصویریں نظر آئی تھیں۔۔۔۔۔

ان پر اس نے سرسری سی نظر ڈالی۔۔۔اور وہ واشروم کی جانب فریش ہونے چلی گئی تھی۔۔۔

واپس آکر بے ترتیب چیزوں کو ترتیب دیتے ہوئے اسکی ان تصویروں پر دوبارہ نظر گئی تھی۔۔۔

سب سے پہلی تصویر کو اس نے کہیں دیکھا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب وہ ہاتھ بڑھا کر ان تصویروں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ تصویریں وہ آج ہی اس گھر میں دیکھ کر آئی تھی۔۔۔۔

آلف بھائی کے گھر میں یہ تصویریں فریم کیوں تھیں۔۔۔؟۔۔اسنے خود سے سوال کیا تھا۔۔

رابعہ کا آلف بھائی سے کیا تعلق ؟۔۔اسکے ذہن میں سوالات آئے تھے ۔۔۔

پھر وہ سر جھٹک کر ان تصویروں کو رکھ چکی تھی۔۔۔۔۔

سوچوں کے دھاگے چاہے کتنے ہی کس کے باندھ دیے جائیں۔۔۔۔اس وقت ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔۔جب آنکھیں بند کرنے کا وقت ہوتا ہے۔۔۔

وہ لیٹ کر سونے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔اور ذہن زیام زیام کی صدا لگا رہا تھا۔۔۔

حالانکہ وہ سوچوں پر قابو کرنا جانتی تھی۔۔۔۔۔ مگر آج وہ بے قابو تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسنے یاد کیا تھا۔۔۔۔

۔

جب اسکے روانہ ہوتے ہی وہ میڈیکل اسٹور کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔

۔

بھائی۔۔یہ جو ابھی گ ئے ہیں ۔۔کون سی دوائی لے کر گ ئے ہیں یہاں سے ۔۔۔۔۔وہ میڈیکل اسٹور پر موجود ایک لڑکے سے پوچھ رہی تھی۔۔۔

یہ جو ابھی گ ئے ہیں ۔۔۔وہ اپنے سامنے موجود مکمل ابائے میں اس لڑکی کے سوال پر عجیب طرح سے بولا تھا۔۔

جی۔۔وہی۔۔۔مائسہ نے دوبارہ کہا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ تو سر درد کی گولی لے کر گ ئے ہیں ۔۔۔۔۔اکثر لے کر جاتے ہیں۔۔۔۔اس لڑکے نے مکمل بتایا تھا ۔۔

تو آخر زیام کو سر درد کی سوا کی ضرورت پڑ ہی گئی۔۔۔۔۔۔کیوں بھلا۔۔۔اسکی زندگی میں کیا پریشانیاں آ گئیں جو خود ہی ایک پریشانی ہے دوسروں کے لیے۔۔۔

ضرور یہ داڑھی بڑھانا۔۔۔اور یہ صوفی لباس پہنا۔۔۔۔۔خود کو اچھا دکھانا۔۔۔۔سب کسی ن ئے گیم کا حصہ ہو گا۔۔۔۔۔

پھر کسی معصوم کی زندگی برباد کرنے پلان بنا رہا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔

آخر یہ شخص کس انجام کو پہنچے گا۔۔۔۔؟؟اس نے ہاتھ بائیں آنکھ پر رکھے آنکھیں بند ک ئے سوچا تھا۔۔۔۔۔

ایک رنگ جسے سب محبت کہتے ہیں۔۔۔اس ایک رنگ کے بھی تو کئی رنگ ہیں۔۔۔۔۔۔۔

جیسے وہ سب کچھ کر کے بھی محبت کو نا ختم کر پائی تھی۔۔اور نا نفرت میں بدل پائی تھی۔۔۔۔

شہر لاہور میں اس وقت بارش کا موسم تھا۔۔۔بادل آسمان پر چاروں طرف پھیلے ہوئے تھے۔۔۔۔

چاند کی چاندنی بادلوں کے گھیراؤ میں کہیں چھپ کر رہ گئی تھی۔۔۔۔

وہ اس وقت تیز تیز قدم بڑھاتی لاہور کی لمبی کھلی سڑک پر چل رہی تھی۔۔۔۔۔

اسکارف سر پر ایسی ہی لپیٹا ہوا تھا۔۔۔۔۔لمبا سا کوٹ اور موٹے جوتے پہنے وہ تیز تیز چل رہی تھی۔۔۔۔

چہرہ ضبط آزماں تھا۔۔۔۔آنکھیں بہہ رہی تھیں۔۔۔۔جسے وقفے وقفے سے وہ اپنے دونوں ہاتھوں سے صاف کر رہی تھی

وہاں رات کے وقت سب اس جزباتی لڑکی کو عجیب نظروں سے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مگر وہ سیدھے سیدھے لمبے سے روڈ پر بس چلتی چلی جا رہی تھی۔۔۔۔

او۔۔۔ہو۔ووو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بائیکوں پر گزرتے ہوئے لڑکوں نے زور زور سے آوازیں لگائی تھیں۔۔۔۔

وہ روڈ پر رابعہ کی طرف سے گزرے تھے۔۔۔۔

وہ جو روتے ہوئے اپنے ہاتھوں سے اپنا چہرہ صاف کر رہی تھی۔۔۔۔اسنے بھیگی آنکھوں سے پلٹ کر ان بدمعاشوں کو دیکھا تھا۔۔۔

پھر سر جھٹک کر مزید رونی صورت بنا کر سیدھا اسی انداز میں چلنے لگی۔۔۔۔

پیچھے بائک کی تیزی سے بریک کی آواز سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔ناصرف بریک کی آواز آئی تھی۔بلکہ ساتھ شور کی بھی آواز تھی۔۔۔۔جیسے بائک زمین سے جا لگی ہو۔۔

رابعہ نے نا چاہتے ہوئے بھی پیچھے مڑ کر دیکھا تھا۔۔۔

وہ دو بائیکوں پر سوار چار لڑکے تھے۔اور اس وقت زمین بوس ہوئے پڑے تھے ۔۔۔۔۔

اک پل کو وہ ٹھہر کر آنسوں روکے انہیں دیکھنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بہت اچھا ہوا۔۔۔اسکے منہ سے بلا ساختہ نکلا تھا۔۔۔۔۔

بھیگی آنکھوں کے ساتھ وہ آس پاس کے چند لوگوں کو ان چاروں کی طرف بڑھتا دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

ان میں سے وہ سب کے سب ہی زخمی تھے۔

جب اسکی آنکھوں کے سامنے وہ چہرہ آیا تھا۔۔۔جسکی وجہ سے وہ روئی تھی۔۔۔۔

وہ اس سے کافی فاصلے پر کھڑا سنجیدگی سے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جبکہ وہ بھیگی آنکھوں سے بھی اسے پہچان گئی تھی۔۔۔۔

مگر اب وہ اسکے یہاں موجود ہونے پر حیران نہیں ہوئی تھی۔۔۔

اسنے غصے میں پلٹ کر مزید تیزی سے چلنا شروع کر دیا تھا۔۔۔۔۔

ٹھنڈی ہوا اسکے آنسوؤں کو سکھا رہی تھی۔۔۔

بالوں کے جوڑے سے نکلتی لٹوں کو ہلا رہی تھی۔۔۔۔۔۔ جبکہ اسکا کوٹ اور اسکارف سر پر اپنی جگہ ٹکا تھا۔۔۔۔

آس پاس آبادی نہیں تھی۔۔۔ جنگلی جھاڑیاں تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر یوں ہی چلتے چلتے اس نے سر کو پیچھے گھما کر دیکھا تھا۔۔۔

وہ اس تماشے سے بہت دور آ گئی تھی۔۔۔۔ مگر اسے اپنے پیچھے کوئی بھی نا دکھا تھا۔۔۔۔

آگے پلٹنے پر وہ چوکی تھی۔۔۔

وہ اسکے بلکل سامنے کھڑا تھا۔۔۔ وہی لمبی پلکیں اور گہری آنکھیں لیے۔۔۔۔ چہرہ بلکل نہیں بدلہ تھا۔۔۔ اور نا اسکے دیکھنے کا ڈھنگ بدلہ تھا۔۔۔

اگر کچھ بدل گیا تھا تو اب ان دونوں کا رشتہ تھا۔۔۔۔۔۔

وہ چپ چاپ بس اسکے سامنے کھڑا تھا۔ اپنی مخصوص بلیک جیکٹ میں۔۔۔ جو کہ نورے کے مطابق وہ خاص سیلین سے تہہ وقت ہی پہنتا تھا۔۔۔۔ جبکہ وہ بھی بلکل خاموش تھی۔۔۔

آلف کا ہاتھ اسکے اسکارف پر گیا تھا۔۔۔ اسنے سر سے گرتے گرتے اسکے اسکارف کو تھام کر واپس سر پر ٹکا گیا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ پہلے اسے ٹھیک اپنے سامنے کھڑا دیکھتی رہی۔۔۔پھر اسکے اسکارف صحیح کرنے پر بھی خاموش تھی۔۔۔۔۔اور اب وہ برابر سے نکل کر آگے بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔

رابعہ۔۔۔۔۔آلف نے اسکے آگے بڑھ جانے پر پلٹ کر اسے پکارہ تھا۔۔۔

وہ چلتے چلتے رک گئی تھی۔۔۔۔۔آنکھیں بھیگی تھی۔۔۔۔

مر گئی۔۔۔۔۔سامنے سے جلا کٹا جواب آیا تھا۔۔۔۔

سیلین۔۔۔آلف نے اب اسے دوسرے نام سے پکارہ تھا۔۔

ماسکو میں رہ گئی۔۔۔۔۔مزید جلا کٹا جواب آیا تھا۔۔۔۔

تمہیں یاد نہیں تھا تو اس میں میں کیا کرتا۔۔۔۔۔۔میں نے تو بچپن میں اپنی مرضی سے نکاح کیا تھا نا تم سے۔۔۔بہت چاہت سے سکندر انکل سے خود کہا تھا میں نے۔۔۔۔۔کہ آپ رابعہ کو کب تک سنبھالیں گے۔۔کچھ حق مجھے بھی دے دیں اس پر۔۔۔۔جب آپ اس سے دور ہوں تو میں سنبھال لوں گا اسے۔۔۔۔۔

وہ اسکے پیچھے کھڑا مدھم سے لہجے میں بول رہا تھا۔۔۔۔وہ سانس روکے سامنے روڈ پر نظر رکھے اسے سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

لب خاموش تھے۔۔۔

پہلے تو وہ میری بات کو مزاق سمجھے۔۔مگر میری سنجیدگی اگلے ہی لمحے انہیں سمجھ آگئی تھی۔۔۔۔۔

اسی وقت میرا ہاتھ پکڑا۔۔وعدہ لیا مجھ سے۔۔۔۔۔کہ میں کبھی کتنے ہی برے حالات میں بھی تمہیں نہیں چھوڑونگا۔۔۔۔۔اور میں نے وعدہ کیا سچے دل سے۔۔۔ایک بچے کا دل کتنا پاک اور صاف ہوتا ہے یہ تو تم جانتی ہی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔؟۔

ہونٹوں کو سختی سے بینچھیں وہ ایک جھٹکے سے اسکی طرف پلٹی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور پھر۔۔!!!۔۔۔ماسکو میں مجھے اجنبیوں کی طرح ملے۔۔مجھے بے وقوف بناتے رہے۔۔۔۔میرے سامنے سچے ساوترے ہونے کا ناٹک کیا۔۔۔۔میں نے تمہیں اپنے بابا کا بتایا۔۔اور تم خاموش رہے۔۔۔۔جب کہ تم۔۔۔تم جانتے تھے کہ میں کتنی تڑپ رہی تھی اپنے بابا سے ملنے کو۔۔۔۔۔تم جانتے تھے لیکن تم نے کھیل بنا دیا آلف سب کچھ ایک کھیل بنا دیا۔۔۔۔۔

اور بابا۔۔مجھے تو ان پر حیرت ہے۔۔۔۔امی اور مجھے تارا بیگم کے آگے ڈال کر وہ کس طرح ماسکو جا سکتے تھے۔۔۔۔۔۔انہوں نے ہماری جان تک کی پروہ نہیں کی۔۔۔۔؟؟۔۔

آلف نے اسے بغور دیکھا تھا۔۔۔وہ صرف اس سے ہی نہیں سکندر علی سے بھی بد گمان ہو رہی تھی۔۔۔۔

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے جیسے پھٹ پڑی تھی۔۔۔۔

میں کسی کو صفائی نہیں دیتا۔۔۔یہ شرف بھی صرف تمہیں ہی نصیب ہو رہا ہے۔۔۔۔۔اس نے ادھر ادھر دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

میں نے کچھ بھی پلان نہیں کیا تھا۔۔۔۔میں نے جو کیا تمہارے بابا سکندر علی کے کہنے پر کیا۔۔تمہارا ماسکو میں آنے کا پلان کیسے بنا تھا یاد ہے تمہیں۔۔۔۔؟؟۔

آلف اب اسکی جانب دیکھ کر پوچھ رہا تھا۔۔۔۔جبکہ وہ سوچ میں پڑ گئی تھی۔۔۔

کسی نے نہیں۔۔وہ میں نے خود سوچا تھا۔۔۔۔

کس نے کہا تھا تمہیں کہ تمہارے بابا ماسکو میں ہیں۔؟؟۔۔۔۔سوچو۔۔۔۔اب آلف نے تفصیل سے سوال پوچھا تھا۔۔۔

میں امی کے پاس آئی تھی۔۔۔بابا کا پوچھنے مجھے ہر حالت میں بابا کا پتہ لگانا تھا۔۔۔۔تب شانو کے منہ سے نکل گیا تھا کہ سکندر علی ماسکو میں ہیں۔۔۔۔۔امی نے انہیں آنکھیں بھی دکھائی تھیں۔۔لیکن میرے لیے اشارہ کافی تھا۔۔۔۔

تو اس سے کیا ثابت ہو رہا ہے۔۔۔؟۔۔رابعہ نے آنکھیں چھوٹی کیے پوچھا تھا۔۔۔

آلف اسکی طرف سمجھ جانے والے انداز میں دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تو کیا شانو۔!!!۔۔۔رابعہ خود سے نتیجہ پر پہنچ چکی تھی۔۔۔۔۔

ہوا کی تیز لہر نے دونوں کو ٹھنڈک کا احساس دلا رہی تھیں۔۔۔۔۔۔جبکہ اب ہلکی ہلکی پھوار اوس کی طرح پڑنا بھی شروع ہو گئی تھی۔۔۔

شانو سکندر علی کی سب سے قابلِ اعتماد ورکر میں سے ایک ہے۔۔۔۔۔انہوں نے اسے مکمل تم دونوں کی حفاظت کے لیے تارا بیگم کی غلامی کرنے کا کام دیا تھا۔۔۔۔۔اور دیکھو وہ آج تک اس کام میں اچھی طرح لگی ہوئی ہیں۔۔۔۔۔

مطلب شانو بھی مجھے بے وقوف بناتی آ رہی ہے۔۔؟۔۔رابعہ اب ایک ہاتھ سر پر رکھے جھنجھلاہٹ سے بولی تھی۔۔۔۔۔

اسی نے تمہیں بھی میرا پاکستان کا نمبر پکڑایا ہو گا۔۔۔۔۔جبھی تم نے ان نون نمبر سے مجھے میسج کیا۔۔۔۔۔۔۔اب رابعہ کافی کچھ خود سمجھ رہی تھی۔۔

!!!اور تبھی تم ماسکو میں مجھے ملے۔۔۔۔۔مطلب بابا ہم سے کبھی بھی بے خبر نہیں رہے۔۔۔۔۔۔۔

وہ اب اپنے سوال کا خود ہی جواب تلاش کر رہی تھی۔۔۔۔

آلف اب اسے کھڑا خود ہی سوال خود ہی جواب کرتا دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

اچھا کیا جو بابا کی صفائی دے دی۔۔۔۔۔۔اب میں صرف تم سے بات نہیں کرونگی۔۔۔۔۔۔

وہ گردن موڑ کر کھڑی ہو گئی تھی۔۔۔۔

بس۔۔بیوی بنتے ہی حد سے زیادہ نخرے دکھانا شروع کر دیے۔۔۔۔۔۔۔دیکھو بہن میں تمہیں۔۔۔۔۔۔

اسکا کہا ابھی حلق میں ہی تھا کہ رابعہ پھٹی پھٹی آنکھیں لیۓ اسکی جانب مڑی تھی۔۔۔۔

بہن۔۔۔۔۔۔آلف تم نے ابھی مجھے بہن کہا۔۔۔۔۔تم بہن کیسے کہہ سکتے ہو مجھے۔۔چھی۔۔چھی۔۔۔چھی۔۔۔۔۔تم۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ شدید غصے سے اسکی جانب مڑ کر بولی تھی۔۔۔

آلف بہت زور سے ہنسا تھا۔۔۔۔۔ہونٹ پھیل گ ئے تھے ۔۔۔۔۔

اب خود ہی دیکھ لو۔ کہ لڑکیاں کتنی منفی ہوتی ہیں۔۔۔میں نے بیوی اور بہن دونوں کہا مگر تم نے بہن پر آنکھیں باہر نکال لیں ۔۔۔۔۔؟

تم مجھے بہن کہو۔۔بھائی کہو۔۔جو کہنا ہے کہو۔۔میری جان چھوڑو۔۔۔۔میں جا رہی ہوں۔۔۔۔۔۔رابعہ نے زچ ہوتے ہوئے ہاتھ جوڑ لیے تھے۔۔۔۔

سیلین۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔۔آلف نے اسکے بڑھتے قدموں کو دیکھ کر آواز لگائی تھی۔

رابعہ نے ناچاہتے ہوئے بھی پیچھے دیکھا تھا مگر اسے وہاں سے آلف کی آواز تو آئی تھی مگر آلف نظر نہیں آیا تھا۔۔۔۔

ادھر ادھر۔۔۔نیچے۔۔۔۔آلف کی آواز دوبارہ سنائی دی گئی تھی۔۔۔

تب رابعہ نے حیرانی سے نیچے دیکھا تھا۔۔۔

وہ ایک گھٹنے کو زمین پر ٹکائے نیچے بیٹھا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

رابعہ اک دم چوکی تھی۔۔۔۔۔اسے اس سب کی توقعہ نہیں تھی۔۔۔

اٹھو آلف۔۔سب لوگ دیکھ رہے ہیں۔۔یہ کوئی ماسکو نہیں ہے۔۔۔۔لاہور ہے۔۔ابھی پولیس نے پکڑ کر لے جانا ہے تمہیں۔۔۔۔۔۔۔رابعہ نے اسکی جانب جھک کر کہا تھا۔۔۔

زوجہ محترمہ پہلے یہ رنگ قبول کریں۔۔۔۔۔۔۔اس نے ایک خوبصورت سی رنگ ہاتھ میں پکڑی ہوئی تھیں۔۔۔۔وائٹ کلر کی وہ ایک چمک دار سی بہت سمپل سی رنگ تھی۔۔۔۔

رابعہ پہلے ہی ادھر ادھر دیکھ کر شرمندہ ہو رہی تھی۔۔۔۔اور اب اسکے رنگ دینے پر وہ جھپٹ کر رنگ لے چکی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اللہ حافظ۔۔۔اور اب اسے کہتی ہوئے وہ بغیر نظر ڈالے وہاں سے سیدھا پلٹ گئی تھی۔۔۔۔

میں اتنی آسانی سے تو ہر گز نہیں مانو گی مسٹر آلف۔تم نے مجھے اتنے عرصے تک بے وقوف بنایا ہے۔۔۔۔۔۔وہ اس رنگ کو ہاتھ میں پکڑے بولی تھی۔۔۔۔۔

اتنے میں برابر سے آلف کی گاڑی اسکے بلکل سامنے آکر رکی تھی۔۔۔

بیٹھو گھر چھوڑ دوں۔۔۔۔۔آلف نے شیشہ نیچے کر کے کہا تھا۔۔۔۔

no thanks...

وہ صاف منع کر چکی تھی۔۔۔

وہ چار لوگ تمہاری وجہ سے زخمی ہوئے ہیں ۔۔۔اب تمہیں اور کتنوں کے ہاتھ پیر تڑوانے ہیں۔۔۔؟

آلف نے کچھ دیر پہلے والے واقعہ کی طرف اشارہ کیا تھا۔۔۔

اک پل میں وہ سمجھ گئی تھی کہ اس میں بھی آلف کا ہی کوئی ہاتھ تھا۔۔۔۔۔کیونکہ وہ لوگ اسکی طرف سیٹی مارتے ہوئے گزرے تھے۔۔۔۔

اک پل میں دوبارہ اس نے اپنے ماتھے پر ہاتھ رکھا تھا۔۔۔اور پھر چپ چاپ گاڑی میں بیٹھنے لگی تھی۔۔۔

رکو۔۔۔۔!!!آلف اپنی سیٹ سے اترتا ہوا بولا تھا۔۔۔

پھر اس نے خود آکر گاڑی کا دروازہ کھولا۔۔۔۔

دروازہ کھولتے ہی بہت سے لال اور سفید کلر کے غبارے اندر سے باہر کی طرف نکلے تھے۔۔۔۔۔اور ہوا میں اڑ گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔

رابعہ مزید چونکی تھی۔۔۔۔جب اندر بیٹھتے ہی اسکی نظر لال کلر کے گجروں پر پڑی تھی۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب اسے اندازہ ہوا تھا کہ وہ گاڑی میں بیٹھنے کا فیصلہ غلط کر چکی ہے۔۔۔وہ ہر طرح سے اسے منا رہا تھا۔۔اور وہ دل سے مان بھی گئی تھی۔۔۔۔مگر چہرہ پھر بھی سنجیدہ رکھا ہوا تھا۔۔۔۔۔

آلف اب دوسری طرف آکر بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔۔اور وہ اس سے نظریں چرا چکی تھی۔۔۔۔۔۔اور جان کر باہر کی جانب دیکھ رہی تھی۔۔۔

یہ گجرے زوجہ محترمہ رابعہ آلف کے لیے خریدے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔آلف نے گاڑی اسٹارٹ کر کے کہا تھا۔۔ساتھ ہی وہ ایک سرسری سی نظر اس پر ڈال چکا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔اس نے سرسری سا کہا تھا۔۔۔۔مگر اسکا دل بہت زور سے دھڑکا تھا۔۔۔۔

آلف نے ایک گہری سانس لے کر گاڑی دوبارہ ایک طرف کو لگائی تھی۔۔۔

اور اب وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

تم جانتی ہو میں تمہیں بچپن میں سیلین کہتا تھا۔۔۔۔۔اس نے اسکی آنکھوں میں دیکھ کر کہا تھا۔۔

جس پر وہ ایک نظر اسکی طرف ڈال چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔تم سے زیادہ اس بات کا دکھ مجھے ہوا تھا کہ تمہیں اپنا وہ حسین بچپن یاد نہیں جس میں میں تھا۔۔۔۔۔

لیکن مجھے سب یاد تھا۔۔۔اسی لیے میں انجان بن کر تم سے ملا۔۔تاکہ آہستہ آہستہ تمہیں سب یاد دلا سکوں۔۔۔۔۔اسی لیے تمہیں سیلین پکارہ تھا۔۔۔۔۔۔وہ اب انتہائی دھیمے لہجے میں اسے منانے کی آخری کوشش کر رہا تھا۔۔

یہ سیلین کیسا نام ہوا بھلا۔۔۔۔؟۔وہ اب ناراض نہیں تھی۔۔۔بس نخرے دکھا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اسکی وجہ بھی تھی ایک۔۔۔۔۔۔فرینچ میں سیل نمک کو کہتے ہیں۔۔۔۔اور تم بچپن میں جب بھی مجھے کچھ کہتی تھی۔۔۔۔مجھے نمکین سا لگتا تھا۔۔۔۔تم کبھی پیار سے بات نہیں کرتی تھیں۔۔۔اسی لیے چڑ کر میں نے تمہیں سیلین کہا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اب مسکرا کر بولا تھا۔۔۔۔۔جس پر وہ بھی ہنسی قابو نا رکھ پائی تھی۔۔۔

اچھا تو مطلب پھر تو مجھے تمہیں جلیبی, یا پھر نوڈل کہنا چاہیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم کبھی سیدھی بات ہی نہیں کرتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔رابعہ نے بھی اسکا طنز اسے لوٹایا تھا۔۔۔۔

کچھ پل خاموشی سے کٹے تھے۔۔۔۔

پھر اس نے ہاتھ بڑھا کر ان لال پھولوں والے گجروں کو اٹھایا تھا۔۔۔جو سردی کی وجہ سے بہت زیادہ ٹھنڈے ہو رہے تھے۔۔۔۔۔

دوسرا ہاتھ اس نے سیلین کی جانب بڑھایا تھا۔۔۔۔سیلین نے اسکا چہرہ دیکھا تھا۔۔۔وہ انتہائی سنجیدہ تھا۔۔۔۔خیر سنجیدہ تو وہ بھی تھی۔۔۔۔۔۔اسنے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے اپنا ہاتھ اسکے ہاتھ پر رکھ دیا تھا۔۔

رابعہ میرا شدت سے دل تھا کہ کسی دن تمہارا ہاتھ پکڑوں تو تمہیں بھی یہ خیال آئے کہ یہ ایک حلال رشتہ ہے ۔۔۔۔۔۔۔ورنہ میں ماسکو میں ایسا کرتا تو تمہاری طرف سے یہ ایک بے نام سا رشتہ ہوتا۔۔۔۔تم اسے چاہ کر بھی کوئی نام نا دے پاتی ۔۔۔۔۔۔۔

وہ کھوئے ہوئے لہجے میں کہتا ہوا اسکے دونوں ہاتھوں میں گجرے پہنا چکا تھا۔۔۔

رابعہ نے ایک گہری سانس لی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اور گاڑی چلنا شروع ہو گئی تھی۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ اس وقت اپنے پرائیوٹ جیٹ میں بیٹھا بلیک کافی پی رہا تھا۔۔۔۔۔

سر پر بال جیل سے سیٹ تھے۔۔۔جنکے اوپر چشمہ ٹکا ہوا تھا۔۔۔۔۔ہاتھ میں اسکا اپنا میگزین تھا۔۔۔جس پر بڑا بڑا ڈیلسن مار کر اور اسٹار رو کر لکھا تھا۔۔۔

جبکہ کاملین اس وقت لیپ ٹاپ پر مصروف تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تمہیں کیا لگتا ہے کاملین۔۔۔اس ایسڈ سے آلف فیضان پر کچھ اثر ہوا ہے۔۔۔؟؟

وہ اب میگزین کی طرف نظر ڈالے کاملین سے پوچھ رہا تھا۔۔۔

باس۔۔۔

u know me very well

میں کوئی بھی کام ادھورا نہیں چھوڑتا۔۔۔

کاملین نے اب مکمل ڈیلسن کی طرف متوجہ ہو کر کہا تھا۔۔۔

آلف فیضان مائنز اَستھما اَٹیکس کا مریض بن چکا ہے۔۔۔۔اَیسڈ ریفلوکس اسکی آواز کو ختم تو نا کر سکا لیکن یہ اسکے لیے اب زیادہ تکلیف دہ ہو گا کہ وہ آواز رکھنے کے باوجود قرأت نہیں کر پائے گا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے تفصیل سے ڈیلسن کو بتایا تھا۔۔۔۔۔۔

سوچ لو۔۔۔کاملین۔۔کیونکہ آلف فیضان کی آواز کی شکل میں ایک بہت بڑا خطرہ منڈلا رہا ہے ہمارے سروں پر۔۔۔۔۔

باس۔۔۔۔وہ کچھ بھی کرے اس سے پہلے ایک مکمل پلان کے تحت اسے جان سے مار دونگا میں۔۔۔۔۔۔آپ بس اپنے کام کریں۔۔۔رکاوٹوں کو میں دیکھ لونگا۔۔۔۔۔کاملین نے انتہائی پر اعتماد لہجے میں کہا تھا۔۔۔

تمہاری ایک غلطی۔۔۔اور تم اپنے انجام کو پہنچ جاؤ گے۔۔۔یاد ہے نا۔۔۔۔۔۔ڈیلسن سب سے زیادہ جس پر بھروسہ کرتا ہے اسکی طرف سے اتنا ہی محتاط رہتا ہے۔۔ڈیلسن اب اپنا میگزین ایک طرف ٹیبل پر رکھتا ہوا اپنی تین وقتوں والی گھڑی پہن رہا تھا۔۔۔

میں جنت کے راستے پر مر بھی سکتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔کاملین نے ایک اعتماد سے کہا تھا۔۔۔

اس بیوٹی گرل کا کیا ہوا۔۔۔۔۔۔؟۔کچھ پتا لگایا تم نے۔۔۔؟۔وہ اب کافی کا ایک سپ لیتا ہوے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔اشارہ ان آنکھوں کی طرف تھا جو اس نے دیکھی تھیں۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

her name is Maisa Ibrahim ..she belongs to karachi pakistan.....

کاملین اپنی رپوٹ کو دیکھ کر پڑھ رہا تھا۔۔۔۔

Maisa ....Complicated name..but A beautiful girl...

ڈیلسن نے ایل ای ڈی آن کرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

سر۔۔فلحال یہ وائٹ ورک تنظیم میں کام کر رہی ہے۔۔۔۔۔

کاملین نے مزید کہا تھا۔۔۔

اوہ۔۔۔۔ڈیلسن نے ہونٹوں کو گول کر کے کہا تھا۔۔

تو یہ دشمن کی طرف سے ایک چنگاری ہے۔۔۔۔۔ڈیلسن نے شاطر مسکراہٹ سے کہا تھا۔۔۔

اب تو میں اسی کا کور بنواؤنگا۔۔۔ہمارے میگزین کی شان بڑھے گی۔۔۔

جلدی کام کرو۔۔۔۔کاملین نے اپنی فون واچ کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔جہاں سے کسی کا فون آرہا تھا۔۔۔

ٹارگٹ 4 کی تیاریاں مکمل ہیں۔۔۔یہ تو بہت اچھا ہے۔۔۔میں۔اور کاملین بھی پہنچ رہے ہیں۔۔۔۔

.ڈیلسن نے ایل ای ڈی کی جانب دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤💛

گاڑی ٹھیک تارا بیگم کی کوٹھی کے باہر رکی تھی۔۔۔۔۔

نقاب لگالو رابعہ۔۔۔اور اب جب تک یہاں ہوا بائے کے بغیر یہاں سے باہر نا نکلنا ۔۔۔۔آلف نے گاڑی روکتے ہی اسے ہدایت دی تھی۔۔۔

اچھا!!۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سرسری سا کہا گیا تھا۔

آلف پر اک نظر ڈال کر وہ گجرے پہنے گاڑی سے اتر رہی تھی۔۔۔۔۔

جب اسے اپنے پیچھے سے آواز آئی۔۔۔

!!یہ گجرے اتار دو۔۔

وہ جاتے جاتے رکی تھی۔

!!کیوں۔۔

اسی طرح مڑے ہوئے اسنے دونوں ہاتھوں میں پہنے اپنے گجروں کو دیکھا تھا۔

۔انہیں فریم کرواؤنگا میں !!۔۔۔۔۔

آلف نے اسکی جانب دیکھ کر سنجیدگی سے کہا تھا۔۔۔

ہاتھ گاڑی کے اسٹیرنگ ویل پر موجود تھے۔۔۔

جبکہ وہ اسے چپ چاپ گھورنے لگی تھی۔۔

کیا تم انہیں پہن کر سب کو دکھاتی ہوئی اندر جانا چاہتی تھیں۔۔۔۔؟؟۔

وہ اب اپنی بات ہر اسے گھورتا دیکھ کر اس سے پوچھ رہا تھا۔۔

!!! نہیں

سیدھا سا جواب دے کر وہ تیزی سے لال گجروں کو باری باری اپنے ہاتھوں سے اتارنے لگی تھی۔۔۔

جبکہ وہ اسکی خاموشی اور جھنجھلاہٹ پر بے ساختہ مسکرا دیا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور انہیں ڈیش بوڈ پر رکھتے ہوئے وہ بڑے گیٹ سے اندر کی جانب بڑھ گئی تھی ۔۔۔

آلف کچھ دیر تک اسکے اندر جانے کی تسلی کر کے اب وہاں سے جا چکا تھا۔۔۔

کوٹھی کے اندر پہنچتے ہی وہ سیدھا زینت کے پاس پہنچی تھی۔۔۔۔۔

شانو اس وقت انکے لیے کھانا لے کر ہی آئی تھی۔۔۔۔

ایک نظر شانو پر ڈال کر وہ زینت سے مخاطب ہوئی۔۔۔۔۔

کہاں گئی تھیں اتنی رات کو۔۔۔۔۔۔یہ ماسکو نہیں ہے رابعہ جو تم سڑکوں پر آوارہ گردی کرنے نکل کھڑی ہو۔۔۔۔۔۔۔

زینت جو سر پکڑے بستر پر بیٹھی تھیں۔۔۔اسکے آتے ہی اسے دیکھ کر بولی تھیں۔۔۔

اپنے شوہر سے مل کر آرہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔رابعہ نے شانو کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

جو ہاتھ میں پکڑی ٹرے اب سائڈ ٹیبل پر رکھ کر اسکے دیکھنے کی وجہ تلاش کر چکی تھی۔۔۔۔

کیا۔۔۔کہاں ملا تمہیں وہ۔۔۔۔۔۔کیا تم سکندر سے ملی ہو۔۔۔؟؟۔۔۔زینت نے سوالات کئے تھے۔۔۔

نہیں ماں۔۔۔بابا کا مجھے کچھ علم نہیں۔۔میں ماسکو میں جس شخص سے ملی تھی۔۔۔اسی سے آج مل کر آرہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔اور آپ یہ سمجھنا چھوڑ دیں کہ بابا آپ کو اور مجھے اکیلا چھوڑ گئے تھے۔۔۔انہوں نے کبھی ہمیں اکیلا نہیں چھوڑا۔۔۔۔۔۔۔۔۔یقین نا آئے تو شانو سے پوچھ لیجئے گا۔۔۔۔۔۔

وہ کہتی ہوئی ایک نظر شانو پر ڈالتی ہوئی باہر آگئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

یہ کیا بول کر گئی ہے۔۔۔شانو۔۔۔۔زینت نے اس سے پوچھا تھا۔۔۔۔

شانو اب اپنا نقلی لہجہ چھوڑتی ہوئی اصل لہجے میں انہیں ہر بات سے آگاہ کرتی چلی گئی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور وہ حیرانی سے اسے سن رہی تھیں۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

فجر میں مائسہ کی آنکھ کھلی تھی۔۔۔۔کوئی اسے زور زور سے ہلا رہا تھا۔۔۔۔

کون ہے۔۔۔وہ ڈر کر اک دم سے اٹھ گئی تھی۔۔۔۔۔

سامنے رابعہ سر پر دوپٹہ باندھے کھڑی تھی۔۔۔۔۔

اٹھو۔۔۔۔بھئی۔۔کب سے اٹھا رہی ہوں۔۔۔نماز پڑھنے کا ہوش ہے۔۔۔۔۔رابعہ نے اسے جھنجھوڑ کر کہا تھا۔

پہلے تو اپنے سامنے رابعہ کو دیکھ کر اسے حیرت ہوئے تھی۔۔۔۔پھر وہ چادر ہٹاتی ہوئی اٹھ بیٹھی تھی۔۔۔۔

میں نے نماز پڑھ لی ہے۔۔۔۔اب تم پڑھ لو۔۔۔رابعہ نے اسے کہا تھا۔۔اور خود بیڈ پر ڈھیر ہو گئی تھی۔۔۔۔

مائسہ اٹھی ہی تھی کہ گل بانو کا فون اسکے نمبر پر آ گیا تھا۔۔۔۔۔

جسے اس نے جمائی روکتے ہوئے اٹھا لیا تھا۔۔۔

اسلام و علیکم۔۔۔۔۔۔۔مائسہ کو فون اٹھاتے ہی سلام کی آواز آئی تھی۔۔

و علیکم اسلام خیریت۔۔!!!۔۔مائسہ نے اس سے پوچھا تھا۔۔۔اب وہ اپنی آنکھیں مل رہی تھی۔۔۔۔

جلدی سے اپنا جواب بتاؤ۔۔۔ٹکٹ بک کروانی ہے۔۔۔۔گل نے اس سے پوچھا تھا۔۔

کتنے لوگ جا رہے ہیں۔۔۔؟۔۔مائسہ نے پوچھا تھا۔۔

بھئی تین تو ہم ہونگے۔۔۔اور باقی چار بھائی ہیں اور ایک آلف بھائی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔اور استادِ محترم ہیں۔۔۔اب جلدی بتا دو۔۔۔۔؟؟مقابل سے چڑ کر کہا گیا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اچھا ٹھیک ہے۔۔۔میں چل لونگی۔۔مائسہ نے فوراً ہاں کہہ دیا تھا۔۔۔جبکہ رابعہ بھی اسکی بات کو سرسری سا سن رہی تھی۔

وہ شاید ہاں نا کرتی۔۔لیکن رات کو اس نے زیام کو لاہور میں دیکھا تھا۔۔۔۔اور جب سے وہ اسکے بارے میں سوچ رہی تھی۔۔۔۔اس سے اور اسکی سوچوں سے دور جانے کا یہی ایک راستہ نظر آ رہا تھا۔اسے۔۔۔اسی لیے وہ ہاں کر چکی تھک۔۔۔۔۔۔۔

کہاں جانے کا پلان ہے۔۔۔؟۔۔رابعہ نے اسکے فون رکھتے ہی کہا تھا۔۔

کراچی۔۔۔مائسہ سرسری سا کہتے ہوئے واشروم کی طرف بڑھ گئ تھی۔۔

کراچی۔۔۔۔!!!۔۔رابعہ نے دوبارہ دہرایا تھا۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ایک بہت بڑے دارلعلوم کا منظر تھا۔۔۔۔۔جہاں الگ الگ پورشن میں عمارتیں کھڑی تھیں۔۔۔۔۔جہاں ایک عمارت میں بچوں کے رہنے کے کمرے موجود تھے۔۔۔اور دوسری عمارت میں باقائدہ ایک دارلعکوم تھا۔۔۔جہاں دینی اور دنیاوی دونوں تعلیمات فراہم کی جاتی تھیں۔۔۔۔۔۔

کالے ابائے میں اس وقت وہ دونوں کھڑی بے حد عجیب محسوس کر رہی تھیں۔۔۔۔۔

وہ دونوں اس وقت مین گیٹ سے اندر اور اندرونی گیٹ سے باہر کی جانب کھڑی تھیں۔۔۔۔

دائے بائیں دونوں طرف گھاس اور پودے لگے تھے۔۔۔۔بیچ کا راستہ باہر کے دروازے سے ہوتا ہوا دارلعلوم کے عقبی دروازے تک جا پہچتا تھا۔۔

مائسہ۔۔۔گل نے مائسہ کے کندھے سے کندھا ٹکرایا تھا۔۔۔۔۔جو اس وقت سامنے ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔

ہمیں اندر تو جانا ہی ہو گا۔۔۔گل نے اسکے ساتھ ساتھ خود کو بھی کہا تھا۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

گل مانا کہ یہ لڑکوں کا ہاسٹل ہے۔۔۔۔۔ لیکن اسکا مطلب یہ تو نہیں نا کہ یہاں خواتین نہیں ہو نگی۔۔۔۔اور ویسے بھی ہمیں تو بس انفارمیشن نکلوانی ہے۔۔۔۔۔۔مائسہ نے اسکا اور خود کا حوصلہ بڑھایا تھا۔۔

چلو پھر۔۔۔گل آگے بڑھ گئی تھی۔۔۔۔اور مائسہ بھی قدم بڑھا چکی تھی۔۔

اندرونِ دروازے سے داخل ہوتے ہوئے اب وہ ریسیپشن کی طرف بڑھی تھیں ۔۔۔۔وہاں خواتین کا نام و نشان نہیں تھا ۔ یہ دیکھ کر وہ دونوں اور ڈھیلی پڑ گئی تھیں ۔۔۔

مائسہ جانتی ہو نا کیسے بات کرنی ہے۔۔۔۔۔چلتے چلتے نقاب کے اندر سے گل کی آواز آئی تھی۔۔۔۔

ہمم۔۔۔مائسہ نے سرسری سا کہا تھا۔۔۔

ایکسکیوزمی۔۔۔۔۔۔مائسہ نے اس ادھیڑ عمر کے شخص کو مخاطب کیا تھا۔۔۔جو اس وقت فائل میں منہ دیے کچھ کام کرنے میں مصروف تھا۔۔۔

یس۔۔مقابل نے مصروف سا جواب آیا تھا۔پھر انہوں نے گردن اٹھا کر سامنے کھڑی دو خواتین کو دیکھا تھا۔

مجھے اس دارلعلوم میں اپنے چھے سال کے بیٹے کو داخل کروانا ہے۔۔۔۔آپ کچھ مدد کر سکتے ہیں۔۔۔۔۔مائسہ نے آواز کو تھوڑا موٹا کر کے پوچھا تھا۔۔۔۔

آپ کا بیٹا ہے۔۔۔؟۔۔اس ادھیڑ عمر آدمی نے دوبارہ پوچھا تھا۔۔۔۔۔

شاید اسے اپنے تجربے سے مائسہ کی عمر کا اندازہ ہو رہا تھا۔۔۔۔۔

جی۔۔۔آپ جلدی بتادیں ہمیں زرا جلدی ہے۔۔۔۔میرا بیٹا بارہ بجے اسکول سے آجاتا ہے۔۔۔۔مائسہ نے گھڑی پر نظر ڈال کر پھر سے کہا تھا۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ایسا کرنے کی انہیں آلف کی طرف سے ہدایت ملی تھی۔۔۔کیونکہ اس وقت وہ نہیں جانتے تھے کہ ہاسٹل کے کتنے لوگ اس کام میں ملوس ہو سکتے ہیں۔۔۔لہزا احتیاط بے حد ضروری تھی۔۔۔

اس سب کے درمیان گل خاموشی سے وہاں کی ایک ایک چیز کو نوٹ کر رہی تھی۔۔۔کون سا کمرہ کس طرف ہے۔۔۔کس جانب سے کتنے راستے ہیں ایک ایک چیز۔۔۔

میڈم آپ نے ایک بہترین دار لعلوم کا انتخاب کیا ہے۔۔۔آپکا بچہ بہت ہی کامیاب ہو کر نکلے گا یہاں سے آپ بے فکر ہو جائیں ۔۔۔اس آدمی نے اب کان کے پیچھے سے اپنا پین نکال کر کہا تھا۔۔۔

آپ مجھے کچھ اس دار لعلوم کے بارے میں بتائیں۔۔۔کتنے بچے اور نوجوان یہاں پڑھتے ہیں۔۔۔اور کس فیلڈ کے بچے زیادہ ہیں سب۔۔۔۔مائسہ نے گھما کر ایک ایک سوال کیا تھا۔۔۔

میڈم تمام دار لعلوم کی تعداد کو ملالیں۔۔۔اور اس دار لعلوم کی تعداد کو ملالیں۔۔۔۔دونوں ایک ملیں گی آپکو۔۔۔۔یہاں کے بارے میں آج تک کوئی خراب رپوٹ نہیں ملی ہے کسی کی۔۔۔ہمارے پاس پاکستان کے بہترین استاد موجود ہیں۔۔۔۔اس نے تفصیل سے بتایا تھا۔۔

بچے کس بلڈنگ میں پڑھتے ہیں۔۔۔اور مدرسہ کے کیا ٹائمنگ ہیں وہ سب بھی بتائیں ذرا۔۔۔مائسہ نے مزید سوال کیا تھا۔۔۔۔

ارے میڈم۔۔۔یہ جس بلڈنگ میں آپ موجود ہیں یہ دار لعلوم ہے۔۔۔اور رہنے کی جگہ اس دوسری بلڈنگ میں ہے۔۔۔اب آپکو کروانا ہے اپنے بچے کا داخلہ کہ نہیں۔۔۔۔مائسہ کے سوالات پر وہ آدمی چڑ کر بولا تھا۔۔۔

آپ ابھی رہنے دیں۔۔۔میں اپنے شوہر کے ساتھ آکر کرواؤنگی۔۔۔۔مائسہ نے گل کو چلنے کا اشارہ دیا تھا۔۔۔

اور اب وہ لوگ وہاں سے باہر آگئے تھے ۔۔۔۔

مائسہ نے تمام تر انفارمیشن آلف تک پہنچادی تھی۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

❣️❣️❣️❣️❣️❣️❣️❣️❣️❣️❣️

وہ لوگ اس وقت ایک کمرے میں جمع تھے۔۔۔۔۔۔

وہاں ایک چکور میز رکھی ہوئی تھی۔۔۔۔ جس کے اطراف میں وہ تمام بیٹھے تھے۔۔۔۔۔

آلف نے ابھی ابھی فون سن کر میز پر رکھا تھا۔۔۔۔۔

تم ٹھیک تھے زیام۔۔ بلڈنگ نمبر 2 ہی انکا ٹارگٹ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیونکہ دوسری عمارت کے تمام بچے صبح کے وقت تعلیمات کے لیے اس دوسری عمارت میں چلے جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔

ہمم۔۔ ہمیں انکے پہنچنے سے پہلے وہاں گھیراؤ کرنا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔ زیام نے داڑھی پر ہاتھ رکھے رکھے کہا تھا۔۔۔۔

لیکن اس بات کا خیال رکھنا ہے کہ اس طرح کی صورتحال سے ہم پہلی دفعہ نپٹ رہے ہیں۔۔۔۔۔

آلف نے مزید کہا تھا۔۔۔۔

ہمم۔ وہ سب یک زبان بولے تھے۔ سب کے چہروں پر سوچ کے آثار تھے۔۔۔۔۔ انکا واحد مقصد سب کی جان بچانا تھا۔۔۔ اس سب میں وہ خود کی جان سے بھی لاپرواہ تھے۔۔۔۔۔

مائسہ اور گل اب گھر واپس لوٹ چکی تھی۔۔۔ کمرے میں آتے ہی انہیں نورے چپ چاپ بیڈ پر دونوں ہاتھ باندھے ایک طرف بیٹھی نظر آئی تھی۔۔۔

چہرہ دوسری طرف تھا۔۔۔۔

مائسہ نے اک نظر گل کو دیکھا تھا۔۔۔ گل بھی اسکو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔ جبکہ دوسری نظر اسکی نورے کی طرف گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

پھر اسنے اپنے بیگ سے چاکلیٹ نکال کر اسے بیڈ پر رکھ کر نورے کی طرف بڑھا دی تھی۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ناراض ہوں میں۔۔۔نورے نے ادھر منہ کر کے کہا تھا۔۔ایک نظر وہ اس چوکلیٹ پر بھی ڈال چکی تھی۔۔اور اس سے تھوڑا فاصلے پر بیٹھی مائسہ پر بھی۔۔۔

آلف بھائی آپ یہاں۔۔۔۔۔۔مائسہ نے دروازے کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔

جس پر اسکی گردن اک دم سے دروازے کی جانب گھومی تھی۔۔۔۔

پھر اس نے منہ پھلایا تھا۔۔

شرم نہیں آتی جھوٹ بولتے ہوئے۔۔۔۔جھوٹ بولنے والے پر اللہ نے لعنت فرمائی ہے۔۔۔۔۔۔نورے نے وہاں آلف کو نا پاکر مائسہ سے کہا تھا۔۔۔

مائسہ تو آلف بھائی سے مخاطب تھی۔۔۔تم نے اسکی بات کیوں سنی۔۔۔گل نے صفائی دینی چاہی تھی۔۔۔وہ بھی اسکے برابر میں بیڈ پر بیٹھ چکی تھی۔۔۔

بس بس۔۔آپ دونوں چالاک نا بنیں۔۔۔مجھے کچھ نہیں سمجھتیں آپ دونوں۔۔۔۔میں بھی یہاں ہوں مطلب میں بھی اس پلان کا حصہ ہوں۔۔۔لیکن مجھے تو بھئی کچھ کام ہی نہیں دیا جارہا۔۔۔۔میں تو نا باہر جاسکتی ہوں ماگھر میں رہ سکتی ہوں۔۔۔میں تو پاگل ہوں ۔۔

وہ جیسے بولنا شروع ہوئی تو اب چپ ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی۔۔۔۔

بس کر دیں مس نورے۔۔۔آپ کے لیے ایک بہت اچھا کام لے کر آیا ہوں میں۔۔۔۔ان تینوں کو اپنے پیچھے سے آلف کی آواز سنائی دی تھی۔۔

کیا کام بھلا۔۔۔۔نورے نے دروازے پر ٹکے آلف کو دیکھ کر پوچھا تھا۔۔۔۔نظریں ابھی بھی چڑی ہوئی تھیں۔۔۔۔۔

اہم۔۔اہم۔۔۔۔تو کام یہ ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔آلف نے کہنا شروع کیا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تو کام یہ ہے۔۔ کہ مس نورے آپکو۔۔۔اور صرف آپکو۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے پھر سے ٹھہر ٹھہر کے کہا تھا۔۔۔

جلدی بولیں نا۔۔۔۔نورے شدید تجسس کا شکار ہوئی۔۔۔۔۔۔

اس پورے گھر کا پوچھا لگانا ہے۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے اپنا جملہ مکمل کیا تھا۔۔۔

اور وہ جو چہکنے والی تھی ڈھیلی پڑ گئی تھی۔۔۔

ohhhhh...wow....

نورے نے چڑ کر بس یہی کہا۔۔

جاؤ باہر پوچھا اور بالٹی دونوں تیار ہیں اور مس نورے کا انتظار ہو رہا ہے۔۔۔ جلدی کرو۔۔۔۔ آلف نے ابکی بات سنجیدگی سے کہا تھا

۔۔

بھائی۔۔۔نورے نے شدید بے یقینی سے آلف کو دیکھا تھا۔۔۔۔

میں نہیں جاؤنگی۔۔۔ کبھی نہیں جاؤنگی۔۔اب وہ ضدی لہجے میں بولی تھی۔۔ مگر اسکی ضد اتارنا آلف کو اچھی طرح آتا تھا۔۔۔۔۔

اسنے فون ملانے والے انداز میں ملا کر کان سے لگایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ اور گل بھی اب کھڑے ان دونوں کی باتیں سن رہی تھیں۔۔۔۔۔

یہ کس کو فون کر رہے ہیں۔۔۔۔؟۔۔نورے کو خطرہ محسوس ہوا تھا۔۔۔

hello ! I want one ticket form karachi to lahore immediately ....

اسکے الفاظ نورے نے سنے تھے۔۔۔جو وہ فرش پر نظر ڈالے اطمئنان سے کھڑا کہہ رہا تھا۔۔۔۔

اچھا۔۔۔اچھا۔۔۔کر رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔نورے نے دانت پیس کر سختی سے کہا تھا۔۔۔

good girl....

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف اسے ایک مسکراہٹ پاس کرتا ہوا واپس چلا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور نورے اپنے کام میں لگ گئی تھی۔۔۔

زیام آلف سے بات کرنے کے ارادے سے نیچے کی جانب آیا تھا۔۔۔۔۔جب اسے ایک پندرہ سالہ بچی بڑا سا ہینڈ وائپر پکڑی پوچھا لگا رہی تھی۔۔۔۔۔

گول چہرہ جس پر ناگواری کے آثار تھے۔۔۔۔۔زیام دیکھتے ہی اسے پہچان گیا تھا۔۔۔اسکا گول چہرہ آلف سے تھوڑا متشابہ تھا

۔۔۔

ہیلو لٹل گرل۔۔۔۔۔آپ کو یہ کام کس نے دے دیا۔۔۔۔زیام سیڑھیوں پر ٹھہر کر پوچھ رہا تھا۔۔۔

خبردار۔۔آپ نیچے نہیں آسکتے۔۔میں فرش صاف کر چکی ہوں۔۔۔اور یہ ابھی گیلا ہے۔۔۔

نورے نے اسکے قدموں کو بریک لگوایا تھا۔۔۔۔وہ اک دم رک گیا تھا۔۔۔

پھر وہ زیام کو دیکھ رہی تھی۔۔

آپ وہ چھینک والے بھائی ہیں نا۔۔؟۔۔نورے جو ناگواری سے کام کر رہی تھی زیام کو دیکھ کر بولی تھی۔۔۔

دونوں ہاتھ وائپر پر تھے۔۔جواب رک گئے تھے ۔۔۔۔

زیام اپنے انوکھے تعارف پر مسکرا دیا تھا۔۔۔

اسنے نوٹ کیا تھا کہ وہ چھوٹی گول مٹول لڑکی اسے بہت غور سے دیکھ رہی تھی۔

آپ کی داڑھی۔۔۔۔افففف کتنی پیاری اور گہری سیاہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسنے ایک انداز سے اسکی داڑھی کو دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام کی مسکراہٹ مزید گہری ہو گئی تھی۔۔۔۔۔اب داڑھی کی بات پر وہ ہمیشہ مسکرا دیتا تھا۔۔۔۔۔

۔۔اسنے اپنی داڑھی پر ہاتھ پھیرا تھا۔۔

بس۔۔بس اب آپ زیادہ ہنسیں نہیں۔۔۔۔۔نورے پھر سے اسی ٹون میں واپس آئی تھی۔۔اور ہینڈ وائپر بھی چلنے لگا تھا۔۔۔۔۔

اب مجھے کوئی شک نہیں کہ تم آلف کی ہی بہن ہو۔۔۔۔زیام نے کہا تھا۔۔۔۔پھر اسے سامنے سے آلف چلتا ہوا نظر آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

چلو شاباش۔۔اچھی طرح لگاؤ۔۔۔۔۔۔۔آلف فون پر ٹائپ کرتے ہوئے نورے سے کہہ رہا تھا۔۔۔

خبر دار۔۔۔یہاں کی صفائی میں کر چکی ہوں۔۔۔۔۔یہاں سے آپ نہیں گزر سکتے۔۔۔۔۔نورے نے اسے بھی روکا تھا۔۔۔۔

آلف چلتے چلتے رک گیا تھا۔۔۔۔۔۔پھر اس نے زیام کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔جو پہلے سے نورے کے کہنے پر رکا ہوا تھا۔۔۔۔

زیام مجھے فون کر لو۔۔۔ہم فون پر بات کر لیتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آلف نے اسے فون کرنے کا کہا اور اب وہ ایک نظر کام کرتی نورے پر ڈال کر باہر نکل گیا تھا۔۔۔

اور زیام اوپر کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

صبح فجر کے وقت وہ اپنے کمرے سے باہر نکلا تھا۔۔۔۔۔۔جب نیچے لاؤنج میں اسے معین شامی بیٹھے دکھائے دیے تھے۔۔۔۔۔۔۔وہی سفید کرتا اور سفید امامہ پہنے وہ انکے سامنے تھے۔۔۔۔

وہ اسی وقت نیچے اتر گیا تھا۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم۔۔۔۔۔آلف نے سیڑھیاں اترتے ہوئے ہی انہیں سلام کیا تھا۔۔۔۔جس پر وہ اسکی طرف متوجہ ہو گئے تھے ۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وعلیکم اسلام قاری صاحب۔۔۔انہوں نے داڑھی کو ہاتھ لگاتے ہوئے ایک ہاتھ گھٹنے پر رکھ کر جواب دیا تھا۔۔۔

آپ خود کیوں آگئے مجھے بلا لیا ہوتا میں آ جاتا آپکو لینے ۔۔۔۔۔۔۔آلف نے انکے پاس بیٹھ کر انکا ہاتھ چوما تھا۔۔۔۔

ارے قاری صاحب۔۔۔آپ ہمیں بچہ سمجھتے ہیں یا خود کو بڑا۔۔۔۔۔۔انہوں نے مزاق کے انداز میں کہا تھا۔۔۔۔

میرے بال سفید بھی ہو جائیں تب بھی آپ کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔۔۔۔آلف نے انتہائی سنجیدگی سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

اتنے میں مائسہ ہاتھ میں چائے لیے وہاں آ گئی تھی ۔۔۔۔۔۔

یہ دیکھو۔۔۔اسکے ہوتے ہوئے میں بیٹی کی کمی کیسے محسوس کر سکتا ہوں بھلا۔۔۔انہوں نے مائسہ کے ہاتھ سے چائے کا کپ لیتے ہوئے پیار سے کہا تھا ۔۔۔

آلف نے بھی ایک نظر مائسہ پر ڈالی تھی۔۔۔۔سادھا سا بلیک اسکارف اسکے چہرے پر بندھا ہوا تھا۔۔۔۔اور وہ سادھا سے قمیض شلوار میں ملبوس تھی۔۔۔۔۔بہت معصومیت اور خلوص تھا اسکے چہرے پر جو آلف کو بے حد اچھا لگا تھا۔۔۔۔

آپ کے لیے بھی بنا دوں قاری صاحب۔۔۔مائسہ نے آلف کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔

نہیں۔۔۔شکریہ۔۔آپ بس ایک احسان کریں مجھ پر۔نورے کو اپنے جیسا بنا دیں۔۔۔میں آپ کا یہ احسان نہیں بھلا سکوں گا کبھی ۔۔آلف نے بے چینی سے کہا تھا۔۔۔

مگر کوئی تھا جو منہ پھلائے اسے سن رہا تھا۔۔۔

یہ تو بڑا مشکل کام دیا ہے آپنے۔۔۔مائسہ نے بھی مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

اسلام وعلیکم استاد جی۔۔نورے ہاتھ باندھے آلف کو شدید گھورتے ہوئے لاؤنج میں آئی تھی۔۔۔

معین شامی نے بھی مسکرا کر اسکے سلام کا جواب دیا تھا۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مائسہ آپی آپ سے یہ امید نہیں تھی۔۔۔۔نورے نے بجھے بجھے کہا تھا۔۔۔

قاری صاحب۔۔۔نورے ہماری بچی مائسہ سے بھی زیادہ سلیقہ مند ثابت ہو گی۔۔۔۔۔آپ نورے کو کسی صورت بھی نظر انداز نا کریں۔۔۔۔۔

انہوں نے نورے کے بجھے ہوئے اور رو دینے والے چہرے کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

نہیں استادِ محترم۔۔اب میں انکا کوئی کام نہیں کرو نگی اور مائسہ آپی سے بھی بات نہیں کرو نگی۔۔۔۔۔۔اور ماما کو تو آپ دیکھیے گا بھائی میں نے کتنی شکایتیں لگانی ہیں۔۔۔۔۔نورے بول بال کر اپنے کمرے کے اندر واپس چلی گئی تھی۔۔۔

جبکہ مائسہ خاموش تھی اور اب وہ ہاتھ میں ٹرے پکڑے کچن کی طرف لوٹ گئی تھی۔۔۔۔۔اور آلف مسکرا رہا تھا۔۔۔۔

آپکی امامت میں نماز پڑھنے کے لیے ترس گیا تھا میں۔۔آج میری یہ خواہش پوری کر دیں۔۔۔۔۔۔آلف نے اسی طرح مسکراتے ہوئے معین شامی کے چہرے کی طرف نظر کر کے کہا تھا۔۔۔۔

یہ آپ کی خواہش ہے قاری صاحب۔۔۔لیکن آج کے لیے میرا حکم ذرا مختلف ہے۔۔

انہوں نے آلف کے گھٹنے پر اپنا ہاتھ رکھ کر تھپتپایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤

وہ لوگ سب نماز پڑھنے کے ارادے سے نیچے والے بڑے سے لاؤنج میں جمع تھے۔۔۔۔آج کا دن انکا سب سے اہم اور کارآمد دن تھا۔۔۔۔

آلف نے ایک پاک صاف چادر کا انتظام کر دیا تھا۔۔۔جو صحن میں قبلہ رخ بچھا دی گئی تھی۔۔۔۔۔۔

زیام بھی نیچے کی جانب اتر آیا تھا۔۔۔۔ڈھیلا ڈھالہ سا سیاہ کلر کا کرتا پہنے۔۔آستینیں وضو کی وجہ سے کہنیوں تک تھیں ۔۔۔۔پانی کی بوندیں اسکے انگلیوں اور داڑھی پر موجود تھیں۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکی بوجھل آنکھوں میں اب بھی نیند کا غبار تھا۔۔پلکیں جھک رہی تھیں۔۔۔۔۔

نیچے پہنچتے ہی اسکی نظر معین شامی پر گئی تھی۔۔۔۔۔۔جو کھڑے صف سیدھی کروا رہے تھے۔۔۔۔

شیخ۔۔۔آپ کب آئے۔؟۔۔اسنے اچانک سے ان کو دیکھ کر کہا تھا

میاں ہم تو اب آہی گئے ہیں ۔۔۔۔لیکن آپ ادھر آئیں ۔۔۔۔۔معین شامی نے اسے اپنے پاس بلایا تھا۔۔۔۔

اب وہ بلکل انکے سامنے کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔

دیکھتے ہی دیکھتے وہ اسے گلے لگا چکے تھے۔۔۔۔۔۔زیام کچھ دیر تک انکے اس طرح سے گلے لگانے پر تزبزب کا شکار ہوا تھا۔۔۔پھر انہوں نے کان میں جو کہا تھا۔۔وہ اس پر اس سے مزید حیران اور پریشان ہو گیا تھا۔

اب وہ انکو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

شیخ۔۔۔آپ یہ کیا کہہ رہے ہیں۔۔۔آپ کے ہوتے ہوئے میں یہ کیسے کر سکتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔زیام نے پریشانی سے کہا تھا۔۔۔ماتھے پر تین بل تھے ۔۔۔

آلف کو جب میں نے یہ ابھی بتایا تو اسنے ایک جملہ کہا۔۔۔وہ یاد کر لو۔۔۔تمہارے لیے سبق ہے۔۔۔۔۔معین شامی نے اسکے کندھے کر پکڑ کر کہا تھا۔۔۔

استاد کا ادب اسکے حکم کے بعد ہے۔۔۔۔مطلب اگر وہ کوئی ایسا حکم دے دے جو تمہیں لگ رہا ہے استاد کے ادب کے خلاف ہو گا ۔۔تو تب ادب کو ملحوظِ خاطر نہیں رکھو گے۔۔۔سب سے پہلے استاد کے حکم کی اہمیت ہوتی ہے۔۔۔انہوں نے اسے سمجھایا تھا۔۔۔

مگر اب بھی وہ الجھن کا شکار تھا۔۔۔۔منع کرنا چاہتا تھا۔۔مگر الفاظ حلق میں ہی دم توڑ رہے تھے۔۔

اسنے آلف کی جانب دیکھا تھا۔۔۔۔۔جس نے اسے اطمئان رکھنے کا کہا تھا۔۔۔اور آنکھوں سے تسلی دی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جبکہ آلف خود معین شامی کی بات سے سخت حیران تھا۔۔۔کہ انہوں نے امامت جیسے عظیم کام کے لیے زیام فارس کو کیوں چنا تھا۔۔۔جبکہ آج کے اس خطرناک دن میں تو انہیں خود امامت کروانی چاہیے تھی۔۔۔۔

جبکہ عادل عاطف اور علی کو انکے درمیان کی بات کا کچھ علم ہی نہیں تھا۔۔۔وہ تینوں بس ایک دوسرے کو ہی سوالیہ دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

آخر زیام ایک نظر سب پر ڈال کر انکے آگے ہار مان کر سب سے پہلی صف میں امامت کے لیے کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔۔

فجر کا وقت تھا۔۔۔۔۔ہوا میں ہلکی نمی موجود تھی۔۔۔۔۔۔۔رات کا ڈھلنا اور صبح کے نکلنے کا وقت تھا۔۔۔۔۔

اسکے اس طرح کھڑے ہونے پر ان تینوں نے شدید حیرانی سے ایک دوسرے کی جانب دیکھا تھا۔۔۔مگر شیخ کے حکم کے آگے سب خاموش تھے۔۔۔۔

اور معین شامی اور آلف اسکے برابر میں تھوڑا پیچھے والی صف میں کھڑے تھے۔۔۔۔۔

کمرے سے نماز کی طرح چادر لپیٹے وہ تینوں بھی باہر نکل گئی تھیں۔۔۔معین شامی کا حکم تھا کہ اس امامت سے وہ کسی کو محروم نہیں رہنے دینا چاہتے تھے۔۔۔۔۔لہزا ان تینوں کو بھی سب سے پچھلی صف میں کھڑے ہونے کا حکم دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ تینوں بھی سر جھکا کر آہستہ آہستہ چلتی ہوئی آخری صف میں کچھ فاصلے سے کھڑی ہو گئی تھیں۔۔۔۔۔

نورے اب بھی ان سب سے ناراض تھی۔۔۔۔۔۔

مائسہ یہ امامت کون کروا رہا ہے۔۔۔؟۔۔گل جو امامت والی جگہ پر ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔وہ اچانک سے بولی تھی۔۔۔

شیخ معین شامی کے ہوتے ہوئے اور کون کروا سکتا ہے گل۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ نے سرسری سا کہا تھا۔۔۔۔۔وہ لوگ کھڑے ہوئے تکبیر کا انتظار کر رہے تھے۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

نہیں مائسہ۔۔۔وہ سیاہ کرتا ہے دیکھو۔۔۔۔۔ معین شامی تو برابر میں کھڑے ہیں۔۔۔۔۔۔۔ گل نے عجیب انداز میں مائسہ سے اس طرف کا کہا تھا

تب مائسہ نے اپنی گہری آنکھیں اٹھا کر امامت کی جگہ کی طرف نظر کی تھی۔۔۔۔۔۔

واقع وہاں کوئی اور تھا جو امامت کروانے کے لیے کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔ جبکہ معین شامی اور آلف بھائی کو وہ پہچان گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی آنکھیں ابھی دائیں بائیں جانب مڑتی ہوئی اس امامت کے لیے کھڑے شخص کو پہچان ہی رہی تھیں۔۔ کہ تکبیر کی آواز پر سب منجمد ہو گئے تھے۔۔۔۔۔

اسکے کانوں میں بلاشبہ ایک جانی پہچانی آواز پڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

نماز کے دوران ہی ذہن عجیب کشمکش کا شکار ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر وہ خود کو دلاسے دیتی تمام تر خیالات کو جھٹک کر نماز پر دھیان کرنے لگی تھی۔۔۔۔

بسم اللہ کی آواز۔۔۔۔ پھر سورہِ فاتحہ کی آواز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ہر آواز کو اَن ہونی خیالات کے ساتھ اندر اتار رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بلاشبہ اسے یہ وہی آواز لگی تھی جس نے اسکے دل کو تار تار کر ڈالا تھا۔۔۔۔۔

مگر وہ ان حالات کے پیشِ نظر یقین نہیں کر پا رہی تھی۔۔۔۔۔ مزید یہ کہ وہ اپنی آنکھیں اٹھا کر اس بے چینی اور جھنجلاہٹ کو ختم بھی نہیں کر سکتی تھی۔۔۔۔۔

فجر کی وہ دو فرض رکعات جو اسکی زندگی کی مشکل ترین نماز بن گئی تھی۔۔۔ خیالات اور سوالات نے ماتھے پر گھر کر لیا تھا۔۔۔۔۔

اس کشمکش میں سجدے میں جانے کا وقت آیا۔۔۔ جب اسنے اپنا ماتھا زمین سے لگتا محسوس کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ساتھ ہی اسنے اپنے دوپٹے کو بھیگا بھیگا سا محسوس کیا۔۔۔ اس کشمکش میں کب اسکے آنسوں نکل آئے تھے وہ نہیں جانتی تھی۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سجدے میں جا کر اسکا اٹھنا مشکل ہو رہا تھا۔۔۔۔دل اور دماغ مکمل یقین کر چکا تھا کہ وہ اس آواز کو پہچاننے میں کوئی بھی غلطی نہیں کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔اسنے صحیح پہچانا تھا۔۔۔۔۔۔وہ زیام ہی تھا جسکی امامت میں اسکی منکوحہ نماز پڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔

آج ان دونوں کا سجدہ ایک ہی جگہ پر زمین کے ایک ہی حصہ پر ایک ساتھ لکھا جا چکا تھا۔۔۔۔۔۔

دوسری طرف زیام امامت کے اس شرف میں ڈوبے ہوئے نماز پڑھا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ تقدیر کے فیصلوں اور اسکی ترکیبوں سے نا واقف تھا۔۔۔۔اور وہ اس تحفہ سے بھی نا واقف تھا جو اسکے لیے رب نے منتخب کیا تھا۔۔۔۔۔۔اور آج کے دن وہ اسے ملنے والا تھا۔۔۔۔

وہ گھڑی کی سوئی کی آواز تھی جو خاموشی میں زیام کو سلام پھیرتے وقت سنائی دی تھی۔۔۔۔۔

دائیں طرف سلام پھیر کر اب وہ بائیں طرف مڑا تھا۔۔۔۔اسنے بائیں طرف سلام پھیرا تھا۔۔۔۔

بس یہی ایک لمحہ تھا جسے مائسہ نے ضایع نہیں کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ زیام کا چہرہ دیکھ چکی تھی۔۔۔۔اسکے دل کی آواز کی سچی تصدیق ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔

جس کشمکش نے اسے نماز میں منتشر رکھا وہ اب نماز کے باہر بھی اسے مزید منتشر کر چکی تھی۔۔۔۔۔

ماتھے پر بے تحاشہ بلوں کے ساتھ اور لبوں پر سوالات کے ساتھ وہ دعا مانگ رہی تھی۔۔۔۔مگر تمام تر توجہ امامت کی اس پاک باز جگہ پر بیٹھے زیام پر تھی۔۔۔۔

نماز کے بعد ان سب نے دعا مانگنا شروع کر چکی تھی۔۔۔۔۔۔مگر مائسہ کی کشمکش کسی طور کم نا ہوئی تھی۔۔۔وہ جس رّسی سے اپنی جان چھڑا کر یہاں آئی تھی۔۔۔وہ رسّی تو شاید اسی کے دامن سے بندھ گئی تھی۔۔۔۔اب اسے چھڑانا اسے بے حد مشکل لگ رہا تھا۔۔۔۔

وہاں سب نماز ادا کر چکے تھے۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ان کے ہاتھ خدا کی بارگاہ میں بلند تھے۔۔وہ سب پر سکون تھے۔حد سے زیادہ پر سکون۔لیکن اگر کوئی بے چین تھا تو وہ مائسہ تھی ۔۔جو تمام تر بے چینی کو آنکھوں میں اتارے آنکھیں بند کئے دعا میں مشغول ہو گئی تھی۔۔۔

یا شاید وہ اپنی آنکھوں دیکھے اس منظر کو جھٹلا رہی تھی۔اور تمنا کر رہی تھی کہ ابکی بار آنکھیں کھلنے پر شاید وہ سامنے نا ہو۔وہ سامنے بیٹھے زیام کو نظروں کا دھوکہ سمجھنے کی ہر ممکن کوشش کر رہی تھی۔

مگر آنکھیں بند کر لینے سے جیتا جاگتا زیام وہاں سے اوجھل نہیں ہو سکتا تھا۔۔۔اب ایسا نہیں ہو سکتا تھا۔

وہ بڑا سا لاؤنج جس میں لائٹ کونے کونے میں پھیلی تھی جو ان سب کے چہروں پر پڑ بھی رہی تھی۔۔۔۔

زیام ہمیشہ کی طرح اپنی مخصوص دعا کو مانگنے میں لگا تھا۔اور وہ اپنی بے چینی کو دور کرنے میں لگی تھی۔۔

کہتے ہیں کہ اگر دوسروں کے لیے دعا کرو تو وہ چیز سب سے پہلے آپ کو مل جاتی ہے۔

وہ جو دعاؤں میں اسکا سکون اور اسکی راحت کو ہی مانگتا رہا تھا۔آج اسکی اپنی راحت اسکا اپنا سکون اس سے دو صفوں کے فاصلے پر دونوں ہاتھ اٹھائے بیٹھی تھی ۔

وہ تمام تر افراد دعا اور نماز سے فارغ ہو چکے تھے۔

مائسہ نے اضطراب اور بے چینی بڑھ جانے کی وجہ سے اک دم اپنی آنکھیں کھول دی تھیں۔

اسکی آنکھوں کے سامنے, آگے پیچھے تمام تر لوگ وہاں سے غائب تھے۔۔۔۔کوئی نظر آ رہا تھا تو وہ زیام تھا۔جو اس کی طرف پشت کئے آگے بیٹھا تھا۔۔۔

اس سفید دری پر وہ اس سے کچھ فاصلے پر پیچھے دوزانوں بیٹھی تھی۔

اور وہ امام صاحب کے درجے پر آگے دونوں ہاتھ اٹھائے مصروفِ دعا برائے مائسہ میں لگا ہوا تھا۔۔

مائسہ نے دیکھا تھا کہ نا ہی منظر بدلہ ہے اور نا ہی وہ چہرہ اور اب یقین نا کرنے کی کوئی صورت ہی نہیں رہی تھی۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ زیام کے دعا مانگتے ہاتھوں کو اسے چہرے پر پھیرتا محسوس کر سکتی تھی۔۔۔اب اسکا دل اٹھ کر بھاگ جانے کو کیا تھا۔۔وہ ایسا کر بھی جاتی اگر وہ تیزی سے نا پلٹ جاتا۔۔۔

دعا مانگتے ہی زیام کو دائیں بائیں نا آلف نظر آیا تھا اور نا معین شامی۔۔وہ ایک دم عجیب کشمکش کا شکار ہوتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا تھا۔۔

وہ سب کے سب اچانک کہا چلے گ ئے تھے۔۔۔۔اسے اک دم کسی خطرے کے اندیشے نے گھیرا تھا۔۔۔۔۔

اور اب وہ پلٹا تھا۔۔اس نے دائیں بائیں دیکھا تھا۔ نظروں میں کوئی بھی نہیں آیا تھا۔۔۔۔۔مگر پھر اسے وہ چہرہ نظر آ گیا تھا جو کچھ دنوں میں اسکی متاعِ جان بن چکی تھی

اسے نیچے بیٹھی ہوئی مائسہ نظر آئی تھی۔۔

اس حالت میں کہ وہاں کوئی نہیں۔۔اور اسے صرف زمین پر بیٹھی مائسہ اپنی جانب دیکھتی ہوئی نظر آ رہی ہے۔۔وہ اسے ایک گہرا خواب سمجھا تھا۔۔

مگر خواب ایسے تو نہیں ہوتے۔۔اتنے حقیقی۔۔اور پھر مائسہ کا کھڑا ہونا اسے اس بات کا یقین دلا چکا تھا کہ یہ کوئی خواب نہیں ۔۔حقیقت تھی۔۔وہ حقیقت میں اسکے سامنے کھڑی تھی۔۔۔

گندمی رنگت۔۔وہی گہری آنکھیں اور وہ تل جو اسے کہیں کا نہیں چھوڑتا تھا۔سیاہ رنگ میں خود کو مکمل ڈھانپے وہ اسے مخملی گڑیا سی نظر آئی تھی۔۔

۔۔۔۔کچھ دیر یونہی دونوں خاموشی سے ایک دوسرے کے سامنے ہونے کا یقین کر رہے تھے۔۔۔۔

پھر بولنے میں زیام نے پہل کی تھی۔۔وہ اسکے خواب نا ہونے کی اک اور تصدیق کرنا چاہتا تھا۔

مائسہ۔۔۔؟؟؟۔۔اسنے دھیمی آواز میں اسے پکارہ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

جو بس اسے تکے ہی جا رہی تھی۔۔۔۔دونوں کے درمیان وہ دو صفوں کا فاصلہ اب بھی برقرار تھا۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسنے اسے زمین کی جانب دیکھتے ہوئے پایا تھا ۔۔۔

یہ تم ہی ہونا؟۔۔۔ کوئی خواب تو نہیں۔۔۔ زیام نے پھر سے اسے مخاطب کیا تھا۔۔۔۔ لہجے میں خوشی, غم, تجسس, سوالات بہت کچھ تھا۔۔۔۔

اچھا ہوا تم مجھے مل گ ئے زیام ۔۔۔۔ مائسہ کی طرف سے دھیمے لہجے میں اسے سنائی دیا تھا۔

یہاں میری عزت ہے میرا تماشہ مت بنانا۔۔۔۔۔۔۔ اسکے کانوں میں اسکی مزید آواز آئی تھی۔

وہ اک پل کو ٹھہری تھی۔۔۔۔ پھر اس نے لمبی سانس کھینچی تھی۔۔۔ چہرے پر آنسوں نہیں تھے۔۔۔۔ مگر کوئی غور کرے تو معلوم ہوتا تھا کہ بولتے وقت اسکے ہونٹ کپکپا رہے تھے۔۔۔۔۔

زیام اسکی خاموشی کو طویل ہوتا دیکھ رہا تھا۔۔۔ مگر وہ اسے سننا چاہتا تھا درمیان میں مداخلت نہیں کر سکتا تھا

ہوا نے ان دونوں کے کانوں میں سنسناہٹ کی تھی۔۔۔۔ وہ اسکے سیاہ دوپٹہ میں لپٹے اس چمکتے چہرے کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔ پھر اسنے اسکی آواز کو دل کے کانوں سے سنا تھا۔

مجھے خود سے الگ کر دو۔ میں زندگی بھر اس جھوٹے نکاح کے سہارے نہیں بیٹھ سکتی۔۔

مائسہ نے دھیمے لہجے میں اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا تھا ۔۔

وہ ایسے کھڑا تھا جیسے اس کے دل کو کسی نے مٹھی میں دبوچ لیا ہو۔۔۔۔

کہتے ہیں لفظوں کے تیر دل میں تیر انداز کی اہمیت اور جگہ کے حساب سے کام کرتے ہیں۔۔ اور اتنا ہی گہرہ اثر چھوڑتے ہیں۔

وہ تیر تو کسی کے دل سے ہوتا ہوا سیدھا اسکے دل میں پیوست ہو گیا تھا۔۔۔

پھر اس نے اس چاند کو بادلوں میں چھپتے دیکھا تھا۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ بھاگ کر اپنے کمرے میں چلی گئی تھی۔۔۔

جبکہ وہ سیاہ کرتا پہنے۔سیاہ آنکھوں سے اسے تکتا ہی رہ گیا تھا۔۔۔زبان کنگ پڑ گئی کچھ بھی کہنے سے عاری۔۔دل بجھ سا گیا تھا۔۔

نظروں نے اب زمین کو تکا تھا۔۔۔شاید وہ دیکھ رہا تھا کہ یہ سننے کے بعد زمین کیوں نا پھٹ گئی۔اور وہ اس میں دھنس کیوں نا گیا۔۔

اسکی بے ربط خالی نظر سامنے سے آتے معین شامی اور آلف پر پڑی تھی۔۔۔۔۔

انکے پیچھے اسے باقی سب نظر آئے تھے ۔۔۔۔فل وقت تو وہ سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ آخر کونسی قیامت تھی جو گزر گئی تھی ۔

اسے شیخ کی آنکھوں میں جھانک کر اتنا تو پتا لگ گیا تھا کہ وہ اس تمام تر معاملے میں شامل تھے۔اور شاید انہی کی بدولت آج ان دونوں کا ملنا متوقع ہوا تھا۔

شیخ بھی تنہا کھڑے اس انسان کو دیکھ رہے تھے جو آج واقع تنہا رہ گیا تھا۔۔

مجھے کچھ لمحے اکیلا چھوڑ دیں۔۔۔اسنے دھیمے لہجے میں وہاں موجود سب لوگوں کو مخاطب کیا تھا۔۔۔

پھر سب نے اسے زینا چڑھتے اوپر کی جانب جاتے دیکھا تھا۔۔۔۔۔

وہ ہماری سب سے قیمتی چیز کے ذریعے ہی ہمیں آزماتا ہے۔اور جتنی آزمائش سخت ہوتی ہے اسکا انعام بھی اتنا ہی اعلی اور شاندار ہوتا ہے۔

شیخ نے اپنے ارد گرد موجود ان تمام لوگوں کو مخاطب کر کے کہا تھا۔۔گویا وہ کہہ رہے تھے کہ زیام سے سبق لو اور سیکھو کہ اب وہ کس طرح اس آزمائش کو سہتا ہے۔

وہ لوگ جب نماز سے فارغ ہوئے تھے ۔۔۔تب انہوں نے معین شامی کا اشارہ دیکھا تھا ۔۔۔

سب سے پہلے آلف نے دیکھا تھا کہ وہ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس وقت زیام اور مائسہ کی آنکھیں بند تھیں۔۔۔۔۔۔

انکا اشارہ وہاں سے اٹھ کر چلے جانے کا تھا۔۔۔انہوں نے اشارے سے مائسہ اور زیام کو اٹھانے سے بھی منع کر دیا تھا۔۔۔

وہ دونوں دعا منگنے میں اتنا کھوئے ہوئے تھے ۔۔۔کہ ان سب کے اٹھ کر جانے پر بھی انہیں کچھ پتا نا لگ سکا تھا

۔۔۔۔۔۔۔

وہاں کسی کو کسی بات کا علم نہیں تھا۔۔۔وہ بس شیخ کے کہنے پر اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔۔۔۔اس دری پر صرف مائسہ اور زیام ہی بچے تھے۔۔۔۔

پھر کچھ دیر بعد وہ سب اس کمرے میں داخل ہوئے جب مائسہ اپنے کمرے میں جا چکی تھی ۔۔۔

جو گزرنی تھی وہ ان دونوں پر گزر چکی تھی۔۔۔

شیخ کے حکم پر سب اپنے اپنے کمروں کی جانب بڑھ گ ئے تھے ۔۔۔جو بھی تھا آج انکے لیے بہت بڑا اور کارآمد دن تھا

۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ سیڑھیاں چڑھتا ہوا چھت کی جانب بڑھ رہا تھا۔۔۔گویا یہ ضبط کی سیڑھیاں تھی جن کو وہ تیزی سے سر کر رہا تھا۔۔۔۔اور سر کرتا ہوا ضبط کہ پہلی منزل پر پہنچ گیا تھا۔۔۔

صبح کی روشنی اور اسکی کرنیں اسکے چہرے پر پڑنے لگی تھیں۔۔۔

مگر وہ رکا نہیں تھا۔۔۔چلتا ہوا چھت کی منڈیر پر لگی گرل دونوں ہاتھوں کو سختی سے رکھ چکا تھا۔۔۔

گردن اور ہاتھ کی رگیں تن گئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔ضبط کی وجہ سے اسکی آنکھوں سکھڑ گئی تھیں۔۔۔اور وہاں بل پڑ گئے تھے

۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام کی حالت اس وقت بلکل اس بچے کی طرح تھی جو چاکلیٹ میں پوشیدہ کڑوی دوائی سے ناواقف ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھی وہ اس ملاقات کی خوشی محسوس کرنے ہی والا تھا درد نے اس خوشی کو ماند کر دیا تھا۔۔۔

تم ایسا کیسے کہہ سکتی ہو مائسہ۔۔۔۔۔۔میں تم سے الگ ہونے کا تصور بھی نہیں کر سکتا تو تم۔۔۔۔۔

وہ خود سے ہم کلام تھا۔۔۔۔تیزی سے اوپر آنے کہ وجہ سے اسکی سانس پھولی ہوئی تھی۔

تم کیسے مجھ سے وہ مانگ سکتی ہو جو میں تمہیں مر کے بھی نہیں دے سکتا۔۔ صحیح کہا ہے کسی نے محبوب ہمیشہ آسان چیز نہیں مانگتا ۔۔۔۔وہ ہمیشہ قربانی مانگتا ہے۔۔

مگر یہ قربانی نہیں تھی۔یہ تو خودکشی تھی جو وہ مر کے بھی نہیں کر سکتا تھا۔

یارب یہ کیسا امتحان ہے۔وہ جو میرے لیے ہدایت کا ذریعہ بنی۔۔وہ جس نے مجھے جہنم کے گڑھے میں گرنے سے بچایا۔۔۔وہ مجھے پستی کے اندھیروں میں کس طرح پھینک سکتی ہے۔۔۔۔۔وہ مجھے چھوڑنے کا کیسے سوچ سکتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ گنگ ہوتی زبان کے ساتھ بہت مشکل سے رب سے ہم کلام ہوا تھا۔۔۔۔۔

کچھ لوگ بہت بہادر ہوتے ہیں۔۔۔کوئی چاقو سے وار کرے یا خنجر سے چیر ڈالے تب بھی وہ ڈٹے رہتے ہیں۔۔۔مگر زبان کے وار بڑے سے بڑے بہادروں کو پل میں ڈھیر کر دیتے ہیں۔۔یہ وار خنجر سے زیادہ تیز اور تکلیف دہ ہوتے ہیں۔۔۔۔۔

انسان کو ایسی منزل پر لا کھڑا کرتے ہیں۔جہاں منزل کا نشان بھی نہیں ہوتا اور واپسی کا سامان بھی نہیں ہوتا۔۔۔

وہ ایسی ہی ایک منزل پر کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔

گرل کو ہاتھوں سے پکڑے وہ نکلتے سورج کو بہت غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔ہونٹ دانتوں میں دبے تھے۔۔۔۔ناک سرخ تھی ۔۔۔اسکی سیاہ آنکھیں سورج کی کرنوں سے اپنا رنگ بدل رہی تھیں۔۔۔۔

مگر پھر اسنے مناظر کو دھندلا ہوتا محسوس کیا تھا۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسے یاد تھا کہ وہ کبھی نہیں رویا۔۔۔۔۔۔زندگی کی کوئی تکلیف اسکے آنکھوں سے دو آنسوں نا نکال سکی تھی۔۔۔۔

مگر آج اسکا دامن بھیگ گیا تھا۔۔۔۔مضبوط مرد روئے تو بہت برا لگتا ہے ۔۔ اسکے آنسو ہمیشہ کسی بڑے ضبط کا نشان ہوتے ہیں۔وہ ضبط جو وہ آنکھوں سے اندر نہیں اتار پاتا۔۔۔وہ ناچاہتے ہوئے بھی آنکھوں سے باہر جھلک پڑتا ہے ۔۔۔۔

وہ خاموشی سے ہونٹ بھینچے رو دیا تھا۔۔۔۔۔جیسے کسی ننھے بچے سے اسکی ماں کو الگ کر دیا جائے ۔یا جیسے کوئی جنازہ اسکے سامنے رکھا ہو ۔۔

پھر اس نے کسی خیال کے تحت دونوں ہاتھوں کو آنکھوں پر پھیر کر آنسو کو پونچھا تھا۔۔۔۔

پھر دو سے تین مرتبہ اس نے یہی کیا تھا۔۔۔۔۔

اسکی داڑھی بھی بھیگی ہوئی تھی۔۔۔۔۔خود کو مزید رونے سے بچاتے ہوئے اس نے ایک گہری سانس لی تھی ۔۔۔۔۔

آج کا دن ان سب کے لیے بہت ہی الگ دن تھا۔۔وہ ایک منزل کے مسافر تھے جسکا دنیاوی دھن دولت سے کوئی تعلق نہیں تھا ۔۔ہمدردی کا لفظ ان کے جزبوں کے آگے بے حد چھوٹا پڑ رہا تھا۔۔۔۔

وہ لوگ جانے سے پہلے ایک آخری پریکٹس کرنے میں لگے ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔

وہاں انہوں نے ایک وقتی طور پر جگہ بنالی تھی۔۔۔جہاں وہ گن چلانے کی پریکٹس کر رہے تھے۔۔۔۔۔آلف باری باری سب کا نشانہ دیکھ رہا تھا۔۔۔وہ دیکھنا چاہتا تھا کہ کس کو وہ فرنٹ پر رکھ سکتا ہے۔۔۔اور کون انہیں بیک اپ دے سکتا ہے۔۔۔۔۔۔

اپنی پانچ سالہ ٹریننگ کے بعد وہ مکمل ایک آرمی کے فوجی جوان کی طرح سوچنے لگ گیا تھا۔۔۔۔۔کیونکہ اسکی ٹریننگ بھی ایک ایسے کالج میں ہوئی تھی جہاں کیڈٹ اسٹوڈنٹس کی ٹریننگ ہوتی ہے۔۔۔اور اسکا پورا کریڈٹ سکندر علی کو جاتا تھا۔۔۔۔۔

وہ عادل اور علی کا نشانہ دیکھ چکا تھا۔۔۔اور اب وہ عاطف کا نشانہ دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہاں گولیوں کی آواز نہیں گونج رہی تھی۔۔۔کیونکہ انکے تمام ترگنوں پر سائلینسر لگا تھا۔۔۔۔کیونکہ وہ یہ بات بخوبی جانتے تھے۔۔۔کہ انکا کام بغیر کسی شور شرابے کے انتہائی خاموشی سے ہے۔

ان میں سے کسی کو بھی صبح والا واقعہ نہیں بھولا تھا۔۔۔خاص طور پر آلف کو بار بار زیام کی وہ صورت یاد آرہی تھی۔۔۔وہ اسے اتنا کمزور اور ٹوٹا ہوا شاید ہی کبھی معلوم ہوا تھا۔۔۔

اور ابھی بھی وہ ان کے درمیان موجود نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔

عاطف درمیان میں کھڑا اپنی پسند کی گن پکڑے اب فائر کر رہا تھا۔۔۔اس نے ایک ساتھ پانچ فائر کیے تھے۔۔۔۔جو تمام کے تمام اس آخری سرکل کے اندر لگے تھے۔۔۔۔

good ...

آلف نے اسکا نشانہ دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔

وہ وہیں پیچھے والے صوفے سے ٹک کر کھڑا تھا۔۔۔جینز پر بلو شرٹ پہنے۔۔۔۔۔۔۔وہ وقفہ وقفہ سے فون بھی چیک کر رہا تھا ۔۔۔۔۔۔

علی اور عادل بھی ایک طرف کھڑے تھے۔۔۔۔

ان تمام کی نظریں اچانک دروازے کی جانب مرکوز ہوئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے بھی نظریں اٹھا کر دروازے سے آنے والے کو بغور دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ حد سے زیادہ سنجیدہ چہرہ لیے رگے تانے اندر داخل ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اسے بغور دیکھا تھا۔۔۔ابھی جانے کا وقت کا کچھ پتا نہیں تھا۔۔۔جبکہ وہ سفید شرٹ اور بلیک جینز پہنے ٹائی لگائے ۔۔۔۔۔ہاتھ میں گھڑی پہنے وہ مکمل تیار کھڑا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ان سب پر ایک طائرانہ نظر ڈال کر وہ اب اس میز کی طرف بڑھا تھا۔۔جہاں گنز رکھی رھیں۔۔۔۔

جسکے سامنے وہ بلیک بورڈ تھا۔۔۔جس میں گن دھنس جاتی تھی۔۔۔۔۔

عاطف وہاں سے ہٹ گیا تھا۔۔۔اور اسکی جگہ زیام آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

کسی کو بھی اسکے چہرے پر پریشانی یا غصہ نظر نہیں آ رہا تھا۔۔۔۔بس سنجیدگی تھی جو پورے چہرے پر اور اسکے وجود پر چھائی ہوئی تھی۔۔۔۔

عاطف نے نوٹ کیا تھا۔۔۔یہ وہی سنجیدگی تھی جو اسکے چہرے پر ان لوگوں کو اس وقت دکھی تھی جب وہ پہلی بار مسجد میں آیا تھا ۔۔۔۔

اور اسکے اگلے دن سے ان سب نے اسے مسکرا کر باتیں کرتے ہی دیکھا تھا۔۔۔۔۔

اب زیام خاموشی سے کھڑا وہاں سے ایک گن اپنے ہاتھ میں اٹھا رہا تھا۔۔۔

آستینیں ہمیشہ کہ طرح کہنیوں سے تھوڑا نیچے تک فولڈ تھیں۔۔۔۔۔وہاں موجود لائٹ میں اسکی سیاہ داڑھی چمک رہی تھی۔۔۔۔

وہاں ہر کوئی اس کو بغور دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

اب وہ اپنا ہاتھ سیدھا کئے نشانہ سادھ رہا تھا۔۔۔۔۔

آنکھوں میں ایک سمندر تھا۔۔۔جو ٹھہرا ہوا تھا۔۔۔۔۔وہ ان آنکھوں کو جن سے وہ ابھی کچھ دیر پہلے رو کر آیا تھا اب سامنے بورڈ پر ٹکایا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

پھر ان لوگوں نے اسکے نشانوں پر نظر کی تھی۔۔۔۔۔۔

اسنے پے در پے کئی گولیاں سامنے لگے بوڈ میں اتار دی تھیں۔۔۔۔۔۔تمام کی تمام سب سے چھوٹے سرکل کے اندر لگی تھیں۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ان سب کی نظر اس بورڈ کی جگہ پر تھی۔۔۔

۔۔وہاں گولیاں باقائدہ ترکیب سے ماری گئی تھیں۔۔۔۔۔انہیں صاف نظر آرہا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہاں گولیاں ایک کے بعد ایک لگی ہوئی بڑا سا ایم لکھ چکی تھیں۔۔۔۔

آلف نے آنکھیں چھوٹی کر کے پہلے بورڈ کو اور پھر سنجیدہ کھڑے زیام کو دیکھا تھا۔۔

وہ بلکل سیدھا ایم تھا جو اس نے گولیوں سے بنایا تھا۔۔۔۔۔۔

اب وہ دوسری گن سے مزید فائر کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس ایم کے گرد اس نے گولیوں سے ایک دائرہ بناڈالا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ سب خاموش کھڑے اسے اس طرح کرتے دیکھ رہے تھے۔۔مگر کسی کی بھی اسے روکنے کی ہمت نا تھی۔وہ ایک خاموش شیر کی طرح معلوم ہوتا تھا۔

آلف جانتا تھا وہ اس وقت بہتر نہیں۔۔۔اور اپنے اندر کا غبار ان گولیوں پر اتار رہا ہے۔۔۔۔۔پھر بھی وہ آہستہ آہستہ آگے بڑھا تھا

۔۔

۔اور اب وہ اسکے برابر میں کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔ایک ہاتھ زیام کے کندھے پر گیا تھا۔۔۔۔آلف نے اسکا کندھا تھپتپایا تھا۔۔

ایک بات یاد رکھنا۔۔مسلمانوں کو کبھی شکست نہیں دی جا سکتی۔وہ مرتے ہیں تو شہید ہوتے ہیں اور جیتے ہیں تو غازی بنتے ہیں

۔۔۔۔۔۔۔اس نے بلند آواز سے انتہائی کرخت لہجے میں ان سب سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

اسکی بات سن کر انکے سینے چوڑے ہو گئے تھے۔۔۔۔۔۔بات واقع سو فیصد سچ تھی ۔۔۔

ہمیں جلد ہی نکلنا ہو گا۔۔۔۔۔۔اب زیام سرسری سا کہتا ہوا کمرے سے نکل کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہاں سے نکلا ہی تھا کہ اسے اپنے فون پر کسی کا فون آتا دکھائی دیا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

فون کو دیکھ کر وہ مسکرایا تھا۔۔وہاں اسکرین ہر وائفی لکھا تھا۔۔۔

فون اٹھا کر اس نے پہلے اسے بولنے کا موقعہ دیا تھا۔۔۔فون کو کان اور گردن کے بیچ پھنسا کر وہ نیچے صوفے پر بیٹھے اپنے جوتے پہن رہا تھا۔۔۔

کہ اسے مقابل سے آواز آئی تھی۔۔۔

ہیلو بیٹا۔۔۔سب ٹھیک چل رہا ہے نا آلف؟؟۔۔۔انتہائی پیار سے کہا گیا تھا۔

مگر وہ رابعہ کی آواز ہر گز نہیں تھی۔۔۔۔

آلف نے شدید چونک کر فون اپنے ہاتھ میں لیا تھا۔۔اور اب وہ اسکرین پر دوبارہ نام پڑھ رہا تھا۔۔۔

وہاں وائفی ہی لکھا تھا۔۔۔۔

ککون۔۔۔۔اب اس نے ہڑبڑاہٹ سے پوچھا تھا۔۔۔۔

کیا مطلب ہے کون کتنی مائیں ہیں تمہاری۔۔۔۔۔۔مقابل سے ٹھوڑا سخت جواب آیا تھا۔۔۔

ماما۔۔۔آپ۔۔۔آلف نے نا سمجھی سے کہا تھا۔۔۔مگر اگلے ہی لمحے وہ تمام کاروائی اور اس کام کے پیچھے ہونے والی ایک مہاشے کو پہچان گیا تھا۔

نمبر بدلنے میں وہ ماہر تھی۔۔۔۔

جی۔۔۔سب ٹھیک ہے۔۔۔آپ ٹھیک ہیں نا۔۔؟۔۔اب اس نے خود کو مطمئن کر کے پوچھا تھا۔۔۔

ہاں۔۔واٹس اپ دیکھو۔تمہیں کچھ بھیجا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔نائلہ کی آواز اسکے کانوں میں پڑی تھی۔۔۔

جی۔۔!!.....اچھا۔۔۔آلف کے ذہن میں سوالات آئے تھے۔۔۔پھر اس نے فون میں واٹس ایپ کھولا تھا۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہاں ایک تصویر تھی۔۔جو لوڈ نہیں ہئی تھی۔۔۔۔۔۔آلف اسی پر نظریں جمایا ہوا تھا۔۔۔

پھر اسے وہ لوڈ ہوتی دکھائی دی تھی۔۔۔۔۔۔اور اگلے ہی لمحے اسکی آنکھیں باہر کو آگئی تھیں۔۔۔۔۔۔وہ واقع صحیح معنوں میں چونک گیا تھا۔۔۔

اور اب اسکی ہمت ہی نہیں تھی فون کان سے لگانے کی۔۔۔۔۔۔۔۔

نورے کی بچی تمہیں تو میں بعد میں دیکھ لونگا۔۔۔۔۔۔۔اس نے شدید جھنجلاہٹ میں بڑبڑا کر کہا تھا۔۔۔

پھر وہ فون کان سے لگا چکا تھا۔۔۔۔۔

دیکھ لی پکچر؟؟۔میں نے سوچا میں خود ہی فریم کروالوں۔۔۔۔۔۔۔نائلہ اس سے بات کر رہی تھی۔۔اور وہ جواب میں خاموش تھا۔۔اور دل ہی دل میں نورے کو سلاواتیں سنا رہا تھا۔۔

جی۔۔۔آلف نے سرسری سا جواب گیا تھا۔۔۔۔۔

چلو ٹھیک ہے میں رکھتی ہوں فون۔۔ان چھوٹے چھوٹے کاموں کے لیے مجھے ہی بول دیا کرو۔۔۔۔۔۔انہوں نے سیدھا سا کہہ کر فون رکھ دیا تھا۔۔۔

آلف نے فون رکھ کر دوبارہ اپنے فون میں اس تصویر کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ایک لکڑی کا گہرہ براؤن فریم تھا۔۔۔۔۔جس کے بیچ میں فوم کے اندر دو گجروں کو فریم کروایا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

یقیناًوہ سمجھ گیا تھا کہ یہ کام تھا کس کا۔۔۔۔۔۔۔۔نورے خوب جانتی تھی کہ وہ آلف کی مرضی کے خلاف کراچی جا رہی ہے۔تو وہ وہاں آلف اس سے بات بات پہ بدلے لے گا۔۔۔۔۔اسی لیے اپنے بدلے کا انتظام وہ پہلے سے ہی کر کے آئی تھی۔۔۔۔۔۔اسی نے ہی وہ گجرے نائلہ کو دیے تھے۔۔۔۔تاکہ وہ فریم کروا کر آلف کو تصویر بھیجیں۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

افف۔۔۔اللہ اس لڑکی کو جلدی عقل دے دے۔۔۔۔۔آلف نے دل سے نورے کے لیے دعا کی تھی۔۔۔۔۔۔اور ایک گہری سانس لی تھی۔۔

اب اسکا دل رابعہ کو فون کرنے کا کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔وہ اس سب سے پہلے ایک بار رابعہ سے بات کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ساتھ ہی وہ اس فریم والی پک کو اسے بھیج بھی چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ ایک اندھیرا سا کمرہ تھا۔۔۔۔۔جہاں صرف بیچ میں ایک بلب لٹک رہا تھا۔۔۔۔۔وہاں ایک دروازے کے سوا کوئی بھی جگہ کھلی نہیں تھی۔۔۔۔

وہ تمام کے تمام لوگ جنکی عمریں تیس سے چالیس سال کی تھیں۔۔۔وہ اس ایک شخص کے گرد کھڑے تھے۔۔۔۔۔

اور وہ شخص چہرے پر کپڑا باندھے ان سب کے بیچ انکا سربراہ بنا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔پھر اسکے لمبے چوڑے وجود میں حرکت ہوئی تھی

۔۔

دونوں ہاتھ کو کمر کے پیچھے باندھتا ہوا وہ بلند آواز سے بولا تھا۔

۔۔۔جنت کے راستے پر آج ہمارا دوسرا قدم ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پچھلی بار کام اتنا دل سے نہیں ہوا تھا۔۔۔۔۔۔گو ڈہم سے زیادہ خوش نہیں تھے۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن اب یسو مسیح کی توجہ سے ہم بہت طاقت ور ہیں۔۔۔۔۔۔۔طاقت ور ہیں نا؟۔

اس نے ان سب پر باری باری نظر ڈال کر پوچھا تھا۔۔۔

پھر وہ جھکا تھا۔۔۔اسکا ایک ہاتھ آگے میز پر زور سے پڑا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

انکے درمیان ایک میز تھی۔۔۔جہاں رائفل اور بہت سی بڑی بڑی بندوقیں رکھی تھیں۔۔۔وہاں چھوٹے چھوٹے ہینڈ بم بھی تھے

۔۔۔۔۔

یس باس۔۔۔وہ سب یک زبان ہو کر بولے تھے۔۔۔۔

یاد رکھنا۔۔اگر تم میں سے کوئی زندہ واپس آیا۔تو اسکے ہاتھ کم سے کم دو انسانوں کے خون سے رنگیں ہونے چاہیے۔۔۔۔ورنہ میں خود اسے مار کر جنت میں پہنچا دونگا۔۔۔۔۔۔کاملین خونی آنکھوں سے کہہ رہا تھا۔۔۔

ان سب نے اپنی گردنوں کو ہلایا تھا۔۔۔۔۔۔

انکی آنکھوں میں جنت تک پہنچنے کی دھن اور دہشت با آسانی دیکھی جاسکتی تھی۔۔۔۔

بے خبری کی بہت بڑی قیمت چکائیں گے یہ مسلمان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اب دونوں ہاتھوں کو میز پر ٹکائے انتہائی نفرت سے بولا تھا ۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ اس وقت بہت خوش تھی۔۔۔۔۔اتنی خوش وہ شاید ہی کبھی اپنی زندگی میں ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

ہاتھ میں پینسل پکڑے بالوں کا اونچا جوڑا بنائے اپنی اسٹڈی ٹیبل کی کرسی سے کمر کو ٹکائے جھول رہی تھی ۔۔۔۔۔

پینسل کا ایک سرا اسکے منہ میں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ لٹیں کانوں کے گرد جھول رہی تھیں۔۔۔۔۔

فون کے بجنے پر اس نے کرسی کو آگے کر کے فون کی جانب نظر کی تھی۔۔

پھر اس نے کچھ دیر انتظار کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ایک سے دو بیل بجنے پر وہ اسی طرح فون کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

پھر تیسری بیل پر اسکا ہاتھ پینسل میز پر رکھتے پرے فون کی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جبکہ دوسرا ہاتھ تھوڑی پر ٹک گیا تھا۔۔۔

فون اٹھانے کے بعد اس نے دوبارہ فون پر نظر کی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہاں نام تو وہی تھا۔۔۔۔

پھر اسنے فون کان سے دوبارہ لگایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ماتھے پر بل پڑے تھے۔۔۔۔۔

وہاں کال جاری تھی۔۔۔ مگر مقابل سے کوئی بھی آواز نہیں آرہی تھی۔۔۔

کچھ پل اسی طرح خاموشی میں کٹ گئے تھے ۔۔۔

آخر خاموشی اب رابعہ کی برداشت سے باہر جارہی تھی۔۔۔۔۔

اور مقابل بہت ہی برداشت کے ساتھ خاموشی کا مظاہرہ کر رہا تھا۔۔۔۔

کیا ہے۔۔کچھ بولو بھی۔!!!۔۔۔ آخر کار رابعہ نے ہی ہار مان لی تھی۔۔۔۔

مقابل شدت سے مسکرایا تھا۔۔۔ مگر وہ اسکی مسکراہٹ دیکھ نہیں سکتی تھی۔۔۔۔

آلف کچھ بولو گے یا فون رکھ دوں۔۔۔۔۔۔۔رابعہ کوئی جواب نا پا کر فون رکھنے لگی تھی۔۔۔

تمہیں پتا ہے۔۔کہ سائنسی ریسرچ کے مطابق خواتین دن بھر میں مردوں سے بیس ہزار الفاظ زیادہ بولتی ہیں۔۔۔۔

آلف شدید مسکراہٹ کے ساتھ بولا تھا۔۔۔۔

تو تمہیں میرے ان خواتین میں شامل ہونے پر کوئی شک ہو رہا تھا کیا۔۔۔؟؟۔۔۔ابکی بار وہ شدید جھنجھلاہٹ سے سر جھٹکتی ہوئی کہہ رہی تھی۔۔۔

سر چیئر پر ٹکا تھا۔۔۔ نظریں اوپر کی جانب تھی۔۔۔۔

تم شک ہونے ہی نہیں دیتیں۔۔۔۔۔وہ سرسری سا بولا تھا۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس وقت گھر کے باہر لان میں ٹہل رہا تھا۔۔۔۔۔۔

تم نے مجھے آل کہنا کہوں چھوڑ دیا ہے۔۔۔۔۔۔ آلف نے اس سے اچانک سے یہ سوال کیا تھا۔۔

۔

۔۔۔۔۔رابعہ نے اپنا ناخن دانتوں میں لے کر کہا تھا۔۔!!تو تم نے نوٹ کر ہی لیا

ہمم۔۔۔۔۔ آلف نے جواب میں کہا تھا۔۔۔

تمہیں آل سیلین کہتی تھی۔۔رابعہ نہیں۔۔۔۔۔اس نے مسکرا کر سنجیدہ سا جواب دیا تھا۔۔۔

اب یہ پہیلیوں میں بات کرنے کی عادت بھی خواتین میں ہی ہوتی ہے۔۔۔۔ آلف نے اسکے جواب میں کہا تھا۔۔۔

ایک کام کرو ایک کتاب لکھو۔۔۔خواتین اور انکی عادتیں۔۔۔۔اس میں سرِ فہرست مجھ پر تحقیق لکھو۔۔۔۔۔ تاکہ ایک ہی مرتبہ تمہیں سکون مل جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔رابعہ نے اسے چڑ کر جواب دیا تھا ۔۔۔۔۔۔

اچھا خیال ہے۔۔!!!۔۔ آلف نے سرسری سا کہا تھا۔۔۔

چلو میں فون رکھتا ہوں۔۔۔۔۔۔ آلف نے سامنے سے اسکی طرف آتی مائسہ کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

اللہ حافظ۔۔۔۔۔رابعہ نے بھی جواب دے کر فون رکھ دیا تھا۔۔۔۔۔۔

مائسہ نے دور سے ہی اسے فون رکھتے ہوئے دیکھ لیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے سرسری سی نظر مائسہ پر ڈالی تھی۔۔۔۔وہ صبح والے کالے اسکارف اور سادھا شلوار قمیض میں ہی ملبوس تھی۔۔۔۔۔چہرہ پانی سے دھلا ہوا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

گل اور عاطف دار لعلوم کے لیے نکل گ ئے ہیں ۔۔۔۔وہاں کچھ بھی گڑبڑ ہو گی تو وہ ہمیں فوراً انفارم کریں گے ۔۔۔۔۔۔۔۔تمام تیاریاں بھی ہو گئی ہیں۔۔۔۔

مائسہ نے اسے سب کچھ تفصیل سے بتایا تھا۔

بہت شکریہ۔۔۔۔ آلف اسے جانچتی نظروں سے دیکھ کر بولا تھا۔۔۔۔۔۔اسکے چہرے پر کوئی خاص تاثر نہیں تھا۔خود کو انتہائی پر سکون دکھانے کی ناکام کوشش کی جارہی تھی۔

مس مائسہ۔۔۔۔ آلف نے اسے پلٹتے ہوئے روکا تھا ۔۔۔۔۔

ایک تصویر کے دو رخ ہوتے ہیں۔اور بعض اوقات ہم ایک رخ سے تو بخوبی واقف ہو جاتے ہیں۔مگر دوسرے رخ کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔

مائسہ اسکی بات سن کر رک گئی تھی۔۔مگر اسکا چہرہ دوسری طرف ہی تھا۔

زیام کے ملنے سے پہلے میرے لیے دھوکہ محظ ایک لفظ کی حیثیت رکھتا تھا۔۔۔۔۔۔مگر اب میں دھوکے اور فریب سے اچھی طرح واقف ہوں۔۔۔

وہ کہتی ہوئی اندر کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔۔

وہ تمہیں کیا دھوکہ دے گا مائسہ وہ تو خود پوری زندگی دھوکہ میں گزار رہا تھا۔۔۔۔

آلف نے دل ہی دل میں زیام کی طرف داری میں کہا تھا۔۔

❤❤❤❤❤❤

وہ سب شدید انتظار میں تھے۔۔۔۔۔۔تمام تیاریاں مکمل تھیں۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سب کے سب لاؤنج میں جمع تھے۔۔کوئی نہیں تھا تو وہ مائسہ اور زیام تھے۔۔۔۔۔جو اس وقت اپنے اپنے کمروں میں تھے۔۔۔۔۔۔

گل کی طرف سے کوئی اطلاع ملی؟۔۔علی نے آلف کی دیکھ کر پوچھا تھا۔۔

جو اس وقت ان سب کے درمیاں بیٹھا موبائل پر نیوز دیکھ رہا تھا۔۔۔

اسکے پوچھنے کی دیر تھی کہ اسکے فون پر گل کی کال آئی تھی۔۔۔۔

جو اس نے بغیر کسی تگ ودو کے فوراً اٹھالی تھی۔۔۔۔

اور فون اسپیکر پر لگا دیا تھا۔۔۔۔۔

آلف بھائی۔۔یہاں مشکوک سی وین آئی ہے۔۔۔۔۔چاروں طرف کالے شیشے لگے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔گل نے انہیں انفارمیشن دی تھی۔۔۔۔۔

اسکی نظر سامنے آہستہ آہستہ آتی ہوئی اس کالی وین پر تھی۔۔۔۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔۔آلف نے سرسری سا کہہ کر فون کاٹ دیا تھا۔۔۔۔۔۔

نکلنے کا وقت آگیا ہے جوانوں۔۔۔۔۔آلف نے ان سب کی جانب ایک نظر ڈال کر کہا تھا۔۔۔۔

زیام اس وقت سیڑھیاں اترتا ہوا ان کی طرف ہی آرہا تھا۔۔۔جب اسے گل کی آواز اسپیکر کی وجہ سے سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اور اب وہ بھی تیزی سے نیچے اترا تھا۔۔۔۔۔۔

گاڑی نکالنی ہوگی۔۔۔۔جلدی کرو علی۔۔۔پلان کے مطابق ہم دو چھوٹی گاڑیوں میں الگ الگ راستوں سے وہاں پہنچیں گے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام نے سنجیدگی سے آتے ہی علی سے کہا تھا۔۔۔

جو اسکی بات سن کر فوراًلاؤنج سے باہر کی جانب تیزی سے نکلا تھا۔۔۔۔

اس سب کے دوران آلف اپنے فون پر چلتی نیوز کو انتہائی غور سے سن رہا تھا۔۔۔۔

بلیک ہول کمپنی کے جانی مانی شخصیت مسٹر ڈیلسن مارکر کا پرائوٹ جیٹ راستے میں ہی تباہ ہو گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہ آج پاکستان کے لیے تشریف لا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔یہاں انہوں نے اپنے پاکستانی مداحوں کو ایک بڑی پارٹی دینی تھی۔۔۔۔مگر افسوس اب تک کی خبر کے مطابق انکے بارے یہی خبر مل رہی ہے کہ مسٹر ڈیلسن مارکر کی ڈیتھ ہو گئی ہے

۔۔۔۔۔۔

آلف نے نا سمجھی سے اپنے موبائل میں اس نیوز کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

یہ سب۔۔۔؟؟۔۔زیام جو آلف کے ساتھ ابھی وہی تھا اس نے بھی سب سن لیا تھا۔۔مگر سمجھ نہیں پا رہا تھا۔۔۔

یہ انکی چال ہو سکتی ہے۔۔۔۔زیام جیسے کسی نتیجے پر پہنچا تھا۔۔۔

جبکہ آلف اب بھی سوچ میں تھا۔۔۔

ڈیلسن کا کوئی کام وجہ کے بغیر نہیں ہو سکتا۔۔۔اگر جلد از جلد ہم اس سب کے پیچھے کی وجہ تک نا پہنچے تو یقیناً کوئی تباہی ہو گی

۔۔۔۔۔۔

آلف نے سوچ میں ڈوبے ہوئے کہا تھا۔۔

چلو اب۔۔۔زیام نے اسے ساتھ چلنے کا کہا تھا۔۔۔

نہیں۔۔۔۔اب یہ لڑائی تمہارے سپرد زیام۔۔۔۔میری ضرورت کہیں اور ہو سکتی ہے۔۔۔۔۔۔ہم اس ڈیلسن کو اپنے پیٹ پر وار کرنے نہیں دے سکتے۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف نے فون پر کچھ دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

زیام ایک گہری سانس لے کر ان سب کے پیچھے لاؤنج سے باہر نکلنے کے لیے تیزی سے بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

ابھی وہ بڑھ ہی رہا تھا۔۔۔ کہ اس نے کسی کو دائیں کمرے سے جھانکتا محسوس کیا تھا۔۔۔۔۔۔

مگر اگلے ہی لمحے وہ بغیر مڑے وہاں سے چلا گیا تھا۔۔۔۔

آلف نے ایک گہری سانس لے کر سوچنا شروع کیا تھا۔۔۔ آخر ایسی کیا چیز تھی جو اس سے چھوٹ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ڈیلسن کی اس حرکت کے پیچھے آخر کیا وجہ تھی۔۔۔۔

ہزاروں سوالات تھے مگر اسکا ایک بھی جواب اسے سمجھ نہیں آرہا تھا۔۔۔۔

اسنے کھڑے کھڑے شانو کا نمبر ملایا تھا۔۔۔۔۔۔

فون اٹھاؤ۔۔۔۔۔۔ آلف نے شدید بے چینی میں خود کلامی کی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شانو فون نہیں اٹھا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اگلے ہی لمحے کچھ دیکھ کر اس نے واٹس ایپ آن کیا تھا۔۔۔ جہاں رابعہ کا ایک پیغام اسے آواز کی صورت میں آدھے گھنٹے پہلے ہی موصول ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف جانتے ہو ابھی کیا ہوا۔۔۔ میرے نمبر پر بابا کا میسج آیا ہے۔۔۔ میرے بابا سکندر علی کا وہ مجھ سے اور ماما سے ملنا چاہتے ہیں۔۔۔۔ انہوں نے ایڈریس بھی سینڈ کیا ہے۔۔۔۔۔ میں جا رہی ہوں بابا سے ملنے۔۔۔۔۔ اپنا خیال رکھنا۔۔ اللہ حافظ۔۔

رابعہ کا یہ پیغام سن کر اسے مزید خطرہ محسوس ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے اگلے ہی لمحے سکندر علی کو فون ملایا تھا۔۔۔۔۔۔۔ مگر انکا فون بند جا رہا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسنے انکے ہر نمبر پر باری باری کال کی۔۔۔مگر کوئی بھی نمبر نہیں مل رہا تھا۔۔۔۔۔۔

ماموں۔۔۔۔شانو۔۔کوئی تو فون اٹھائیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے شدید جھنجھلاہٹ سے کہا تھا۔۔۔

مگر اب وہ یہاں رک نہیں سکتا تھا۔۔۔۔۔۔اگلے ہی لمحے وہ فیصلہ کر چکا تھا کہ اسے کہاں ہونا چاہیے۔۔۔اسے لاہور میں ہونا چاہیے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اگر اسکا اندازہ صحیح تھا۔۔۔تو رابعہ, سکندر یا شانو میں سے کسی کی بھی جان خطرے میں ہو سکتی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ تیزی سے ائیر پوٹ کی جانب گاڑی لے کر نکل کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔۔

رابعہ کا چہرہ اسکی آنکھوں کے سامنے بار بار آرہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کاش تم مجھے وہ ایڈریس بھی بتا دیتیں سیلین۔۔۔۔۔۔۔۔آلف نے پھر سے خود کلامی کی تھی۔۔۔

ماتھے پر تین شکنے تھیں۔۔۔۔وہ گاڑی کو تقریباً بھگا رہا تھا۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

عاطف اور گل اس دار لعلوم سے تھوڑا فاصلے پر گاڑی میں تھے۔۔۔۔۔۔۔۔وہاں ایک بڑا درخت تھا۔۔۔۔۔جہاں چھاؤنی تھی انکی گاڑی اسے چاؤنی میں کھڑی تھی۔۔۔۔۔

صبح سے انہیں بیٹھے ہوئے دو گھنٹے گزر گئے تھے ۔۔۔۔مگر ابھی تک کچھ بھی عجیب انہیں نظر نہیں آیا تھا۔۔۔۔

وہاں معمول کے حساب سے اساتزہ اور بچوں کے سوا کوئی بھی اندر نہیں گیا تھا۔۔۔

وہ لوگ حد درجہ محتاط تھے۔۔۔۔

ان کے سامنے بچے اور نوجوان اپنی عمارت سے نکل کر دار لعلوم میں کتابیں لیے جا رہے تھے۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ دار لعلوم واقع اچھے اساتزہ سے بھرا ہوا تھا۔۔۔۔۔ مگر دشمنوں کیا سازش تھی اس سے وہ لوگ ناواقف تھے۔۔۔۔

ان لوگوں کو اس دار لعلوم کے پیچھے کی طرف دو کالی وین جاتی نظر آئی تھیں۔۔۔۔

یہ واحد چیز تھی جو انہیں بہت عجیب لگی تھی۔۔۔۔

بھلا عمارت کے پیچھے کسی وین کا کیا کام تھا اور وہ بھی دو کالی وینیں تھیں۔۔۔۔۔

تبھی گل نے فوراً آلف کو انفارم کیا تھا۔۔۔۔۔۔

گل آپ یہی رہیں۔۔ میں دیکھ کر آتا ہوں۔۔۔۔۔۔ عاطف نے گل سے کہا تھا۔۔۔۔ ان سب کے آنے سے پہلے وہ وقت ضایع نہیں کرنا چاہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

سنبھل کر جایئے گا بھائی۔۔۔۔۔۔۔۔ گل نے انسانیت کے خاطر کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ اس وقت وہ کالے اسکارف میں ملبوس تھی۔۔۔۔۔

جی۔۔۔ عاطف سر سری سا کہتا ہوا عام سے حلیے میں اس عمارت کے پیچھے کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

زیام عادل اور علی بھی وہاں پہنچ گ ئے تھے۔۔۔۔۔

انکی نفری انہوں نے اپنے کپڑوں میں چھپا رکھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ لوگ سیدھا گل کے پاس پہنچے تھے جہاں وہ گاڑی میں بیٹھی تھی۔۔۔

وہ لوگ گاڑی میں آ کر بیٹھ گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔

عاطف بھائی ان دو وینوں کا جائزہ لینے گ ئے ہیں ۔۔۔ گل نے ان تینوں کو اور خاص طور پر زیام کو انفارم کیا تھا ۔۔

آلف بھائی کہاں ہیں۔۔۔۔۔۔ علی نے زیام کی جانب دیکھ کر پوچھا تھا۔۔ کیونکہ وہ اپنی گاڑی میں اکیلا آیا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ زلیل ڈیلسن۔۔۔۔اس وقت پورے پاکستان میں اسکی موت کی خبر پھیلی ہوئی ہے۔۔۔لوگ کہہ رہے ہیں کہ ڈیلسن کا جہاز تباہ ہو گیا۔۔اور وہاں کوئی بھی نہیں بچا۔۔۔۔۔اب نا جانے اسکا اس خبر کو لے کر کیا کرنے کا ارادہ ہے۔۔۔۔؟؟

زیام نے سب کچھ انہیں بتایا تھا۔۔۔۔

عاطف کب گیا تھا گل۔۔؟۔۔زیام نے اس سے سوال کیا تھا۔۔۔

پندرہ منٹ ہو گئے ۔۔۔گل نے گھڑی کی جانب نظر کر کے بتایا تھا۔

وہاں کچھ بھی ہو سکتا ہے۔۔۔۔وہ اب تک واپس کیوں نہیں آیا۔۔۔۔۔۔۔زیام نے سوچتے ہوئے سوال کیا تھا ۔۔۔۔

ابھی وہ لوگ باتوں میں مصروف تھے۔۔۔۔۔۔تب انہیں ایک دھماکے کی آواز سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ ہینڈ بم تھا۔۔۔۔۔جو اس عمارت کے گارڈ کی طرف پھیکا گیا تھا۔۔۔۔۔اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ بم پھٹ گیا تھا۔۔۔۔۔

ان سب کی نظر عمارت کے بڑے دروازے پر پڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر انہیں جگہ جگہ چھپے وہ لوگ نظر آ گئے تھے۔۔۔۔

سب کے سب نقاب پوش تھے۔۔۔۔۔انکا پورا وجود گولیوں کے سامان اور گن سے ڈھکا ہوا تھا۔۔۔۔

وہ دیکھو وہ رہے وہ لوگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ علی نے اس عمارت کے چاروں طرف پھیلی دیوار کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔

وہاں اس پر سکون ماحول میں دیکھتے ہی دیکھتے افراتفری مچ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔لوگ اس شور کی طرف متوجہ ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سب سمجھ گئے تھے کہ وقت آ گیا ہے ۔۔

گل آپ کو جیسا کہا ہے ویسا ہی کرنا۔۔۔۔۔زیام نے گل کو ہدایت کی تھی۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جی۔۔۔اس نے سرسری سا کہا تھا۔۔۔

پھرتی کے ساتھ زیام اور باقی لوگ بھی گاڑی سے باہر نکلے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔اور سب نے اپنی گن کو اب باہر نکال لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

سب پھیل جاؤ۔۔۔اور ایک ایک کو مار ڈالنا۔۔۔۔۔زیام نے ان سب سے کہا تھا۔۔۔۔

اللہ اکبر۔۔۔۔۔اب وہ دل ہی دل میں کہتا ہوا انکی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

علی اور عادل بھی محتاط رہ کر انکی جانب بڑھ گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔

وہ لوگ مکمل تیاری کے ساتھ تھے۔۔۔مگر انکے علم میں یہ بات نہیں تھی کہ وہاں کوئی انکا مقابلہ کرنے بھی آجائے گا ۔۔۔۔اسی لیے وہ لوگ مقابلے کی تیاری سے نہیں تھے ۔۔

زیام نے ایک نقاب پوش ہٹے کٹے آدمی کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔جس نے ابھی کچھ دیر پہلے ہی ایک بم گارڈ کی جانب پھیکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور اب اسکا نشانہ وہاں موجود دوسرے انسانوں پر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے پھرتی سے اپنی ہینڈ گن سے اسکے سر کا نشانہ لیا تھا۔۔

اور ایک جھٹکے سے فائر کیا۔۔جو سیدھا اسکے سر کے اندر گھس گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اسکا ہاتھ جو بم پھیکنے کے لیے ہوا میں تھا وہ ہوا میں ہی رہ گیا تھا۔۔۔۔۔

اور پھر وہ آدمی زمین بوس ہو گیا تھا۔۔

وہاں موجود باقی لوگ اک دم اس آدمی کے مرنے پر چوک گ ئے تھے ۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب انہیں اندازہ ہوا تھا کہ یہاں کوئی انکو روکنے کے لیے موجود تھا۔۔۔

علی وہاں سے سیدھا دارلعلوم کی عمارت کے اندر گھسا تھا۔۔۔۔۔۔جہاں بچے اور اساتزہ سب اک دم ڈر اور سہم گ ئے تھے

۔۔۔۔۔

زیام ابھی اس عمارت کے اندر نہیں گیا تھا۔۔۔وہ باہر تھا۔۔۔۔۔۔کیونکہ اسے اپنے سامنے دو آدمی نظر آرہے تھے۔۔۔۔جنکا ارادہ گولیوں سے عمارت کی کھڑکیوں کے اندر فائر کرنے کا تھا۔۔۔۔۔

زیام نے تیزی سے کام کرتے ہوئے ان میں سے ایک کا نشانہ لیا تھا۔۔۔۔مگر اس سے پہلے وہ گولی مارتا۔وہ آدمی ہل گیا تھا۔۔۔۔۔۔

اور اس دوسرے آدمی کی طرف سے ایک فائر اس عمارت کے شیشے توڑ چکا تھا۔۔۔۔

وہاں شیشے کے کانچ چاروں طرف بکھر گ ئے تھے۔۔۔۔۔۔

اندر سے اسے بچوں کے رونے اور چیخنے کی بلند آواز سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔

پھر اسکی طرف سے اس آدمی کی ٹانگ پر ایک فائر ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس آدمی کی ایک چیخ نکلی تھی۔۔اور وہ آدھا زمین پر بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔اسکی گن زمین پر گری تھی

دوسرا آدمی اپنے ساتھی کو دیکھ کر چوکنا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

مگر پھر اسکے سر کی دوسری طرف سے ایک فائر اسے بھی آکر لگا تھا۔۔۔۔۔

اور وہ بھی اس آدمی کے اوپر کی جانب گرا تھا۔۔۔۔۔۔

وہاں کھڑکی کے ٹوٹے کانچ سے اندر روتے بلکتے نو دس سال کے بچے نظر آرہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام کو اک دم اپنا بچپن یاد آیا تھا۔۔۔۔وہ ان دیواروں کو بہت اچھی طرح جانتا تھا۔۔۔۔یہی اسکا کل سرمایہ ہوا کرتی تھیں ۔۔۔اور وہ تنہائی میں ایسے رو دیا کرتا تھا۔۔۔۔

وہ اپنی گن کو نیچے کرتے ان بچوں کی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔۔اسکا مقصد انہیں وہاں سے ہٹانا تھا۔۔۔۔

اب وہ عمارت میں داخل ہو چکا تھا۔۔۔۔۔اس نے اسی ٹوٹے ہوئے شیشے کا راستہ اپنایا تھا ۔۔۔۔۔۔

کچھ نہیں ہوتا بچوں۔۔۔ چلو۔ آپ لوگ سیڑھیوں سے اوپر چلو۔۔۔۔۔۔۔۔یہاں نہیں رکنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیام نے بچوں کو بلند آواز سے کہا تھا۔۔۔

اور وہ انہیں دروازے سے اوپر بھیج رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسکی نظر بچوں سے ہٹتی ہوئی عادل کی طرف اٹھی تھی۔۔۔۔۔۔

جو باہر ان دو آدمیوں کے درمیان گھر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ دیوار کا سہارہ لے کر ان میں سے ایک کا نشانہ لگا رہا تھا۔۔۔۔۔

اور اسکی گن سے فائر ہوا تھا۔۔۔۔جس سے ان میں سے ایک اسی وقت ڈھیر ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔

جبکہ دوسرا عادل کی گولی سے ہلاک ہوا تھا۔۔۔۔۔

اب وہ اس عمارت کے اندرونی حصے میں بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں تقریباً سب بچے اوپر کی جانب جا چکے تھے۔۔۔۔۔۔

یہ بات زیادہ خطرے والی تھی کہ انکے پاس بم تھے۔۔۔۔۔۔جس سے وہ حملہ کر سکتے تھے۔۔۔۔

اسے اپنی طرف آتا ہوا زخمی حالت میں علی دکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکے بازو پر زخم تھا۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

علی۔۔۔زیام نے اسے آواز دی تھی۔۔اور پکڑ کر گرنے سے سنبھالا تھا۔۔۔

مجھے چھوڑو۔۔۔نیچے عاطف کو بچاؤ۔۔۔۔علی نے خود کو سنبھالتے ہوئے اسے کہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔اسکے بال بکھرے تھے۔۔۔۔۔۔۔اور اس وقت بھی وہ مخصوص ڈھیلے کرتے میں تھا۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ زمین پر بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔اور اسکی نظریں زیام کی طرف تھیں۔۔۔جو اسکی بات کے مطابق نیچے جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

نیچے چاروں طرف لال لائیٹیں لگی تھیں۔۔۔زیام جو محتاط سا آگے بڑھ رہا تھا۔۔اسے وہ سب دیکھ کر حیرانی ہوئی تھی۔۔۔۔

عاطف ان دو آدمیوں کے قبضے میں تھا۔۔۔اور وہ اسکے اندر گولیاں اتارنے ہی والے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ وہ اپنی آنکھیں بند کیے کھڑا تھا۔۔۔۔اسکی اپنی گن زیام کو اپنے قدموں میں پڑی نظر آئی تھی

اتنے میں زیام نے گن سے فائر کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور اس گن پکڑے آدمی کا سر ڈھلک گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور وہ عاطف کے قدموں میں ڈھیر ہو گیا تھا۔۔۔

اب دو آدمی تھے جو عاطف کو پکڑے ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔مگر عاطف ان میں سے ایک سے ہاتھ چھڑوانے میں کامیاب ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور اب وہ اور دوسرا آدمی آپس میں گھتم گتھا ہو گ ئے تھے

اتنے میں زیام اس دوسرے شخص کو بھی جان سے مار ڈالتا۔۔۔۔اسے اپنے پیچھے کوئی محسوس ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

کسی نے اسکی پیٹ پر گن رکھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام اک پل کو ٹھہر گیا تھا۔۔۔۔۔۔

بہت ہوشیاری آگئی ہے تم لوگوں میں۔۔۔وہ ایک بھاری آواز تھی۔۔۔۔۔جو زیام کو اپنے پیچھے سے سنائی دی تھی۔۔۔۔۔

پھر اس آدمی نے زیام کے سر پر گن کو زور سے دے مارا تھا۔۔۔۔۔۔

اک پل کو اسکا ہاتھ اپنے سر پر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔آنکھیں زور سے بند ہوئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور اس صورتحال میں اس شخص کی گن سیدھی عاطف کی طرف اٹھی تھی۔۔۔۔۔

مگر اس سے پہلے کہ وہ اسے مارتا۔۔۔زیام سنبھل گیا تھا۔۔۔۔اور اس نے ایک زور کا مکا اس تگڑے انسان کے منہ پر دے مارا تھا

۔۔۔۔۔

جس سے اسکا سر دیوار سے ٹکرایا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور اسکا ایک دانت باہر کی جانب نکلتا دکھائی دیا تھا۔۔۔

عاطف کے لیے موقع کافی تھا۔۔۔اسنے اپنی گن کو زمین سے اٹھا کر اسے گولی ماری تھی

اور جہنم تک پہنچا دیا تھا۔۔۔۔

جبکہ زیام خود کو مزید سنبھال رہا تھا۔۔۔۔اسکا ایک ہاتھ دیوار سے ٹکا تھا۔۔۔۔۔

اس نے اپنے دوسرے ہاتھ کو سر پر لگایا تھا۔۔۔جہاں سے اسکی انگلیوں میں خون لگ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔سر پر گن لگنے کی وجہ سے

وہاں سے خون نکل رہا تھا۔۔۔

چلو یہاں سے۔۔۔۔۔اب وہ سر جھٹک کر عاطف سے کہہ رہا تھا۔۔۔۔جو گن اٹھائے خود کو کمپوز کر رہا تھا۔

اب وہ دونوں باہر کی جانب بڑھ گئے تھے۔۔۔۔

باہر انہیں عادل کی چیخ سنائی دی تھی۔۔۔۔۔

وہ ان دونوں کی جانب دیکھ کر چیخا تھا۔۔۔۔۔

زیام نے اک پل لگائے بغیر عاطف کو دوسری طرف دھکا دیا تھا۔۔۔۔۔۔اور خود دوسری جانب بھاگا تھا ۔۔۔۔۔

وہاں ایک آدمی نے ان کی طرف اس ہینڈ بم کو پھینکا تھا۔۔۔۔۔اگر وہ وقت پر نا ہٹتے تو اس بم سے شہید ہو گئے ہوتے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب وہ لوگ کہنیاں جھڑتے اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔۔۔۔

زیام کو عمارت کے باہر والی منڈیر پر ایک آدمی نظر آگیا تھا۔۔۔۔ جسکے کپڑوں پر وہ ہینڈ بم لگے تھے۔۔۔

اب اسکا نشانہ اسکے سر کا تھا۔۔۔۔۔۔ ابھی وہ وہاں فائر کرنے ہی والا تھا۔۔۔ کہ اسنے محسوس کیا تھا کہ وہ اس وقت بغیر کسی چیز کے اس عمارت کے باہر بیچ و بیچ کھڑا تھا۔۔۔۔

اس افراتفری میں اسکے ٹھیک سامنے ایک نقاب پوش ہاتھ میں گن پکڑے بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ اپنی گن سے باقیوں کی طرح اس آدمی کو ڈھیر کرنے ہی والا تھا۔۔۔۔ ہاتھ ٹریگر پر بھی چلے گئے تھے ۔۔۔۔۔

مگر اس دوران وہ خود کو کمزور پڑتا محسوس کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔ سر پر لگی چوٹ نے ایک سنسنی اسکے پورے وجود میں پھیلا دی تھی ۔۔ کچھ تھا جو اسے اپنے کانوں میں سنائی دیا تھا۔۔۔۔۔۔

مجھے خود سے الگ کر دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مائسہ کے وہ الفاظ اسے جانے کہاں سے یاد آگئے تھے ۔۔۔۔۔۔

اسے وقت ٹھہرتا ہوا لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔ دونوں ہاتھوں سے گن کو پکڑے اپنی گردن اور ہاتھوں کی رگوں کو تانے وہ ایک بہادر جوان تھا۔۔۔۔۔۔۔ مگر دل تو ناکسی کی سنتا ہے اور نا سکی کی پروہ کرتا ہے۔۔۔۔

اسکے دماغ میں ابھرتی اس آواز نے اسکے ہاتھوں سے جان ختم کر دی تھی۔۔۔۔۔۔۔ ہاں یہ سچ تھا کہ وہ مائسہ کو کبھی نہیں چھوڑ سکتا تھا۔ جیسے وہ سانس لینا نہیں چھوڑ سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس آدمی کا ہاتھ ٹریگر پر تھا۔۔۔۔ وہ اس جوان کو مارنے کی تیاریوں میں تھا جو اسکے چھے ساتھیوں کو سر پر گولی مار کے جہنم واصل کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ ایک نڈر اور بہادر جوان کو مارنے کی تیاریوں میں تھا۔۔ لیکن اگر وہ ایسا کر پا رہا تھا تو صرف اس لیے کہ زیام اس وقت شہید ہونے کی مکمل چاہت میں اس کے سامنے کھڑا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اس آدمی کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اسکے سامنے کھڑا تھا۔

اس آدمی نے دیکھا تھا۔۔۔۔کہ اس افراتفری کے ماحول میں ایک پر سکون شخص اسکے سامنے اپنی بندوق کو زمین پر پھیک رہا تھا۔۔۔۔

وہ آدمی بڑا حیران ہوا تھا۔۔کیونکہ کچھ دیر پہلے تو اسے اپنی موت اس جوان کے ہاتھوں لکھی نظر آرہی تھی۔

کچھ پل اسی اثناء میں گزر گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔پھر اس شخص نے فائر کرنے کے ارادے سے ٹرگر پر ہاتھ رکھا تھا۔

زیام اپنی گہری آنکھیں بند کئے موت کے سامنے کھڑا کملہ شہادت پڑ رہا تھا۔۔۔

وہاں موجود عاطف جو نشانے لگا کر دشمن کو مارنے میں لگا تھا کی نظر زیام پر گئی تھی۔۔۔۔اس نے اسے اپنی گن کو زمین پر پھیکتے دیکھا تھا۔۔۔۔

اسکی آنکھوں میں دیکھ کر اسے وہاں موت کی شدید طلب نظر آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

پھر اسے اس شخص کا ہاتھ اسکی بندوق کے ٹرگر پر نظر آیا تھا۔۔۔۔اسکا نشانہ زیام کے دل کا تھا۔۔۔

مگر وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ اب اس دل میں دنیا نہیں وہاں رب بستا تھا۔۔۔اور جہاں رب بستا ہو وہ دل کسی دشمن کے ہاتھوں بند ہو جائے یہ کہاں ممکن ہے ۔۔

زیام نے سر کو آسمان کی جانب اٹھایا تھا۔۔۔۔

مجھے خود سے الگ کر دو۔۔۔۔اسے دوبارہ وہ سنسناہٹ سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔

تمہیں مجھ سے میری موت ہی الگ کر سکتی ہے۔۔۔اس نے ایک جملہ اپنی زبان سے ادا کیا تھا۔۔۔

زیام۔۔۔۔۔۔عاطف اسکی طرف دوڑتا ہوا بلند آواز سے چیخا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہاں علی اور عادل نے بھی اسکی طرف نظر کی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ علی اپنا بازو پکڑے اس عمارت سے باہر نکلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وقت جیسے ٹھہر سا گیا تھا۔۔۔۔۔۔ کوئی نہیں جانتا تھا کہ آگے کیا ہونے والا ہے۔۔۔۔۔

وہ آسمان کی طرف نظریں کیے آنکھیں بند کر چکا تھا۔۔۔۔۔

وہاں ایک گن کی آواز سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام۔۔۔۔۔ عاطف چیخا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام جو آنکھیں بند کیے آسمان کی جانب گردن اٹھایا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ آنکھیں کھول چکا تھا

وہ شخص جو اسے ڈھیر کرنے اور جان سے مارنے کا ارادہ رکھتا تھا۔۔ وہ خود زمین بوس ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔

زیام کو اپنے پیروں میں اس شخص کی لاش گرتی ہوئی محسوس ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

اور اب وہ آنکھیں کھولے اس منظر کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

۔

وہاں سب کھڑے اس آنے والے شخص کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جس نے اس آدمی کو مار کر زیام کی جان بچائی تھی۔۔۔۔۔۔

زیام نے اس چہرے کا دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔ وہ اسکے لیے بلکل نیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ جسے کبھی اسنے نا دیکھا ہو۔۔۔۔۔۔

مگر وہ شخص تیش کے عالم میں تھا۔۔۔۔۔۔

اس شخص کا غصہ زیام فارس کو بے حد عجیب لگا تھا۔۔۔ وہ نظروں سے دکھ جانے والا غصہ تھا۔۔۔۔

وہاں دہشت گردوں کے تمام کے تمام آدمی ڈھیر پڑے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ان کی لاشوں کے درمیاں سے ہوتا ہوا وہ شخص سیدھا زیام کے مقابل آ کھڑا ہوا تھا۔۔۔

زیام کو اسکی آنکھوں میں فل وقت غصہ ہی غصہ نظر آ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں ہر جگہ ایک قیامتِ صغری کا منظر تھا۔۔۔وہ لوگ ایک جنگ کو جیت چکے تھے۔۔۔۔۔۔

اس شخص کی رگیں تنی تھیں۔۔۔۔جبکہ زیام ڈھیلا پڑ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ شکریہ کہے یا غصہ کرے ۔۔۔۔۔کیونکہ وہ اس وقت واقع مر جانا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عادل علی اور عاطف بھی زیام کی طرف بڑھے تھے۔۔۔مگر پھر اس شخص کو کھڑا دیکھ کر رک گئے ۔۔۔۔

چٹاخ۔۔۔۔۔وہاں ایک زوردار تھپر کی آواز سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اس شخص کا ہاتھ زیام کے چہرے پر پڑ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس طرح کے ردِّ عمل کے لیے ہرگز تیار نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔

اس نے پلٹ کر شدید غصے سے اس شخص کی طرف دیکھا تھا۔

عادل علی اور عاطف سب کی آنکھیں باہر کو آگئی تھیں۔۔۔۔اور ماتھے پر کئی سوالات اکھٹا ہو گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر وہ سب خاموش تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں ارد گرد لوگ اس گزری قیامت کے مناظر دیکھنے جمع ہونا شروع ہو چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لوگ جنکی جانیں حلق میں آگئی تھیں۔۔۔اب وہ لوگ تھوڑے پر سکون نظر آ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

اس شخص کا غصہ زیام فارس کو بے حد عجیب لگا تھا۔۔۔وہ نظروں سے دکھ جانے والا غصہ تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہاں دہشت گردوں کے تمام کے تمام آدمی ڈھیر پڑے تھے۔۔۔۔۔۔۔

ان کی لاشوں کے درمیاں سے ہوتا ہوا وہ شخص سیدھا زیام کے مقابل آ کھڑا ہوا تھا۔۔۔

زیام کو اسکی آنکھوں میں فل وقت غصہ ہی غصہ نظر آ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں ہر جگہ ایک قیامتِ صغری کا منظر تھا۔۔۔وہ لوگ ایک جنگ کو جیت چکے تھے۔۔۔۔۔

اس شخص کی رگیں تنی تھیں۔۔۔۔جبکہ زیام ڈھیلا پڑ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ شکریہ کہے یا غصہ کرے ۔۔۔۔۔کیونکہ وہ اس وقت واقع مر جانا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عادل علی اور عاطف بھی زیام کی طرف بڑھے تھے۔۔۔مگر پھر اس شخص کو کھڑا دیکھ کر رک گئے۔۔۔۔

چٹاخ۔۔۔۔۔وہاں ایک زوردار تھپر کی آواز سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اس شخص کا ہاتھ زیام کے چہرے پر پڑ چکا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ اس طرح کے ردِّ عمل کے لیے ہرگز تیار نہیں تھا۔۔۔۔۔۔

اس نے پلٹ کر شدید غصے سے اس شخص کی طرف دیکھا تھا۔

عادل علی اور عاطف سب کی آنکھیں باہر کو آگئی تھیں۔۔۔۔اور ماتھے پر کئی سوالات اکھٹا ہو گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔

مگر وہ سب خاموش تھے۔۔۔۔۔۔۔

وہاں ارد گرد لوگ اس گزری قیامت کے مناظر دیکھنے جمع ہونا شروع ہو چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لوگ جنکی جانیں حلق میں آگئی تھیں۔۔۔اب وہ لوگ تھوڑے پر سکون نظر آ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

پولیس اور دیگر ادارے بھی وہاں کا رخ کر چکے تھے۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مگر وہ اپنے پیروں پر کھڑا اپنے سامنے کھڑے اس ادھیڑ عمر شخص کو دیکھ رہا تھا۔۔ آنکھوں میں سوال غصہ رنج اور سوالات تھے

۔۔۔۔

مرنا چاہتے ہو تو بتاؤ میں ایک ہی بار تمہیں اپنے ہاتھوں سے مار دوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ شخص بول رہا تھا۔۔ اور انتہائی غصہ سے بول رہا تھا۔۔۔ اسکے غصے میں چھپاڈر اور درد شاید ہی کسی کو اس وقت نظر آیا تھا۔۔۔

آپ ہیں کون۔۔۔؟۔۔ زیام نے اپنی آئی برو کو اٹھا کر شدید الجھن میں یہ سوال کیا تھا۔۔۔۔

وہ اپنے سامنے موجود اس شخص کو خود سے سوال کرتا دیکھ رہا تھا اور اسکی بے چینی آسمانوں کو چھو رہی تھی۔۔۔۔

تمہیں کس نے کہا تھا کہ دس سال پہلے ہاسٹل سے بھاگ جاؤ۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔

انکا دوسرا سوال اسکی بے چینی میں مزید اضافہ کر چکا تھا۔۔۔۔۔

وہاں عادل علی اور عاطف بھی کھڑے انکو سوالات کرتا دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔

وقت جیسے تھم سا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ زیام کی بے چینی اور غصہ بڑھ رہا تھا۔۔ کس کی ہمت تھی کہ اس سے اسکی ذات کے بارے میں باز پرس کرے۔۔۔ اور وہ بھی اتنی سختی سے۔۔۔۔۔۔!!

لوگوں کہ افراتفری بھی انکے ارد گرد مچ گئی تھی۔۔۔ پولیس وہاں ہوا نقصان دیکھ رہی تھی اور عوام بھاگتی دوڑتی اپنے پیاروں کو ڈھونڈ رہے تھے۔۔۔

اسکی دائیں جانب کھڑا علی جسکی بازو سے خون نکلے جا رہا تھا۔۔۔ وہ اب اپنا بازو پکڑے زمین پر گرنے لگا تھا۔۔۔۔

اسکا کرتا خون آلود تھا۔۔۔۔۔

برابر میں کھڑے عادل اور عاطف نے اسے سنبھالا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جبکہ زیام کی توجہ بھی اس طرف ہوئی تھی۔۔۔اور اب وہ علی کی طرف بڑھ رہا تھا۔۔کہ

اس شخص نے اسے سیدھا کیا تھا۔۔۔۔۔۔

ابھی میری بات مکمل نہیں ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔انہوں نے سختی سے دوبارہ اسی لہجے میں کہا تھا۔۔

آپ ہوتے کون ہیں مجھ سے میری ذات کے بارے میں سوال کرنے والے۔۔!!۔۔۔۔۔کس حق سے پوچھ رہے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟

زیام اب پھٹ پڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ شدید جھنجھلاہٹ کا شکار تھا۔۔۔اس کے سر میں ٹیسے اٹھ رہی تھیں۔۔۔۔

ہوا اور دھوپ کبھی گرمی اور کبھی راحت کا احساس دے رہی تھی۔۔۔۔

زیام کہہ کر رک گیا تھا۔۔۔۔۔۔اور اسے انکے لب ہلتے ہوئے نظر آئے تھے۔۔۔

تمہارے باپ ہونے کی حیثیت سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!!۔۔۔وہ تو اپنی بات کہہ چکے تھے۔۔۔۔۔

مگر زیام جو علی کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔اور اس نے اچانک سے انکی اس بات پر انہیں دیکھا تھا۔۔۔۔۔

اگر مزاق تھا تو اس کے لیے بہت گھٹیا مزاق تھا۔۔۔۔۔اور اگر یہ سچ تھا تو انتہائی کڑوا سچ تھا۔۔۔۔۔

زیام بے بسی کی ہنسی ہنس دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور وہ اسی کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

کوئی بھی اٹھ کر آئے گا اور کہے گا کہ میرا باپ ہے ۔۔۔۔اور آپکو لگتا ہے میں مان لونگا ۔۔۔!!!!۔۔۔۔اب وہ رنج کی

کیفیت میں بولا تھا ۔۔۔

مقابل نے ایک لمبی سانس لی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

میں کوئی بھی نہیں ہوں زیام۔۔۔ تمہارا باپ ہوں۔۔۔۔۔۔۔اور اس وقت ہم اسی جگہ کھڑے ہیں۔۔ جہاں میں ایک دن کے زیام کو چھوڑ کر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اسی دار لعلوم میں۔۔۔۔۔۔انہوں نے دھیمے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ دیر پہلے والا غصہ لہجے سے کہیں دور چلا گیا تھا۔

اب وہ اسے دیکھ رہے تھے۔۔۔ جسے واقع میں سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کیا کہے۔۔۔وہ انسے آدھے رخ پر کھڑے کبھی علی کو اور کبھی باقیوں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔لیکن تمام تر توجہ اپنے کان میں پڑنے والے ان الفاظوں پر تھی۔۔۔۔

اب وہ انکی طرف پورا پلٹ گیا تھا۔۔۔۔۔۔دھوپ کی شدت میں اسکے ماتھے پر پسینے کی بوندھیں چمک رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چہرہ گرد آلود تھا۔۔۔۔

چلیں مان لیا آپ میرے باپ ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔تو اب میں ہاتھ جوڑتا ہوں۔۔۔۔اس نے ہاتھ جوڑ لیے تھے۔۔۔۔۔

خدارا یہاں سے لوٹ جائیں اور آئندہ مجھ سے نا ملیے گا۔۔۔۔۔۔یہ سمجھیں کہ میں دس سال پہلے ہاسٹل سے بھاگ گیا تھا اور ساری زندگی آپ کو نہیں ملا۔۔۔یا پھر یہ سمجھ لیں کہ زیام مر گیا۔۔۔۔۔۔

وہ کاٹ دھار لہجے میں بول کر وہاں سے علی کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

اپنی ماں سے نہیں ملوگے۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔اپنی بہن سے۔؟؟؟۔۔۔۔۔۔جو تمہارے ساتھ ہی پیدا ہوئی تھی۔۔۔۔۔اور جب میں تمہیں اس سے جدا کر کے لے جا رہا تھا تو بہت روئی تھی وہ۔۔۔۔۔!!!.....

وہ اسے کمزور کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔اور وہ کمزور پڑ بھی رہا تھا۔۔۔۔۔

اسکے چلتے قدم اس بات پر رک گ ئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اک پل کو تو اسکا دل رونے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔مگر وہ تو زیام تھا۔۔۔۔جو زندگی میں کبھی نہیں رویا تھا۔۔۔کیا وہ ایک دن میں دو بار رو دیتا۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ سر جھٹک کر علی کے پاس پہنچ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

سامنے انہیں گل گاڑی لے کر آتی دکھائی دی تھی۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

شہر لاہور میں اسے پہنچے ابھی چند منٹ ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔اور وہ ہر کام کو بہت کم وقت میں کرتا ہوا تیزی سے رابعہ تک رسائی حاصل کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔

اسکے ہاتھ میں گھڑی تھی۔۔۔ جس پر اسکی نظر بار بار چار رہی تھی۔۔۔۔

وہاں ساتھ میں اسکے ہاتھ میں موبائل تھا۔۔ جس پر وہ کبھی شانو اور کبھی سکندر کو فون لگا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

چہرہ شدید رنج میں تھا۔۔۔۔۔۔۔اور وہاں اس نے ائیر پورٹ پر دیر لگائے بغیر اپنی گاڑی منگوا لی تھی ۔۔۔

اور اب وہ اس میں سوار تیزی سے رابعہ کے گھر کی طرف چل پڑا تھا۔۔۔۔۔۔

اسکا ارادہ اڑھ کر وہاں پہنچ جانے کا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک ایک منٹ بھی خطرے کی گھنٹی بجا رہا تھا۔۔۔۔۔

بلیک جیکٹ پہنے وہ تمام تر دنیا ماورا سے بے گانہ اپنی سمت پر رواں دواں تھا۔۔۔

ایک اسپیڈ سے بریک لگایا تھا۔۔۔۔۔۔وہ گاڑی سمیت اس حویلی نما گھر کے عین سامنے آکر رکا تھا۔۔۔۔۔۔

اور اب وہ گاڑی کا دروازہ تیزی سے بند کرتا ہوا اس براؤن کلر کے بڑے گیٹ کی طرف بڑھ رہا تھا۔۔۔۔

وہاں دو گاڈ گن لیے کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔ آلف کو تیزی سے انکی طرف بڑھتا دیکھ کر وہ اب اسے روکنے کی کوشش کرنے میں لگ گئے ۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ارے لڑکے کہاں جارہے ہو تم۔۔۔۔یہی ٹھہر جاؤ۔۔۔۔وہ ادھیڑ عمر کے گارڈ اس ہٹے کٹے نوجوانوں کو سنبھالنے میں ناکام ہو رہے تھے۔۔۔۔

آلف اس وقت شدید جلدی میں تھا۔۔۔۔وہ فل وقت انہیں دھکا دیتا ہوا اندر کی جانب دوڑ گیا تھا۔۔۔۔

اور سیڑھیاں چڑھتا تارا بیگم کی کوٹھی کو سر کرنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔

دو دو سیڑھیاں ایک ساتھ پھلانگتا ہوا اب وہ سیدھا اوپری منزل تک پہنچ گیا تھا۔۔۔۔

وہاں راستے میں اسے سب لڑکیوں نے اس طرح گھستے ہوئے عجیب نظروں سے دیکھا تھا۔۔۔وہ تیزی سے اوپر کی جانب بڑھ رہا تھا۔۔۔۔

تارا بیگم۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔۔تارا بیگم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آلف نے سخت آواز میں سدا لگائی تھی۔۔۔

وہ اس وقت تارا بیگم کے صحن میں اسی جگہ کھڑا تھا جہاں وہ تخت نشین ہو کر من پسند گانے سنتی تھیں۔۔۔۔۔

تارا بیگم کہاں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے وہاں رقص کے ماسٹر صاحب کو آتا دیکھا تھا۔۔۔جو اس شور پر اسکی طرف آگ ئے تھے۔۔۔۔۔

کون ہو تم۔۔۔اور اندر کیسے آگ ئے ۔۔گارڈ ۔۔۔۔وہ اس کو دیکھ کر اک دم ہڑ بڑا گ ئے تھے ۔۔۔۔۔اور گاڈ کو آوازیں سے رہے تھے ۔۔۔۔

آلف نے انہیں کندھے سے پکڑ کر انکے گلے پر اپنا دوسرا ہاتھ رکھ کر دیوار سے لگایا تھا۔۔۔۔

اس طرح کے انکی سانس اٹک گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ ڈر گ ئے تھے۔۔۔۔۔

تارا بیگم اس وقت کہاں ہیں۔۔۔۔؟؟۔۔اب وہ سنجیدگی سے ان سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔سر کے بال ہل کر تھوڑے ماتھے پر جھک گ ئے تھے ۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تت۔۔۔تارا۔۔۔بب۔بیگم۔۔۔۔۔۔۔وہ کھانستے کھانستے کچھ بول ہی رہا تھا۔۔۔کہ آلف کو دروازے کی جانب سے سجی سنوری ایک عورت آتی نظر آئی تھی۔۔۔۔

منہ میں پان چباتی اور کمرے میں داخل ہوئی تھی۔۔۔۔ایک قیمتی ساڑھی انکے جسم کی زینت بنی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔گلے میں قیمتی ہار تھے۔۔۔۔۔۔۔چہرہ میک اپ میں تھا۔۔۔۔

کیوں آیا ہے یہاں لڑکے۔؟؟؟؟۔۔۔تارا بیگم اسے دیکھ کر بلند آواز سے بولی تھیں۔۔۔۔

رابعہ کہاں ہے۔۔۔؟؟؟۔۔آلف نے ایک جھٹکے سے ماسٹر جی کو چھوڑتے ہوئے تارا بیگم کی جانب دیکھ کر پوچھا تھا۔۔۔۔

تارا بیگم دھیرے دھیرے چلتی ہوئی اپنے تخت پر جا بیٹھی تھیں۔۔۔۔۔۔

رابعہ کی بات کر رہے ہو۔۔۔اپنی رابعہ کی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔وہ دھیمے لہجے میں نزاکت سے پان چباتے ہوئے بولی تھیں۔۔۔۔۔

میں اس وقت رابعہ آلف کی بات کر رہا ہوں۔۔۔۔میرا وقت ضایع مت کرو۔۔۔۔شرافت سے بتاؤ اس وقت رابعہ کہاں ہے ۔۔۔؟۔۔۔۔۔آلف نے انکی طرف پلٹ کر کاٹ دار لہجے میں کہا تھا۔۔۔

ایک گھنٹے کے دس لاکھ لونگی میں اسکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے پان دان میں ہان کو تھوک کر اطمئنان سے کہا تھا۔۔۔۔

آلف کا صبر یہاں جواب دے گیا تھا۔۔۔۔۔۔

اب وہ سیدھا انکی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور اپنے ایک ہاتھ سے انکا گلا پکڑتا ہوا دوسرے ہاتھ سے تارا بیگم کو انکے عالیشان تخت سے اٹھا چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ جو اک دم آرام اور سکون سے اس پر آگ برسا رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔وہ اب اپنی لگائی آگ میں جھلس گئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مجھے ایک سیکنڈ کے اندر اندر بتاؤ۔۔رابعہ کہاں ہیں۔۔۔۔ورنہ میں یہ نازک گردن توڑ دونگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آلف نے انکے کان میں انتہائی کرخت لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

وہ تارا بیگم جنکی جان پر بن آئی تھی۔۔۔۔۔۔اور انہیں سانس نہیں آرہی تھی۔۔انہوں نے ہار مانتے ہوئے اپنا ہاتھ ہجایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انکے ایسا کرنے پر آلف نے انہیں چھوڑ دیا تھا۔۔۔۔لیکن ابھی بھی وہ اسکی گرفت میں تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

پا۔۔۔۔پارٹی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے شدید کھانستے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔دونوں ہاتھ گلے پر گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔

انکی بات پر آلف کی شدید جھٹکا لگا تھا۔۔۔۔اسکی آنکھیں چھوٹی ہو گئی تھیں۔۔۔۔

کون سی پارٹی۔۔۔۔۔اب اس نے انہیں جھنجھوڑ کر جلدی سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ۔۔۔۔وہ ہمارے سب سے پرانے کلائنٹ کی پارٹی میں گئی ہے۔۔۔۔۔۔۔تارا بیگم نے پھولتی سانس کے ساتھ بتایا تھا۔۔۔۔

آلف کو اپنا دل بند ہوتا محسوس ہوا تھا۔۔۔۔۔درد اور شوک کی ایک لہر اسکے پورے وجود میں سرائیت کر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دماغ جو سوچ رہا تھا۔۔وہ اسے سوچنا بھی نہیں چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اس نے ایک پل میں ان سے ایڈریس کا پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ ہانپتی ہوئی ایک ڈائری کی طرف بڑھ گئی تھیں۔۔اور وہاں سے انہوں نے اسے وہ پرچی پکڑا دی تھی۔۔جس میں اس پارٹی کا ایڈریس لکھا تھا۔۔۔۔

آلف نے ایک جھٹکے سے انہیں اپنی گرفت سے دھکا دینے والے انداز میں چھوڑا تھا۔۔۔۔اور اب وہ تیزی سے اس پتہ پر پہنچنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

گاڑی میں بیٹھے ہوئے اسے شدید غصہ آ رہا تھا۔۔۔۔

بے بسی کی کیفیت میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

رابعہ۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے منہ ہی منہ میں کہا تھا۔۔۔۔۔۔کیوں گئی ہو تم وہاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ خود سے سوال کر بیٹھا تھا۔۔۔

اسکی عزت کسی پارٹی کی زینت بنی ہوئی ہو گی۔۔۔یہ سوچ کر ہی اسکے پورے جسم میں سنسناہٹ سی اتر رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ اس وقت کانٹوں پر کھڑا تھا۔۔۔یا شاید آگ کے انگارے پر کھڑا تھا۔۔۔۔

اسٹیرنگ ویل کو زور سے جکڑا ہوا وہ منزل پر جلد از جلد پہنچنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔

پانچ منٹ گاڑی کو تیزی سے دوڑانے کے بعد وہ اب منزل پر پہنچ گیا تھا۔۔۔

وہ اکیلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔مگر اس وقت تیش کے عالم میں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اپنی جیکٹ میں گن کو رکرتا ہوا وہ تیزی سے اب اس بڑی سی عمارت کے مین گیٹ پر آیا تھا۔۔۔۔

بیل پر ہاتھ رکھ کر جیسے اٹھانا بھول گیا تھا۔۔۔

غور سے سننے پر اندر سے شدید شور اور گانوں کی آوازیں آ رہی تھیں۔۔۔

اور اسے اپنے بال نوچنے کا دل چاہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

وہاں سے ایک گارڈ باہر جھانکا تھا۔۔۔

رفیق صاحب نے مجھے بلایا ہے۔۔۔۔جلدی دروازہ کھولو۔۔۔۔۔۔اس نے پرچی پر لکھا نام بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

رفیق بھائی نے ؟؟۔۔وہ گارڈ اس سے سوال کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔کہ اتنے میں دوسرے نے دروازہ کھول دیا تھا۔۔۔۔۔

رفیق بھائی نے پہلے بھی غصہ کیا تھا۔۔انکا کوئی بھی نام لے اسے اندر آنے دیا کرو۔۔۔۔۔اس گارڈ نے دوسرے گارڈ سے کہا تھا

۔۔۔

اب آلف کو اندر آنے کا پروانہ مل گیا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ تیزی سے اندر کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اس وقت کانٹوں پر تھا۔۔۔۔۔اسکا دل کسی نے مٹھی میں لے رکھا تھا۔۔۔۔۔آنکھوں میں وہ مناظر دیکھنے کی تاب نہیں تھی جو وہاں اس وقت چل رہے تھے۔۔۔۔۔۔

دھڑکتے دل کے ساتھ وہ آگے بڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔کاش وہ یہاں نا ہو۔۔۔۔۔اس نے دل میں خود سے کلام کیا تھا۔۔۔۔۔

وہاں اسے لوگ ڈانس کرتے نظر آئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔الگ الگ طرح کی لائٹیں لگی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔گانوں کا شور بہت تیز تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں الگ الگ طرح کی لڑکیاں مختلف قسم کے لباس زیب تن کیے۔۔۔۔۔ہوس پرستوں کے گرد ناچ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ نامرد دولت کے نشے میں چور تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

غفلت کی چادر اوڑھے اپنی روزِ محشر کی ذلت اور رسوائی کا سامان کر رہے تھے۔۔۔۔۔

آلف وہاں لڑکیوں کہ حالت اور ان مردوں کی پڑنے والی نظروں کو دیکھ کر کسی بن پانی کی مچھلی کی طرح تڑپ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

اسے اپنی رابعہ کا معصوم سا چہرہ کہیں نظر نہیں آرہا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور اسکی دلی خواہش تھی کہ وہ اسے یہاں نظر نا آئے

۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بے بسی کی سانس لیتے ہوئے اب زینے کی طرف مڑا تھا ۔۔

وہ اوپر کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔اسکا سانس شدید پھول رہا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ماتھے پر پسینہ ہی پسینہ تھا۔۔۔۔۔۔اس وقت وہ اپنی تمام تر نیکیاں بھی اس ایک منظر کے نا دکھنے پر قربان کر کر سکتا تھا۔۔۔۔

وہاں بھی وہی ماحول تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ایک لڑکی کے گرد کئی مرد تھے۔۔۔۔جو گانوں پر ناچ رہے تھے۔۔۔۔دولت لٹا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔یہ ان ئے دور کی نئی طرح سے ک ئے گ ئے گناہوں والی پارٹی تھی

وہاں اوپر کی طرف کھلے آسمان کے نیچے اسے وہ نظر آگئی تھی۔۔۔۔دل مٹھی میں جان حلق میں آگئی تھی۔۔۔

وہ سفید کلر کا ٹاپ اور بلیک جینز پہنے آنکھوں میں کرب کے آثار لیے ان ہوس پرستوں کے درمیاں کھڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔بالوں کو کرل ک ئے ۔۔۔چہرے پر میک اپ نام کا بھی نہیں تھا۔۔۔۔

ان کے ہاتھوں میں ڈرنکس تھیں۔۔۔۔۔۔اور نظروں میں جو تھا وہ کوئی بھی برداشت نہیں کر سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ لمحا تھا۔۔جب آلف اپنا قابو اپنی برداشت سب کھو بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ شاید اسکی بے بسی کی حد تھی۔۔۔۔۔۔جو آج اسے دکھادی گئی تھی۔۔۔۔

وہاں چھوٹی چھوٹی ٹیبلوں پر ڈرنک کے گلاس رکھے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے انہیں میں سے ایک گلاس اٹھا کر وہاں موجود لوگوں میں سے رابعہ کے سب سے قریب والے آدمی کے منہ پر پوری طاقت سے دے مارا تھا۔۔۔۔۔۔۔

رابعہ جو نظریں جھکائی جھجکی ہوئی کھڑی تھی۔۔۔وہ اس طرح کانچ کے ٹوٹنے سے چونک کر رہ گئی تھی۔۔۔۔۔

پھر اس نے اپنے سامنے آلف فیضان کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔ جسکی آنکھوں میں دنیا جہاں کا غصہ اور شدید تیش تھا۔۔۔۔۔

اس نے وہاں موجود ان تینوں آدمیوں کو بری طرح کوٹا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دو گلاس انکے چہروں پر توڑ ڈالے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اس وہ ایک کے اوپر چڑا اسکے منہ پر مکے برسا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہاں اس افراتفری میں سب بھاگنا شروع ہو چکے تھے۔۔۔۔کسی نے بھی ان آدمیوں کو بچانے کی کوشش نہیں کی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی سیلین کھڑی اسے بے قابو ہوتا دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اس وقت اپنے حواسوں سے شاید کوسو دور تھا۔۔۔

وہاں موجود گارڈز نیچے سے اوپر آگ مئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔اور اگر وہ آ کر آلف کو نا پکڑتے تو وہ بندہ اس وقت مر چکا ہوتا۔۔۔۔

آلف کو وہ اٹھا کر کھڑا کر رہے تھے۔۔۔جب اس نے ان دونوں کو بھی مارنا شروع کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

پھر ایک کے جیب سے رومال نکالا تھا۔۔۔۔۔

رابعہ اسے ایسا کرتا دیکھ رہی تھی۔۔پہلے تو وہ اسے یہاں دیکھ کر حیران ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔مگر پھر وہ اس سے شدید ڈری ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔اسے شدید خوف تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہ آلف اب اس کے ساتھ کیسا پیش آئے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اسکی آنکھوں میں دیکھنے کے قابل بھی نہیں رہی تھی۔۔۔۔

رمال کو لیے وہ سیلین کی جانب بڑھا تھا۔۔۔۔۔

اور اسکے چہرے پر رمال باندھ دیا تھا۔۔۔وہ نظریں نیچی کئے چپ چاپ کھڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکا ہاتھ پکڑ کر اب وہ تیزی سے نیچے کی جانب بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

نیچے آ کر اس نے ایک جھٹکے سے اسکا ہاتھ چھوڑا تھا۔۔۔۔دو تین قدم رابعہ خود ہی آگے بڑھ گئی تھی۔۔۔

پھر وہ اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔جو خاموش اور سنجیدہ سا لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اس نے اپنی بلیک جیکٹ اتار کر اسکی طرف اچھالی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب وہ اسکا مفہوم سمجھ کر وہ جیکٹ پہن چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حالانکہ اسکے گلے میں اس وقت ایک ننھا سا اسکارف بھی تھا ۔۔۔۔۔۔مگر وہ ناہونے کے برابر تھا۔۔۔۔

گاڑی میں بیٹھ کر اس نے ایک گہرہ سانس لیا تھا۔۔۔ایک شدید گہرہ سانس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رابعہ چپ چاپ برابر میں بیٹھ گئی تھی۔۔۔اب کی بار آلف نے اسکے لیے گاڑی کا دروازہ نہیں کھولا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ رو دینے والی تھی۔۔۔مگر خود کو روک رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

کچھ پل خاموشی کی نظر ہوئے تھے۔۔۔۔۔

ایک طوفان تھا جو بغیر کسی نقصان کے آکر گزر گیا تھا۔۔

رابعہ نے اپنا سر جو شیشے سے ٹکایا ہوا تھا۔۔۔اسے اک دم سے اٹھا دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

گاڑی روکو۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ چیخی تھی۔۔۔

اسکے دو مرتبہ کہنے کے بعد آلف نے گاڑی کو سائڈ پر لگا دیا تھا۔۔۔

وہ مار دینگی۔۔۔۔میں امّی کو بھی کھو دونگی۔۔۔۔۔۔تمہاری وجہ سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رابعہ نے روتے روتے کہنا شروع کیا تھا۔۔۔۔۔

اب وہ گاڑی سے اتر کر باہر کی جانب آگیا تھا۔۔۔۔۔۔پھر اس نے آسمان کی جانب دیکھا تھا۔۔۔۔۔شاید وہ برداشت پیدا کر رہا تھا۔۔۔اس سے سیدھی بات کرنے کی۔۔۔۔۔۔۔

پھر وہ اب اسکی جانب کا دروازہ کھول چکا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تارا بیگم وہ گھٹیا عورت میری ماں کو مار دے گی آلف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے پتا چل گیا اگر کہ میں پارٹی سے بھاگ آئی ہوں تو وہ میری ماں کو مار ڈالے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کہاں ہیں زینت آنٹی۔۔۔؟۔۔۔۔ آلف نے اس سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ گاڑی کا دروازہ کھولے وہیں زمین پر گھٹنوں کے بل بیٹھا رابعہ سے پوچھ رہا تھا۔۔۔

وہ ایک کم چلتا ہوا روڈ تھا۔۔۔۔۔جہاں اکّا دکّا گاڑیاں ہی نکل آتی تھیں۔۔۔۔

وہ۔۔۔۔وہ انکو کوٹری میں بند کر دیا۔۔۔۔۔می۔۔۔میرے سامنے شانو کو۔۔۔۔۔شانو کو بہت مارا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ۔۔وہ بچاری زخمی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔میرے پاس بابا کا میسج آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں وہاں جانا چاہ رہی تھی۔۔۔۔۔مگر انہوں نے کہا کہ پارٹی میں نہیں جاؤ گی تو زینت کو مار ڈالو نگی۔۔۔۔۔۔۔میں انہیں مرنے نہیں دے سکتی تھی۔۔۔۔۔۔مجھے معاف کر دو۔۔۔۔۔۔

وہ شدید زار و قطار رو دی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسنے ہاتھ بھی جوڑ دیئے تھے۔۔۔۔۔

آلف بس اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔وہ خود کو رابعہ کے بارے میں کچھ دیر پہلے جتنا بے بس محسوس کر رہا تھا۔اتنی ہی بے بس رابعہ تھی اپنی ذات کے بارے میں۔۔

مگر آلف کو چاہ کر بھی وہ منظر نہیں بھول رہا تھا۔۔۔جو اس نے اسے پارٹی میں دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنی عزت کو بازار میں دیکھنے جیسا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور اس دل خراش منظر کو بھی وہ اپنی آنکھوں میں کچھ دیر پہلے اتار چکا تھا۔۔۔۔

وہ خاموش تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ گردن جھکائے کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔چاند کی چاندنی نے اسکے بھیگے چہرے پر چاندنی بکھیری ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اسکے جڑے ہوئے ہاتھوں پر اپنے ہاتھ رکھ کر اسے دلاسہ دیا تھا۔۔۔۔۔مگر وہ کیا کرتا فلحال اسکے دل کی آگ کسی طور بھی ٹھنڈی نہیں ہو رہی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تم نے مجھے بچالیا۔۔اب وہ امی کو مار ڈالیں گی۔۔۔۔میں انہیں مرا ہوا نہیں دیکھ سکتی میں مر جاؤنگی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دیتی۔۔۔اسکے بال کچھ آگے اور کچھ پیچھے بکھرے ہوئے تھے۔۔۔ابکی بات آلف نے اسکے بالوں پر اپنا ہاتھ پھیرنے لگا تھا۔۔۔وہ خود ایک خوف کی منزل کو سر کرتا ہوا آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک منٹ اسی طرح گزر گ ئے تھے۔۔۔۔۔چاند کی چاندنی میں وہ دونوں بیٹھے تھے۔۔۔۔

مگر رابعہ کی سسکیاں کچھ کم نا ہوئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ تو سچ تھا کہ آلف کو سب سے زیادہ پروہ اس وقت رابعہ کی تھی۔۔۔۔اس نے زینت اور شانو کے بارے میں سوچا نہیں تھا۔۔۔۔

اور اب وہ انہیں بھی بچانا چاہتا تھا۔۔۔۔مگر اسے انہونی کا ڈر تھا۔۔۔یہ بات تو صاف تھی کہ جو کچھ بھی پارٹی میں ہوا وہ تارا بیگم تک پہچایا جا سکتا تھا۔۔۔۔۔اور آلف نے جیسا سلوک تارا بیگم کے ساتھ کیا تھا۔۔۔۔وہ زینت سے اسکا بدلہ بھی لے سکتی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اب کچھ سوچتا ہوا واپس گاڑی اسٹارٹ کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور رابعہ کو اسکی خاموشی شدید کَھلی تھی۔۔۔۔

وہ اپنے کمرے میں اپنی مخصوص شان کے ساتھ بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جب فون کے بجنے پر اس نے اپنے ہاتھ کی موبائل واچ پر کلک کیا تھا۔۔۔۔۔۔

کمر صوفے سے ٹکی تھی۔۔۔۔چہرے پر انتظار کے آثار تھے۔۔۔۔

وہ اپنے آرام دہ صوفے پر بیٹھ کر سامنے لگی اسکرین کو بار بار بدل رہا تھا۔۔

باس۔۔۔۔!!!۔مقابل سے دھیمی سی آواز آئی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

میری ٹی وی اسکرین پر ابھی تک کراچی سے وہ نیوز کیوں نہیں چلی جسکا مجھے شدت سے انتظار تھا۔۔۔؟؟۔۔

وہ اب شدید کرخت لہجے میں مقابل سے بولا تھا۔۔۔

وہ ایک بنگلو کے اوپر کے فلور کا منظر تھا۔۔۔۔۔جہاں وہ اپنے بالکنی کے صوفے پر بیٹھا برے عقبی دروازے سے گزرتی اس بڑی سی اسکرین پر نظر رکھا ہوا تھا۔

باس وہ لوگ وہاں پہلے سے موجود تھے۔۔۔۔۔۔ہمارے سارے آدمی مارے گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔مقابل نے اسے پوری بات سے آگاہ کیا تھا۔۔۔لہجے میں ڈر شکست اور خوف تھا۔۔

اسکا اتنا کہنا تھا کہ ڈیلسن کے چہرے پر نفرت کے آثار نمایاں ہوئے تھے ۔۔۔۔اس نے جھٹکے سے اپنی سائڈ ٹیبل پر رکھا ڈرنک کا گلاس زمین پر پھیکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

کانچ کی آواز کے ساتھ وہ چاروں طرف بکھر گیا تھا۔۔۔۔۔

پھر اس نے اس چھوٹی سی لکڑی کی میز کو ہی الٹ دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسکا ہاتھ اپنے بالوں پر گیا تھا۔۔۔۔۔وہ انہیں اپنے ہاتھوں میں لیے نوچنے لگا تھا۔۔۔

اپنی شکل نا دکھانا مجھے۔۔۔۔جب تک باقی کام پورے نا ہو جائیں۔۔۔۔اگر نظر آئے تو سب سے پہلے تم مرو گے میرے ہاتھوں کا ملین۔۔۔۔۔وہ دھاڑا تھا۔۔۔۔

باس وہ چار لوگ تھے انکا ڈیٹا نکال لیا ہے۔۔۔۔مقابل سے آواز آئی تھی۔۔۔

وہ لوگ تمہاری آنکھوں میں دھول جھوکتے رہیں گے اور تم ڈیٹا نکالتے رہ جاؤ گے۔۔۔۔۔۔۔رکھو فون۔۔۔۔۔ڈیلسن دھاڑا تھا۔۔

اور ڈیلسن نے اپنی گھڑی پر کلک کر کے فون کاٹ دیا تھا۔۔۔۔۔

اب اس نے ایک گہری سانس لی تھی۔۔۔۔۔اور اپنے ہاتھ سینے پر پھیرے تھے۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اوہ گوڈ مجھے طاقت دے۔۔۔۔طاقت دے مزید طاقت دے۔۔۔اپنے اباؤاجداد کی طرح بنادے۔۔۔جنہوں نے مسلمانوں کی آدھی دنیاپر کی گئی حکومت کو نیست ونابود کرڈالا تھا۔۔۔انکی جڑیں کھوکلی کرکے انکے اندر پھوٹ ڈال دی تھی۔۔۔۔

۔۔۔اچھاخاصہ سب برباد ہورہا تھا۔۔۔یہ لوگ کہاں سے آگئے میرے راستے میں رکاوٹ بن کر۔۔۔۔۔۔

اس نے اپنامنہ جکڑ کر خود سے کلام کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

مجھے خداکاواسطہ میری ماں کے پاس لے چلو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رابعہ نے تیسری بار آلف سے شدید بے بسی سے کہا تھا۔۔۔۔۔اور اس پر کوئی اثر ہوتا دکھائی نہیں دے رہا تھا۔۔۔

پچھلے دس منٹ سے وہ انتہائی خاموشی سے گاڑی چلارہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔چہرہ سنجیدہ تھا۔۔۔اسی سنجیدگی سے رابعہ کوڈرسالگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

اس دوران ڈیش بوڈ پر رکھاہوا آلف کافون بھی کئی بار بجا تھا۔۔۔۔۔مگر اس نے اس فون کو نہیں اٹھایا۔۔اور ایک نظر تک نہیں ڈالی تھی۔۔۔

تم چاہتے ہو کہ میری ماں مرجائیں۔۔۔۔۔!!۔۔صرف میری حفاظت کروگے۔۔۔مجھ سے جڑے رشتے کچھ نہیں ہیں تمہاری نظر میں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟

اب وہ خود سے نتیجہ نکالتی ہوئی بھاری آواز میں اس سے سوالات کررہی تھی

چہرہ اب بھی آنسوؤں کی بوندوں سے بھیگا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ آلف کا پہنایا ہوا رمال اب اتار چکی تھی۔۔۔۔

گاڑی اب بھی نہیں رکی تھی۔۔۔وہ اب ابھی خاموش تھا۔۔۔۔۔۔۔

رابعہ بے آواز رودی تھی۔۔۔۔نظریں کھڑکی سے باہر کی جانب تھیں۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پھر اس نے گاڑی کو ایک خوبصورت سے سفید گھر کی طرف رکتے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

آلف کی گاڑی روک ٹھیک دروازے پر رکی تھی۔۔۔۔۔اور اب وہ اس میں سے اتر رہا تھا۔۔۔۔۔

رابعہ اسے ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔وہ اب اتر کر اسکی جانب آرہا تھا۔۔۔۔

اس نے اسکی طرف کا دروازہ کھولا۔۔۔۔۔

اور اپنا ہاتھ اسکی جانب بڑھایا۔۔۔۔۔۔وہ جو اک پل کو ڈر سی گئی تھی۔۔۔۔۔وہ اب اسکے چہرے پر لکھے تاثرات کو پڑھنے کی کوشش کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ دیکھ رہی تھی کہ وہاں ناراضگی بھی نہیں تھی۔۔۔۔ہم آہنگی بھی نہیں تھی۔۔۔۔ناغصہ ہے اور نا خوشی۔۔۔۔۔۔۔بس جیسے ہر تاثر مٹا مٹا سا تھا۔۔۔۔اسے کچھ سمجھ نہیں آیا۔۔

پھر اس نے اسکے بڑھے ہوئے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھ دیا۔۔۔۔۔۔۔

جسے آلف نے مضبوطی سے تھام لیا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ اسکا سہارا لے کر گاڑی سے اتر رہی تھی

یہ تمہارا گھر ہے۔۔۔۔؟۔۔۔رابعہ نے ایک بار پھر اس سے سوال کیا تھا۔۔۔اس امید پر کہ شاید وہ جواب دے۔۔۔

مگر اسکی طرف سے خاموشی ہی ہر سوال کا جواب بن گئی تھی۔۔۔

وہ اب خاموشی اسے لے کر آگے بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

اور اسکا ہاتھ چھوڑ کر دروازہ کھولنے لگا۔۔۔۔

اس وقت گھر میں نائلہ کے سوا اور کوئی نہیں ہو سکتا تھا۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

دروازہ کھلتے ہی وہ دونوں گھر کے اندر داخل ہوئے تھے ۔۔۔۔۔رابعہ نے اپنی بھیگی آنکھوں سے اس چھوٹے سے بہترین ڈیزائن کے گھر کو دیکھا تھا ۔۔۔۔۔

مگر آلف رکا نہیں تھا۔۔۔وہ اسکا ہاتھ پکڑے سیڑھیوں کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔

اور وہ اسکے پیچھے چل رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ اسے لیے اپنے کمرے کی جانب بڑھنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔

پھر کمرے کا دروازہ کھول کر وہ دونوں اندر کی طرف آگئے ۔۔۔۔

رابعہ نے اپنی آنکھوں سے اسکا کمرہ دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ کمرہ آلف کے لائٹ جلانے پر اک دم روشن ہو گیا تھا۔۔۔۔

سائڈ پر دیوار سے لگا ہوا بیڈ جس کے اوپر کی طرف بڑی بڑی پینٹنگز لگی تھیں۔

دو ٹیبل اس بیڈ کے آس پاس رکھی تھیں۔۔۔اس پر لیمپ تھا۔وہاں کوئی چیز اپنی جگہ سے بے ترتیب نہیں لگ رہی تھی۔

اسکی اسٹڈی ٹیبل بیڈ سے تھوڑا آگے دیوار کے ساتھ تھی۔۔۔۔دیواروں پر نفیس سا ہلکا سفید پینٹ ہوا تھا۔۔۔۔

وہاں ہر چیز اپنی جگہ پر موجود اس کمرے میں رہنے والے نفیس شخص کی نفیس طبیعت کو واضح کر رہی تھی۔۔۔۔۔

کمرے کا جائزہ لینے میں کچھ وقت انکے درمیان یونہی گزر گیا تھا۔وہ اب وہ آلف کی جانب متوجہ ہوئی تھی۔۔۔۔

بیٹھو۔۔۔۔۔آلف نے اسے بیٹھنے کا کہا تھا۔۔۔۔اور وہ خود تیزی سے باہر کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔

وہ بس اسے کمرے سے جاتا دیکھتی رہ گئی۔۔۔

کیا چیز تھا وہ۔۔۔۔یہ بات اسے کبھی سمجھ نہیں آسکتی تھی۔۔۔

اب وہ خود پر سے اسکی جیکٹ کو اتار کر اپنے ہاتھوں میں لے کے سوچ رہی تھی کہ کہاں بیٹھوں۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسے شانو اور زینت کا خیال آیا تھا۔۔۔۔۔ساتھ ہی اس ذلت کا خیال آیا تھا جو اس نے کچھ دیر پہلے اٹھائی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ اب اسکے بیڈ پر ہلکا سا ٹک کر بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔

اپنے چہرے پر ہاتھ پھیر کر اس نے ٹھہرے ہوئے آنسوؤں کو پونچھا تھا۔۔۔۔۔

اپنے بالوں کو درست کیا تھا۔۔۔۔اس نے اپنے سامنے لگے شیشے میں خود کو دیکھا تھا۔۔۔۔

وہ اس ٹاپ اور جینز میں خود کو بھی انتہائی واحیات لگی۔۔۔۔۔

کچھ لمحے اسی طرح ٹھہر کر وہ خود کو دیکھ رہی تھی جب وہ اسی ٹون میں چلتا ہوا کمرے میں آیا تھا۔۔۔۔۔۔

ایک ہاتھ میں باکس۔۔۔۔اور دوسرے ہاتھ میں پانی کا گلاس تھا۔۔۔

وہ اسکی طرف چلتا ہوا آکر پانی کا گلاس بڑھا چکا تھا۔۔

رابعہ نے گلاس لیتے ہوئے اسکی جانب دیکھا ۔۔۔۔وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

مگر دونوں کے چہرے سنجیدہ تھے۔۔۔۔یا شاید وہ ہنستے ہی تب تھے جب انہیں بحث یا لڑائی کرنی ہوتی تھی۔۔۔

اسنے پانی کا ایک ہلکا سا گھونٹ اپنے حلق سے اتارا۔۔۔۔۔وہ اسکی طرف جھک کر نیچے بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔

ایک گھٹنہ کھڑا جبکہ دوسرے گھٹنے پر اسکا سارا وزن تھا۔۔۔

اسکا ہاتھ اسکے ایک پیر کی جانب بڑھا تھا۔۔۔۔۔اک پل وہ ٹھٹھک گئی تھی۔۔۔

پھر جھک کر دیکھنے پر اسے اپنے پیر میں چبھا ہوا باریک اور لمبا سا کانچ نظر آیا تھا۔۔۔

جسکے آس پاس خون رس رہا تھا۔۔۔۔۔وہ اس تکلیف کو اب محسوس کرنا شروع ہوئی تھی۔۔۔ورنہ وہ اب تک اس چوٹ سے پوری طرح لاعلم تھی۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف نے دھیرے سے اسکا پیر اٹھا کر اپنے گھٹنے پر رکھا تھا۔۔۔۔۔

رابعہ کو وہ منظر یاد آیا تھا جب ماسکو میں اسکے بازو پر گولی لگی تھی۔۔اور پھر جب آلف کے ہاتھ پر رخم لگا تھا۔۔۔۔۔تب ان دونوں نے ہی دوسرے کے زخموں پر مرہم لگایا تھا۔۔

وہ اب اپنے پیر کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔ہاتھوں میں اب بھی آلف کی بلیک جیکٹ تھی۔۔۔۔

کمرہ بڑے سے سفید بلب سے روشن تھا۔۔۔۔۔جسکی روشنی دونوں کے چہروں پر بھی پڑ رہی تھی

آلف کا ہاتھ اس کانچ پر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

بسمہ اللہ۔۔۔اس نے ایک دم زبان سے کہہ کر وہ کانچ اسکے پیر سے کھینچ کر نکال دیا۔۔۔

سسسسس۔۔۔۔رابعہ کی ایک دبی دبی چیخ نکلی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہاتھوں نے اس جیکٹ کو مزید کس کے پکڑ لیا تھا۔۔۔۔۔

مگر اب وہ کانچ اسکے پیر سے نکل گیا تھا۔۔۔۔

مگر خون رسنا شروع ہو گیا۔۔۔۔۔آلف نے فوراً باکس میں سے روئی نکال کر اس کے نکلتے خون پر رکھ دی تھی۔۔۔

اس نے ایک انجانی سی نظر رابعہ پر ڈالی تھی جو اس وقت اپنے پیر کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

کب عقل آئے گی تمہیں۔۔۔۔آخر کب عقل سے کام لو گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔آلف نے دل ہی دل میں رابعہ سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اب وہ اسکے پیر پر پٹی باندھ رہا تھا۔۔۔۔

اسکی نظر ہٹی تھی کہ رابعہ کی اس پر نظر گئی تھی۔۔۔۔میں نے تمہارا دل دکھایا ہے لیکن میری غلطی نہیں تھی اس میں ۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے دل ہی دل میں کہا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

میری غلطی نہیں تھی۔۔۔میں نا جاتی تو وہ انہیں مار ڈالتی۔۔۔۔۔۔۔۔رابعہ نے ایک بار پھر خاموش آلف کو مخاطب کیا تھا۔۔۔۔ابکی بار بات دل میں نہیں کہہ گئی۔۔۔

وہ اٹھ کر اسٹڈی ٹیبل کی کرسی گھسیٹ کر بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔

اس سب میں سب سے زیادہ غلطی تمہاری ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے سنجیدگی سے اسکی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔نظریں اسکے چہرے پر مرکوز تھیں۔

رابعہ نے نا سمجھی سے اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔

یہ تم کس طرح کہہ سکتے ہو آلف۔۔۔۔میں مر کے بھی اس پارٹی میں نہیں جاتی۔۔۔میں مجبور تھی۔۔۔۔۔

رابعہ نے بھاری سی آواز میں سوال سمیت صفائی بھی پیش کی۔

جبکہ آلف ایک ہاتھ اپنے چہرے پر پھیرتا ہوا دوسری جانب دیکھنے پر مجبور ہو گیا تھا۔۔۔۔

تمہیں کچھ منٹوں میں یقین ہو جائے گا کہ غلطی صرف تمہاری تھی۔۔۔اس نے پھر سے چہرہ اسکی طرف کر کے مکمل اعتماد سے کہا تھا

۔۔۔۔

جبکہ رابعہ اسے نا سمجھی سے بس دیکھتی رہ گئی۔۔۔

اب آلف کہنا شروع ہوا تھا۔۔

پہلی غلطی انہوں نے تمہارے لئے دو جال بچھائے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ میسج۔۔۔وہ بھی یقیناً تارا بیگم ہی کی کوئی چال تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اگر سکندر ماموں تم سے ملنا چاہیں گے تو وہ کبھی تمہیں کسی جگہ نہیں بلائیں گے بلکہ وہ خود آئیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تم خود بتاؤ۔۔ تمہیں جب انکا چہرہ یاد ہی نہیں تو وہ تمہیں میسج کر کے کیوں بلائیں گے کسی جگہ پر۔۔؟؟۔۔۔۔

وہ اس سے دھیمے لہجے میں سوال کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ تو جیسے کھو سی گئی تھی۔۔۔۔۔

دوسری غلطی۔۔ تم نے انکی دھمکی کو سچ مانا۔۔۔۔۔۔۔ تم نے یقین کر لیا کہ وہ زینت کو مار ڈالیں گی۔۔۔۔۔۔

کیونکہ انہوں نے شانو کو اس لیے مارا تا کہ تم یقین کر لو کہ وہ اسی طرح زینت کو بھی ماریں گی۔۔۔۔۔۔۔

اور ایسا ہی ہوا تم نے یقین کر لیا۔۔۔۔۔۔۔۔ تم بھول گئیں کہ اگر انہیں تمہاری ماں کو مارنا ہی ہوتا تو وہ کبھی سکندر ماموں کو مار ڈالنے کی کوشش نا کرتیں۔۔۔۔وہ کبھی اتنے بڑے بڑے کھیل نا کھیلتیں۔۔۔۔وہ سیدھا زینت کو مار کر یہ قصہ ہی ختم کر دیتیں ۔۔۔۔

وہ انتہائی سنجیدہ اور دھیمے لہجے میں اس سے بات کر رہا تھا

رابعہ کو آلف کی ایک ایک بات اپنے دل میں اترتی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔اور اب اسکا پچتاوہ بھی بڑھ سا رہا تھا۔

اور تیسری بات۔۔۔بات میری عزت کی نہیں تھی بات تمہاری عزت کی تھی۔۔۔۔۔ تمہیں مجھ سے زیادہ اپنی عزت کی حفاظت کرنا آنا چاہیے۔۔۔۔۔اگر وہ اس وقت تم سے اس سے بھی کوئی مزید گھٹیا بات کی شرط رکھتیں۔۔۔تو کیا تم وہ بھی مان لیتیں ۔۔۔۔۔۔ایک پل کو بھی اپنی عزت کا خیال نا کرتیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟

وہ اس سے تیسرا سوال کر رہا تھا۔۔۔۔اور رابعہ کے پاس اسکے ایک بھی سوال کا کوئی جواب نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔

میں ڈر گئی تھی۔۔۔۔۔۔اسکی جانب سے آلف کو رندھی ہوئی آواز آئی تھی

اب اس کے منہ سے بس اتنا ہی نکل سکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسی ڈر کی وجہ سے جانتی ہو آج کیا ہو سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟وہ خود بھی اس سوچ پر وہ کانپ گئی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جانتی تھیں نا میں لاہور میں ہوں۔۔۔تم نے مجھے باباوالا میسج بھیجا۔۔تو یہ کیوں نہیں بتایا؟۔۔۔۔مجھ سے کیوں چھپایا۔۔۔۔۔۔!۔۔آلف کی آواز بھی اس وقت بھرا سی گئی تھی۔۔۔اسکی سوچیں اسکا سر پھاڑ رہی تھیں۔

اگر اللہ میری مدد نا کرتا تو تم اپنے ساتھ ساتھ مجھے بھی جیتے جی مار ڈالتیں سیلین۔۔۔۔۔۔سیلین کی حفاظت نا کر پانے کا پچتاوہ تمہارے آلف کو جینے نہیں دیتا۔۔۔۔۔۔جانتی ہو نا یہی بنیاد تھی ہمارے نکاح کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور تم اسی کو ہلانے چلی تھیں ؟؟۔۔۔

وہ اسکے جیکٹ پکڑے ہوئے ہاتھوں پر اپنے ہاتھ رکھ چکا تھا۔۔۔۔اس کا چہرہ مزید جھک گیا تھا۔۔۔بال کان کے پیچھے سے نکل کر جھول گ ئے تھے ۔۔۔۔

وہ پھر سے بے آواز رونا شروع ہو چکی تھی۔۔۔۔

یہ آنسوں بہالو۔۔۔جتنے بہانے ہیں۔۔۔لیکن میری جیکٹ پر نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔آلف نے اپنے جلتے دل کے ساتھ اسے ہنسانے کی کوشش کی تھی۔۔۔۔

مم۔۔۔معاف کر دو مجھے۔۔۔۔وہ ہچکیوں سے روتی ہوئی بولی تھی۔۔۔

وہ روتے چہروں کو دیکھ کر ہمیشہ کنفیوز ہو جاتا تھا۔۔۔الفاظ ساتھ نہیں دیتے تھے۔۔اور جب الفاظ ساتھ نہیں تو افعال کام آجاتے ہیں۔۔۔

وہ اسکے برابر میں آبیٹھا تھا۔۔۔اور اپنا ایک ہاتھ اسکے گرد پھیلا کر اسے کندھے سے لگا لیا تھا۔۔۔۔۔

وہ اسی طرح روتی ہوئی اسکے کندھے سے لگ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اور وہ اسکا کندھا سہلانے لگا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکا دل اس وقت جل رہا تھا۔۔۔ لیکن وہ ہر سوچ کو اب جھٹک چکا تھا۔ جو بھی تھا رب نے اسکا سکندر سے کیا ہوا وعدہ ٹوٹنے نہیں دیا تھا۔۔۔

وہ دل ہی دل میں دب کا بے انتہا شکر ادا کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔ اسکی سیلین اسکے برابر میں اسکی حفاظت میں تھی۔۔۔۔۔۔۔

اسے دل میں اک امید تھی کہ جس طرح وہ رب اچھوں کے لیے وسیلے نکال دیتا ہے اسی طرح شانو اور زینت کا بھی کوئی وسیلہ نکال دے گا۔۔۔۔۔ اتنا تو اسے یقین تھا کہ وہ چاہ کر بھی زینت کو جان سے نہیں ماریں گی۔۔۔۔ کیونکہ انہوں نے اسے ہمیشہ سیڑھی بنایا تھا۔۔۔۔ اور کوئی اپنے ہی زینے کو نقصان نہیں پہچاتا

کمرے میں ہلکی مدھم سی روشنی پھیلی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسکے بیڈ کے سائڈ لیمپ کی روشنی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ اور برابر میں اسکی سیلین خوابِ خرگوش کے مزے لوٹ رہی تھی۔۔۔۔۔

آدھا گھنٹہ مسلسل روتے روتے وہ اسکے کندھے سے لگے سو گئی تھی۔۔۔۔ آلف نے اسے چپ نہیں کروایا تھا۔۔۔ جب تک وہ روتی رہی وہ اسے لیے وہیں بیٹھا رہا تھا۔۔۔

اور اب وہ سو گئی تھی۔۔۔۔۔ ایک چین کی نیند۔۔۔۔۔ وہ اس پر ایک نظر ڈالتا ہوا اپنا کمفرٹر اس پر اڑا رہا تھا۔۔۔

کبھی تو باتونی لومڑی بن جاتی ہے اور کبھی روتی چڑیا۔۔۔۔۔۔۔۔ رو رو کر آنکھیں سجالیں ہیں اپنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میری بہادر سیلین۔۔۔

وہ اسکے برابر میں کھڑا ہلکا سا جھک کر خود سے ہم کلام ہوا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ سچ تھا کہ نا اس نے ابھی تک معین شامی کو فون کیا تھا اور نا زیام کو۔۔۔وہ اپنی دنیا کے سامنے ہر دنیا سے بلکل بیگانہ سا ہو گیا تھا۔اور اب اسے فکر لاحق ہوئی تھی۔۔جسکے تحت اسے باہر نکلنا تھا۔۔۔

اپنی جیکٹ کو دھیرے سے سیلین کے ہاتھوں سے چھڑوا کر وہ اپنے کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

آہستہ سے دروازہ بند کرتا ہوا وہ تیزی سے دو تین سیڑھیاں پھلانگتا ہوا نیچے اتر آیا تھا۔۔۔۔۔

بھائی۔۔۔۔؟؟؟۔۔

یہ آواز سن کر اسکے تیزی سے دروازے کی جانب بڑھتے قدم رک گ ئے تھے ۔۔۔۔

نورے۔۔۔؟۔۔تم کب آئی ہو یہاں۔۔؟؟؟۔۔اس نے پیچھے مڑ کر پانی کا گلاس ہاتھ میں پکڑی ہوئی نورے سے پوچھا

ہم لوگ آدھا گھنٹہ پہلے پہنچے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔نورے نے اسے بتایا تھا۔۔۔۔

آپ یہاں کیوں ہیں۔۔۔آپکو تو کسی ضروری کام سے جانا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔؟۔۔نورے نے اس سے سوال کیا تھا۔۔

زیام اور باقی سب بھی یہاں پہنچ گ ئے ہیں۔۔۔۔؟؟؟۔۔آلف نے نورے سے سوال کیا تھا۔۔۔

جی۔۔۔پہنچ گ ئے ہیں۔۔۔اور میں فارس ماموں سے بھی ملی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔نورے نے اسے بتایا تھا۔۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔آلف سرسری سا کہتا ہوا جیب سے فون نکالنے لگا تھا۔۔۔۔

لیکن زیام بھائی اور مائسہ آپی نہیں آئے ہیں ابھی لاہور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نورے نے پانی پی کر تسلی سے بتایا تھا۔۔۔۔۔۔

آلف جو فل وقت فون ہر لگا تھا وہ اچانک چونکا تھا۔۔۔

ایک منٹ تم فارس ماموں سے کب ملی ہو۔۔۔۔؟؟۔اور زیام اور مائسہ وہاں ایک ساتھ کیسے رک گ ئے۔۔۔؟۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکے ذہن میں نورے کی بات سن کر کئی سوال آئے تھے ۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ شخص اس کوٹھی کے بڑے سے دروازے سے وقار کے ساتھ اندر داخل ہوا تھا۔۔۔۔۔

اس وقت اسے روکنے کی کسی کی ہمت نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔کیونکہ اسکے ساتھ سرچ وارنٹ تھا۔۔۔۔۔۔اور چند پولیس اہلکار بھی تھے۔۔۔۔

گاڈز کو ہٹاتے ہوئے وہ لوگ اس حویلی کے اندر کی جانب بڑھ گئے تھے ۔۔۔۔۔

اب وہ شخص تیزی سے اوپر کی جانب بڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسکے ساتھ ہی پولیس بھی اوپر کی جانب بڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ ایک پتلی سی گلی کا زینا تھا۔۔۔۔۔۔وہاں راستے میں کئی لڑکیاں تھیں۔۔جو اس شور کی وجہ سے اپنے کمروں کے اندر سے نکل کر دیکھنے لگی تھیں۔۔۔۔

ڈرو نہیں۔۔۔۔اب آپ سب آزاد ہو جاؤ گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس شخص نے بلند آواز سے ان ڈرے ہوئے چہروں کو مطمئن کیا تھا۔۔۔۔۔۔

جبکہ اس شخص کی منزل اوپر کی جانب تھی۔۔۔۔۔۔

سر۔۔۔؟۔۔وہاں اسے ایک آواز سنائی دی تھی۔۔۔۔

وہ شخص اس آواز پر پلٹا تھا۔۔۔۔۔۔۔ایک لڑکی جس کے چہرے پر شدید زخموں کے نشان تھے۔۔۔۔۔اور ہاتھوں پر نیل پڑے تھے۔۔۔وہ انکی جانب دیکھ کر بولی تھی۔۔۔۔۔

شانو۔۔۔۔۔زینت اور رابعہ کو کہاں رکھا ہے ان لوگوں نے جلدی بتاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سکندر نے اسکی جانب بڑھ کر بھاری سی آواز میں پوچھا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

چہرے پر انتہائی فکر کے تاثرات تھے۔۔۔۔۔۔۔ماتھے پر پسینے کی چھوٹی چھوٹی بوندیں با آسانی دیکھی جاسکتی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

سر۔۔کوٹھری میں رکھا ہے زینت کو۔۔اور رابعہ کو آلف بھائی بچا چکے ہونگے۔۔۔لیکن سر۔۔۔۔!!!.....شانو کہتے کہتے رکی تھی۔۔۔۔

کیا۔۔؟؟بولو شانو۔۔۔۔۔۔۔۔سکندر اسکی خاموشی پر شدید جھنجلاہٹ میں مبتلہ ہوئے تھے۔۔۔۔

۔

سر انکی حالت درست نہیں۔۔۔۔انہیں تو کل رات سے ہی بخار تھا۔۔۔اور اب وہ بغیر کھائے پیے کب سے کوٹھری میں بند ہیں۔۔۔۔۔بس رابعہ رابعہ کی رٹ لگائی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔شانو نے سارا حال بتایا تھا۔۔۔

اور سر ریشم۔۔۔جسے رابعہ کو آپکے نام سے ایک میسج کرنے کا کہا گیا تھا۔۔اسے مار ڈالا ہے ان لوگوں نے۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے نہیں مارا کیونکہ میں انکی واحد خدمت گزار تھی۔۔۔۔۔۔۔

شانو نے سب کچھ تفصیل سے بتایا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ اسکی بات مکمل سن کر اب تیزی سے اوپر کی جانب بڑھ گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔

وہاں اوپر پہنچ کر انہیں ایک گولی کی آواز سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جو سیدھا آکر ایک پولیس اہلکار کے کندھے میں پیوست ہوئی۔۔۔۔۔

سب لوگ دیکھ کر چوکنا ہو گ ئے تھے ۔۔۔۔۔

بندوق کی آواز پر ان لوگوں نے اپنی گن کو ہاتھوں میں لے لیا تھا۔۔۔

سکندر نے بھی اپنی گن نکال لی تھی۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہاں تارا بیگم کے کمرے سے پہلے اس کے گارڈ فائرنگ کرنے لگے تھے۔۔۔۔۔

سکندر نے جھپٹ کر ایک کے منہ پر اپنے پاس چھپا ہوا ایک چھوٹا سا چھرا اپھینکا تھا۔۔۔۔۔جو اسکے حلق کے آر پار ہو گیا تھا۔۔۔

اگلے کو موقع دیے بغیر انکی گولی اسکے دماغ میں جا کر گھس چکی تھی۔۔۔۔۔وہ بھی موقع پر مر گیا تھا۔۔۔

اب وہ ایک آدمی بچا تھا۔۔۔۔۔جسکی پروہ کیے بغیر سکندر آگے بڑھ گیا تھا۔۔۔

کیونکہ خود کو اکیلا محسوس کر کے وہ شخص خود سے ہی ڈر گیا تھا۔۔۔

سکندر نے کمرے میں گھستے ہی اسکی ٹانگ پر گولی دے ماری تھی۔۔۔۔۔

اور وہ چیخنے لگا تھا۔۔۔۔

تارا بیگم جو ان گاڈز پر بھروسہ کر کے کمرے میں چھپی تھیں۔۔۔۔۔اب خود کو بچانے کی غرض سے ایک چاکو لیے سکندر کی جانب بڑھی تھیں۔۔۔

میں جان سے مار ڈالوں گی تجھے۔۔۔۔وہ خونی آنکھیں لیے سکندر کی جانب بڑھی تھیں۔۔۔

جبکہ سکندر نے ایک ہی ہاتھ سے وہ چاکو موڑ کر انکے وار کو ناکام بناتے ہوئے انکے دوسرے ہاتھ میں گاڑ دی۔۔۔

تارا بیگم اپنے ہی غرور کے سمندر میں ڈوبنے لگی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زینت کے ساتھ جو بھی کیا ہے تم نے ساری زندگی۔۔اسکا حساب دینے کا وقت آگیا ہے۔۔۔۔۔۔تارا بیگم تمہارے ایک ایک حساب کا وقت آگیا ہے۔۔۔۔۔۔میں تمہاری آخری سانس سے بھی اس حساب کو پورا کرونگا۔۔۔۔

وہ تارا بیگم کو جکڑے ہوئے کرخت لہجے میں بولے تھے۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب وہ چیخیں تھیں۔۔۔۔۔تکلیف سے اور کرب سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔مگر سکندر نے انہیں دھکا دے کر پولیس کی جانب پھینکا تھا

۔۔۔۔۔

پولیس نے ہتھکڑی لگانے میں اک منٹ بھی ضایع نہیں کیا تھا۔۔۔۔۔

وہاں بہت سی لڑکیاں تارا بیگم کے کمرے کے آس پاس جمع ہو گئی تھیں۔۔۔۔۔۔اور اپنی آنکھوں سے تختِ عروج پر کئی عرصے سے پھیلے اس عروج کو زوال میں بدلتا دیکھ رہی تھیں۔۔۔۔۔

اللہ کی رسّی ڈھیلی ہو جائے تو پھر انسان کے سارے گناہ اسے اسی رسّی سے جکڑ لیتے ہیں ۔۔۔اور پھر زوال دنیا اور آخرت کا مقدر بن جاتا ہے ۔۔۔۔

اب سکندر انہیں وہاں چھوڑ کر زینت کے لیے بھاگے تھے۔۔۔۔۔۔۔

شانو۔۔۔؟؟۔۔وہ اسے پکارتے ہوئے نیچے اترے تھے۔۔۔۔

اس طرف۔۔زینت نے نیچے والے ایک کمرے کی جانب اشارہ کیا تھا۔۔۔وہ کوٹھی کے بلکل کونے میں بنا ہوا تھا۔۔۔

شانو کے ہاتھ تیزی سے اس کمرے کا تالہ کھول رہے تھے۔۔اور اب تالہ کھلنے پر وہ تیزی سے اندر داخل ہوئے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شانو نے اس عام سے دکھنے والے کمرے میں فوراً ایک پردہ کو کھینچ کر اتارا تھا۔۔۔

اسکے پیچھے ایک بڑا سا دروازہ تھا۔۔۔

اب وہ دوسری چابیوں میں سے اس دروازے کی چابی کو ڈھونڈ رہی تھی۔

سکندر نے اسکے ہاتھ سے وہ چابیوں کا گچھا لیا تھا۔۔۔اور اب وہ خود وہ دروازہ کھول رہے تھے۔۔۔۔

چند سیکنڈ کی کوشش کے بعد وہ بھی کھل گیا تھا۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اب سیڑھیاں اترتے ہوئے وہ تقریباً بھاگنے والے انداز میں نیچے اترے تھے۔۔۔۔

وہ کمرہ مکمل تاریکی میں چھپا تھا۔۔۔دروازے کی جانب سے آنے والی روشنی نے اس کمرے کو دکھنے لائق بنایا تھا۔۔۔۔

۔۔

وہاں زینت کا بے ہوش وجود انہیں دیوار سے لگا نظر آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔سفید میلی سی قمیض میں ملبوس وہ چہرے پر نقاہت کے آثار لیے بے ہوش پڑی تھیں۔۔

سکندر اپنی زینت سے مل بھی رہے تھے تو اس حالت میں۔۔۔۔۔۔۔جسے دیکھ کر ہی انکا سانس بند ہو جاتا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسے گود میں لیے اب وہ اس کوٹھری سے باہر کی جانب لے آئے تھے۔۔۔۔

شانو بھی انہیں اس حالت میں دیکھ کر گھبرا گئی تھی۔۔۔

ہمیں اسے ہاسپٹل لے کر جانا ہے۔۔۔۔۔وہ اسے لیے شانو سے کہتے ہوئے باہر کی جانب بڑھ گئے تھے۔۔۔۔۔

سیاہ سفید کا منظر اس رات کو ایک بہترین نکھار بخش رہا تھا۔۔۔۔چاند کی بادلوں میں چھپتی چاندنی کالی رات پر اُوس کی طرح پڑ رہی تھی۔۔۔

کہنے کو یہ ایک عام رات تھی مگر یہ کسی جادوئی رات سے کم نا تھی۔۔یہ کسی کے لیے صبح کی اجلی کرن ثابت ہوئی تھی۔۔

ہجر کی گزری تمام راتوں پر یہ وصل کی ایک رات ہی قیامت بن کر ٹوٹ پڑتی تھی۔

کہا جاسکتا تھا کہ سمندر میں ڈوبتے ڈوبتے دو سنہری موتی پار لگ گئے تھے۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اس وقت اس گھر کی بڑی سی چھت پر موجود تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہاں سیڑھیوں سے گزر کر عقبی طرف سے ایک بڑا سا کمرہ آتا تھا۔۔۔ جسکی دو انچ کی منڈیر کے بعد چھت شروع ہو جاتی تھی۔۔۔۔

وہ اسی منڈیر پر ٹکی ساکت بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔دونوں ہاتھوں کو آپس میں ملائے اپنے گھٹنے پر رکھے ۔۔۔۔۔۔اسکی نظروں کا رخ چاند کی طرف تھا۔۔۔

اس سے تھوڑا پیچھے پردے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ہوا کی وجہ سے مہوِر قص تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکے دائیں اور بائیں جانب قطار سے پھول پودے گملوں سمیت رکھے تھے۔۔۔۔۔۔

چاند کی چاندنی ان پتوں کو مزید چمکا رہی تھی۔۔۔۔ فضا میں اس وقت ایک ٹھنڈک اور سکون کا سما تھا۔۔۔۔۔۔ بلکل ویسا ہی ایک سکون اس وقت اس کے دل میں اتر آیا تھا۔۔۔۔

اسکے لمبے بال کھلے ہوئے اسکی کمر اور کندھے پر پردوں کی طرح جھول رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ان پر بھی چاند کا عکس پڑ رہا تھا۔

چھوٹی چھوٹی بے سکون لٹیں چہرے پر پڑ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

وہ آنکھیں جو اپنا حسن کھو چکی تھیں۔۔۔۔ آج پھر چھک اٹھی تھیں۔۔۔۔

آج کوئی ان کا جل لگی آنکھوں میں دیکھتا تو جل جاتا۔۔۔۔۔۔۔

اسکے لبوں میں نا جانے کس خیال سے مسکراہٹ سی پھیل گئی تھی۔۔۔۔۔ہونٹ آپس میں ملے ملے پھیل گ ئے تھے ۔۔۔

شاید وہ محسوس کر چکی تھی۔۔۔۔۔ کہ کوئی نیچے سے اوپر آ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہ آہستہ آہستہ چلتا ہوا اس تک پہنچ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

منڈیر تک پہنچنے پر اسکے چہرے اور داڑھی پر بھی جان کا عکس پھیل گیا۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اب اسی کی طرح ٹِک کر ساکت اسکے برابر میں آ بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔

اسکی گہری نظریں سامنے کی جانب مرکوز تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ بھی اس وقت اپنی دائیں جانب دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اس آنے والے کو اس رات میں آج کے دن ہونے والا سب سے عجیب اور حیرت انگیز واقعہ یاد آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ خیالوں میں اسے یاد کرنے لگا تھا۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ لوگ علی کو گل کی لائی ہوئی گاڑی میں بٹھا کر اسی گھر میں واپس لے آئے تھے ۔۔۔۔۔۔

اس کے بازو سے خون نکلنا بند نہیں ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔گولی اندر ہی تھی یا چھو کر گزر گئی تھی۔۔۔کسی کو کچھ اندازہ نہیں ہو رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معین شامی نے اپنے ایک ڈاکٹر کو فون کر دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو علی کا اس وقت چیک اپ کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سب اپنی اس بہترین کامیابی پر بے حد خوش تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ ان سب کا پہلا معرکہ تھا جو کہ بہت آسانی سے اللہ کی مدد کے ساتھ حل ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔

معین شامی کا کہنا تھا کہ اچھا ہوا جو اس میں زیام اور علی کا خون شامل ہوا۔۔۔۔۔۔اس سے انہیں اور تقویت ملے گی۔۔۔۔اور دشمن کے دلوں میں مسلمانوں کا خوف بڑھے گا۔۔۔۔کیونکہ وہ اس بات کو باور کر لیں گے کہ مسلمان مجاہد جان دینے اور لینے سے نہیں ڈرتے۔۔۔۔۔۔

ان سب کے صحیح سلامت آنے پر ہی نورے نے اپنا ایس کا ورد ختم کیا۔۔۔اور خوشی کا سانس لیا تھا۔۔۔۔۔مگر آلف کے نا ہونے پر اسے بے حد عجیب لگا تھا۔۔اور غصہ بھی آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ سب کے سب مائسہ سے لاپروہ تھے۔۔۔جو اس وقت ان سب کے درمیان موجود ہی نہیں تھی۔۔۔۔۔اسکی وجہ ایک مائسہ اور دوسرا معین شامی کے سوا اور کوئی نہیں جانتا تھا۔۔۔۔

میرے بھائی تم بھی پٹی کروالو۔۔۔مان لیا کرو کسی کی بات۔۔۔۔۔۔عاطف اپنے الفاظوں پر زور دیتا ہوا اسے کندھے سے پکڑ کر کہہ رہا تھا۔۔

اس وقت وہ لوگ لاؤنج میں تھے۔۔۔اندر کمرے میں ڈاکٹر علی کے بازو کی پٹی کر رہے تھے۔۔۔اسکے ہاتھ کی گولی کو نکال لیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔

وہاں موجود سب لوگوں نے عاطف کی بات سے اتفاق کیا تھا۔۔۔۔۔

وہ اس وقت صوفے پر ڈھے جانے والے انداز میں بیٹھا ہوا تھا۔۔۔اسکے ذہن میں منتشر کرنے والی بے شمار سوچیں تھی۔۔۔۔۔۔

عاطف کی بات پر ناگواری کے آثار اسکے چہرے پر دیکھے جاسکتے تھے۔۔۔

!!!عاطف میں بلکل ٹھیک ہوں۔۔۔ڈاکٹر کر زحمت نا دو میں بس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام عاطف سے مخاطب ہی تھا کہ کسی نے اسکی بات کو درمیان میں ہی کاٹ دیا تھا۔۔۔۔

زیام فوراً جاؤ اور جا کر پٹی کرواؤ۔۔۔۔!!۔۔۔

زیام جو سر جھکائے دونوں ہاتھ باندھے بیٹھا تھا۔۔۔اس نے اس آواز پر اک دم سے سر اٹھایا۔۔

سب نے زیام کی بات کاٹنے والی شخصیت کو بغور دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

اسکے باپ ہونے کا دعویدار اب معین شامی کے ہمراہ اسکے گھر کے اندر داخل ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔اور یہ دیکھ کر وہ شدید حیرانی کا شکار ہوا تھا۔۔۔

!!!آپ۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔زیام دوبارہ کچھ کہنا چاہ رہا تھا۔۔۔ کہ پھر کسی نے اسکی بات کو کاٹا۔۔۔

!!!زیام صحیح کہہ رہے ہیں سکندر۔۔۔۔ جاؤ جا کر پٹی کرواؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"مجاہد کو سب سے پہلے خود کی مرمت کرنے ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

معین شامی نے بھی اسی ٹون میں اس سے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔زیام کو انکا لہجہ ناراض سا لگا۔۔۔۔۔

جبکہ ان سب کے درمیان ایک صوفے پر گل کے ساتھ بیٹھی نورے اس اندر آنے والی شخصیت کو دیکھتے ہی پہچان گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر یہ بات سچ تھی کہ وہ ان سے بہت سالوں بعد مل رہی تھی۔۔۔۔۔۔

زیام اپنے ہاتھ کھولتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!اسے صرف یہی لائن پر لا سکتے ہیں۔۔

۔۔اسے اپنے پیچھے سے آواز آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

پھر زیام نے گردن گھما کر ایک کاٹ دار نظر اپنے پیچھے صوفے پر بیٹھے عاطف اور عادل پر ڈالی تھی۔۔۔

پھر چلتا ہوا علی کی طرف اس کمرے کی جانب بڑھ گیا۔۔۔۔۔۔

وہ سب اسے جاتا دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!! یہاں بیٹھو سکندر۔۔۔۔

۔۔۔۔ معین شامی نے انہیں صوفے پر جگہ دی تھی۔۔۔۔۔اور خود بھی وہ ایک سنگل صوفے پر بیٹھ گ ئے تھے۔۔۔۔۔۔۔

سکندر کی نظر نورے پر گئی تھی۔۔جو انہیں ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

!ارے بھئی۔۔۔ آپ نے ہماری گڑیا کو بھی اس تنظیم میں شامل کر لیا ہے کیا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔۔سکندر نورے کو مخاطب کر کے مسکرا کر بولے تھے۔۔۔

اسلام علیکم ماموں۔۔!۔۔

۔۔نورے جو انہیں ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔اس نے انہیں سلام کیا تھا۔۔۔۔

تب جا کر وہاں بیٹھے عادل عاطف اور گل کو پتہ لگا۔۔کہ یہ آلف اور نورے کے ماموں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔پھر ان سب بھی مسکرا کر ان سے سلام کیا تھا۔۔۔۔۔

!وعلیکم اسلام بچوں۔۔۔۔۔۔پہلی جیت بہت بہت مبارک ہو۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔انہوں نے ان سب سے خوشگوار لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

انکا چہرہ بڑا تھا۔۔۔۔کانوں کے گرد سفید بال تھے۔۔۔۔۔عمر کے حساب سے کم لگتے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔ناک پر موٹے گلاسس والا چشمہ تھا۔۔۔۔رنگت اور قد کاٹھ میں وہ غور کرنے پر زیام کی طرح ہی تھے۔۔۔۔۔۔

ارے یہ ننھی محترمہ صرف کراچی گھومنے آئی تھیں ہمارے ساتھ۔۔۔۔جبکہ آلف نے انہیں اسکا موقع ہی نہیں !!دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔معین شامی نے نورے کی طرف دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

جو انکی بات پر تھوڑی شرمندہ سی ہوئی تھی۔۔۔۔

!نہیں۔۔نہیں استاد جی۔۔میں نے اپنی نیت درست کر لی تھی پھر۔۔۔تاکہ مجھے بھی آپ سب کے جتنا ہی ثواب ملے۔۔۔۔

۔۔نورے نے معصومیت سے بتایا تھا۔۔

اور اسکی بات پر سکندر سمیت سب مسکرا دیے تھے۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

زیام اپنے سر کی پٹی کروا کر سیدھا اپنے کمرے کی جانب آرام کرنے کے ارادے سے بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

تیزی سے سیڑھیاں پھلانگتا ہوا وہ اپنے کمرے کی جانب بڑھ رہا تھا۔۔۔

اپنی دھن پہ سوار وہ دروازہ کھولتا ہوا لائٹ بھی آن کر چکا تھا۔۔۔۔۔

اچانک ہی تیز روشنی پورے کمرے میں پھیل گئی تھی۔۔

دروازہ بند کرتے ہوئے بھی اسے کسی وجود کے اپنے کمرے میں ہونے کا احساس نہیں ہو پایا تھا۔۔

مگر اسکے پلٹنے پر ہی اسے کسی کی دبی دبی سسکیوں کی آواز سنائی دی۔۔۔

اک پل کو وہ چونک گیا تھا۔۔۔۔۔۔

پھر نظر گھمانے پر اسے اپنے بیڈ پر ٹکا ہوا ایک وجود نظر آیا تھا۔۔۔

وہ اسکی دوسری جانب منہ کیے بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔اور اسے محسوس ہو رہا تھا کہ وہ ہاتھوں کو مسل رہی تھی۔۔۔

!!مائسہ یہ تم ہو۔۔

۔۔اس نے بے یقینی سے پکار کر اپنی نظروں پر یقین کیا تھا۔۔۔۔

پھر اگلے ہی لمحے وہ اسکی طرف چلتا ہوا آیا تھا۔۔۔۔

وہ ایک بڑا سا کمرہ تھا۔۔۔۔۔۔

درمیان میں بیڈ اور آس پاس دو چھوٹی میزیں تھیں۔۔۔۔۔۔۔کمرے میں بڑے بڑے پردے لگے تھے۔۔۔

اور مائسہ اس وقت دائیں جانب والی سائڈ ٹیبل سے تھوڑا فاصلے پر بیٹھی تھی۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

دونوں ہاتھ آپس میں جکڑے ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔دوپٹہ سر پر پھیلا ہوا تھا۔۔۔۔۔

۔بالوں کی لٹیں اس دوپٹے سے جھلک رہی تھیں۔۔۔۔۔

اسنے اسکا چہرہ دیکھنے کی جرت نہیں کی تھی۔۔۔۔وہ بس وہاں آکر اس سے کچھ فاصلے پر کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

!!میں تمہیں کر دونگا خود سے الگ۔۔۔۔!۔۔۔ تمہیں مجھ سے بھیک مانگنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔۔۔۔

۔۔۔زیام نے بھاری سی آواز میں کہا تھا۔۔۔۔لہجہ سپاٹ تھا

سناٹے کی وجہ سے پورے کمرے میں اسکی آواز گونجی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسکے ہاتھوں پر نظریں ٹکایا اسکے جواب کا منتظر تھا۔

جب وہ اک دم سے کھڑی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسکی طرف رخ کر چکی تھی۔۔۔۔۔

جب زیام نے اسکے چہرے کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہاں تو اب کوئی مطالبہ تھا ہی نہیں۔۔۔۔وہ چہرہ تو کچھ مانگنے والا لگ ہی نہیں رہا تھا۔۔۔۔۔۔وہاں تو اسے صدیوں کی تھکن اور بوجھ ہی نظر آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔کسی بڑے سے پہاڑ جیسے فیصلے کا بوجھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکا وہ سیاہ تل بھی اسی کی طرح مرجھایا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔مخملی رنگت پر پانی ہی پانی تھا۔۔۔۔۔۔نظروں نے زمین کا رخ کیا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

زیام نا سمجھی سے اسکے کانپتے ہونٹوں کو بھی دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔اب تو اسکے بولنے پر ہی اسے چین نصیب ہو سکتا تھا۔۔۔

وہ یہ بھی نہیں جانتا تھا کہ وہ یہاں اسکے کمرے میں کیوں آئی ہے۔۔۔نا یہ جانتا تھا کہ اسکا اب کونسا مطالبہ ہے۔۔

ان دونوں کے درمیان دو قدم کا فاصلہ تھا۔۔۔۔۔

وہ آنسوں روکتی ہوئی اسکی طرف دو قدم بڑھا کر اس تک پہنچ گئی تھی۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ خالی آنکھوں میں سوال لیے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

ان دونوں کے کانوں میں شدید خاموشی کے باعث گھڑی کی آواز گونج رہی تھی۔۔۔۔

ٹک,ٹک,ٹک۔۔۔مائسہ کا پتہ نہیں تھا اسے مگر اسے تو یہ آواز کسی آرے کی طرح لگ رہی تھی۔کچھ دیر ایسے ہی خاموشی میں گزرتی تو وہ شاید اس گھڑی کو توڑ ڈالتا۔۔

مائسہ کی نظریں اب بھی زمین کی جانب تھیں۔۔۔دیکھتے ہی دیکھتے وہ زیام کے پاس گر جانے والے انداز میں بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔

زیام نے اچانک سے اسے ایسا کرتا دیکھ کر دونوں ہاتھوں سے اسے تھام لیا تھا۔۔۔

وہ دیکھ رہا تھا کہ اسکے ہاتھ اسکے پیروں پر تھے۔۔۔وہ ایسا کیوں کر رہی تھی۔۔۔کس چیز نے اسے ایسا کرنے پر مجبور کر دیا تھا ۔۔۔وہ کچھ نہیں جان سکا تھا۔

!!مائسہ کیا کر رہی ہو۔۔

۔۔۔میں نے کہا ہے نا تمہیں بھیگ مانگنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔!!!۔۔

۔۔وہ تھوڑے سخت سے لہجے میں بولا تھا۔۔۔۔یا شاید اسے اس طرح جھکتا دیکھ وہ خود ہی سخت ہو گیا تھا۔۔۔

اسکی زلفیں ہوا میں جھول سی گئی تھی۔۔۔مگر وہ سپاٹ تھی۔۔۔

مجھے معاف کر دو۔۔۔۔!!آخر یہ خاموشی کا طویل قصہ تمام ہوا تھا۔۔۔اسکے ہونٹوں کی جنبش نے آخر ایک جملہ زیام کے نام کہہ دیا تھا۔۔

۔میں تمہارے مرتبے سے ناواقف تھی زیام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!...اس نے مزید بھرائی سی آواز میں اپنا جملہ آگے بڑھایا تھا ۔۔۔۔

زیام جو دونوں ہاتھوں اسے تھاما ہوا تھا۔۔۔اب اسے سہارا دے کر اٹھا چکا تھا۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اور وہ اسکے مقابل کھڑی ہو گئی تھی۔۔۔اور اسکے چہرے پر نظر ڈال چکی تھی۔۔۔

یہ کیا کہہ رہی ہو۔۔؟۔۔

۔زیام مکمل نا سمجھی سے بولا تھا۔۔اسکا مرتبہ تھا ہی کیا تھا۔۔۔ایک جسم فروش اور کیا تھا وہ مائسہ کی نظر میں۔۔۔۔

پھر وہ آخر کیا کہہ رہی تھی۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

ایک صحرا جس میں کوئی نہیں تھا۔۔۔نگاہوں کو دور دور تک کوئی بھی دکھائی نہیں دے رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک مٹی کا وجود صحرا کی اس مٹی پر کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اس وجود کے سوا وہاں اور کوئی بھی نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ دیکھ رہی تھی کہ وہ اس صحرا میں تنہا کھڑی ہے۔۔۔۔

وہ مٹی اور اسکی تپش اسکے بدن کو جھلسا جھلسا کر جلا رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔اور وہ چاہ کر بھی کوئی بچاؤ نہیں کر پا رہی۔۔۔۔۔

اسی بے چینی کے عالم میں اس نے آسمان کی جانب نظر کی تھی۔۔۔۔۔۔وہاں بھی سورج کی تیز تپش اسکی آنکھوں کو چبنے لگی تھی۔۔۔۔

۔اس نے بے ساختہ اپنا ہاتھ اپنی آنکھوں پر رکھ لیا تھا۔۔۔۔۔۔ٹانگوں میں کھڑے ہونے کی سکت ختم ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔اسے گلا خشک معلوم ہونے لگا تھا۔۔۔جسم سے قوت جا رہی تھی

۔۔۔۔۔اسی اثناء میں وہ اس گرم دیت پر گر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

دونوں ہاتھ ریت پر پڑے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکا چہرہ زمین کی جانب جھک گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔بال شانوں پر پھیل گئے تھے ۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ شدید بے چینی میں یہ خواب دیکھ رہی تھی۔۔۔یہ وہ وقت تھا جب وہ سب اس معرکہ پر گ مئے ہوئے تھے اور وہ ان سب کے لیے مہوِ دعا تھی ۔۔۔۔۔۔کمرے میں ہلکی لائٹ تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نیند میں اسکی آنکھوں کی پتلیاں ہل رہی تھی ۔۔۔۔مگر وہ اب بھی خواب میں ہی تھی۔۔۔۔۔۔سر بیڈ سے ٹکا ہوا تھا۔۔وہ دوزانوں بیڈ کے سرہانے جانماز پر بیٹھی سو گئی تھی۔۔۔آنکھوں پہ ٹھہرے ہوئے آنسو تھے ۔۔۔۔۔اور سامنے رحل پر قرآنِ کریم بند ہوا رکھا تھا ۔۔۔۔ایک ہاتھ جو بیڈ کے اوپر رکھا تھا اس میں تسبیح تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

نیند میں اسکا چہرہ بے چینی کا شکار تھا۔۔۔۔۔

وہ اس ریت پر گر سی گئی تھی۔۔۔اسکے دونوں ہاتھ بھی جلنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔۔۔۔شدید خوف کا شکار تھا۔۔۔۔۔

اتنے میں ایک سیاہ سانپ اس ریت سے نکل کر اسکے سامنے آگیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ کی اس پر نظر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔دل خوف کا شکار ہوا تھا۔۔۔۔۔۔آنکھیں باہر کو آگئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ سیاہ سانپ اس سے بے حد نزدیک والی زمین سے نکلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اس وقت اپنی زبان نکالا ہوا اسکی جانب ہی گردن کو کھڑا کیۓ ہوئے تھا۔۔۔۔

مائسہ کو اسکے نقصان پہچانے کا یقین ہو گیا۔۔وہ سمجھ گئی تھی کہ وہ اسے مارنے یا زخمی کرنے کے ارادے سے ہے۔۔۔۔۔۔۔جبکہ وہ اس حال میں تھی کہ اسکے ہاتھ زمین میں دھنسنا شروع ہو چکے تھے۔۔۔۔

آنکھوں میں خوف ہی خوف تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اسنے چیخنے کے لیے اپنی آواز نکالنی چاہی تھا۔۔۔۔۔۔۔۔مگر وہ اپنی آواز کھو چکی تھی۔۔۔۔۔اسکے انتہائی زور لگانے پر بھی اسکے حلق سے اتنی سی بھی آواز نہیں نکل رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ شدید بے بسی کا شکار ہو گئی تھی۔۔۔۔

گلا پھاڑ پھاڑ کر چیخنے سے بھی اسکی ایک آواز اسے خود سنائی نا دی تو وہ اس سانپ کو خفت سے دیکھنے لگی۔۔۔۔

جو اسے ڈسنے کے ارادے سے اپنا سر پیچھے کی جانب ہلا رہا تھا۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ تیزی سے اسے ڈسنے کو آگے بڑھا کہ دیکھتے ہی دیکھتے وہ ایک سبز رنگ کا کپڑا بن کر اسکے چہرے سے لگتا ہوا اسکی گود میں آ گرا تھا

۔۔۔۔۔۔

یکایک اسکے ہاتھ اس مٹی سے باہر آگ ئے تھے۔۔۔۔۔جسم میں کچھ دیر پہلے جو جلنے اور تپنے کا احساس اسے تکلیف دے رہا تھا اب وہ سب بدل گیا تھا۔۔۔

ریت ٹھنڈی پڑ گئی تھی۔۔۔۔۔مگر وہ خوف کے باعث اس سبز کپڑے سے اب بھی ڈر رہی تھی جو اسکی جھلی میں پڑا تھا۔۔۔۔

اسنے اسے دور پھینکنے کے لیے اپنے سیدھے ہاتھ میں پکڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔

بس وہی ایک لمحہ تھا۔۔۔۔جس لمحے میں اسے یہ لگا کہ وہ کپڑا ٹھنڈے پانی سے تر ہے۔۔۔وہ اپنے ہاتھ پر وہ ٹھنڈی تری محسوس کر سکتی تھی۔۔۔۔

اک دم وہ جو بیڈ سے سر ٹکائے خواب دیکھ رہی تھی اس نے آنکھیں کھول دی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آس پاس نظریں گھمائی تھیں۔۔۔۔۔۔دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔اسے اپنے تسبیح والے سیدھے ہاتھ میں اس خواب کی طرح بیداری میں بھی تری محسوس ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

مگر اسکا ہاتھ خالی تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اک دم سیدھی ہوئی تھی۔۔۔۔اس خواب کا ایک ایک منظر اسے ایسے یاد تھا گویا اس نے جیتی آنکھ سے دیکھا اور محسوس کیا ہو۔۔۔۔۔۔۔

اسے شدید گرمی کا احساس ہوا تھا۔۔۔ماتھے پر پسینے کی بوندیں منڈلا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

ایک ہاتھ سے اپنا ماتھا صاف کرتی ہوئی وہ اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

بس پھر میں آپکے پاس آ گئی استادِ محترم۔۔۔۔۔۔۔اس نے سارا خواب سنا کر آخر میں کہا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

چہرے پر بے چینی ہی بے چینی تھی۔۔۔۔۔۔زبان پر سوالات کا گھر تھا۔۔۔۔اور وہ انکی طرف سے کچھ سننے کے لیے خاموش تھی ۔۔۔۔

وہ اس وقت انکے کمرے کی دری پر بیٹھی تھی۔۔اور وہ فاصلے پر بیٹھے تھے۔۔۔

اسکا مکمل خواب سن کر وہ مسکرا دیے تھے۔۔۔۔۔مائسہ نے انہیں دیکھ کر نا سمجھی سے اپنی آنکھیں چھوٹی کر لی تھیں۔۔۔

صحیح کہا ہے کسی نے ٹوٹے دل کی صدا عرشِ الٰہی کو ہلا دیتی ہے۔۔۔۔

۔۔انہوں نے اپنے گھٹنے پر ہاتھ رکھ کر دھیمے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

استاد جی میں ناقص عقل ہوں مجھے آپکی باتیں سمجھ نہیں آتی۔۔۔۔۔۔مائسہ نے انکی اس بات کا دھیمی اور بھرائی سی آواز میں جواب دیا تھا۔۔۔۔

تم مجھے بتاؤ بیٹی۔۔۔ماضی حال مستقبل میں سے کیا چیز ہمارے لیے سب سے مقدم ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔

اب وہ مائسہ کے جھکے ہوئے چہرے کی طرف نظر کر کے اس سے سوال کر رہے تھے۔۔۔۔

وہ سیاہ اسکارف لگائے سر جھکائی بیٹھی تھی انکے سوال کے جواب میں اس نے اپنے لب کھولے تھے۔۔۔۔

حال ہی سب سے زیادہ مقدم ہے۔۔۔۔۔مائسہ نے جواب دیا تھا۔۔

بلکل ٹھیک۔۔۔۔اب مجھے بتاؤ۔۔۔۔حال ماضی سے بدل جائے تو مستقبل کا فیصلہ حال دیکھ کر کیا جاتا ہے یا ماضی دیکھ کر ۔۔۔۔۔۔!!!!

وہ ایک الجھا ہوا سوال کر چکے تھے۔۔۔۔

وہ کچھ دیر سوچ میں پڑ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ جواب لینے آئی تھی۔۔۔۔مگر یہاں اسے خود جواب دینے پڑ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

تو کیا ماضی کو ماضی میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔۔۔۔۔حال اور مستقبل سے کاٹ دیا جاتا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟

اس نے نا سمجھی سے سوال کیا تھا۔۔۔

اگر ماضی کی چھاپ حال میں نظر آتی ہو تو ماضی یاد رکھا جاتا ہے۔۔۔۔۔لیکن اگر کسی بندے کو دیکھ کر تمہیں اسکا ماضی اس سے جدا نظر آئے ۔۔۔۔۔تب تم اس پر اسکا تلخ ماضی مسلط کرو تو یہ اس کے ساتھ سنگین جرم ہے۔۔۔۔۔۔

معین شامی نے اسے تفصیل سے بتایا تھا۔۔۔

مجھے سمجھ نہیں آرہا استاد جی۔۔۔۔۔میں تو مطمئن تھی اپنا آبائی گھر چھوڑ کر اسکے ساتھ اتنے بڑے شہر میں اکیلے چلی آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اسے دل سے اپنا مان لیا تھا۔۔۔۔۔اسنے ایک دھوکہ میرے منہ پر مار کر مجھے دربدر کر دیا۔۔۔۔۔اور اب ظلم بھی میں نے کیا ہے اسکے ساتھ۔۔۔۔۔۔میں یہ سمجھ نہیں پا رہی ہوں۔۔۔۔ظالم کے ساتھ مظلوم بھلا ظلم کیسے کر سکتا ہے !!!!!!۔۔۔۔

مائسہ نے بے چینی سے ان سے کہا تھا۔۔۔۔۔ماتھے پر شکنے تھیں۔۔۔۔۔۔ہونٹ خشک تھے۔۔۔۔

معین شامی نے اسکی بات سن کر ایک گہری سانس لی تھی۔۔۔۔

بیٹی تم جانتی ہو۔۔۔۔۔اسے اللہ نے تمہارے وسیلے سے ہدایت دی۔۔۔۔۔

بلکل اسی طرح جس طرح ایک موم بتی کے گرد پروانہ چکر لگاتا ہے۔۔۔۔

موم کو پگلانے کے لیے اس میں آگ لگائی جاتی ہے۔۔۔۔۔۔جو اللہ لگاتا ہے۔۔۔۔۔اور سخت موم پگلنا شروع ہو جاتا ہے ۔۔۔۔۔۔لیکن اس دوران پروانہ جل رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

--

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔۔۔

"اَلسَلامُ عَلَیکُم احباب۔۔۔۔

"ناولز کی دنیا" کے ناولز میں خوش آمدید ۔۔۔۔

ناولز کی دنیا" ویب سائیٹ / گروپ / پیج دے رہا ہے تمام لکھاریوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم جہاں آپ اپنی خدا داد صلاحیتوں کو اپنے قلم سے تحریر کر کے اپنا اور اپنے ملک کا نام روشن کرسکتے ہیں ۔۔۔ اگر آپ کو بھی اللہ کی طرف سے یہ صلاحیت دی گئی ہے تو اسے اجاگر ضرور کریں ۔۔۔ ہمیں آپ جیسے ہی لکھاریوں کی تلاش اور ضرورت ہے ۔۔۔

اگر آپ ہمارے بلاگز پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ہم سے رابطہ کریں ۔۔ اپنی تحریر اردو میں ٹائیپ کر کے ہمیں بھیجیں۔ جتنا جلدی ہوسکا آپکی تحریر پوسٹ ہوجائے گی ۔۔۔

مزید تفصیلات یا کسی بھی طرح کی مدد کے لیئے ہم سے گروپ یا پیج انباکس میں رابطہ کریں یا ای میل پر ہم سے رابطہ کرسکتے ہیں۔۔

Email address :- Novelskiduniya77@gmail.com

Facebook page :- Novels ki duniya

(user name @zoyatalib77) Facebook group :- Novels ki duniya

(پر خیال رہے کہ یہ گروپ زویا طالب کا ہی ہو)

اور باقی کے رابطے کے لیئے ہر پیج کے نیچے

"novels ki duniya "

اور

"website"

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

لکھا ہے ان دونوں کو وزٹ کرنے کے لیئے لکھے ہوئے پر ہی کلک کریں اور اوپن کرلیں ۔۔۔

شکریہ۔۔۔۔۔

زیام موم تھا۔۔اسکے دل کی آگ جو تمہارے الفاظوں سے لگی وہ اس موم کی آگ تھی۔۔۔۔۔۔اور اس سب میں جسکا دل جلا وہ تم تھیں۔۔۔۔۔ایک پروانے کی صورت میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کہہ رہے تھے۔۔اور وہ انکی بات کو ایسے سن رہی تھی جیسے اسکے سر پر کبوتر بیٹھا ہو۔۔۔۔۔۔اک دم ساکت۔۔۔۔۔بے سود ۔۔۔۔۔۔چہرہ سپاٹ تھا۔۔۔جیسے کوئی حقیقت جو بیان کر دی گئی۔۔۔۔۔کوئی راز ہو جو افشاں کر دیا گیا ہو۔۔۔۔۔۔واقع ایک ایک بات سچ تھی۔۔

اب اسکے خشک ہونٹ مزید ایک سوال کے پیشِ نظر ہلے تھے۔۔۔

وہ خواب۔۔آخر اس خواب کا مطلب کیا تھا۔۔؟؟؟؟۔۔۔۔۔۔وہ سانپ مجھے کیوں نقصان پہچانا چاہتا تھا۔۔۔اور وہ صحرا اور وہ شدید پیاس۔۔۔۔۔۔۔جسکے بدولت حلق میں کانٹے چبھتے محسوس ہوئے ۔۔۔۔۔اور وہ سبز کپڑا ۔۔۔۔۔جسنے میرے ہاتھ کو تر کر ڈالا۔۔۔۔۔وہ سانپ اچانک کپڑے میں کیسے تبدیل ہو گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟

وہ ایک ساتھ دل اور ذہن میں آتے سارے سوالات کر چکی تھی۔۔۔۔

معین شامی نے ایک گہری سانس لی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

تو پھر سنو۔۔۔۔۔۔۔۔میں بتاتا ہوں تمہارے اس خواب کی تعبیر۔۔۔۔۔۔اب میری بات کو بہت غور سے سننا۔۔۔۔۔

!!!!تمہارے ہاتھ جو اس مٹی میں دھنس گئے تھے جانتی ہو یہ کس چیز کی علامت تھی۔۔۔

وہ اسکی جانب دیکھ کر اس سے پوچھ رہے تھے۔۔۔۔۔پھر خود ہی انہوں نے جواب دیا۔۔۔

!!!یہ زیام سے تمہاری محبت کی علامت ہے۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مائسہ نے انکی بات پر اپنا سر اٹھایا تھا۔۔۔۔۔

اب یہ نا کہنا کہ تمہیں اس سے محبت نہیں۔۔۔۔۔۔۔اس خواب نے تمہارے دل کو کھول کر رکھ دیا ہے بیٹی۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے اسکے ہر راستے کو بند کر دیا تھا۔۔اور مائسہ نے خاموشی کی زبان میں اقرار کر لیا تھا۔۔۔۔۔

وہ سانپ۔۔۔۔جو تمہیں نقصان پہچانا چاہتا تھا۔۔۔۔۔ مگر وہ ایسا کر نہیں سکا۔۔۔۔وہ زیام کا وہ روپ تھا جس نے تمہیں نقصان پہچانا چاہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر اس معاملے میں وہ بھی بڑا بے بس ثابت ہوا۔۔۔۔

!!تم نے بتایا کہ سانپ ہل رہا تھا۔۔۔۔۔۔اور اس نے ٹھہر کر تم پر حملہ کرنا چاہا۔۔۔

مائسہ نے ہاں میں گردن ہلائی تھی۔۔۔۔

بیٹی سانپ کبھی بھی اپنے شکار پر وقت ضایع نہیں کرتا۔۔۔۔۔۔وہ ایک سیکنڈ میں وار کر کے شکار کو کھا جاتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر وہ سانپ ایسا نہیں کر سکا۔۔۔۔۔ کیونکہ وہ بھی بے بس تھا۔۔۔۔

مائسہ ششدر سی انکی بتائی ہوئی باتوں کو سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔وقت ٹھہر گیا تھا۔۔۔اسے اپنی ہی زبان گنگ ہوتی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔

!!!!وہ تمہاری طرف بڑھا۔۔تو تم نے بتایا وہ ایک سبز کپڑے میں تبدیل ہوا۔۔۔

انہوں نے اس سے سوال کیا تھا۔۔

مائسہ نے پھر حیران چہرے کو ہاں میں ہلایا تھا۔۔۔۔۔وہ دل میں سوچ رہی تھی کہ اب کیا انکشاف تھا جو اس پر ہونے والا تھا۔۔۔

وہ سبز کپڑا زیام کی نیکیاں تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ وہ سبز کپڑا سر تا پیر خود زیام تھا۔۔۔۔۔۔جسے رب نے !!!خود تمہاری جھولی میں ڈالا۔۔۔۔۔۔

انکی بات پر وہ جیسے اپنے آپے میں کہیں کھو سی گئی تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!! یہ خواب دراصل زیام کے لیے ایک خوش خبری ہے۔۔۔لیکن اسے تمہیں دکھایا گیا بیٹی مائسہ زیام کو

سبز رنگ خواب میں نظر آجانا ہمیشہ نیکیوں کی علامت ہوتا ہے۔۔۔جانتی ہو اسکا مطلب کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔!!!۔وہ اک پل کو ٹھہر گئے تھے۔۔۔

اس مالکِ کل کائنات نے زیام کی نیکیوں کو قبول کر لیا ہے۔۔۔۔۔۔۔اس رب نے زیام فارس کو قبول کر لیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔مائسہ بیٹی تمہیں میری آواز آرہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔تمہارے زیام کو تمہارے رب نے تم سے پہلے قبول کر لیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

معین شامی نے جملہ تین دفعہ دہرایا تھا۔۔۔وہ چاہ رہے تھے کہ مائسہ سنے۔۔۔اور اسے دل پر نقش بھی کر لے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ششدر سی انکے الفاظوں کو سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔اسکی آنکھوں کے سامنے زیام کا چہرہ چھا سا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسے یاد تھا جب اسنے علیحدگی کی بات کی تھی۔۔۔۔تو وہ کیسے زمین کی جانب دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔کس ضبط سے اسنے ہونٹوں کو بھینچ لیا تھا۔۔۔۔۔۔اسے سب کچھ یاد آرہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور تکلیف بھی دے رہا تھا۔۔۔

!!!!اب بتاؤ وہ دری کیا تھی جو تمہیں اس کپڑے کو چھو کر محسوس ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ مزید کہنے لگے تھے۔۔۔

وہ زیام کا ضبط تھا۔۔۔۔۔۔اسکے آنسو تھے۔۔۔۔۔جو اسنے رب کی بارگاہ میں بہائے ۔۔۔۔کچھ تمہارے غم میں بہائے !!!۔۔۔۔۔رب نے سب قبول کیا ۔۔۔۔۔بے شک وہ آنکھ سے نکلے ایک آنسو کو نہیں بھولتا۔۔۔۔۔۔۔

وہ ٹھہرے تھے۔۔۔۔لیکن آج وہ فیصلہ کر چکے تھے کہ مائسہ کو اسکی غلطی درست کروا کر رہیں گے۔۔۔۔۔

وہ تپش کیا تھی!!۔۔۔وہ تم پر ہونے والا عطاب تھا مائسہ۔۔۔۔وہ تم پر اللہ کی پڑنے والی معمولی سی ڈانٹ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔جسے خواب میں دکھایا گیا نا کہ اصل زندگی میں

!!!جانتی ہو۔۔وہ فوراً عزاب نہیں دیتا۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

انکے ہاتھ کی شہادت کی انگلی اٹھی تھی۔۔۔

۔وہ اک دم سے بندے کو گناہ گار نہیں لکھ دیتا۔۔۔پہلے ڈانٹ لگاتا ہے۔۔۔۔۔جانتی ہو اسکی ڈانٹ کیا ہوتی ہے۔۔۔ بلکل ایسے جیسے ایک ماں اپنے بچے کو ڈانٹتی ہے۔۔۔۔اور اس بچے کے ہی فائدے کے لیے ہی ڈانٹتی ہے۔۔۔۔

آگر کوئی جان بوجھ کر نماز نا پڑھے اور وقت گزار دے اور وہ اسے اگلی نماز کی توفیق بھی نہیں دیتا۔۔۔۔۔یہ اس رب کی ڈانٹ ہوتی ہے۔۔۔۔وہ اس کے ذریعے پیغام دے کر کہتا ہے کہ خود کو درست کر لو۔۔۔ابھی وقت ہے۔۔۔

یہی معاملہ ہوا ہے تمہارے ساتھ۔۔۔۔۔۔اب بھی اگر تم اپنی بات پر قائم رہیں اور زیام سے الگ ہونا چاہا۔۔تو پھر زیام جیسی نعمت تم سے چھن جائے گی مائسہ ۔۔۔۔۔۔۔۔اور تم چاہ کر بھی اسے حاصل نہیں کر پاؤ گی۔۔۔۔پھر اسے تمہارے نصیب سے ہٹا کر کسی اور کا نصیب لکھ دیا جائے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔تب ہاتھ ملنے کے سوا کچھ نہیں بچے گا میری بچی ۔۔۔۔۔اب جاؤ اور اسکی سلامتی کی دعا کرو ۔۔۔۔اچھی بیویاں اپنے شوہروں کی دعاؤں سے حفاظت کرتی ہیں ۔۔۔۔۔

معین شامی کے الفاظ سننے تھے کہ وہ وہاں سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

وہ اسکے دل کے انگاروں کو اس وقت مکمل بھڑکا چکے تھے۔۔۔۔۔وہ اب سب سمجھ چکی تھی۔۔

۔۔مگر اب جب وہ سمجھ چکی تھی۔۔۔تو اسکی تمنا تھی کہ اب اسکے لیے زمین پھٹ جائے ۔۔۔اور وہ اس میں دھنس جائے ۔۔۔۔کیونکہ زیام کا سامنا کرنا تو بہت مشکل ہو گیا تھا۔۔۔۔۔سامنا تو دور اسکا تو اب اپنے کمرے میں جانا بھی دشوار تھا۔۔۔اب وہ وہاں جانا چاہتی تھی جہاں اسے منزل کے کر جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️

وہ ششدر سی کھڑی زیام کو خواب سے لے کر اسکے قدموں میں آگرنے تک کی ساری داستان سنا چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اپنی طرح اب زیام کو بھی ششدر کر چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ آنکھیں پھاڑے کچھ دیر پہلے اسکے سنائے گئے خواب اور اسکی تعبیر کا سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک جسم فروش آج کیا بن گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔کہ اسکے لیے مائسہ کو خواب دکھا دیا گیا ۔۔۔۔بتا دیا گیا کہ زیام ہی ہے اسکا نصیب ۔۔۔۔۔حالانکہ اسے یاد پڑتا تھا کہ اسنے کبھی مائسہ کو خود کے لیے نہیں مانگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے معاف کر دو۔۔۔۔۔۔وہ اسکے کھوئے کھوئے چہرے کو دیکھ کر بولی تھی ۔۔۔۔۔۔۔

اور وہ اسکی آواز پر جیسے ہوش میں واپس آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اب بھی وہ مائسہ کو دونوں ہاتھوں سے پکڑا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔اور وہ اسکی طرف نظر کر کے معافی مانگ رہی تھی۔۔۔

مخملی رنگت پر پانی کا ایک جشمہ سا بہہ نکلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نم تو اسکی اپنی آنکھیں بھی ہو گئی تھیں۔۔۔۔۔اسنے ایک ہاتھ کے انگوٹھے سے مائسہ کے دونوں آنسوؤں کو صاف کر دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسی کی جانب دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اسکی سانس رونے کی وجہ سے بھاری ہو گئی تھی۔۔۔۔۔

کب وہ دونوں رک گئے ۔۔۔اور کب نورے معین شامی اور وہ سب لوگ لاہور کے لیے نکل گئے اس بات سے شاید ہی اب زیام کو کوئی پروہ تھی۔۔۔۔۔

وہ بس مائسہ کے ساتھ ایک دن کراچی میں اور رک گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیاہ سفید کا منظر اس رات کو ایک بہترین نکھار بخش رہا تھا۔۔۔۔۔چاند کی بادلوں میں چھپتی چاندنی کالی رات پر اُوس کی طرح پڑ رہی تھی۔۔۔

کہنے کو یہ ایک عام رات تھی مگر یہ کسی جادوئی رات سے کم نا تھی۔۔یہ کسی کے لیے صبح کی اجلی کرن ثابت ہوئی تھی۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ہجر کی گزری تمام راتوں پر یہ وصل کی ایک رات ہی قیامت بن کر ٹوٹ پڑتی تھی۔

کہا جا سکتا تھا کہ سمندر میں ڈوبتے ڈوبتے دو سنہری موتی پار لگ گئے تھے ۔۔۔۔۔

وہ اس وقت اس گھر کی بڑی سی چھت پر موجود تھی۔۔۔۔۔۔۔اپنا ہلکا پنک کلر کا جوڑا پہنے جسکا دوپٹہ اسکے گلے میں پھیلا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔وہاں سیڑھیوں سے گزر کر عقبی طرف سے ایک بڑا سا کمرہ آتا تھا۔۔۔جسکی دو انچ کی منڈیر کے بعد چھت شروع ہو جاتی تھی۔۔۔۔

وہ اسی منڈیر پر ٹکی ساکت بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔دونوں ہاتھوں کو آپس میں ملائے اپنے گھٹنے پر رکھے ۔۔۔۔۔۔اسکی نظروں کا رخ چاند کی طرف تھا۔۔۔

اس سے تھوڑا پیچھے پردے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ہوا کی وجہ سے مہوِر قص تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکے دائیں اور بائیں جانب قطار سے پھول پودے گملوں سمیت رکھے تھے۔۔۔۔۔۔

چاند کی چاندنی ان پتوں کو مزید چمکا رہی تھی۔۔۔۔فضا میں اس وقت ایک ٹھنڈک اور سکون کا سماں تھا۔۔۔۔۔۔بلکل ویسا ہی ایک سکون اس وقت اس کے دل میں اتر آیا تھا۔۔۔۔

اسکے لمبے بال کھلے ہوئے اسکی کمر اور کندھے پر پردوں کی طرح جھول رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ان پر بھی چاند کا عکس پڑ رہا تھا۔

چھوٹی چھوٹی بے سکون لٹیں چہرے پر پڑ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

وہ آنکھیں جو اپنا حسن کھو چکی تھیں۔۔۔۔آج پھر چھک اٹھی تھیں۔۔۔۔

آج کوئی ان کا جل لگی آنکھوں میں دیکھتا تو جل جاتا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکے لبوں میں نا جانے کس خیال سے مسکراہٹ سی پھیل گئی تھی۔۔۔۔ہونٹ آپس میں ملے ملے پھیل گ ئے تھے ۔۔۔

شاید وہ محسوس کر چکی تھی۔۔۔۔کہ کوئی نیچے سے اوپر آ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہ آہستہ آہستہ چلتا ہوا اس تک پہنچ رہا تھا۔۔۔۔۔اس وقت وہ اپنی مخصوص سی بلیک پینٹ اور سفید شرٹ میں ملبوس تھا۔۔۔۔آستینوں کو بھی اب پتا چل گیا تھا کہ کہنیوں سے نیچے نہیں آنا۔۔۔وہ اتنی ہی رہتی تھیں۔۔۔

منڈیر تک پہنچنے پر اسکے چہرے اور داڑھی پر بھی جان کا عکس پھیل گیا۔۔۔۔

وہ اب اسی کی طرح ٹِک کر ساکت اسکے برابر میں آ بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔

اسکی گہری نظریں سامنے کی جانب مرکوز تھیں۔۔۔۔۔۔۔اور وہ بھی اس وقت اپنی دائیں جانب دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

اس آنے والے کو اس رات میں آج کے دن ہونے والا سب سے عجیب اور حیرت انگیز واقعہ یاد آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ خیالوں میں اسے یاد کرنے لگا تھا۔۔۔۔

!!!کیا سوچ رہے ہیں۔۔۔۔۔۔

اس نے اپنا رخ پودوں کی جانب سے موڑ کر اب وہاں بیٹھے زیام کی جانب کر کے آہستہ سے پوچھا۔۔۔۔۔

زیام زمین کی جانب دیکھتے دیکھتے اسکے اس سوال پر مسکرا دیا تھا۔۔۔۔۔

پھر اسنے اپنی آنکھوں سے اسکے مخملی چہرے کو دیکھا تھا۔۔۔۔

وہ اسکی سیاہ داڑھی کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔اسکے ایسے دیکھنے پر زیام کو وہ خواب یاد آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور اسکی مسکراہٹ جو ختم ہونے والی تھی وہ مزید گہری ہو گئی تھی۔۔۔۔

!!!!یہ سیاہ داڑھی واقع آپکے چہرے پر بے حد حسین لگتی ہے۔۔۔۔۔۔یہ آپکے بالوں سے بھی زیادہ سیاہ ہے۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام کے لیے اسکا یہ کہنا ہی بے حد خوشی کا باعث تھا۔۔۔۔۔۔

جبکہ مائسہ ہاتھ بڑھا کر اسکی سیاہ داڑھی کی نوکوں کو چھو بھی رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اور وہ ششدر سا اسے دیکھنے لگا تھا۔۔۔۔ ہوا کا ایک تیز جھونکا کہیں سے چلتا ہوا اس طرف کو آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اب اپنے ہاتھ پر ہاتھ رکھے سامنے دیکھنے لگی تھی۔۔۔۔۔

جب کچھ دیکھ کر اسے یاد آیا کہ ایک خواہش تو اسے بھی تھی۔۔۔۔ وہ بھی نا جانے کتنے عرصے سے۔۔۔۔۔۔

پھر وہ اس خواہش کو پورا کرنے کی غرض سے اپنا ہاتھ اسکی بائیں آنکھ کے تل پر پھیرنے لگا تھا۔۔۔

!!!!یہ تل کتنا عجیب ہے نا۔۔۔۔

اسنے دھیمے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

کیسے۔۔۔!!!۔۔

مائسہ نے سوال کیا تھا۔۔۔

جب تم ہنستی ہو تو یہ بھی ہنس دیتا ہے۔۔۔۔ جب تم روتی ہو تو یہ بھی رو دیتا ہے۔۔۔۔۔ تمہاری بائیں آنکھ کے بلکل برابر میں ہے ۔۔۔۔ مگر پھر بھی جب تم روتی ہو تو یہ بھی تمہارے آنسوؤں میں بھیگ جاتا ہے۔۔۔۔۔۔۔

اس نے اس تل پر ہاتھ پھیر کر تمام تر وجوہات بتائی تھیں۔۔۔

بس۔۔۔؟؟۔۔

مائسہ نے سوالیہ انداز میں کہا تھا۔۔۔۔۔ جیسے کہنا چاہ رہی ہو کہ اور بھی کچھ ہے۔۔

!!!نہیں۔۔ ایک اور بات۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ مزید بولا تھا۔۔۔

یہ تل مجھے ہمیشہ چیخ چیخ کر بتاتا ہے کہ مائسہ میری ہے۔۔۔۔۔۔

ابکی بار وہ مسکرا کر بولا تھا۔۔۔۔

!!!جب سے میں نے زیام کو زیم سے الگ کیا ہے نا۔۔۔تب سے میرا بچتاوہ مزید بڑھ گیا ہے۔۔۔۔۔۔

مائسہ نے اسے بجھے بجھے سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!اور تم جب سے میری زندگی میں آئی ہو میری خوش نصیبی مزید بڑھ گئی ہے۔۔۔۔۔۔

!!مائسہ تم پہلا معجزہ ہو میری زندگی کا۔۔۔تمہارے ملنے سے میری زندگی کا ہر غم چھوٹا پڑ گیا ہے۔۔۔۔

زیام نے دھیمے لہجے میں اسکے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔۔۔

پھر اب یہ بتاؤ۔۔۔بیوی کو شوہر کی خوشی میں خوش ہونا چاہیے یا اداس۔۔۔؟؟؟۔۔

اب وہ پیچھے ہٹ کر بلند آواز سے بولا تھا۔۔۔

!!!میں خوش ہوں۔۔۔۔۔

اسکی بات پر اس نے بھی اسے یقین دلایا تھا۔۔۔۔۔

دونوں اس حسین رات کے اندر ڈوب سے گئے تھے۔۔۔انجانے میں ہی صحیح ان دونوں نے ہجر کاٹا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔چاند نے بھی انکے ان مسکراتے چہروں کو دیکھ اپنا عکس گہرا کر دیا تھا۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

وہ اس وقت کراچی کے ایک ہاسپٹل میں موجود تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور آپریشن تھرئیٹر کے باہر ہی کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

کبھی دیوار سے لگ کر کھڑے ہو جاتے تھے۔۔۔اور کبھی چلنے لگتے تھے۔۔۔۔۔۔

زینت کو لاتے ہوئے انہوں نے اسکی سانس کو محسوس کیا تھا۔۔۔۔۔وہ بہت دھیمی سانس لے رہی تھی ۔۔۔۔۔

چہرہ نقاہت زدہ تھا۔۔۔وہ ویسی تو بلکل بھی نہیں رہی تھی جیسا وہ اسے چھوڑ کر گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

یوں تو وہ کبھی ان دونوں سے بے خبر نہیں رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔لیکن کبھی چاہ کر بھی شانو سے انکا حال احوال پوچھتے ہوئے یہ نہیں کہہ سکے تھے کہ میری زینت سے بات کروا دو۔۔۔۔۔۔۔۔بلکہ وہ ہمیشہ شانو سے ہونے والی زینت کی باتوں کو اس سے ریکارڈ کر وا لیتے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر شانو کے بھیجنے پر وہ اسکی آواز کو سن لیا کرتے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر چند دنوں سے انکی مصروفیات نے یہ سلسلہ بھی روک دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔پھر اک دم شانو کے میسج نے انہیں ہلا کر رکھ دیا تھا۔۔۔۔۔جب انہیں رابعہ اور زینت کے خطرے میں ہونے کا پتہ ملا تھا۔۔۔۔۔۔اک پل میں وہ لاہور کی فلائٹ کروا کر دوڑے چلے آئے تھے ۔۔۔۔۔۔

اور اب وہ اپنی تمام تر جرأت اور بہادری کو ختم ہوتا محسوس کر رہے تھے۔۔۔۔

کیونکہ انکی زینت اتنی تکالیف اٹھانے کے باوجود آج پھر ایک بڑے امتحان میں تھی۔۔۔۔۔

وہ سانسوں کو قائم رکھنے کا امتحان تھا۔۔جس میں اللہ کی مرضی کے بغیر کوئی کامیاب نہیں ہو سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انہیں اوپریشن تھرئیٹر کی لائٹ آف ہوتی دکھائی دی تھی۔۔۔۔۔۔۔پھر وہاں کا دروازہ کھلا تھا۔۔۔۔

Is every thing ok doctor ??

انہوں نے ڈاکٹر کو دیکھتے ہی فکر سے سوال کر دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

!!!انہیں ہوش آ گیا ہے لیکن جسمانی کمزوری بہت ہے۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ڈاکٹر کی بات پر انہیں ایک سکون میسر آیا تھا۔۔

۔۔یہ کچھ ٹیسٹ لکھ دیے ہیں یہ لازمی کروالیں۔۔۔فلحال گلوکوز کی ڈرپ لگا دی گئی ہے۔۔۔۔۔انہیں جلد ہی روم میں شفٹ کر دیا کائے گا ۔۔۔۔

انہوں نے ڈاکٹر کے ہاتھ سے وہ سلپ لے لی تھی۔۔۔۔اور اب انکا رخ اندر کی جانب تھا۔۔۔۔۔

انہوں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ وہ اتنے عرصے کے طویل انتظار کے بعد جب اپنی زینت سے ملیں گے تو وہ اس حال میں ہو گی

۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے انتہائی کمزوری میں اس طرح ہاسپٹل کے بیڈ پر لیٹے دیکھنا ہی تکلیف دہ تھا۔۔۔۔

وہ بیڈ کی طرف بڑھ گ ئے تھے ۔۔۔۔نظریں اس پر لیٹے وجود پر تھیں ۔

کیا زندگی گزاری تھی ان دونوں نے یہ صرف وہ ہی جانتے تھے۔۔۔۔پاس ہو کر بھی پاس نا ہونا۔۔چاہ کر بھی ایک دوسرے کے ساتھ نا ہونا یہ کسی عزاب سے کم نہیں تھا۔۔۔

۔زینت کی آنکھیں مکمل طور پر بند تھیں۔۔۔شاید وہ جانتی تھیں کہ انکا سکندر انکے پاس ہے۔۔یا شاید وہ آنکھیں طویل انتظار پر مزید انتظار کی وجہ سے بند تھیں۔۔۔۔

وہ کرسی کھینچ کر اسکے برابر میں بیٹھ گ ئے تھے۔۔۔۔۔

اگر ہاتھوں اور چہرے کی جھائیوں کو الگ کر دیا جائے ۔۔۔تو آج بھی وہ اتنی ہی پر کشش تھی جتنی برسوں پہلے سکندر کو لگتی تھی ۔۔۔۔

!!!زینت۔۔۔

انہوں نے اسکے بالوں پر ہاتھ پھیر کر اسے اٹھایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!!دیکھو تمہارا انتظار ختم ہو گیا ہے۔۔۔۔۔۔

وہ دھیمے لہجے میں بولے تھے۔۔۔۔

!!!میرا انتظار موت ہے۔۔

اسکی طرف سے جواب آیا تھا۔۔ آواز میں لڑکھڑاہٹ تھی۔۔۔ آنکھیں بند تھیں۔۔

۔اب میں کسی سکندر کا انتظار نہیں کرتی۔۔۔۔۔۔بس موت ہی میرا انتظار ہے۔۔۔بلکہ اب تو وہ انتظار بھی طویل ہو گیا ہے۔۔۔۔۔

زینت کا جملہ سکندر کے دل کو چیرتا ہوا گزر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ سمجھ رہے تھے وہ اسے دیکھ کر اسی طرح چہک جائے گی جیسے پہلے کرتی تھی۔۔۔لیکن وہ تو اس سے شدید خفا تھی۔۔۔۔

!!! میں دشمن کی گولی سے تو بچ جاتا ہوں لیکن تمہارے لفظوں کے تیر مجھے مار ڈالتے ہیں۔۔۔

۔۔خدا گواہ ہے میں نے تمہارے اور اپنے فرض کے سوا کسی کی پروہ نہیں کی۔۔۔۔۔

خدا گواہ ہے سکندر صاحب کے آپ نے اپنے فرض کے سوا کسی کی پروہ نہیں کی۔۔۔۔نا زینت کی اور نا اپنی بیٹی کی۔۔۔۔۔

زینت کی طرف سے دوبارہ جواب آیا تھا۔۔۔اور اب بھی آنکھیں بند تھیں۔۔۔

!!!بدگمانیاں رشتوں کو کھوکلہ کر دیتی ہیں زینت۔۔۔۔۔

سکندر نے مزید کہا تھا۔۔ آواز میں بے چارگی تھی۔۔۔ نظریں زینت کے ڈرپ لگے ہاتھ پر تھیں۔۔

میرا آپ سے حسنِ ظن وقت کے ساتھ ساتھ دم توڑ چکا ہے اب صرف وسوسے بچے ہیں۔۔

زینت کی آواز میں مضبوطی تھی۔۔۔

!!!ایسا نا ہو کہ تم اپنے کہے پر پچتاؤ۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سکندر نے مزید کہا تھا۔۔

وہ اس وقت کراچی کے ایک ہاسپٹل میں موجود تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور آپریشن تھریٹر کے باہر ہی کھڑے تھے۔۔۔۔۔

کبھی دیوار سے لگ کر کھڑے ہو جاتے تھے۔۔۔اور کبھی چلنے لگتے تھے۔۔۔۔۔۔

زینت کو لاتے ہوئے انہوں نے اسکی سانس کو محسوس کیا تھا۔۔۔وہ بہت دھیمی سانس لے رہی تھی ۔۔۔۔

چہرہ نقاہت زدہ تھا۔۔وہ ویسی تو بلکل بھی نہیں رہی تھی جیساوہ اسے چھوڑ کر گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔

یوں تو وہ کبھی ان دونوں سے بے خبر نہیں رہے تھے۔۔۔۔۔۔ لیکن کبھی چاہ کر بھی شانو سے انکا حال احوال پوچھتے ہوئے یہ نہیں کہہ سکے تھے کہ میری زینت سے بات کروا دو۔۔۔۔۔۔بلکہ وہ ہمیشہ شانو سے ہونے والی زینت کی باتوں کو اس سے ریکارڈ کروا لیتے تھے۔۔۔۔۔۔۔

پھر شانو کے بھیجنے پر وہ اسکی آواز کو سن لیا کرتے تھے۔۔۔۔۔۔۔

مگر چند دنوں سے انکی مصروفیات نے یہ سلسلہ بھی روک دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔پھر اک دم شانو کے میسج نے انہیں ہلا کر رکھ دیا تھا۔۔۔۔۔جب انہیں رابعہ اور زینت کے خطرے میں ہونے کا پتہ ملا تھا۔۔۔۔۔اک پل میں وہ لاہور کی فلائٹ کروا کر دوڑے چلے آئے تھے ۔۔۔۔۔

اور اب وہ اپنی تمام تر جرأت اور بہادری کو ختم ہوتا محسوس کر رہے تھے۔۔۔۔

کیونکہ انکی زینت اتنی تکالیف اٹھانے کے باوجود آج پھر ایک بڑے امتحان میں تھی ۔۔۔۔

وہ سانسوں کو قائم رکھنے کا امتحان تھا۔۔جس میں اللہ کی مرضی کے بغیر کوئی کامیاب نہیں ہو سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

انہیں آپریشن تھریٹر کی لائٹ آف ہوتی دکھائی دی تھی ۔۔۔۔۔۔پھر وہاں کا دروازہ کھلا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

Is every thing ok doctor ??

انہوں نے ڈاکٹر کو دیکھتے ہی فکر سے سوال کر دیا تھا۔۔۔۔۔۔

!!!انہیں ہوش آ گیا ہے لیکن جسمانی کمزوری بہت ہے۔۔۔۔

ڈاکٹر کی بات پر انہیں ایک سکون میسر آیا تھا۔۔

۔۔یہ کچھ ٹیسٹ لکھ دیے ہیں یہ لازمی کروالیں۔۔۔فلحال گلوکوس کی ڈرپ لگادی گئی ہے۔۔۔۔۔انہیں جلد ہی روم میں شفٹ کر دیا جائے گا ۔۔۔۔

انہوں نے ڈاکٹر کے ہاتھ سے وہ سلپ لے لی تھی۔۔۔۔اور اب انکا رخ اندر کی جانب تھا۔۔۔۔۔

انہوں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ وہ اتنے عرصے کے طویل انتظار کے بعد جب اپنی زینت سے ملیں گے تو وہ اس حال میں ہو گی

۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے انتہائی کمزوری میں اس طرح ہاسپٹل کے بیڈ پر لیٹے دیکھنا ہی تکلیف دہ تھا۔۔۔۔

وہ بیڈ کی طرف بڑھ گ ئے تھے ۔۔۔۔ نظریں اس پر لیٹے وجود پر تھیں ۔

کیا زندگی گزاری تھی ان دونوں نے یہ صرف وہ ہی جانتے تھے۔۔۔۔پاس ہو کر بھی پاس نا ہونا۔۔چاہ کر بھی ایک دوسرے کے ساتھ نا ہونا یہ کسی عزاب سے کم نہیں تھا۔۔۔

۔زینت کی آنکھیں مکمل طور پر بند تھیں۔۔۔شاید وہ جانتی تھیں کہ انکا سکندر انکے پاس ہے۔۔یا شاید وہ آنکھیں طویل انتظار پر مزید انتظار کی وجہ سے بند تھیں۔۔۔۔

وہ کرسی کھینچ کر اسکے برابر میں بیٹھ گ ئے تھے۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اگر ہاتھوں اور چہرے کی چھائیوں کو الگ کر دیا جائے ۔۔۔تو آج بھی وہ اتنی ہی پر کشش تھی جتنی برسوں پہلے سکندر کو لگتی تھی

۔۔۔۔

!!!زینت۔۔۔

انہوں نے اسکے بالوں پر ہاتھ پھیر کر اسے اٹھایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

!!!دیکھو تمہارا انتظار ختم ہو گیا ہے۔۔۔۔۔۔

وہ دھیمے لہجے میں بولے تھے۔۔۔۔

!!!میرا انتظار موت ہے۔۔

اسکی طرف سے جواب آیا تھا۔۔آواز میں لڑکھڑاہٹ تھی۔۔۔آنکھیں بند تھیں۔۔

۔اب میں کسی سکندر کا انتظار نہیں کرتی۔۔۔۔۔۔بس موت ہی میرا انتظار ہے۔۔۔بلکہ اب تو وہ انتظار بھی طویل ہو گیا ہے۔۔۔۔۔

زینت کا جملہ سکندر کے دل کو چیرتا ہوا گزر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ سمجھ رہے تھے وہ اسے دیکھ کر اسی طرح چہک جائے گی جیسے پہلے کرتی تھی۔۔۔لیکن وہ تو اس سے شدید خفا تھی ۔۔۔۔

!!! میں دشمن کی گولی سے تو بچ جاتا ہوں لیکن تمہارے لفظوں کے تیر مجھے مار ڈالتے ہیں۔۔۔

۔۔خدا گواہ ہے میں نے تمہارے اور اپنے فرض کے سوا کسی کی پروہ نہیں کی۔۔۔۔۔

خدا گواہ ہے سکندر صاحب کے آپ نے اپنے فرض کے سوا کسی کی پروہ نہیں کی۔۔۔۔نا زینت کی اور نا اپنی بیٹی کی۔۔۔۔۔

زینت کی طرف سے دوبارہ جواب آیا تھا۔۔۔اور اب بھی آنکھیں بند تھیں۔۔۔

!!!بدگمانیاں رشتوں کو کھوکلہ کر دیتی ہیں زینت۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سکندر نے مزید کہا تھا۔۔ آواز میں بے چارگی تھی۔۔۔ نظریں زینت کے ڈرپ لگے ہاتھ پر گئی تھیں۔۔

میرا آپ سے حسنِ ظن وقت کے ساتھ ساتھ دم توڑ چکا ہے اب صرف وسوسے بچیں ہیں۔۔

زینت کی آواز میں مضبوطی تھی۔۔۔

!!!ایسا نا ہو کہ تم اپنے کہے پر پچتاؤ۔۔۔

سکندر نے مزید کہا تھا۔۔

وہ اسکے چہرے کو دیکھنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔ جہاں نقاہت ہی نقاہت تھی۔۔۔

!!!رابعہ۔۔

انہوں نے اک دم سے اپنی آنکھیں کھول دی تھیں۔۔۔۔۔۔

۔میری رابعہ کہاں ہیں۔۔۔۔۔؟؟۔۔اب وہ سکندر پر نظر ڈال چکی تھیں۔۔

سکندر نے اسکی جانب دیکھا تھا۔۔۔۔

وہ ٹھیک ہے۔۔اپنے شوہر کے ساتھ ہے محفوظ ہے۔۔۔۔وہ اسے لے کر آرہا ہے تمہارے پاس۔۔۔۔

!!۔۔۔بس میں اس سے ملنے کو ترس رہا ہوں۔۔۔۔

انہوں نے اس پر نظریں مرکوز کر دی تھیں۔۔

وہ جو بے چین ہوئی تھی پل میں پر سکون ہو گئی تھیں۔۔۔۔۔۔

!!تمہیں یاد ہے زینت۔۔۔

اب انہوں نے اسکے ہاتھ کو اپنے دونوں ہاتھوں میں لے کر کہا تھا۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اسے سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔ہاتھ کو پیچھے کرنا چاہا تھا۔۔۔لیکن یہ ممکن نہیں تھا۔۔۔۔

یہی وہ ہاسپٹل تھا جہاں ہمیں دو بچوں کی خوش خبری ملی تھی۔۔۔۔۔۔۔ہم دونوں اتنے خوش تھے کہ ایک دوسرے سے بھی بیان نہیں کر سکے تھے۔۔۔

زینت کو بھی وہ لمحہ یاد آیا تھا۔۔۔۔۔۔مگر اسکا چہرہ سپاٹ تھا۔۔۔

!!وہ خوشی بھی میری زندگی کی طرح ادھوری رہ گئی تھی۔۔۔۔۔۔!!تم سے جڑی ہر خوشی ادھوری ہی نصیب ہوئی ہے۔۔

زینت نے سرد آہ بھر کر کہا تھا۔۔۔۔

انکی آنکھوں کے سامنے ایک منظر گھوم گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جب ایسے ہی ایک بیڈ پر لیٹے انہوں نے درد سے اپنی آنکھیں کھول دی تھیں۔۔۔۔۔

پیٹ پر لگے ٹانکوں کا درد بہت شدید تھا۔۔۔۔۔۔۔لیکن اس وقت انہیں اپنی ننھی جانوں کا خیال آیا تھا۔۔۔۔

کمرے میں ضروری کام کرتی نرس اسے ہوش میں آتا دیکھ کر اسکی طرف بڑھی تھی۔۔۔

!!!نرس۔۔

زینت نے دھیمی آواز میں پکارہ تھا۔۔۔

مبارک ہو آپ کی بیٹی ہوئی ہے۔۔۔۔۔نرس نے اسے خوشی کے تاثرات کے ساتھ بتایا تھا۔۔۔

زینت کے چہرے پت مسرت کے آثار نمایاں ہوئے تھے ۔۔۔۔۔

مگر پھر وہ خوشی مانند پڑ گئی تھی۔۔۔۔اسے دوسری جان کا خیال آیا تھا۔۔۔

اور؟۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس نے نرس سے سوالیہ کہا تھا۔۔۔

وہ نرس کو خاموش کھڑا دیکھ رہی تھی۔۔۔

دوسرا بیٹا تھا۔۔ مگر اسکی سانسیں محدود تھیں۔۔۔۔۔۔۔ اسنے پیدا ہوتے ہی دم توڑ دیا۔۔۔۔۔۔

نرس نے تو روزمرہ کی خبر کی طرح اسے بتا دیا۔۔ مگر اسے لگا تھا کہ کسی نے اسکے دل کو مڑوڑ دیا ہو۔۔۔۔

نہیں ایسا نہیں ہو سکتا۔۔۔۔۔ میں نے خود دو بچوں کی آوازیں سنی تھیں۔۔۔۔۔۔۔

!!!ایک باریک تھی ایک موٹی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ نہیں ہو سکتا۔۔۔۔۔۔

زینت بے بسی سے رو دی تھی۔۔۔۔

اسکی حالت دیکھ کر نرس باہر آئی تھی۔۔۔۔

تب اسکی نظروں نے اسکے ساتھ موجود اسکے شوہر کو تلاش کیا تھا۔۔۔۔

وہ اسے اس کی جانب آتے نظر آگ ئے تھے۔۔

!!سر۔۔ آپ انہیں سنبھالیں۔۔۔۔ میں بچی کو لے کر آتی ہوں۔۔۔۔۔

سکندر گردن ہلا کر اندر کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔

نرس کہتے کے ساتھ ہی دوسری طرف کو چلی گئی تھی۔۔

اندر اسکی نورِ نظر آنسو بہا رہی تھی۔۔۔۔

!!یاد ہے تم کیسے مجھے چپ کروا رہے تھے۔۔۔۔۔ اور میرے دل کو چین نہیں آ رہا تھا۔۔۔۔

زینت خیالوں کی دنیا سے واپس آئی تھی۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔پھر ننھی سی رابعہ جب میری گود میں آئی تو اس نے میرے دل کو تھوڑا سکون بخشا۔۔۔اسکی وجہ سے میں بیٹے کی جدائی کا غم !!!بھول گئی۔۔۔ورنہ اسی وقت مر جاتی میں۔۔۔۔۔۔۔

سکندر نے دنیا جہان کی ہمت اس ایک سچ سے پردہ اٹھانے کے لیے جمع کی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بات کے آغاز سے پہلے انہوں نے ایک گہری سانس لی تھی۔۔۔۔

!! وہ خوشی ادھوری نہیں تھی زینت

!!!!۔۔۔وہ ایک مکمل خوشی تھی۔۔۔۔

انہوں نے دھیمے لہجے میں کہا تھا۔

جس پر وہ ناسمجھی سے اسے دیکھنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

سکندر اسے دیکھنے کی ہمت نہیں کر رہے تھے۔۔۔۔وہ زمین کو دیکھ رہے تھے۔۔

زینت جانتی تھی وہ کب زمین کو دیکھتے تھے۔۔۔۔جب کسی چیز کا اعتراف کرنا ہو یا جب کوئی انکشاف کرنا ہو۔۔۔۔اسکا دل بے چینی سے دھڑک اٹھا تھا۔

ہمارا بیٹا اب بھی زندہ ہے۔۔۔۔!!!۔

سکندر نے وہ راز آخر اپنے سینے سے زینت تک منتقل کر دیا تھا۔۔۔۔۔جسکے بارے میں اسکے اور ایک نرس کے علاوہ کسی کو علم نہیں تھا۔۔۔۔۔۔عمر بھر وہ راز اسکے سینے میں دفن رہا تھا۔۔۔۔

زینت کے کانوں نے اس تک یہ بات پہنچا دی تھی۔۔

زینت کو سمجھ نہیں آ رہا تھا۔۔اسکی بات پر یقین کرے یا اسے پاگل قرار دے دے۔۔۔۔۔یا پھر یقین کر کے اٹھ کر اسکا گریبان پکڑ لے۔۔۔۔۔وہ اب بھی بے یقینی سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!!کیا کہا ہے ابھی دوبارہ کہنا۔۔۔

ہمارا بیٹا میرا اور تمہارا بیٹا۔۔۔۔۔وہ ابھی بھی زندہ ہے۔۔۔۔اپنی عمر جی رہا ہے۔۔۔۔زندگی میں آگے بڑھ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔!!!!

سکندر کی بات پر اسے اب بھی یقین نہیں ہو رہا تھا۔۔۔۔

وہ ڈرپ کی پروہ کیے بغیر اٹھ بیٹھی تھیں۔۔۔دونوں ہاتھوں سے سکندر کا ایک ہاتھ پکڑ لیا تھا۔۔۔۔

!!!جو تم نے ابھی کہا وہ سچ ہے۔

اب وہ نم آنکھیں لیے بھرائی سی آواز میں ان سے سوال کر رہی تھیں۔۔۔

کچھ پلوں کا سارا غصہ ہوا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔اب صرف بے چارگی رہ گئی تھی

وہ پہلے ہی سے جانتے تھے کہ ایک ماں کو اٹھائیس سال بعد اسکے بیٹے کے زندہ ہونے کی خبر دینا کہاں آسان تھا۔۔۔۔۔اور اس ماں کا کیا حال ہو رہا تھا۔۔وہ چاہ کر بھی اندازہ نہیں کر سکتے تھے۔۔۔۔

!!!بتائیں سکندر۔۔۔۔کچھ تو کہیں میں مر جاؤنگی۔

زینت کو لگ رہا تھا وہ آج بھی اسی جگہ آ پہنچی ہے جب اسکے ننھے سے بچے کی موت کی خبر اسے سنائی دی تھی۔۔۔۔تب بھی اسکے دل نے اسے گواہی دی تھی کہ یہ جھوٹ ہے۔۔۔لیکن وہ اس سوچ کو ایک ماں کی تڑپ سمجھ کر ٹھکرا چکی تھی۔۔۔۔

آج وہ تڑپ پھر جاگ گئی تھی۔۔۔۔۔

ہاں یہ سچ ہے۔۔۔۔!!!۔۔۔

سکندر نے اسکے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لے اسے مطمئن کرنا چاہا تھا۔۔۔۔اسے پر سکون کرنا چاہا تھا۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

مگر وہ ایک ماں کے دل کی آگ تھی۔۔۔جو کہیں دل میں مایوسی کی نیند سو گئی چکی تھی۔۔۔۔۔۔مگر اب وہ تڑپ جاگ گئی تھی

۔۔۔۔۔۔

ان دونوں کے درمیان خاموشی آئی تھی۔۔۔۔۔

سکندر کے ہاتھ سے اسکا ہاتھ چھوٹنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زینت ہوش سے بے گانہ ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔اسکی آنکھیں بند ہو رہی تھی۔۔۔

سکندر نے اسے سنبھال کر واپس سے اسکی جگہ پر لٹا دیا تھا۔۔۔۔اور اسکے ماتھے پر سے بالوں کو ہٹا کر اسکا ماتھا سہلایا تھا۔۔۔۔

وہ جانتے تھے کہ وہ اس وقت سب سے زیادہ تکلیف میں تھی۔۔لیکن اک امید انکے دل کے کسی کونے میں اب بھی زندہ تھی کہ اک دن وہ سب کچھ ٹھیک کر دیں گے۔۔۔۔۔

وہ بے ہوش ہو گئی تھی۔۔۔اور اک طرح سے اچھا ہی تھا۔۔۔۔ہوش سے بے گانہ ہو جانا ہوش میں برداشت کرنے والی تکلیف سے ہزار گناہ بہتر تھا۔۔۔

انکے روم کا دروازہ اچانک سے کھلا تھا۔۔۔۔۔۔

سکندر نے پیچھے ہٹ کر اس جانب دیکھا تھا۔۔۔۔۔

وہاں سے آلف اندر داخل ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔اسنے سکندر کو دیکھ کر نظریں جھکالی تھیں۔۔۔۔۔۔ایک نظر وہ زینت پر بھی ڈال چکا تھا۔۔۔

اب طبیعت کیسی ہے انکی۔۔۔۔۔؟؟۔۔۔

آلف نے آگے آکر زینت کی جانب دیکھ کر پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ جانتا تھا اس وقت سکندر کے چہرے پر کیا سوالات تھے۔۔اسی لیے وہ انکی طرف نہیں دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!!رابعہ کہاں ہے۔۔۔۔

جب سکندر کی آنکھوں نے کہیں بھی اپنی بیٹی کو اسکے ساتھ نہیں دیکھا تو بے تابی سے پوچھا تھا۔۔۔

!!! وہ باہر ہے ماموں۔۔۔۔۔

آلف نے انہیں بتایا تھا۔۔۔۔اسنے لاکھ کہا تھا رابعہ کو کہ اندر چلے۔لیکن وہ نہیں آئی اور باہر رک گئی تھی۔۔۔۔

سکندر نے اک لمحہ بھی نا لگایا تھا۔۔۔۔روم کے دروازے کی طرف بڑھنے میں۔۔۔۔۔

وہ تیزی سے باہر کی جانب بڑھے تھے۔۔۔۔

رابعہ باہر ہی کھڑی تھی۔۔۔۔جب اسے ایک شخص روم سے نکلتا ہوا دکھائی دیا تھا۔۔۔۔

رابعہ انہیں دیکھ کر ٹھہر گئی تھی۔۔۔۔۔اسکی دماغی کمزوری اپنی جگہ لیکن وہ چہرہ دیکھ کر اسے بچپن کے کئی دھندلے مناظر یاد آئے تھے۔۔۔۔۔

اسے اپنے پیروں پر کھڑا کرنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رابعہ کا خوشی سے قہقہہ لگانا۔۔۔۔

اسے اپنی توتلی سی زبان میں پاپا بولنا بھی اچانک سے یاد آیا تھا۔۔۔۔

اپنی پینٹنگ جس میں وہ دنیا جہاں کے نقشے بنا دیتی تھی۔۔۔۔۔۔اور وہ اس پر شاباشی کے طور پر ہمیشہ اسکے گال پر ایک اسٹار بنا دیتے تھے۔۔۔۔۔۔اور وہ پورے گھر میں ناچتی پھرتی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ انکا گھوڑا بننا اور اسے اپنی پیٹ پر سوار کر لینا۔۔سب کچھ اسے ایسے یاد آیا تھا۔۔۔۔۔جیسے اکثر ادھورے خواب یاد رہ جاتے ہیں

۔۔۔۔۔۔۔۔

سکندر اسے دیکھ کر ٹھہر سے گئے تھے۔۔۔۔۔۔اگرچہ وہ بڑی ہو گئی تھی۔۔۔۔مگر سکندر کے لیے اب بھی وہ چھوٹی سی رابعہ تھی۔۔۔۔جسے نو سال کی عمر میں وہ زینت کے دروازے پر چھوڑ کر چلے گئے تھے ۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!!پاپا۔۔۔۔۔۔

اس نے آنکھوں میں بے انتہا پیار لیے پکارہ تھا۔۔۔۔۔۔

اور سکندر تو پھر سے کئی سال پہلے پہنچ گ ئے تھے۔۔۔۔جب چھوٹی سی رابعہ سارے گھر میں انہیں پاپا , پاپا کہتی دوڑتی پھرتی تھی ۔۔۔۔۔

انہوں نے اسکے سر پر ہاتھ پھیرا تھا۔۔۔۔

بے شک وہ مضبوط آدمی تھے۔۔۔۔لیکن ایک فیملی کا اتنی صدیوں بعد ملنا انہیں کمزور کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ننھی سی رابعہ ان کے لیے تو آج بھی اتنی ہی تھی۔۔۔۔۔۔چھوٹی سی معصوم سی۔۔۔۔اور تھوڑی بے وقوف سی۔۔۔۔۔

رابعہ تو کب سے باپ کی محبت کو ترس رہی تھی۔۔۔۔۔اس نے آگے بڑھ کر فوراً انہیں گلے لگا لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔سکندر بھی اپنی پھول جیسی بیٹی کے گلے لگ گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔

آلف کمرے سے باہر کی جانب آیا تھا۔۔۔۔

ماموں۔۔۔وہ۔۔!!!۔۔۔

وہ ٹھہرا تھا۔۔۔۔لہجے میں پریشانی تھی۔۔۔

سکندر اور رابعہ دونوں کو اندر موجود زینت کا خیال آیا تھا۔۔۔۔۔۔

!!!کیا ہوا ہے۔۔!!!!۔۔امی ٹھیک ہیں۔۔

رابعہ نے پریشان کن لہجے میں سوال کیا تھا۔۔۔۔

انکی سانس اکھڑ رہی تھی۔۔۔۔۔۔آلف تیزی سے بتاتا ہوا ڈاکٹر کو لینے بھاگا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جبکہ رابعہ شدید خوف سے وہیں جم گئی تھی۔۔۔۔۔۔

کہیں ایسا نا ہو کہ اسکی خوشی ادھوری رہ جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسنے دل میں ایک برے سے خیال کو جگہ دی تھی۔۔۔۔۔۔پھر سر جھٹک دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

دیکھیں۔۔۔اندر پیشنٹ بے حد کمزور ہیں۔۔۔۔ جسم میں خون کی کمی ہے۔ہمارے ہاسپٹل میں صرف بی پوزیٹو اور بی نیگیٹِو بلڈ گروپ مل سکتے ہیں۔۔۔۔۔

۔۔اوپوزیٹو بلڈ گروپ کے بلڈ کا انتظام جلد از جلد کرلیں۔۔۔۔۔۔

ڈاکٹر تو بتا کر چلے گ ئے تھے۔۔۔۔

مگر سکندر اور رابعہ نے ایک دوسرے کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!! میرا بلڈ گروپ اوپو سیٹو ہے۔

۔۔۔۔۔رابعہ نے سکندر کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔

سکندر نے اسکی بات پر چونک کر اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہیں اس وقت زیام شدت سے یاد آرہا تھا۔۔۔۔۔۔کیونکہ ایک رابعہ اور دوسرا زیام کا ہی بلڈ زینت سے میچ کرتا تھا۔۔۔

!!!نرس۔۔۔۔

آلف نے زینت کے کمرے سے نکلتی ہوئی نرس کو مخاطب کیا

!! آپ انکی ہیلتھ چیک کرلیں۔۔۔۔۔ ہمیں انکے بلڈ کی ضرورت ہے۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

۔۔ آلف نے رابعہ کی جانب دیکھ کر نرس کو بتایا تھا۔۔۔۔۔

رابعہ آلف پر ایک نظر ڈال کر نرس کے ساتھ چلی گئی تھی۔۔۔۔

ماسکو کو ملا کر دیگر مسلم ممالک۔۔شام,ایراق,افغانستان,ترکی۔۔۔اور اسی طرح کے بہت سے ممالک میں ان یہودیوں سازشیں پھیل گئی ہیں۔۔۔۔

دس سال کی محنت کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اس لڑائی میں میری نہیں بلکہ کئی نسلوں کی محنت اور قربانی چاہیے ہو نگی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جانتے ہو آلف اس وقت مجھے زینت کی بھی اتنی پرواہ نہیں جتنی مسلمانوں کی خستہ حالت کی ہے۔۔۔۔۔۔۔اتنے سالوں دربدر پھرنے کے بعد مجھے اندازہ ہو گیا ہے کہ مسلمان کہاں جا رہے ہیں۔۔۔۔۔

!!!جانتے ہو وہ کہاں جا رہے ہیں۔۔۔

انہوں نے اس سے سوال کیا تھا۔۔۔۔لہجے میں بے چارگی تھی۔۔۔

وہ الٹی طرف جا رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔وہ صراطِ مستقیم پر الٹا چل رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔اور اس طرح انکی منزل کیا ہے یہ کسی کو بتانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔۔۔۔

پچھلے سال اسرائیل نے اندرونی سازشوں کے تحت قادیانیوں کی چھے مسجدیں اپنے اور دیگر ممالک میں قائم کروائیں۔۔۔۔

چاہو تو گوگل پر سرچ کر لو۔۔۔۔۔۔۔لیکن وہاں وجہ نہیں ملے گی۔۔۔۔کیونکہ گوگل بھی غیر مسلموں کے ہاتھوں میں ہے

۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وجہ یہ ہے۔۔۔تاکہ قادیانیوں کا مذہب پھیلے۔۔۔اور اس سے صاف ظاہر ہے کہ قادیانی بھی کہیں نا کہیں اسرائیلیوں کو پھیلانے کی کوششوں میں لگے ہیں۔۔۔۔۔۔یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنی ساتوں نسلیں صرف مسلمانوں کو بگاڑنے، انہیں تباہ کرنے میں لگادیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے ایک سانس لی تھی۔۔۔۔

اس اسٹار روکر کی بات کرو تو گلوبل ڈیٹا کے مطابق اب تک اس ایپ کے آٹھ سو ملین سے زیادہ چاہنے والے اس دنیا میں موجود ہیں اور صرف پاکستان کی بات کی جائے تو اب تک 20 ملین لوگوں نے اسے اسٹال کیا اور یہ تعداد مزید بڑھ رہی ہے۔۔۔جن میں 70 فیصد صرف نوجوان اور بچے ہیں۔۔۔۔دنیا بھر میں واٹس ایپ اور فیسبک کے بعد یہ سب سے زیادہ استعمال کیا جانے والا ایپ ثابت ہوا ہے۔۔۔جسے انٹرنیٹ کے ڈیٹا کے مطابق لوگ چوبیس گھنٹوں میں بیس بیس گھنٹے تک استعمال کر رہے ہیں۔۔۔اور یہ ایک تباہ کن بات ہے۔

ہمارا دشمن صرف ڈیلسن نہیں ہے۔۔۔۔۔یہ تو وہ نام ہے جو منظرِ عام پر آگیا ہے۔۔۔۔اصل تو وہ ہیں جو اندرونی سازشوں میں ملے ہوئے ہیں ۔۔۔۔۔۔انکا نام تک کوئی نہیں جانتا ۔۔۔۔۔آگے ہمیں ان سے مقابلہ کرنا ہو گا ۔۔۔۔۔۔اپنی نسلوں کو ان سازشوں کو بے نقاب کرنے کے لیے تیار کرنا ہو گا ۔۔۔!!

ماموں آپ کو کیا معلومات ملی ہے۔۔۔!!!

آلف نے ان سے پوچھا تھا۔۔۔لہجہ شدید بے چین تھا۔۔۔

OOOOOOO

کراچی سے یہاں آنے کے بعد اندرونی زراؤں سے یہ پتہ چلا کہ ڈیلسن بھی اس وقت یہاں موجود ہے۔۔۔۔۔۔۔

میرے دو آدمی اسکے ساتھ اسکی سازشوں کا حصہ بنے ہوئے تھے ۔۔۔انکی معلومات سے مجھے جلد ہی یہ پتہ چل گیا تھا۔۔۔کہ ڈیلسن کی ایک فائل ہے ۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکی بیش قیمتی فائل۔۔۔جسکا اسکے سب سے خاص بندے کاملین کو بھی علم نہیں۔۔۔۔۔

اسے اسکا آبائی ورثہ سمجھ لو۔۔۔۔۔۔لیکن اس میں وہ ہر اس سازش کو لکھ دیتا ہے۔۔جو وہ کرنے والا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن اسے نکالنا آسان نہیں۔۔۔۔۔۔۔

جب تم اور رابعہ ماسکو میں تھے۔۔۔۔۔۔۔تب سے میں اس فائل کے پیچھے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہاں تک کہ اس ڈیلسن کو یہ علم ہو گیا کہ ایک ایجنٹ اسکی اس فائل کے پیچھے ہے۔۔۔۔

اسنے میری انفارمیشن نکلوائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ کام اسکے لیے اتنا آسان اس لیے ہے کیونکہ کاملین ایک ہیکر ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور

!!!اب تک ڈیلسن کے پاس اسکے زندہ رہنے کا بھی یہی مقصد اور مطلب ہے۔۔۔۔ورنہ وہ اسے کب کا مار چکا ہوتا۔۔۔۔

انہوں نے سانس لی تھی۔۔۔۔۔

آلف انہیں بغور سن رہا تھا۔۔۔۔وہ لوگ اس وقت وہاں کے ریسٹنگ روم میں سے ایک روم میں موجود تھے۔۔۔۔۔۔۔جہاں زینت بے ہوش تھی۔۔۔۔۔اور ٹھیک ان دونوں کے پیچھے لیٹی ہوئی تھی۔۔۔۔

کچھ ٹھہرنے کے بعد انہوں نے پھر سے کہنا شروع کیا تھا۔۔۔۔۔

اس رات ماسکو میں جو رابعہ پر حملہ ہوا۔۔۔۔۔۔۔اسے کاملین نے کروایا تھا۔۔۔۔۔وہ رابعہ کو مار ڈالنا چاہتے تھے۔۔۔تاکہ مجھے ڈیلسن کے پیچھے آنے سے روک سکیں۔۔۔۔۔۔

لیکن خدا کی قسم اگر رابعہ کو کچھ ہو بھی جاتا تب بھی میں اس کا پیچھا نہیں چھوڑتا۔۔۔۔۔کیونکہ یہ سوال مسلمانوں کی بقاء کا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔

اس سے ٹھیک ایک مہینے بعد میں نے اپنا ایک ماسک تیار کروایا۔۔۔۔وہ کاملین کے ہو بہو چہرے والا ماسک تھا۔۔۔۔۔۔۔۔میں جانتا تھا ڈیلسن کی ہائی سیکیورٹی اس ماسک کو زیادہ دیر چلنے نہیں دے گی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

لیکن میرا کام بس اس فائل کی جگہ پتا لگانا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کام کے لیے اسپیشل آرڈر پر میں نے ایک کیمرہ بنوالا۔۔۔۔۔۔۔

وہ کیمرہ دنیا کے حیران کن کیمرے میں شمار ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔جو دو دن کے اندر اندر اپنا کام کر دکھا کر ہوا کے دباؤ سے خود ہی غائب ہونے والا ایک کیمرہ ہے۔۔۔۔

مجھے بس اسے ڈیلسن کے روم میں لگانا تھا۔۔۔۔۔۔۔

جس دن میں نے تمہیں اپنی وہ بیش قیمتی فائل دکھائی تھی۔۔۔۔۔اور تمہیں رابعہ کو لے کر یہاں سے جانے کا کہا تھا۔۔۔۔۔یہ وہی دن تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ایک خطرے کا دن۔۔۔۔۔میں یہ بھی نہیں جانتا تھا کہ پھر اپنی بیٹی یا زینت سے مل پاؤنگا کہ نہیں۔۔۔۔۔۔

۔۔

لیکن پھر آپ نے ڈیلسن کے ٹھکانے کا پتہ کیسے کیا۔۔۔۔؟؟؟

آلف نے ذہن میں اٹھنے والے سوالوں کا بتایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!تمہارے ذریعے سے۔۔۔

انہوں نے اسے بتایا تھا۔۔۔۔۔

اور وہ شدید حیران ہوا۔۔۔۔۔

!!!میرے ذریعے۔۔۔

اس نے دوبارہ سوال کیا۔۔

ہاں۔۔۔!!!۔۔جب ان لوگوں نے تمہیں وہ ایسڈ کی بوتل پلائی تھی۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!بس میں اس ایسڈ کے ذریعے اس کے ٹھکانے پر پہنچ گیا۔۔۔۔۔۔

اس جگہ پر دوبارہ جانے پر مجھے اس بوتل کے ٹکڑے وہاں پڑے نظر آئے ۔۔۔۔۔۔۔۔ان ٹکڑوں کو لیبارٹری بھجوایا تو پتہ چلا وہ کسی سے آرڈر پر بنوائی گئی تھی ۔۔۔۔۔اور اس پر پانی کی نمی کے ٹریسز پائے گ ئے ہیں ۔۔۔۔۔

اب یہاں یہ میری خوش نصیبی سمجھ لو یا ڈیلسن کی بد قسمتی۔۔۔۔۔۔۔

کہ ڈیلسن کے آرام کرنے کے بہت سے ٹھکانوں میں ایک ٹھکانا پانی کے اندر بنے ہوٹل بھی ہیں۔۔۔۔۔

تھوڑا گوگل ریسرچ کے بعد اسکے اگلے کانسلٹ کا پتہ چلا۔۔۔جو کہ دبئی میں ہو رہا تھا۔۔۔۔۔

دبئی میں ایک ہی انڈر واٹر ہوٹل ہے جو ڈیلسن کی شان کے لائق تھا۔۔۔۔

وہ اٹلانٹس ہے۔۔۔۔بغیر کسی شک کے مجھے یقین ہو گیا تھا کہ وہ اٹلانٹس میں ہی ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہاں اسکا کانسلٹ پر جانا اور میرا اسکے ہوٹل کے روم میں کاملین کی شکل میں جانا بے حد آسان ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن جلد ہی راز کھل بھی جاتا۔۔۔۔اس لیے میں وہاں سے جلد از جلد نکلنے کی کوشش میں تھا۔۔۔۔

!! پھر

انکے ٹھہرنے پر آلف نے دوبارہ کہا تھا۔۔۔ گویا اسے انکا ٹھہرنا برا لگ رہا تھا۔۔

!!!لیکن وہاں مجھے ایک بے حد عجیب بات پتہ چلی۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کہتے کہتے رک گ ئے تھے ۔۔۔۔

!!یہی نا کہ وہ مائسہ ابراہیم کے پیچھے بھی ہے۔۔۔

آلف نے ان پر انکشاف کیا تھا۔۔۔۔اور انہوں نے اس پر اعتراف کرنے والے انداز میں اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!!! تم کیسے جانتے ہو یہ سب

انہوں نے حیرانی سے آلف کی جانب دیکھ کر پوچھا تھا۔۔۔۔۔

اتنے میں دروازہ کھول کر نرس داخل ہوئی تھی۔۔۔

!!!مس رابعہ اتنا خون نہیں دے سکتیں جتنا مریضہ کو ضرورت ہے۔۔۔۔۔

نرس کی بات پر دونوں نے پریشانی سے ایک دوسرے کو دیکھا تھا۔۔

ہمیں کہیں اور سے بھی انتظام کرنا ہو گا۔۔۔۔۔۔ آپ لوگ بھی کوشش کریں۔۔۔ہاسپٹل بھی بلڈ سینٹر سے معلوم کروا رہا ہے

۔۔۔۔۔۔

وہ بتا کر چلی گئی تھی۔۔۔۔۔

اب۔۔!!!۔۔

آلف نے سوال کیا تھا۔۔۔

زیام کہاں پہنچا ہے۔۔۔پتہ کرو۔۔۔۔۔۔۔؟؟۔۔

سکندر نے زیام کا نام لیا تھا۔۔۔۔جبکہ اسکی بات پر آلف نے چونک کر انہیں دیکھا تھا۔۔۔

زیام۔۔؟؟؟۔۔

اس نے سوالیہ کہا۔۔۔۔اسے لگا اسنے غلط سنا ہے۔۔

!!!!ہاں ہاں زیام سکندر۔۔۔۔!!!۔۔۔میرا اور زینت کا بیٹا جو اس وقت زندگی اور موت کی کشمکش میں ہے۔۔۔۔

انکی بات پر آلف کا اتنا شدید ردِ عمل نہیں تھا۔۔۔جتنا رابعہ کا تھا۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جو دروازہ کھولنے سے پہلے ہی انکے الفاظ سن چکی تھی۔۔۔۔اور اسکے قدم وہیں رک گ ئے تھے ۔۔۔

!!ماموں۔۔۔!!!۔۔۔اسکا مطلب ہے وہ زینت آنٹی کے ٹوِنز والی بات سچ تھی۔۔۔۔

آلف نے حیرانی سے پوچھا تھا۔۔۔کیونکہ زینت سمیت سب لوگ اس اہم راز سے ناواقف تھے۔۔۔۔۔یہاں تک کہ آلف بھی

۔۔۔

آلف خدا کا واسطہ اب تم مجھ سے سوال کرنا شروع مت ہو جانا۔۔۔۔۔۔ویسے ہی ابھی مجھے رابعہ اور زینت کو اس بات کا یقین دلانا

!!!ہے۔۔۔۔۔

!!!اور ایک طرف وہ زیام ہے۔۔۔جو سیدھی بات ماننے کو تیار نہیں ہے۔۔۔۔

انہوں نے شدید جھنجلاہٹ سے سر کو جھٹک کر کہا تھا۔۔۔۔۔

اوہ۔۔۔ تبھی میں کہوں مجھے زیام میں سکندر ماموں کی جھلکیاں کیوں نظر آتی ہیں۔۔۔۔۔!!!۔۔

آلف نے تو بات منہ سے نکال دی تھی۔۔۔۔۔مگر سکندر نے اسے ایسے گھورا تھا جیسے کوئی بھی چیز اٹھا کر اسکے منہ پر دے ماریں گے

۔۔۔۔۔۔۔

پھر دروازہ کھلنے پر ان دونوں کی نظر رابعہ پر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔چہرہ ہی بتا رہا تھا کہ وہ سب کچھ سن چکی ہے۔۔۔۔۔۔

!!!!اب باقی آپ اکیلے سنبھالیں۔۔۔۔۔

میٹھا سا جملہ ادا کر کے وہ اٹھ کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔جبکہ وہ اسے شاید ہی سن رہے تھے۔۔۔۔

ہونقوں کی طرح کھڑی وہ ان دونوں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

آلف ان دونوں کو ایسے ہی چھوڑ کر زیام کو فون کرنے باہر کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ہیلو زیام۔۔۔۔؟؟؟۔

دو بیلوں پر فون اٹھالیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔تب جا کر آلف نے سوال کیا تھا۔۔

کہاں ہو تم۔۔۔۔؟؟؟۔۔۔

!!!مائسہ کے ساتھ اپنے گھر پہنچ گیا ہوں۔۔۔۔۔

مقابل سے آواز آئی تھی۔۔۔۔

!!اب تم فوراً ہاسپٹل پہنچو۔۔۔۔۔۔میں تمہیں پتہ سینڈ کر رہا ہوں۔۔۔۔دو منٹ میں پہنچو۔

آلف نے اسے جلدی پہنچنے کا کہہ دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور ساتھ وہ ایڈریس بھی سینڈ کر چکا تھا۔۔۔۔

اب بس اسکے آنے کا انتظار تھا۔۔

!!!اب دیکھتے ہیں اندر کیا ہو رہا ہے۔۔۔۔

اس نے زبان سے بڑبڑا کر اندر روم کا راستہ لیا تھا۔۔۔۔

!!!کچھ نا بولیے گا۔۔۔۔۔

اس نے سکندر کو کچھ بھی کہنے سے پہلے ہی روک دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور وہ بھی رک گ ئے تھے ۔۔۔۔

!!!مجھے ہر چیز کی وجہ جاننی ہے۔۔۔

اس نے دھیمے سے لہجے میں انکو مخاطب کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہ جان لو کہ میری زندگی کا مقصد شادی کرنا نہیں تھا۔۔۔۔۔۔لیکن محبت کا دل میں آجانا یہ اللہ کی طرف سے ہوتا ہے ۔۔۔۔۔مجھے خود اس بات کا علم نہیں تھا کہ زینت کو دیکھ کر مجھے بے تحاشہ محبت کیسے ہو گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ پیاری غصہ بھی کرتی تھی تو مجھے خوشی ہوتی تھی۔۔۔۔۔۔لیکن پھر وہی وجہ بیچ میں آگئی جس وجہ سے میں شادی نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔

میرا فرض۔۔۔۔۔۔میرا بحیثیتِ مسلمان ایک فرض۔۔۔۔۔جسکی وجہ سے میں نے اپنی فیملی کو بھی اذیتوں سے دوچار رکھا۔۔۔۔

!!رابعہ انہیں بغور سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اگر اس وقت میں زینت کی دو لڑکیاں ہوتیں تو مجھے خطرہ محسوس نا ہوتا۔۔۔۔۔کیونکہ تارا بیگم جیسی عورت تو اس سے مزید خوش ہی ہوتی۔۔۔۔

لیکن زینت کا خوش قسمتی سے ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہوئی۔۔۔۔۔۔۔

نام تو میں پہلے ہی تمہارا اور تمہارے بھائی کے سوچ چکا تھا۔۔۔۔رابعہ اور زیام۔۔۔۔۔

لیکن میں واقف تھا اس بات سے۔۔۔۔کہ میری نسل کو تارا بیگم سے خطرہ ہے۔۔۔۔۔اور اس حال میں زیادہ خطرہ تھا جب میں وہاں موجود نہیں تھا۔۔۔۔۔

اگر میں ایک دن کے زیام کو اٹھا کر دار لعلوم میں نا چھوڑ آتا۔۔۔۔تو آج وہ زندہ نا ہوتا۔۔۔۔۔۔تارا بیگم کی کوٹھی پر مردوں کا کوئی کام نہیں تھا۔۔۔۔بلکہ وہ تو مردوں کو اپنی پاؤں کی بیڑیاں سمجھتی تھی۔۔۔۔۔۔اسکی سانسیں بند کرنے میں وہ چند سیکنڈ بھی نا لگاتی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!بس۔۔

یہی وجہ تھی کہ میں نے ایک ماں سے اسکے بچے کو الگ کر دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔مگر جیسے میں تم دونوں سے واقف تھا۔۔ویسے ہی میں زیام سے واقف تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

پھر ایک دن مجھے خبر ملی کہ وہ ہاسٹل سے اپنے ایک دوست حیدر کے ساتھ بھاگ گیا ہے۔۔۔۔۔۔

اس وقت سے میری جان سولی پر اٹک گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔لیکن معین شامی کے آفس میں اک دن میں نے زیام کو دیکھا

۔۔۔۔۔۔۔

اس وقت میری خوشی کا کوئی ٹھکانا ہی نہیں تھا۔۔۔وہ بلکل سیدھی راہ پر اسی جگہ کھڑا تھا جہاں میں اسے کھڑا دیکھنا چاہتا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ خاموش ہو گئے تھے ۔۔۔۔۔۔

جبکہ رابعہ ششدر سی حیران حیران انکے سامنے بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اسنے سکندر کو ایک نظر دیکھا تھا۔۔۔۔۔

وہ خود غرض تو کبھی بھی نہیں تھے۔۔۔۔۔۔ہمیشہ ہی انہوں نے دوسروں کا خود سے بڑھ کر سوچا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ ایسے تھے جو

لاکھوں میں ایک ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ نایاب تھے۔۔۔۔۔

ایک سناٹا سا چھایا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!زیام آ گیا ہے۔۔۔۔

اس سنّاٹے کو آلف نے توڑا تھا۔۔۔۔۔۔جس نے ابھی ابھی فون سے اپنی نظریں ہٹائی تھیں۔۔۔۔جہاں زیام کا میسج جگمگا رہا تھا۔۔

سکندر اور رابعہ سمیت آلف بھی باہر کی جانب بڑھ گئے تھے۔۔۔۔۔

وہ سب باہر پہنچ گئے تھے ۔۔۔۔

وہاں دور سے ایک شخص انکی جانب آتا دکھائی دے رہا تھا۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

رابعہ نے دیکھا تھا۔۔۔۔وہ ایک لہیم شہیم سا اونچے قد کاٹھ والا نوجوان تھا۔۔۔۔

نین نقش اس قدر سکندر سے ملتے تھے کہ بس انکی طرح چشمہ لگانے کی دیر تھی اور دوسرا سکندر سامنے کھڑا ہوتا۔۔۔۔۔۔

لائٹ بلو شرٹ اور بلیک جینز پہنے وہ انکی طرف چلتا ہوا آرہا تھا۔۔۔

اسے آلف نظر آگیا تھا۔۔۔

مگر برابر میں اسے وہ شخص بھی نظر آگیا جس کی وجہ سے صبح سے اسکا دماغ خراب ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔ساتھ ہی ایک معصوم سی شکل کی لڑکی بھی نظر آئی تھی۔۔۔جو آلف کے برابر میں کھڑی اسے عجیب نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔

وہاں دور سے ایک شخص انکی جانب آتا دکھائی دے رہا تھا۔۔۔

رابعہ نے دیکھا تھا۔۔۔۔وہ ایک لہیم شہیم سا اونچے قد کاٹھ والا نوجوان تھا۔۔۔۔

نین نقش اس قدر سکندر سے ملتے تھے کہ بس انکی طرح چشمہ لگانے کی دیر تھی اور دوسرا سکندر سامنے کھڑا ہوتا۔۔۔۔۔۔

لائٹ بلو شرٹ اور بلیک جینز پہنے وہ انکی طرف چلتا ہوا آرہا تھا۔۔۔

اسے آلف نظر آگیا تھا۔۔۔

مگر برابر میں اسے وہ شخص بھی نظر آگیا جس کی وجہ سے صبح سے اسکا دماغ خراب ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔ساتھ ہی ایک معصوم سی شکل کی لڑکی بھی نظر آئی تھی۔۔۔جو آلف کے برابر میں کھڑی اسے عجیب نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔

زیام کے چلتے قدموں میں آہستگی ضرور آگئی تھی۔۔۔۔۔مگر وہ رکا نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

نظروں کو انجان بنائے وہ ان تینوں کی جانب آ کر ٹھہر گیا تھا۔۔۔۔۔۔جانے کیوں اسے آج آلف نے اتنی جلدی میں یہاں بلایا تھا۔۔۔۔وہ کسی بھی چیز سے ناواقف تھا۔۔۔

آلف نے سکندر کی جانب دیکھا تھا۔۔۔۔ جنہوں نے اشارے سے ہی اسے بات کرنے کا کہا۔۔اور وہ خود خاموش کھڑے تھے ۔۔۔۔۔۔

جبکہ اس خاموشی میں رابعہ اور زیام ان دونوں کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔

جب اشارہ سمجھ کر آلف نے زیام کا بازو پکڑ کے اسے دوسری طرف لے جانا چاہا تھا۔۔۔

اب وہ دونوں ان لوگوں سے دور آ گئے تھے۔۔۔۔۔

۔۔!!!تم جانتے تھے یہ یہاں ہیں تو مجھے کیوں بلایا ہے

تقریب کا آغاز بغیر کسی ہوسٹ کے سامنے لگی ایک بہت بڑی سی اسکرین کے ذریعے کیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ شام کے آنے کا وقت تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔سورج کی کرنیں بس جانے ہی والی تھیں۔۔۔۔

جہاں ریڈ کلر کے پردے ایک بہت پر جوش میوزک کے ساتھ کھل گ ئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اب لوگوں کو با آسانی اسکرین نظر آرہی تھی۔۔۔۔۔۔ہجوم میں کئی لوگوں کے ہاتھ ہوا میں لہرا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔کچھ لوگ اپنی جگہ پر اچھل رہے تھے۔۔۔۔ہوٹنگ جاری تھی۔۔۔۔۔۔

A huge welcome to every one ...

وہاں بڑا بڑا اجلی حرفوں میں لکھا دکھائی دیا جانے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جسے آگے پیچھے لگے کیمرہ اور کیمرہ اسکرین پر ہر طرح سے اور ہر جگہ سے با آسانی دیکھا اور پڑھا جا سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس ویلکم پر اس مجمعے میں ایک شور برپا ہوا۔۔۔۔۔میوزک کی آواز بے حد تیز ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ شام کا وقت تھا۔۔۔۔فضا میں ہلکی ٹھنڈ تھی۔۔۔۔۔۔

پھر وہاں ان الفاظوں کی جگہ ڈیلسن کی ایک بڑی سی تصویر پورزت فولیو کے طور پر آگئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

جسے دیکھ کر مجمعے پر سکوت سا طاری ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Our legend is no more with us ...!!

وہاں میوزک کا ساؤنڈ ٹریک بہت تیز اور ہلکا کر دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جس سے لوگ اداسی محسوس کرنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں اس بڑے سے اسٹیج پر ریڈ پردوں کے پیچھے سے ایک لیڈی ہوسٹ چلتے ہوئے آگے کی طرف آئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔جس کی شکل کو کمرہ اسکرین پر چاروں طرف دکھایا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مہرون کلر کا گھٹنوں تک آتا چمکیلا سا لباس زیب تن کیے وہ خاتون انتہائی پر اعتماد لگ رہی تھی۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسٹیج کی تمام تر لائیٹیں اس لڑکی کے چہرے پر پڑی تھیں۔۔۔۔لوگ اس طرف متوجہ ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔گولڈن کلر کے بال اسکے کندھے اور ماتھے پر پھیلے ہوئے تھے۔۔۔۔۔

!!!مسٹر ڈیلسن مارکر۔۔۔۔ایک یاد گار شخصیت۔۔۔۔

اس نے انگریزی زبان میں اپنے کان سے منہ تک آتے مائک پر کہا تھا۔

اسکا کہنا ہی تھا کہ اسکی آواز چاروں جانب گونجی تھی۔۔۔۔۔

مجمعے پر سکون طاری تھا۔۔۔۔۔۔جسے وہ لڑکی بھی ٹھہر ٹھہر کا مزید قائم کر رہی تھی۔۔۔

انہوں نے اپنی پوری زندگی اس بلیک ہول کمپنی کو دے دی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ہر سال انہوں نے بہت سی کامیابیاں حاصل کیں !!!۔۔۔۔

وہ مزید بولی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہاں مجمعے میں لوگ اپنے فون کی لائٹ جلا کر ایک روشنی کا اشارہ دے رہے تھے۔۔۔۔۔

وہ تو چلے گئے ۔۔لیکن انکے کام اب بھی جاری ہیں ۔۔۔۔۔انہوں نے لوگوں کو انٹرٹین کرنے کے لیے اپنی زندگی کے اہم لمحات کو گزارا۔۔۔۔۔۔دو منٹ کی خاموشی سے ہم انکی یاد کو تازا کریں گے ۔۔۔۔۔۔

اس لڑکی نے پورے مجمعے کی جانب نظر دوڑا کر کہا تھا۔۔۔۔۔۔

جس کے بعد وہاں مکمل سکوت اور خاموشی سی چھا گئی تھی۔۔۔ہر کوئی سناٹے میں تھا۔۔میوزک کو بند کر دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔

سامنے اسکرین پر دو منٹ کا ٹائمر چلنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس مجمعے پر چھائے ہوئے سکوت کو ایک آواز نے توڑا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

now !!..it's the time of truth ...!!!

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!اسپیکر پر کسی کی بھاری سی آواز گونجی تھی۔۔۔۔

دو منٹ کی اس خاموشی کو آدھے منٹ میں ہی توڑ دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک انجانی سی آواز کو دور دور تک پھیلے مجمعے نے سنا تھا۔۔۔

وہ لڑکی بھی کچھ نا سمجھی سے اس آنے والی آناؤنسمنٹ کو سن رہی تھی۔۔۔۔کیونکہ اسے جو ہدایات دی گئی تھیں یہ سب اس میں شامل نہیں تھا۔۔۔۔۔

جو سکتا مجمعے پر چھایا تھا وہ ختم ہونا ہی تھا کہ بیک اسٹیج موجود انتظامیہ میں ایک کھلبلی سی مچ گئی تھی۔۔۔۔۔۔

who the hell is thiS ...!!

ان میں سے ایک جو کہ ان سب انتظامیہ میں سب سے بڑا تھا پریشانی سے اس آنے والی آواز کے بارے میں بولا تھا۔۔۔۔

وہاں کسی طرح سے انکے کنیکشن کو اس بڑی سی اسکرین سے الگ کر دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ اس اسکرین پر اختیار کھو چکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔

gaurds chck the whole area immediately ..!!

وہاں ایک اور بھورے بالوں والے انگریز نے گارڈز کو حکم دیتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

جو اسکا حکم ملتے ہی بیک اسٹیج سے باہر نکل آئے تھے۔۔۔۔۔۔

اسٹیج پر کھڑی اس لڑکی نے محسوس کیا تھا کہ اسے بھی بیک اسٹیج سے ہدایات ملنا بند ہو گئی تھیں۔۔۔۔۔

اپنی طرف سے وہ پریشان کھڑی مائک پر بولنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔

لیکن اسکا مائک بھی بند تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں کڑوڑوں کا مجمعہ اس عجیب سی کیفیت میں اپنی اپنی سوچوں کے مطابق سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکرین پر کچھ ہل چل ہوتی دکھائی دی گئی تھی۔۔۔۔

وہ لڑکی اب مکمل طور پر کچھ بھی کرنے سے قاصر تھی۔۔۔۔۔۔۔

لوگ اس اسکرین کی جانب نظر کیے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جو وہاں لگی بڑی بڑی کیمرہ اسکرین کے ذریعے اس مجمعے کے چاروں جانب دکھائی جا رہی تھی۔۔۔

وہاں جلی حرفوں میں لکھا تھا۔۔۔

The moment of truth is come

سچ کا وقت آ گیا ہے۔۔۔

تمام لوگ اس لکھی ہوئی تحریر کو با آسانی پڑھ چکے تھے۔۔۔۔۔

اس لڑکی نے بیک اسٹیج پر ایک پریشان کن نظر ڈالی تھی۔۔۔ لیکن وہاں بھی سب اسی کی طرح اس سب سے لاعلم تھے۔۔۔۔۔

close the camera lights....damn it .!!

اس انتظامیہ کے ہیڈ نے چیخ کر آپے سے باہر ہوتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

!!اس سے کچھ نہیں ہو گا سر۔۔۔۔۔ابھی شام کا وقت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک دوسرے شخص نے اسے یاد دلایا تھا۔۔۔۔۔

وہ سب بے بسی کی حالت میں تھے۔۔۔۔۔۔۔

اسکرین پر سب کی نظریں ٹِکی تھیں۔۔۔۔۔۔

جہاں اب ایک سے تین سیکنڈ بڑھنا شروع ہو چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سیکنڈز کے ختم ہونے کی دیر تھی۔۔۔کہ وہاں جو دکھایا گیا تھا۔۔۔اسے ہر کوئی سانس روکے دیکھنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔

کچھ کا منہ کھلا رہ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ کی آنکھیں بڑی ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سب پر سکتہ سا طاری ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

اور یہ سکتا واقع حیران کن تھا۔۔۔۔

اس اسکرین پر مرے ہوئے ڈیلسن کو زندہ دکھایا جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک منٹ کی اس ویڈیو میں اسکے کچھ کارناموں کی جھلکیاں دکھائی گئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جن میں ایک میں اسے کسی انسان کا بے رحمی سے قتل ہوتا دکھایا گیا تھا۔۔۔۔۔

لوگ حیرانی سے وہاں چلتے مناظر کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔

دیکھتے ہی دیکھتے یہ حقائق ٹی وی کے نظر ہو گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نیوز چینلز کو ایک نیا ایجنڈا مل گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہر نیوز چینل پر آدھے منٹ کے اندر یہ لائیو کوریج دکھائی جانے لگی تھی ۔۔۔۔۔۔۔

ایک تیلی کو آگ بنا کر ہر نیوز چینل پر پھیلایا جا چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں موجود لوگ اس ویڈیو کو دیکھ کر غصہ اور حیرت سے پاگل مضاہرہ کرنا شروع ہو چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔

وہ لڑکی جسے ہوسٹنگ کے لیے بلایا گیا تھا۔۔۔وہ یہ سب دیکھ کر بیک اسٹیج کی طرف بھاگ نکلی تھی۔۔۔۔۔۔۔

جہاں کچھ دیر پہلے ایک موج مستی کا سماں تھا وہاں اب ایک عجیب حالت تھی۔۔۔

لوگ اپنی چیزوں کو اسٹیج اور ڈیلسن کی لگی بڑی سی پکچر پر مارنا شروع ہو چکے تھے۔۔

گھڑی,جوتے,ٹوپی,پتھر۔۔جسکے جو چیز ہاتھ میں آ رہی تھی وہ اسٹیج کی طرف اچھال رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیک اسٹیج ڈیلسن کے ماتھتوں کی پریشانی دگنی ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔

we didn,t find any one sir ....!!

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

انکا آخری سہارا گارڈز کو بھی وہاں آس پاس کچھ بھی نہیں ملا تھا۔۔۔۔۔۔

آخر کہاں سے ؟۔۔۔اور کون کنٹرول کر سکتا ہے اس سسٹم کو۔۔؟؟۔۔

اس آدمی نے غصے میں آکر خود سے سوال کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

!!!جاؤ۔۔تلاش کرو جا کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ مزید زور سے چیخا تھا۔۔۔۔۔

ڈیلسن ہم سب کو مار ڈالے گا۔۔۔جاؤ تلاش کرو۔۔۔بغیر ڈھونڈے مت آنا۔۔۔۔۔۔۔

وہ شخص خوف اور غصے سے چیخا تھا۔۔۔۔۔

گارڈز دوبارہ تلاش میں نکل پڑے تھے۔۔۔

باہر اسٹیج پر لوگوں کا وہی احتجاج جاری تھا۔۔۔۔نیوز پر ہر طرح کی جھوٹی سچی خبریں چلنا شروع ہو چکی تھیں۔۔۔۔۔۔

وقت کا پھانسا اک دم سے پلٹا تھا۔۔۔ہر چینل پر اب یہ سوال تھا کہ کوئی اپنی ہی موت کی جھوٹی خبر کس طرح چلا سکتا ہے۔۔۔۔۔

ہر کوئی اپنے مطابق ڈیلسن کی سزا کا چناؤ کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔کسی کے مطابق اس سے بلیک ہول کمپنی کو چھین لینے کا مشورہ دیا گیا تھا۔۔۔۔

کسی کے مطابق اسے کئی سال جیل کا مشورہ دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔تو کوئی اسکی کمپنی اور ایپ کو سیل کرنے کی بات کر رہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔پرنٹ میڈیا,ڈائس میڈیا۔۔اور سوشل میڈیا ہر جگہ ڈیلسن کے حوالے سے بات کی جا رہی تھی۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ہاسپٹل میں اس وقت چند لوگ ہی نظر آرہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نائٹ شفٹ کا وقت تھا۔۔۔۔۔چند ایک آدھ لوگ اپنے پیاروں کے پاس رکے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔ ہاسپٹل مدھم روشنیوں سے روشن تھا ۔۔۔۔۔۔۔

سیکنڈ فلور پر دائیں جانب کے کمروں میں سے ایک کمرے کی لائٹ آن تھی۔۔۔۔۔

جہاں وہ اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیے بہت سی سوچوں میں گم بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

بالوں کا حشر خراب تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکے چہرے پر دنیا جہاں کی تھکان دیکھی جاسکتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔دیکھنے سے ہی پتہ لگتا تھا کہ وہ کسی بڑے خطرے سے کھیل کر آیا تھا۔۔۔

آنکھوں میں ہلکی نمی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اسکی حالت اس وقت کسی مدہوش انسان سے کم نہیں لگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔جسے صرف سامنے لیٹے وجود کا ہی ہوش تھا۔۔۔

اپنی گہری آنکھوں سے وہ بہت کچھ یاد کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

جسکا ہاتھ اسکے ہاتھ میں تھا وہ اسکی کل دنیا تھی۔۔۔۔۔۔اسکی خوشیوں کا راستہ,اسکی ہدایت کا راستہ سب کچھ تو تھی وہ اسکے لیے ۔۔۔۔۔۔۔۔آج اسے اس حال میں دیکھ کر اسکا دل کٹ رہا تھا۔۔۔۔۔۔اسے بیڈ پر لیٹا دیکھ کر اسے اپنے صحت مند ہونے پر شرم جو اس !! محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ کیسے اسکے زخموں پر خود کو پیش نا کر سکا۔۔۔۔۔یہ زخم اسکے چہرے پر کیوں نہیں لگے وقت اسکی متاعِ جان کے چہرے پر تھے۔۔۔۔۔۔۔

اسکی مخملی رنگت پر وہ لال زخم اسے اپنے دل میں انگاروں کی طرح چبھنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔

اسکے ہاتھ پر اسنے اپنے لب رکھ دیے تھے۔۔۔۔۔۔۔ساتھ ہی وہ اسکے ہاتھ کو اپنے ماتھے سے لگا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

یادوں کی ایک دھارا سی اسکے ذہن میں کسی جھماکے کی طرح آئی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

سی سی ٹی وی فوٹیج پر انہیں ایک کار نظر آگئی تھی۔۔۔۔۔۔۔جس میں کسی ویل چیئر پر بیٹھے ایک وجود کو رکھا جا رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ لوگ ایسا ظاہر کر رہے تھے جیسے وہ لوگ اس ہوٹل میں رکنے آئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام اور آلف کی نظر اس فوٹیج پر ہی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ اس وجود کو گاڑی میں ڈال کر گاڑی بھگا کر لے گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے گاڑی کی نمبر پلیٹ پر زوم کیا تھا۔۔۔۔جہاں کوئی نمبر لگی ہی نہیں تھی۔۔۔۔۔

زیام اس فوٹیج کو بار بار دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!ایک منٹ اس کے بیک پر زوم کرو۔۔۔

زیام نے آلف سے کہا تھا۔۔۔ نظریں کمپیوٹر کی جانب ہی تھیں۔۔۔۔

۔

آلف نے اس پر زوم کیا تھا۔۔۔۔وہاں کچھ خاص ثبوت نہیں تھا۔۔۔۔۔بس گاڑی کے دائیں جانب بہت ایک سروس کا لیٹر چپکا تھا

۔۔۔۔۔۔

!!!گاڑی یہاں لانے سے پہلے سروس کروائی گئی ہے۔۔

زیام نے نتیجہ اخذ کرتے ہوئے کہا تھا ۔۔

آلف بار بار گھڑی پر نظر ڈال رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر کسی میسج کی آواز نے اسے اپنی جانب متوجہ کیا تھا۔۔۔۔۔

!!!ہمیں پتہ ہے کہ مائسہ کہاں ہے۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آلف نے اس میسج کے پڑھتے ہی اسے سنجیدہ لہجے میں جواب دیا تھا۔۔۔۔۔

!!!!واٹ۔۔

زیام نے اسے بغور دیکھا تھا۔۔۔۔۔

!!!!تم جانتے تھے کہ وہ لوگ مائسہ کو کڈنیپ کرینگے۔۔۔۔

اس نے غصے اور شکی لہجے میں اس سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکے پاس وقت کی شدید کمی تھی۔۔۔۔۔۔

آلف کرسی سے اٹھ گیا تھا۔۔اور آگے دروازے کی جانب بڑھا تھا۔۔۔

اسے زیام نے بازو سے پکڑ کر روک لیا تھا۔۔۔۔۔

۔

وہ آنکھوں سے ہی اس سے اپنا سوال دہرا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

!!!!مائسہ بھی جانتی تھی کہ ایسا ہو گا۔۔۔

آلف نے سنجیدگی سے اسکی جانب دیکھ کر ایک اہم انکشاف کیا تھا۔۔۔۔جسے سن کر وہ ایک بار پھر حواس باختہ سا ہو گیا تھا۔۔۔۔

آلف کا بازو اسنے اک دم ہی چھوڑ دیا تھا۔

!!!ابھی ہمارے پاس وقت نہیں ہے زیام۔۔۔مائسہ کی لوکیشن پر پہنچنا ہے۔۔۔۔میں تمہیں راستے میں سب بتاؤنگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آلف نے اسکی حالت کے پیشِ نظر دھیمے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

جس پر وہ بغیر کچھ کہے آگے بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

ڈیلسن نے ہمارا کام اسی وقت آسان کر دیا تھا۔۔جب اس نے خود کے مرنے کا جھوٹا پلان بنایا۔۔تا کہ اسے ہمدردی کے ساتھ اسکے ایپ کی کامیابی بھی ملے۔۔۔۔!!!

وہ ڈرائونگ سیٹ کے برابر والی سیٹ پر بیٹھے بول رہا تھا۔۔۔جبکہ زیام ڈرائو کر رہا تھا۔۔۔

!!مائسہ اور میں نے اس پلین کو اس وقت انجام دیا۔۔۔۔جب مجھے خبری سے پتا لگا کہ وہ لوگ مائسہ کے پیچھے ہیں۔۔۔۔۔

!!!ڈیلسن اس بار پاکستانی لڑکیوں کو اپنے میگزین پر شوٹ کروانا چاہتا تھا۔۔۔۔۔جس کے لیے اسکا پہلا شکار مائسہ تھی۔۔۔

اسکے اس انکشاف پر زیام کی آنکھیں سختی سے بند ہوئی تھیں۔۔۔ایک گہری سانس خارج کرتے ہوئے اسکی گرفت بھی ویل پر مزید مضبوط ہو گئی تھی۔۔

میرا پلان کسی کو مائسہ کی جگہ بھیجنا تھا۔۔۔کیونکہ مرے ہوئے ڈیلسن کو سب کے سامنے لانے کا یہی ایک راستہ مجھے سمجھ آرہا تھا۔۔۔۔۔!!

!!!مائسہ کو میں نے نہیں کہا تھا کہ وہ اس پلان میں خود کو شامل کرے۔۔۔۔یہ اسکی اپنی خواہش تھی۔۔

زیام مکمل خاموشی سے ڈرائو کر رہا تھا۔۔۔۔۔جبکہ آلف کی بات پر اسکے چہرہ پر ضبط کے آثار صاف دکھائی دے رہے رھے

۔۔۔۔۔۔۔

!!!نہیں آلف بھائی۔۔۔

!!!کسی اور لڑکی کو نہیں بھیج سکتے۔۔۔

وہ کہتے کہتے ٹھہری تھی۔۔۔۔چہرے پر پریشانی تھی۔۔

!!!اگر ڈیلسن کو پتا لگ گیا کہ وہ میں نہیں ہوں تو وہ اس لڑکی کو جان سے بھی مار سکتا ہے۔۔۔

مائسی نے سوچ کر آلف کی بات کا جواب دیا تھا

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!لیکن مائسہ اس کام میں جان کو بھی خطرہ ہو سکتا ہے۔۔میں تمہیں نہیں بھیج سکتا۔۔

۔

آلف نے اسکی بات کو سمجھ کر جواب دیا تھا۔۔۔

بھائی مجھے ہی جانا ہو گا۔۔۔۔زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ ہے۔۔۔۔۔اور ویسے بھی ڈیلسن نے میرا نام لیا ہے۔۔۔اسے مجھ سے !!بات کرنی ہے۔۔۔تو پھر میں ہی جاؤنگی۔۔۔۔

مائسہ نے پر اعتمادی سے اسکی بات کی نفی کی تھی۔۔۔۔۔

جبکہ اسکی بات سن کر آلف سوچ میں پڑ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!!تو اسکا مطلب تم نے اسکی جزباتی بات کو مان لیا۔۔۔

زیام سب کچھ ضبط سے سن کر زور سے ہر لفظ کو چبا کر بولا تھا۔۔۔

میں نے مائسہ کو وہ ٹریکر دیا تھا۔۔۔۔۔جسے پر فیشنل ترکیب سے اسنے اپنی گردن میں پیوست کروالیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ سب بھی اس نے اپنی مرضی سے کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔میں نے نہیں کہا تھا اسے۔۔میری اپنی بھی ایک بہن ہے۔۔۔۔اگر میں !!!نورے کو نہیں چن سکا تو مائسہ کو بھی میں نے اس کام کے لیے کبھی نہیں چنا۔۔

آلف نے ناچاہتے ہوئے بھی اسے صفائی پیش کر دی تھی۔۔۔۔۔

!!!!اگر اسے کچھ ہوا تو آلف پھر مجھے بھی گولی مار دینا۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے انتہائی کرخت لہجے سے گاڑی موڑتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔۔نظروں میں مائسہ اور آلف دونوں سے شدید شکوہ تھا

۔۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جبکہ گاڑی کی اسپیڈ ایک سو پندرہ تک پہنچی ہوئی تھی۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

کیوں مائسہ۔۔۔!!!۔۔۔ آخر کیوں خود کی جان کو خطرے میں ڈالا تم نے۔۔۔۔ کیوں مجھے سولی پر لٹکا دیا۔۔۔۔۔ اتنی فکر تو مجھے آج تک کسی کی نہیں ہوئی جتنی ان چند گھنٹوں میں تمہاری ہوئی تھی۔۔۔۔!!

وہ اسی طرح اپنے ماتھے کو اسکے ہاتھ پر ٹکائے اس سے شکوہ کر رہا تھا۔۔۔۔۔

آدھا گھنٹے سے اسے ہوش نہیں آیا تھا۔۔۔۔۔ جو کہ ایک فکر مندی کی بات تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ جب سے وہ بے ہوش تھی وہ اسکے پاس سے ہلا تک نہیں تھا۔۔۔۔۔۔ اور اس وقت بھی وہ بے ہوش مائسہ سے باتوں میں مصروف تھا۔۔۔۔۔۔

!!!!اگر تمہیں کچھ ہو جاتا۔۔

ابکی بار وہ دل میں موجود ایک انجانے سے خوف کو زبان پر لے آیا تھا۔۔۔۔۔

وہ اچھی طرح جانتا تھا کہ اگر اس وقت وہ لوگ اس گیس کو کھول دیتے تو مائسہ کا بچنا ناممکن ہو جاتا۔۔۔۔۔۔۔۔ اس گیس کو سونگھتے ہی اسکا دماغ ماؤوف ہوتا اور اگلے دو گھنٹے میں اسکی جان نکل جاتی۔۔۔۔۔۔۔

اور اب اس سب کو سوچ سوچ کر پچھلے آدھے گھنٹے سے اسکی جان نکل رہی تھی۔۔۔۔۔

ڈیلسن نے اسے جس جگہ رکھا تھا۔۔۔ وہ جنگل کی طرف بنا ایک ہوٹل تھا۔۔۔۔۔۔

جسے ڈیلسن خرید چکا تھا۔۔۔۔ اور اب اس ہوٹل کو دوبارہ سے بنوانے کا ارادہ رکھتا تھا۔۔۔۔۔

آلف اور زیام جس وقت وہاں پہنچے۔۔۔۔۔۔۔۔ اس وقت انہوں نے ڈیلسن کو اپنے کمرے میں بات کرتے پایا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ لوگ خود کھڑکی کی جانب چھپے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ ہوٹل کے سب سے وسیع کمرے میں بیٹھا فون پر باتوں میں مصروف تھا۔۔۔۔۔۔آس پاس فائلز اور کاغذ بکھرے ہوئے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکے انڈر گراؤنڈ ہونے کی وجہ سے اسنے قابلِ اعتماد لوگوں کے سوا کسی کو اس جگہ نہیں رکھا تھا۔۔۔۔

!!!میں اسے یہیں پر جان سے مار ڈالتا ہوں۔۔۔۔

۔۔۔۔۔زیام نے اسکی شکل دیکھتے ہی غصے سے کہا تھا۔۔ساتھ ہی وہ اٹھنے لگا تھا۔۔۔۔۔

!!!!نہیں۔۔۔

آلف نے اسے بازو سے پکڑ کر روکا۔۔۔...

!!!پہلے مائسہ کو تلاش کر لیتے ہیں پھر ڈیلسن سے نپٹ لینگے۔۔۔۔۔

آلف نے اسے روکا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور وہ اک نظر کھڑکی پر ڈالتا ہوا رک گیا تھا۔۔۔۔کیونکہ اسے آلف کی بات صحیح لگی تھی

۔۔۔۔۔۔

وہاں اس ہوٹل میں بہت سے چھوٹے بڑے کمرے موجود تھے۔۔۔ایسے میں مائسہ کس کمرے میں ہے یہ جاننا سخت مشکل تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ لوگ اس وقت اس بڑے سے کمرے کی آخری کھڑکی کی جانب کھڑے تھے۔۔۔۔جسکے پیچھے کچھ فاصلے پر ہوٹل کی آخری دیوار تھی۔۔۔۔۔۔۔اور اس کمرے کا دروازہ اس سے کچھ فاصلے پر تھا۔۔۔۔۔۔کسی کے آنے پر اس کمرے کی آخری دیوار کے پیچھے چھپا جا سکتا تھا۔۔۔۔۔

کچھ دیر وہاں انتظار کے بعد انہوں نے ڈیلسن کو فون پر بات کرتے سنا تھا۔۔۔۔

وہ کسی سے پانی اور کھانے کا کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!!اسے پانی دو اور کھانا بھی دو۔۔میں آکر تم دونوں کو دو گولیاں دیتا ہوں۔۔۔

یہ الفاظ زیام کے کانوں میں پڑے تھے۔۔۔

ہونا ہو وہ مائسہ ہی کی بات کر رہے تھے۔۔۔۔۔اسکا خون شدید کھول اٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن وہاں آلف تھا۔۔جو اسکے غصہ ہونے پر جزباتی قدم اٹھانے سے بار بار روک رہا تھا۔۔۔۔

مٹھیاں بینچھے زیام اس وقت ڈیلسن کو ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔جب وہ اٹھ کر تیزی سے کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ لوگ تیزی سے کھڑکی کی دوسری طرف ناکودتے تو ڈیلسن کی نظروں میں آرام سے آجاتے۔۔۔۔۔۔۔

وہ لوگ ڈیلسن کے پیچھے پیچھے آرہے تھے۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن کے پیچھے آتے آتے انہیں اس کمرے کا راستہ معلوم ہو گیا تھا جہاں مائسہ تھی۔۔۔۔

جس وقت ڈیلسن مائسہ سے بات کر رہا تھا۔۔۔اس وقت وہ لوگ اسکے قابلِ اعتماد بندوں کو آہستہ آہستہ ختم کر رہے تھے۔۔۔۔

اسکے کمرے سے نکلنے تک وہ لوگ گارڈز کی شکل میں اسکے سامنے آکھڑے ہوئے تھے۔۔۔۔

جنکو جلدی جلدی میں وہ مائسہ کو ختم کرنے کا حکم دیتا ہوا آگے نکل گیا تھا۔۔۔۔۔

اسکے جاتے ہی زیام تیزی سے اس کمرے کی جانب بڑھا تھا۔۔۔۔۔اندر مائسہ تھی وہ بھی نا جانے کس حال میں۔۔۔۔اسکا دل بند ہو رہا تھا۔۔۔

دروازہ ڈیلسن نے جان کر کھلا چھوڑا تھا۔۔کیونکہ اب تو اسکے مطابق مائسہ کو مر ہی جانا تھا۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

وہ جس ہاتھ کو اپنے ماتھے سے لگائے سوچوں میں گم تھا۔۔۔اس ہاتھ میں اسے حرکت محسوس ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس نے اک دم سے سر اٹھایا۔۔۔

وہ اسکی ہلتی پلکوں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ ہسپتال کا لباس پہنے وہاں کے بیڈ پر لیٹی تھی۔۔۔۔۔۔ جسم میں شدید تھکان اور درد محسوس ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مخملی رنگت بکھری بکھری سی تھی۔۔۔۔بال اسکے کندھے اور تکیے پر پھیلے ہوئے تھے۔۔۔۔۔

اس نے اسی طرح لیٹے ہوئے زیام کے ہاتھ پر اپنی گرفت مضبوط کی تھی ۔۔۔۔

گویا وہ اسے بتا رہی تھی کہ وہ ہوش میں ہے۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے عجیب سی کیفیت میں اسکا سر اور ماتھے پر اپنا ہاتھ پھیرا تھا۔۔۔۔۔۔

!!!میں ڈاکٹر کو لے کر آتا ہوں۔۔۔۔

اسکی طرف جھک کر اسنے دھیمے سے کہا تھا۔۔۔اور اسکا ارادہ دروازے کی طرف بڑھنے کا تھا۔۔۔۔

مگر مائسہ کے ہاتھ کی گرفت مزید مضبوط ہو گئی تھی۔۔۔۔ایسا لگتا تھا کہ وہ اسے جانے دینا ہی نہیں چاہتی تھی۔۔۔

زیام واپس مڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسنے مائسہ کے چہرے پر نظر کی تھی۔۔۔۔۔۔۔ جہاں ماتھے پر بڑی سی پٹی بندھی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

گالوں پر لال نشانات تھے۔۔۔۔۔۔جو اسے بے چین کرنے کے لیے کافی تھے۔۔۔۔

اسنے آہستہ سے اپنی آنکھیں کھول دی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔سامنے زیام کا دھندلا سا چہرہ اسکے سامنے آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔جو ابھی بھی بے حد فکر مندی سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسے دیکھ کر سب کچھ کسی فلم کی طرح اسکے ذہن میں چلنا شروع ہو گیا تھا۔۔۔

وہ وہیں پہنچ گئی تھی جہاں اسکی حالت موت سے بدتر ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔

ڈیلسن اسے اسی طرح نڈھال چھوڑ کر اس کمرے سے نکل چکا تھا۔۔۔۔

اور وہ پھولتی سانس کے ساتھ اس کرسی پر ڈھے سی گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اسے اپنا چہرہ محسوس ہونا بند ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔

ناک سے اور ہونٹ سے خون بہہ رہا تھا۔۔۔۔۔اور وہ موت کی طرف بڑھ رہی تھی۔۔۔

اس حال میں اسے اپنی زندگی کے کئی سال یاد آ گئے تھے ۔۔۔۔ اسکا کراچی سے لاہور آنا ۔۔۔۔ تنظیم سے جڑنا ۔۔۔۔مسجد میں معصوم بچوں کو بچانا , زیام کا اسکی زندگی میں ایک خواب کے ذریعے داخل ہونا۔۔۔۔۔سب کچھ یاد آ رہا تھا۔۔۔

اسنے سانسوں کو دھیما ہوتا محسوس کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔کرسی پر بیٹھے ہوئے اسنے ایک گہری اور لمبی سانس لینے کی کوشش کی تھی ۔۔۔۔

جسے لیتے لیتے اسکے اعصاب ڈھیلے پڑ گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔ مٹھی کی طرح پینچا ہوا ہاتھ کھل گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور وہ ہوش سے بے گانہ ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔

زیام کو بھی یاد آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔جب اسے دروازہ کھولتے ہی سامنے مائسہ نظر آ گئی تھی۔۔۔۔

وہ پاگلوں کی طرح اسکی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!!!مائسہ۔۔

ایک ساتھ کئی آوازیں لگائی تھیں۔۔۔

اسکا چہرہ دیکھ کر وہ گنگ رہ گیا۔۔۔۔۔۔ماتھے پر گہری چوٹ تھی۔۔۔ہاتھ زنجیر سے بندھا تھا۔۔۔۔۔۔۔ناصرف یہ بلکہ اسکی ناک سے خون نکل رہا تھا۔۔۔ہونٹ پھٹا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

اسے ہاتھ لگاتے ہوئے زیام کے ہاتھ کانپ گئے تھے۔۔۔۔۔۔لمحوں میں اسنے اتنی تکلیف اٹھا لی تھی ۔۔۔۔۔

آلف نے زنجیر کو توڑنے کے لیے کچھ تلاش کرنا شروع کیا تھا۔۔۔۔۔

اسے وہاں کچھ بھی ایسا نظر نہیں آیا تھا جس سے وہ اسے توڑ دیں۔۔۔۔

اب وہ اپنی گھڑی میں لگی پن کے ذریعے اسے کھول رہا تھا۔۔۔۔۔

ڈیلسن۔۔۔!!!۔۔زیام تقریباً چیختے ہوئے ڈیلسن کے پیچھے بھاگا تھا۔۔۔۔۔

نہیں زیام۔۔۔۔!!!۔

آلف نے کہتے ہوئے اسکے پیچھے دوڑ لگائی تھی ۔۔۔۔

مگر اس پر اسکے کہنے کا کچھ اثر نہیں ہو رہا تھا۔۔وہ آگے کی جانب بھاگ رہا تھا۔۔۔۔

آلف نے بھاگتے ہوئے اسے دونوں بازوؤں سے پکڑ کر روکنے کی کوشش کی تھی ۔۔۔

وہ اسکے سامنے آگیا تھا۔۔۔۔جبکہ زیام غصے سے اسے دھکیل رہا تھا۔۔۔۔

!!!!اسے یہاں نہیں مار سکتے۔۔۔۔وہ گیدڑ ابھی اپنے بل سے باہر ہے زیام۔۔۔

آلف نے ایک ایک لفظ پر زور دے کر کہا تھا۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

جبکہ زیام خاموشی سے اسے دھکیل رہا تھا۔۔۔وہ ہر حال میں ڈیلسن تک پہنچنا چاہتا تھا۔۔۔

!!!اسے اسکے آبائی گھر میں ماریں گے۔۔۔اور ایسا مارینگے کہ وہ کھلی فضاء میں سانس لینے کو ترس جائے گا ۔۔۔۔۔۔

آلف نے اسے مضبوطی سے پکڑ کر کہا تھا۔۔۔

زیام اب اسے دھیکلنا بند ہو چکا تھا۔۔۔

یہ پاکستان ہے اگر یہاں وہ مرتا ہے تو اسے ہمدردی کے سوا اور کچھ نہیں مل پائے گا ۔۔۔۔۔ہمیں اس سمیت اسکی کمپنی کو !!!بھی برباد کرنا ہے ۔۔۔۔جو ہزاروں مسلمانوں کو اب تک تباہ کر چکی ہے اور آگے بھی کرتی رہے گی ۔۔۔

آلف نے اسے چپ دیکھ کر مزید کہا تھا۔۔۔

مائسہ اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔جبکہ وہ مائسہ کو دیکھتا ہوا وہ سب کچھ یاد کر رہا تھا۔۔۔۔

ایک بھیانک خواب سا تھا جو کچھ بھی کچھ دیر پہلے ہوا تھا۔۔۔۔

!!!مجھے لگا میں تمہیں کھو دونگا۔۔۔

زیام نے عجیب سی کیفیت میں دھیمے سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ خاموش تھی۔۔۔۔۔۔بس اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

زیام کو یاد تھا کیسے وہ اسے گود میں اٹھا کر بھاگتا ہوا وہاں سے نکلا تھا۔۔۔۔۔۔

اسے اپنے سینے سے لگی مائسہ کی سانسیں بہت دھیمی محسوس ہو رہی تھیں۔۔۔۔

آہستہ آہستہ وہ کمزور پڑ رہا تھا۔۔۔۔۔۔ہاتھ کانپ رہے تھے۔۔۔۔۔اگر آج مائسہ کو کچھ بھی ہو جاتا تو وہ ان دونوں کی ہی موت ہوتی ۔۔۔کیونکہ اسے یہ زندگی دینے والی مائسہ ہی تھی۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے خیالوں میں کھو گیا تھا۔۔۔

مائسہ جانتی تھی وہ کیا سوچ رہا ہے۔۔۔۔اسنے اسکے ہاتھ کو سہلایا تھا۔۔۔۔۔

!!! میں اب بلکل ٹھیک ہوں اور تمہارے سامنے ہوں

اسنے نقاہت زدہ آواز میں اسکے تباہ کن حلیے کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

ایک بات تو آج وہ بھی جان گئی تھی ۔۔۔ کہ ناوہ زیام کے بغیر کچھ تھی اور نازیام اسکے بغیر کچھ تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ دونوں ساتھ تھے تب ہی زندہ تھے۔۔۔۔۔

ان دونوں کی خاموشی کو دروازے کی آواز نے توڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہاں رابعہ کھڑی تھی۔۔۔۔۔اسکی سانس پھولی ہوئی تھی۔۔۔۔۔

امی کو ہوش آگیا ہے۔۔۔!!۔۔

اسنے بغیر کسی تغیر کے سامنے بیٹھے زیام کو مخاطب کر کے بتایا تھا۔۔۔

زیام جو اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔اسکی بات پر ساکت ہو گیا تھا۔۔۔

!!! آرہا ہوں۔۔۔

اسکے منہ سے سرسری سا ادا ہوا تھا۔۔۔۔۔ مگر اصل تو اسکا دل ہی جانتا تھا۔۔۔۔۔۔۔ کہ وہ کتنا بے تاب تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ تمام رنجشیں تمام شکوے دل سے ایسے نکل گ ئے تھے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے ۔۔۔۔۔۔اسے مائسہ سے جڑے اپنے رشتے سے یہ احساس ہو گیا تھا کہ رشتوں کی کیا اہمیت ہوتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔رنجشیں بھی انہیں سے ہوتی ہیں اور کندھے بھی انہیں کے سہارے بنتے ہیں ۔۔۔۔۔

رابعہ اسے بتا کر وہاں رکی نہیں تھی۔۔۔۔۔۔اسے شدت سے آلف اور سکندر کی واپسی کا انتظار تھا۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زیام نے اک نظر مائسہ پر ڈالی تھی۔۔۔جواب بھی اپنے انگوٹھے سے اسکا ہاتھ سہلا رہی تھی۔۔۔۔۔

اسے اس حال میں بھی اپنی ہمت بڑھاتا دیکھ کر زیام کو شدت سے اس پر پیار آیا تھا۔۔۔۔۔

جس سکون کی تلاش میں وہ دربدر پھر رہا تھا۔۔۔۔۔اسے وہ مائسہ کی شکل میں مل گیا تھا۔۔۔۔۔وہ اسکے دل کا سکون بن گئی تھی

۔۔۔۔۔

وہ کرسی سے اٹھ کر اس سے قریب ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اسکے زخم اسے مزید قریب سے نظر آئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسنے ہاتھ بڑھا کر اسکا گال تھپتپایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

!!!!میں ابھی آتا ہوں۔۔۔

دھیمے سے لہجے میں سنجیدگی سے کہا گیا تھا۔۔۔۔

مائسہ نے آنکھیں بند کر کے پھر کھولی تھیں۔۔۔۔۔۔جیسے وہ اسے جانے کا کہہ رہی تھی۔۔۔۔

وہ اسکا ہاتھ چھوڑتا ہوا زینت کے روم کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔

وہ بھاری بھر کم قدم اٹھا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس خاموشی میں اسے اپنی سانس کی آواز بھی سنائی دے رہی تھی۔۔۔۔۔

آخر کار وہ کمرے تک کا سفر طے کر چکا تھا۔۔۔۔۔

وہاں اسنے ہاتھ بڑھا کر دروازہ کھولا تھا۔۔۔۔۔۔

سامنے ہی رابعہ کرسی پر بیٹھی تھی۔۔۔۔زینت کا ہاتھ اسکے ہاتھ میں تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ اسے اپنے ہونٹوں سے لگا رہی تھی

۔۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

آنکھوں میں آنسو تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دروازہ کھلنے پر اسنے زیام کی جانب دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اک پل کو وہ ٹھہر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے بیڈ پر لیٹے اس وجود پر نظر ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہاں بے پناہ کمزوری تھی۔۔۔۔۔عمر بھر کی تھکان تھی ۔۔۔۔ویسی ہی اک تھکان اسکے چہرے پر بھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!وہ گناہوں کی تھکان تھی اب وہ گناہ کر کر کے مکمل تھک چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

بے ساختہ پن کسے کہتے ہیں یہ زیام کو اس وقت سمجھ آیا تھا۔۔۔۔جب وہ خود کو روک ہی نہیں سکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اپنے آپ اسکے قدم تیزی سے بڑھنے لگے تھے۔۔۔۔۔ بلکل جیسے کوئی بچہ بھاگتا ہوا اپنی ماں کے پاس آتا ہے۔۔۔۔۔

وہ انکے قدموں سے لپٹ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

چادر کے اندر ڈھکے انکے پیروں پر وہ دونوں ہاتھ رکھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔ آنکھوں میں نمی تھی۔۔۔۔۔چہرہ سپاٹ تھا۔۔۔۔۔

اسکا سر انکے قدموں پر جھکا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

!!رابعہ بھی اسے اس طرح سے دیکھ کر حیران ہو گئی تھی۔۔۔

زینت کسی ہٹے کٹے خوبرو نوجوان کو اپنے پیروں سے لپٹا دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

قد کاٹھ دیکھ کر اسے پل میں سکندر کا جوان روپ دکھائی دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ بلکل اپنے باپ کا ہمشکل تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔بس اسکی داڑھی سکندر کی داڑھی سے بھی تھوڑی بڑی اور مکمل سیاہ تھی۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ پہچان گئی تھیں۔۔۔۔انکا دل بھی اسے دیکھ کر تڑپ اٹھا تھا۔۔۔۔۔ممتا کے کئی سالوں کی تھکان تو اب جا کر اتری تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اپنے ہاتھوں سے انکے پاؤں کو چھو کر اب اپنی جنت کو چوم رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

!!!آپ کہاں تھیں۔۔۔

بھرائی سی آواز کمرے میں گونجی تھی۔۔۔۔اسکا سر اب بھی جھکا ہوا تھا۔۔۔۔۔

!!!میں ترستا تھا کسی کو ماں کہنے کے لیے۔۔۔۔۔۔۔!!!!۔۔۔۔آپ کہاں تھیں۔۔۔

وہ درد میں وہ سوال کر رہا تھا۔۔۔جسکا ان میں سے کسی کے پاس کوئی جواب ہی نہیں تھا۔۔۔۔۔

رابعہ نے تو اسے دل سے بھائی مان لیا تھا۔۔۔۔۔وہ اسے اس طرح دیکھ کر تڑپ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!بھائی۔۔

اسنے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

زیام نے گردن اٹھالی تھی۔۔۔۔۔۔وہ رابعہ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔جو اسکی بہن تھی۔۔اسکی ٹوِن سسٹر تھی۔۔۔۔۔۔۔اک بہن کی خواہش اس طرح جا کر پوری ہونی تھی اسے اندازہ ہی کہاں تھا۔۔۔۔

زیام نے اسکے سر پر ہاتھ رکھ دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔رابعہ نے بھی روتے ہوئے اسکے کندھے سے اپنی گردن ٹکا دی تھی

۔۔۔۔۔۔

پھر وہ زینت کی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اسنے اپنی ماں کو بغور دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!!بس اب آپ جلدی سے ٹھیک ہو جائیں۔۔۔۔

اسنے انکے آنسوؤں کو پوچھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

اس کمرے میں جو خوشی اس وقت برس رہی تھی وہ پھل تھا۔۔۔۔صبر اور آزمائش کا پھل۔۔۔جو ہمیشہ میٹھا ہی ہوتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔البتہ یہ پھل پیسوں سے نہیں بلکہ یقین سے خریدا جاتا ہے۔۔۔۔۔اسے وہ ہی کھا پاتا ہے جسے اللہ پر کامل یقین ہو۔۔۔۔کامل یقین !!

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

وہاں اس اسٹیج پر اب مکمل خاموشی تھی۔۔۔لوگ وہاں سے جا چکے تھے۔۔۔ایک ہنگامہ تھا جو ختم ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ایک طوفان تھا جو آ کر چلا گیا تھا۔۔۔

اس خاموشی میں اسٹیج کی طرف سنسناہٹ سی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ دو لوگ اپنا لیپ ٹاپ اور ضروری سامان لے کر باہر نکلے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!!آخر کار اس ڈیلسن کے برے دن شروع ہو گئے ۔۔۔

اس تاریکی میں ایک بھاری بھر کم آواز گونجی تھی۔۔۔

جبکہ لائٹ نا ہونے کی وجہ سے دور دور تک مکمل اندھیرا چھایا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

!!!ویسے ماموں اسٹیج کے نیچے چھپنے کا آئیڈیا کمال کا تھا نا۔۔۔۔

آلف نے خود کے ہی آئیڈیے کی تعریف کرتے ہوئے فخریہ کہا تھا ۔۔۔

ہاتھ میں لیپ ٹاپ تھا۔۔۔اور وہ لوگ اس گراؤنٹ سے باہر کی طرف بڑھ رہے تھے۔۔۔۔

!!اب وہ ڈیلسن اپنے ہی بچھائے گئے جال میں پھنس چکا ہے ۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسنے مزید خوش گوار لہجے میں کہا تھا۔۔۔

اب اس کمینے کی رسوائی پوری دنیا دیکھے گی۔۔۔۔لیکن ہر گز یہ نا سمجھنا!!یہ سلسلہ ختم نہیں ہوا ہے۔۔۔۔۔۔ایک ڈیلسن نہیں اس دنیا میں ہزاروں ڈیلسن آزاد پھر رہے ہیں۔۔۔۔۔اور گمراہی پھیلا کر جہنم میں لوگوں کی تعداد بڑھا رہے ہیں۔۔۔!!

لیکن جب تک ہم زندہ ہیں۔۔۔ہمارے دل میں بیداری زندہ ہے۔۔۔۔

کبھی بھی غفلت بیداری پر حاوی نہیں ہو گی۔۔۔۔۔۔کبھی غفلت میں مستقل نیند نہیں آئے گی اور نا کبھی وہ نیند موت میں بدلے گی!!!

سکندر نے ایک عزم سے کہا تھا۔۔۔

صحیح کہا آپ نے۔۔۔۔!!

اکثر مسلمان تو اس بات سے ہی ناواقف ہیں کہ!

"ایسا بھی ہوتا ہے۔"

آلف نے ایک سرد آہ بھر کے کہا تھا۔۔۔

تم اب اس قابل ہو گئے ہو کہ تمہیں فیضان کی وہ امانت دے دی جائے ۔۔۔!!!

انکی طرف سے بہت دیر بعد ایک جواب آیا تھا۔۔۔۔

جسے سن کر آلف کے چلتے قدم ٹھہر گئے تھے۔۔۔۔۔۔اور اسنے انکی جانب دیکھا تھا ۔۔۔

جبکہ وہ چلتے ہوئے اس سے آگے نکل گئے تھے ۔۔۔۔۔

انہوں نے اسکے ہکّابکّا چہرے کی طرف مڑ کر کہا تھا۔۔۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

!!!نن۔۔ نہیں۔۔۔ میں بس۔۔۔

آلف نے بات بنانی چاہی تھی جو اس سے بن نہیں سکی۔۔۔۔۔

وہ واقع میں یہ سوچ رہا تھا لہ اب وہ رازوں والی امانت اسے کبھی نہیں ملے گی۔۔۔ بلکہ وہ سکندر اپنے پاس ہی رکھیں گے۔۔ کیونکہ انکی نظر میں آلف کبھی بھی اس کا اہل نہیں بن سکتا۔۔۔۔۔۔۔

لیکن وہ غلط تھا۔۔۔۔۔۔ وہ اسے غلط ثابت کر چکے تھے۔۔۔۔

.....

وقت نے ایک سنہری سی انگڑائی لی تھی۔۔۔۔۔۔ جتنی سخت آزمائشیں آئی تھیں اب اتنی ہی ساری خوشیاں تھیں۔۔۔۔۔

!!!بابا یہ رابعہ اس پکچر میں کتنی موٹی لگ رہی ہے۔۔۔

زیام نے ایک پرانی سی تصویر کو اپنے ہاتھ میں پکڑے ہوئے سکندر کو مخاطب کیا تھا۔۔۔۔۔

جس پر صوفے پر بیٹھی رابعہ اچھل کر نیچے کارپٹ پر بیٹھے زیام کے پاس آئی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ لوگ اس وقت زیام کے گھر کے لاؤنج میں جمع تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

مائسہ اور زینت کچن میں تھیں۔۔۔ جبکہ زیام, رابعہ اور سکندر صاحب لاؤنج میں بیٹھے تھے۔۔۔۔

اسنے ہاتھ بڑھا کر اس تصویر کو زیام سے لینا چاہا تھا۔۔۔۔ جسے پھرتی سے وہ دوسری طرف کر چکا تھا۔۔۔۔۔

!!ہاں ویسے رابعہ واقعہ میں اس میں کافی موٹی لگ رہی ہو

سکندر نے بھی فون کو جیب میں رکھتے ہوئے صوفے سے ہاتھ ٹکا کر کہا تھا۔۔۔۔

نظریں اس تصویر پر ہی تھیں۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اسکی بات پر زیام کا چہرہ اور کھل گیا تھا۔۔۔۔جبکہ رابعہ شدید منہ پھلا چکی تھی۔۔۔۔

!!!کس نے پریشان کیا ہے میری رابعہ کو۔۔۔

اپنے عقب سے آتی آواز پر زیام اور سکندر نے پیچھے مڑ کر دیکھا تھا۔۔۔

جہاں آلف نے بلند آواز سے حق جمانے والے انداز میں جملہ کہا تھا۔۔۔

جس پر رابعہ تزبزب کا شکار ہوئی تھی۔۔۔۔کیونکہ اس وقت اسکے بھائی اور باباوہیں موجود تھے۔۔۔

!!!شروع ہو گیا یہ۔۔

سکندر نے زیام کو دیکھ کر دھیمے سے کہا تھا۔۔۔

اتنے میں انہیں اپنے پیچھے سے معین شامی نائلہ اور نورے بھی آتی دکھائی دی تھیں۔۔۔

!!!ارے استادِ محترم بھی آئے ہیں ۔۔۔

زیام انہیں دیکھ کر چہک کر اٹھ کھڑا ہوا تھا۔۔۔

ان سب نے انہیں صوفے پر جگہ دی تھی۔۔۔۔

آتے ہی انہوں نے زیام کی پیٹ تھپتپائی تھی۔۔۔۔۔۔

جبکہ رابعہ نے آلف کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔جس پر آلف نے سب کی نظروں سے بچ کر اپنی ایک آنکھ دبائی تھی۔۔۔۔

وہ سب صوفے کے ارد گرد جمع ہو چکے تھے۔۔۔۔۔

!!! ارے بھئی ہماری بیٹی نظر نہیں آرہی

معین شامی کا اشارہ مائسہ کی جانب تھا۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

میں بلا کر لاتا ہوں۔۔۔۔۔!!!۔۔

زیام انکے پوچھنے پر پھرتی سے کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔۔

کوئی بھی دیکھ سکتا تھا کہ وہ کتنا خوش ہے۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥

!!پتہ ہے میں کبھی کبھی فیصلہ نہیں کر پاتی کہ میرا زیام زیادہ خوش قسمت ہے کہ میری بہو ۔۔

زینت نے چائے کی ٹرے میں کپ رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

انکے کہنے پر مائسہ نے ایک نظر سوالیہ ان پر ڈالی تھی۔۔۔۔۔پھر وہ کپوں میں چائے نکالنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زیام خوش قسمت ہے کہ اسے تم ملیں اور وہ ہدایت کے راستے پر چل پڑا۔۔۔یا تم زیادہ خوش قسمت ہو کہ تمہاری وجہ سے ایک شخص کو ہدایت ملی۔۔!!!

وہ خاموش ہوئی تھیں۔۔۔

!!انکے اس طرح کہنے پر مائسہ مسکرا دی تھی۔۔۔

!!میں خوش قسمت ہوں امی۔۔۔

کہا تھا۔۔۔ مائسہ نے بغیر کسی کمو بیش کے فوراً

زیام کا مرتبہ تو مجھے اسے دن سمجھ آ گیا تھا جب مجھے وہ خواب سمجھ آیا تھا۔۔۔۔۔میں نے خود کو دین کی خدمت کے لیے چنا ۔۔۔۔لیکن یہاں خدمتِ دین کے لیے زیام کو اللہ نے چنا۔۔۔۔ہدایت کے راستے تو وہ ہر کسی کو دکھا دیتا ہے۔۔۔۔۔لیکن پھر کیا ہوتا ہے۔۔۔ہر کوئی اس راستے پر چل نہیں پاتا۔۔۔۔کچھ کو منزل کا شوق نہیں رہتا اور کچھ کو راستے کا سفر تھکا دیتا ہے۔۔۔!!!۔۔۔

!!!زیام پر یہ شعر بلکل صحیح بیٹھتا ہے۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ کچھ دیر ٹھہری تھی۔۔۔۔

جو چلے تو جاں سے گزر گئے جو رُکے تو کوہِ گراں تھے ہم

راہِ یاد ہم نے قدم قدم تجھے یاد گار بنا لیا

!!!اہم اہم۔۔۔

زیام نے اسکی تمام تر باتیں سن کر کہا تھا۔۔

وہ جو مزے سے شعر سنا رہی تھی۔۔۔۔۔زیام کو دیکھ کر چونکی تھی۔۔۔

وہ ان دونوں کو دیکھ کر مسکرایا تھا۔۔۔۔۔۔

اسنے ایک نظر مائسہ کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔۔!!! معین شامی بلا رہے ہیں سب کو۔۔

آج ان دونوں نے میچنگ کی تھی۔۔۔۔۔وہ وائٹ کُرتے میں تھا۔۔اور وہ وائٹ گھیر دار فراک پہنی تھی۔۔۔۔۔۔بالوں کا جوڑا بنا تھا۔۔۔۔۔۔۔دوپٹے کو اب وہ سر پر اوڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔

اسکے ماتھے کی چوٹ کا نشان اب بھی باقی تھا۔۔۔۔۔۔۔۔جو چاند پر داگ کی مانند لگتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!!چلیں۔۔

زیام نے اچانک سے کہا تھا۔۔۔ آج بھی اسے اسی طرح الجھن ہوئی تھی۔۔۔۔جب کراچی میں مائسہ کے بار بار دوپٹہ صحیح کرنے پر ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ ابھی بھی دوپٹے کو صحیح کرتی ہوئی اسے مکمل اگنور کرتی آگے بڑھ گئی تھی۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

زندگی اسی کا نام ہے۔۔۔۔۔۔۔یہاں ہر وقت ن ئے رنگ ن ئے روپ نظر آتے ہیں ۔۔۔

ایک طرف آلف تھا۔۔۔ جسے بچپن میں ہی سچی محبت سے نواز دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور دوسری طرف زیام تھا۔۔۔۔۔۔۔جو محبت کے میم سے بھی انجان تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اسے مائسہ جیسی نیک پرور ملی۔۔۔۔تو اس سے اس اچانک سے اس محبت کی قدر نا ہو سکی۔۔۔۔۔

پھر وقت کی کایا پلٹی۔۔۔ آلف اور زیام دونوں نے دین کو چنا۔۔۔۔یا دین نے انہیں چنا ہر صورت میں ان دونوں کی آخرت اور زندگی سنور گئی ۔۔۔ تحفے میں نیک بیویاں ملی۔۔۔۔۔جن کی طرف سے ساری زندگی انکا دل سکون میں رہے گا!!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معین شامی ان سب سے فرما رہے تھے۔۔۔۔جبکہ وہ سب خاموش تھے۔۔۔۔انکی اس بات پر آلف نے گردن گھما کر ایک نظر رابعہ پر بھی ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔

جبکہ مائسہ تو زیام کے بلکل سامنے ہی صوفے پر بیٹھی تھی۔۔۔۔وہ تو پہلے سے ہی اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

یہاں اس دنیا میں ہر دفعہ صرف آزمائش ہی نہیں ملتی۔۔۔۔۔یہاں صرف مصیبت پر مصیبت ہی نہیں ملتی۔۔۔یہاں ایسا بھی ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔اور اگر ایسا نہیں ہوتا تو کمی ہمارے یقین میں ہوتی ہے۔۔۔۔۔

وہ ہم ہوتے ہیں جو مصیبتوں پر رونا ڈال کر رب سے گِلے شِکوے کر کے ان مصیبتوں کو اپنے لیے مزید بڑھا لیتے ہیں۔

پھر ایسا بھی ہوتا ہے کہ ساری زندگی پریشانیوں کا رونا روتے روتے پریشان کن حالت میں ہی موت آجاتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

(۵)فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ

(ترجمۂ کنزالعرفان)

تو بیشک دشواری کے ساتھ آسانی ہے۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

اس آیت سے ہمیں یہی معلوم ہو رہا ہے کہ کسی مشکل، مصیبت یا دشواری کے آجانے کی وجہ سے گھبرانا نہیں چاہیے بلکہ اللہ تعالیٰ سے مشکل اور مصیبت دور ہو جانے اور دشواری آسان ہو جانے کی امید رکھتے ہوئے دعا کرنی چاہئے، اللہ تعالیٰ نے چاہا تو بہت جلد آسانی مل جائے گی۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَاۤ اٰتٰىهَا ؕ-سَیَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ یُّسْرًا ‘‘ (طلاق: ۷) ’’

ترجمہ کنزُالعِرفان: اللہ کسی جان پر بوجھ نہیں رکھتا مگر اسی قابل جتنا اسے دیا ہے، جلد ہی اللہ دشواری کے بعد آسانی فرمادے گا۔۔

!!!بے شک۔۔۔

ان سب نے ہی انکی بات سے مکمل اتفاق کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

رات کے وقت آلف بے چینی سے سکندر کے اسٹڈی روم میں چکر لگا رہا تھا۔۔۔۔۔

کچھ دیر پہلے ہی جب وہ سب عشاء کی نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تھے۔۔۔جب سکندر اسکے پاس آکر اسے کہہ کر گئے تھے۔۔۔کہ فیضان کی امانت لینے جا رہے ہیں۔اور وہ اسے اسٹڈی روم میں ملے ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ امانت آج انہیں اسکے حوالے کرنی تھی۔۔۔

وہ اس بات سے شدید بے چین تھا۔۔۔۔۔۔اور تیزی سے چکر کاٹے جا رہا تھا۔۔۔

نا جانے وہ کس طرح کی کتاب تھی۔۔۔۔اور اسے اسکے بابا نے نا جانے کتنی مشقتوں سے جمع کیا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ہر سوال سے تو واقف تھا لیکن جواب وہ ایک امانت تھی۔۔۔۔۔

اسے سکندر ساتھ اپنا چشمہ پہنے کمرے کے اندر آتے دکھائی دیے تھے۔۔۔

Novels by “novels ki duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

وہ ٹھٹک گیا تھا۔۔۔

انکے ہاتھ میں لال کلر کے مخملی کپڑے میں لپٹی کوئی چیز تھی۔۔۔۔۔

!!!یہ ہے تمہارے بابا فیضان کی امانت۔۔۔

سکندر نے اسے دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر اسکی طرف بڑھایا تھا۔۔

اسنے انکے چہرے پر ایک نظر ڈالی تھی۔۔۔۔۔اور پھر اپنے ہاتھ میں اس امانت کو لے لیا تھا۔۔۔

ناجانے کیا تھا اس مخملی کپڑے کے اندر۔۔۔وہ بلکل خالی ذہن لیے اسے تکنے لگا تھا۔۔

!!! اب تم اسے کھول سکتے ہو

سکندر نے اسکے کھوئے سے چہرے کر دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

آلف نے ہاتھ بڑھا کر اس مخملی لال غلاف کو کھولنا شروع کیا تھا۔۔۔۔

جیسے جیسے وہ کھول رہا تھا۔۔۔اسکی حیرت بڑھتی جا رہی تھی۔۔۔۔۔

بلاشبہ وہ تو اس دنیا کی سب سے افضل کتاب تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ تو قرآنِ کریم تھا۔۔۔۔۔۔۔

!!بابا کی امانت ایک قرآنِ کریم تھا۔۔۔۔۔۔

آلف نے خود سے سوال کیا تھا۔۔وہ بلکل گنگ پڑ گیا تھا۔۔۔۔۔

!!!ہاں۔۔۔

Novels by “novels_ki_duniya” /All Rights Reserved/Don’t copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہی وہ کتاب میں جس میں ہر خشکی اور تری کا پہلے سے لکھ دیا گیا ہے۔۔۔ہر سازش اور ہر سازش کا حل اس قرآنِ کریم میں موجود ہے۔۔۔۔اب یہ ہم پر ہے کہ ہم کتنا اس رب کے کلام سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔۔۔!!!

سکندر اسے کہہ رہے تھے۔۔۔اور وہ ششدر سا انہیں سن رہا تھا۔۔۔

اسنے کیوں ایسا نہیں سوچا تھا۔۔۔اسکے بابا نے بے شک سب سے عظیم چیز اسکے لیے امانت رکھوائی تھی۔۔۔۔وہ واقع اب اس امانت کے قابل ہوا تھا۔۔۔۔۔اگر پہلے اسے یہ امانت ملتی تو وہ اسکی اتنی قدر نا کرتا۔۔۔

آلف نے اسے اپنے ماتھے سے لگایا تھا۔۔۔۔اس میں سے فیضان کی مہک اب بھی آرہی تھی۔۔۔

♥♥♥♥♥♥

وہ اب صرف زیام ہی معین شامی کے پاس بچا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بھی کچھ دیر کے لیے اس کو روکا گیا تھا۔۔۔۔۔

!!!ایک چیز شاگرد میں ایسی ضرور ہوتی ہے جو استاد کو پسند آجاتی ہے۔۔۔

انہوں نے زیام کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

زیام نے سوالیہ نظروں سے اپنے شیخ کو دیکھا۔۔۔

!!تمہارا یہ جھلّا پن مجھے پسند ہے۔۔

انہوں نے مسکرا کر اسے اسکے سوال کا جواب دے دیا تھا۔۔۔

!!!آپ مجھے جھلّا کہہ رہے ہیں۔۔۔

زیام نے عجیب سے لہجے میں نا سمجھی سے پوچھا

بلکل۔۔۔تم جھلے ہو۔۔۔اور یہ بڑا خطرناک ہوتا ہے۔۔۔۔۔لیکن تم دماغ اور دل کی جنگ جیتنا جانتے ہو۔۔۔اگر کبھی دل !!تمہیں برائی کی طرف لگائے بھی تو تمہارا دماغ تمہیں ایسا نہیں کرنے دے گا ۔۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

معین شامی نے اسے مطمئن کر دیا تھا۔۔۔

مائسہ بھی ان دونوں کے درمیان آ گئی تھی۔۔۔۔۔۔وہ چپ چاپ آ کر انکے سامنے بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔دوپٹہ سر پر تھا۔۔۔

زیام نے بھی اک نظر مائسہ پر ڈالی تھی۔۔۔

!!ایک نصیحت ہے جو میں تم دونوں کو کر رہا ہوں۔۔۔ غور سے سنو۔۔۔

انہوں نے ان دونوں کو مخاطب کیا تھا ۔۔۔

وہ دونوں مکمل متوجہ ہو گئے تھے۔۔۔۔۔

تم دونوں کے لیے مدینے پاک ﷺ میں ایک خصوصی دعا کروائی ہے۔۔۔ جس کے تحت میں تمہیں ایک حکم دے رہا ہوں

!!!۔۔۔

انہوں نے ٹھہر ٹھہر کر کہا تھا۔۔۔۔۔

انکی اس بات پر وہ لوگ مزید متوجہ ہو گئے تھے۔۔۔

!!!اپنے پہلے بیٹے کا نام احمد رکھنا۔۔۔۔۔۔

امید ہے کہ جو زیام کو قبولیت کی بشارت ملی ہے وہ اصل میں نیک بیٹے ہی کی بشارت ہے۔ وہ ایسا ہو گا جیسا ایک مسلمان مرد ہو ہونا

" چاہیے

انہوں نے ان دونوں پر نظر ڈال کر کہا تھا۔۔

وہ دونوں انکی اس بات پر نا سمجھی سے سر ہلا چکے تھے۔۔۔۔۔۔

! اللہ تمہیں ایک نیک اور دین کی خدمت کرنے والی اولاد عطا کرے۔۔۔

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

انہوں نے ساتھ ہی دعا بھی کر ڈالی تھی۔۔۔

جس پر ان دونوں نے آمین کہا تھا۔۔۔۔۔

قسمت انہیں زندگی کے ایک نئے سفر کی طرف لے کر جا رہی تھی۔۔۔۔وہ سفر جو اب نئی آزمائشوں کا سفر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اٹھ کر ان دونوں کو اکیلا چھوڑ کر وہاں سے جا چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ دونوں اسی سکوت سے بیٹھے رہ گئے تھے۔۔۔۔

زیام نے اک مہسور کن نظر مائسہ کے سنجیدہ سے چہرے پر ڈالی تھی۔۔۔

دل کو نیاز حسرتِ دیدار کر چکے"

" دیکھا تو ہم میں طاقتِ دیدار بھی نہیں

اسکے شعر سنانے پر وہ اسی کی جانب دیکھنے لگی تھی۔۔۔۔

!!ایک شعر تم نے سنایا تھا۔۔میرے لیے اور ایک میں نے اپنے لیے شعر پڑھا ہے۔۔

زیام نے دھیمے سے لہجے میں اسکے گہرے تل کی جانب دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

!!بہت شکریہ۔۔۔

!!وہ بھی دھیمے سے لہجے میں کہہ کر مسکرا دی تھی۔۔

!!!ختم شد۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

Novels by "novels_ki_duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

یہودی ہو یا نصرانی۔۔۔۔یا پھر ملحدیں۔۔۔یہ چاہے اسلام کو گرانے کی اسے پست کرنے کی کتنی ہی سازشیں کر لیں۔۔۔آخر میں جیت تو مسلمان ہی کی ہو گی۔۔۔۔۔انکی ہر سازش کو آخر ناکام ہونا ہے۔۔۔۔انکے ہر جال کو اک دن برباد ہونا ہے ۔۔۔۔۔۔۔مسلمان اس وقت بے وقوف ثابت ہوتا ہے جب وہ ان کی بنائی گئی چیزوں کو اپنے لیے فائدہ مند سمجھ بیٹھتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔حالانکہ کوئلہ کی کان ہمیں کالک کے سوا اور کچھ نہیں دے سکتی۔۔۔۔۔لہزا مومن مسلمان وہی ہوتا ہے جو عقل سے کام لے۔۔۔خود بھی ہوش میں رہے اور دوسروں کو بھی ہوش دلاتا رہے۔۔۔۔

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغِ زندگی"

" تو اگر میرا نہیں بنتا نا بن اپنا تو بن

ختم شد

ناول کو سراہنے اور اسے پسند کرنے کے لیے تمام ہی ریڈرز کا تہے دل سے شکریہ۔۔۔۔۔۔۔

♥♥

آپکی دعاؤں کی طلب گار

سیدہ عفیفہ اکبر

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔۔۔

"اَلسَلامُ عَلَیکُم احباب۔۔۔۔

"ناولز کی دنیا" کے ناولز میں خوش آمدید ۔۔۔۔

ناولز کی دنیا" ویب سائیٹ /گروپ / پیج دے رہا ہے تمام لکھاریوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم جہاں آپ اپنی خدا داد صلاحیتوں کو اپنے قلم سے تحریر کر کے اپنا اور اپنے ملک کا نام روشن کرسکتے ہیں ۔۔۔ اگر آپ کو بھی اللہ کی طرف سے یہ صلاحیت دی گئی ہے تو اسے اجاگر ضرور کریں ۔۔۔ ہمیں آپ جیسے ہی لکھاریوں کی تلاش اور ضرورت ہے ۔۔۔

اگر آپ ہمارے بلاگز پر اپنا ناول، ناولٹ،افسانہ،کالم،آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ہم سے رابطہ کریں ۔۔ اپنی تحریر اردو میں ٹائیپ کر کے ہمیں بھیجیں۔ جتنا جلدی ہوسکا آپکی تحریر پوسٹ ہوجائے گی ۔۔۔

مزید تفصیلات یا کسی بھی طرح کی مدد کے لیئے ہم سے گروپ یا پیج انباکس میں رابطہ کریں یا ای میل پر ہم سے رابطہ کرسکتے ہیں۔۔

Email address :- Novelskiduniya77@gmail.com

Facebook page :- Novels ki duniya

(user name @zoyatalib77) Facebook group :- Novels ki duniya

(پر خیال رہے کہ یہ گروپ زویا طالب کا ہی ہو)

اور باقی کے رابطے کے لیئے ہر پیج کے نیچے

"novels ki duniya "

اور

"website"

لکھا ہے ان دونوں کو وزٹ کرنے کے لیئے لکھے ہوئے پر ہی کلک کریں اور اوپن کرلیں ۔۔۔

شکریہ۔۔۔۔۔

Novels by "novels ki duniya" /All Rights Reserved/Don't copy without any Permission
Contact us on our fb page NOVELS KI DUNIYA OR Visit Our Website 1 Or Another Website 2